افتخار المفردات

حصہ اوّل دوم

حصہ اول دوم مکمل

حکیم شکیب احمد

بی۔یو۔ایم۔ایس (کامل طب وجراحت)

ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبۂ علم الادویہ (دی کلکتہ یونانی میڈیکل کالج اینڈ ہوسپٹل)

حکیم شکیب احمد

بی۔ یو۔ ایم۔ ایس (کامل طب وجراحت)

ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبۂ علم الادویہ (دی کلکتہ یونانی میڈیکل کالج اینڈ ہوسپٹل)

(2)

نام کتاب	:	افتخار المفردات
حصہ	:	اوّل
مؤلف	:	حکیم شکیب احمد افتخاری
پہلا ایڈیشن	:	فروری ۲۰۱۰ء
دوسرا ایڈیشن	:	جنوری ۲۰۱۸ء
ناشر	:	**اوشد گھر افتخاریہ پبلیکیشنز**
کمپوزنگ	:	نجیب احمد انصاری
مطبع	:	جوگا بارتا آفسیٹ
تعداد	:	ایک ہزار
صفحات	:	۳۲۰
قیمت	:	۸۰۰ روپے

ملنے کے پتے :-

(i) **اوشد گھر افتخاریہ**

۳۱/اے پی سی روڈ، کولکاتا-۹

موبائیل نمبر : 9830131157

(ii) **دار الاشاعت اسلامیہ**

۸۷/رکولوٹولہ اسٹریٹ، کولکاتا-۷۳

فون نمبر : 22157928 (033)

موبائیل نمبر : 9007874465

(۱) آقائی ومولائی حکیم محمد افتخار الحق صدیقیؒ کے نام جن کی روحانی تصرفات کی بدولت میں اس علمی کارنامے کو انجام دے سکا۔

(۲) پیر و مرشد مولانا محمد محمود الحق صدیقیؒ کے نام جن کی دعاؤں اور نیک تمناؤں نے مجھے اس قابل بنایا۔

(۳) محترم والدین کے نام جن کی تعلیم و تربیت کے باعث میری یہ کوشش پایۂ تکمیل کو پہنچی۔

(۴) دی کلکتہ یونانی میڈیکل کالج کے نام جس کی علم پرور فضا نے مجھے تصنیف و تالیف کا ذوق بخشا۔

حکیم شکیب احمد افتخاری
ایسوسی ایٹ پروفیسر — دی کلکتہ یونانی میڈیکل کالج اینڈ ہوسپٹل
(شعبۂ علم الادویہ)

فہرست

دیباچہ

یونانی ادویہ مفردہ کی، تصویروں سے مزین اردو زبان میں ایک معیاری اور نصابی کتاب کی ضرورت طویل عرصہ سے محسوس کی جارہی تھی۔ اگر چہ بعض حکماء نے اس مضمون پر کافی محنت اور جستجو سے کام کیا ہے جو قابل تحسین ہیں۔

تصویروں سے مزین، آسان عبارت میں یونانی مفردات کی نصابی کتابوں کی عدم فراہمی کا احساس مجھے زمانہ طالب علمی سے ہی شدید طور پر رہا۔ اردو کے مراکز دہلی، الہ آباد، لکھنؤ، کلکتہ، لاہور اور کراچی جیسے شہروں میں جب بھی میں کسی ضرورت کے تحت گیا، اردو کتب خانوں میں اسے ضرور تلاش کرتا لیکن ہر جگہ مایوسی ہوتی۔

جب اپنا تعلیمی دور ختم کیا تو زمانہ کی اہم اور شدید ضرورت ''تصنیف و تالیف'' کا احساس دامن گیر ہوا۔ حسن تقدیر سے ۲/مارچ ۲۰۰۷ء کو کلکتہ یونانی میڈیکل کالج اینڈ ہاسپٹل میں شعبۂ علم الادویہ میں لکچرر کی حیثیت سے تقرری کا شرف ہی حاصل ہو گیا۔ اس طرح اپنا ارادہ پورا کرنے کا ایک حسین اور سنہرا موقع ہاتھ آ گیا۔

کتاب کے مکمل ہونے کے سلسلے میں جس قدر دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا وہ جوئے شیر لانے کے برابر تھا۔ ہر دوا کی ماہیت، ان کے نباتی نام، جدید طبی اصطلاحات کے تقابلی مطالعہ اور تصویروں کی فراہمی نے شکوک و شبہات میں مبتلا کر رکھا تھا۔ کافی چھان بین اور مسلسل مطالعہ اور انٹرنیٹ کی سہولتوں نے آخر اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔

زیر نظر کتاب کی تالیف و ترتیب میں جن خاص خصوصیات کا لحاظ رکھا گیا ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں :-

۱- اس کتاب کو C.C.I.M. کے نصاب، برائے کامل طب و جراحت کے عین مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ نباتی، حیوانی اور معدنی ادویہ کو الگ نہ دکھا کر نصاب کی ترتیب کے مطابق بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے پہلے حصے میں ۱۴۶ دوائیں شامل ہیں۔ بقیہ نصابی دوائیں حصہ دوم کے تحت بہت جلد منظر عام پر آ جائیں گی۔

۲- ہر دوا کے سامنے انگریزی نام، نیچے نباتی (Botanical) یا حیوانی یا معدنی نام پھر اس دوا کا تعلق کس خاندان سے، اس کا خاندانی نام اور مترادف نام ترتیب وار ظاہر کیا گیا ہے تاکہ جدید کتابوں میں ان ادویہ کا مطالعہ کرنا آسان ہو اور ہمارے طلباء اور طبیب یہ جان سکیں کہ ایلوپیتھک یا ہومیوپیتھک ادویہ دراصل ان ہی دواؤں سے تیار کی جارہی ہیں۔

۳- ہر دوا کا ماخذ، حصص مستعملہ، مدت حیات، مزاج، نفع خاص، مضر اثرات، مصلح، بدل، مقدار خوراک، شناخت، اقسام، حصول، افعال، مواقع استعمال، ترکیب استعمال، جدید تحقیقات اور مرکبات کی توضیح سرخیوں کے ساتھ کی گئی ہے جو طلباء یا مبتدی کے لئے نہایت مفید ہے اور ان کی نفسیات کے عین مطابق ہے۔

دواؤں کے **ماخذ** (Origin) موالید ثلاثہ یعنی نباتات، حیوانات یا جمادات ہوتے ہیں کیونکہ یہی وہ موجودات ہیں جن سے دوائیں اخذ کی جاتی ہیں۔ لہٰذا اس سرخی کے تحت صرف نباتی، حیوانی یا معدنی لکھ کر ظاہر کر دیا گیا ہے۔ **حصص مستعملہ** کے تحت ادویہ کے اس جز کو ظاہر کیا گیا ہے جو دوائً مستعمل ہے۔ جیسے پھل، پوست، تخم، جڑ، پتہ وغیرہ۔ **مدت حیات** کے تحت دوا کی تاثیری مدت کو بیان کیا گیا ہے یعنی جب تک دوا قابل استعمال رہتی ہے اسی عرصہ کو مدت حیات کے تحت بیان کیا گیا ہے۔ **نفع خاص** کے تحت دوا کے مخصوص فعل کو ظاہر کیا گیا ہے کیونکہ ہر دوا کے بے شمار افعال ہوتے ہیں لیکن بعض افعال میں اس دوا کو خصوصی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ اسی مخصوص فعل کو نفع خاص کے تحت درج کیا گیا ہے۔ **مضر** کی سرخی کے تحت دوا کے مضر پہلوؤں کو بیان کیا گیا ہے کیونکہ ہر دوا بے ضرر نہیں ہوتی بلکہ اس میں کوئی نہ کوئی مضر پہلو ضرور ہوتا ہے۔ **مصلح** = طب یونانی کی ایک خاص اہمیت یہ بھی ہے کہ ہر دوا کو بے ضرر کر کے یا ترکیب خاص سے اس کے مضر اثرات کو زائل کر کے قابل استعمال بنایا جاتا ہے۔ اس کے باوجود بعض دواؤں سے نقصان کا

اندیشہ باقی رہتا ہے۔ لہٰذا اُن دواؤں کو بے ضرر کرنے کے لئے بطور اصلاح بعض دوسری دوائیں شامل کی جاتی ہیں۔ اسی دوا کو **مصلح** کے تحت بیان کیا گیا ہے۔ **بدل** کی سرخی کے تحت اُس دوا کو درج کیا گیا ہے جو بعض افعال میں اوّل دوا کا بدل ہوتا ہے اور ایسے حالات میں جب اول دوا کی فراہمی ممکن نہیں ہوتی تو بعض افعال کے لئے اس کے **بدل** (دوا) کو استعمال کرلیا جاتا ہے۔ **مقدار خوراک** کو زمانہ حال کے مطابق اور تجربات کی روشنی میں تحریر کیا گیا ہے۔ **شناخت** کی سرخی کے تحت دوا کی مختصراً ماہیت بیان کی گئی ہے اور ادویہ کے اس جز کی شناخت بتائی گئی ہے جو دواءً مستعمل ہے۔ **حصول** کی سرخی کے تحت دوا کی فراہمی کے مقام کو درج کیا گیا ہے کہ وہ دوا کس مقام سے حاصل کی گئی ہے۔ **افعال و خواص** کو بیان کرنے میں جدید کتابوں سے مدد لی گئی ہے۔ اور دواؤں کے کیمیائی اجزاء اور جوہر مؤثرہ کا بھی ذکر **جدید تحقیقات** کی سرخی کے تحت کیا گیا ہے۔ **مرکبات** کو تحریر کرنے میں قرابادین کو ملحوظ رکھا گیا ہے لیکن بعض دواؤں کے مرکبات کو تحریر کرنے میں حکیموں کے ذاتی تجربات کو بھی شامل کرلیا گیا ہے۔

۴- اس کتاب کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ ہر دواء کے ساتھ اس کی رنگین تصویر شائع کی گئی ہے تاکہ مبتدی کو دواؤں کی شناخت میں کوئی دشواری پیش نہ آئے۔ ان تصویروں میں ایک جانب خشک ادویہ کی تصویریں ہیں تاکہ مرکبات کی تیاری کے لئے جو خشک دوائیں بازار میں دستیاب ہیں ان کی شناخت ہو سکے اور دوسری جانب تازہ بوٹیوں کی تصویریں ہیں تاکہ طلباء واطباء کو تازہ بوٹیوں کو پہچاننے میں آسانی ہو کیونکہ عالمی ادارہ صحت (WHO) نے تمام ممالک کے محکمہ ہائے صحت کو یہ ہدایت جاری کردی ہے کہ وہ مقامی طور پر پیدا شدہ قدرتی جڑی بوٹیوں سے علاج کی طرف خصوصی توجہ دیں۔

یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ قدرت نے ہمارے ملک ہندوستان کو جڑی بوٹیوں کا مخزن بنایا ہے جو یہاں کے رہنے والوں کے لئے مفید ہیں۔ اگر ہم تازہ جڑی بوٹیوں کو، جو اپنے جوہر مؤثرہ سے بھرپور ہوتی ہیں، علاج ومعالجہ کے لئے کام میں لائیں تو مریض کو سستا، مفید اور آسان علاج میسر آ سکتا ہے۔

۵- اس کتاب کی ترتیب میں مبالغہ آرائی سے بچنے کی حتی الامکان کوشش کی گئی ہے اور عبارت کو آسان سے آسان زبان میں پیش کیا گیا ہے تاکہ طلباء کو کسی طرح کی دشواریوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

۶- ضمیمہ کی شکل میں طبی اصطلاحات، جدید مترادف اصطلاحات اور ان کے معانی ومفاہیم کو پیش کیا گیا ہے تاکہ دور حاضرہ کے طلباء کو اصطلاحات سمجھنے میں آسانی ہو۔

آخر میں قارئین اور اہل علم وفن سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ علم الادویہ پر یہ میری پہلی قلمی کوشش ہے جسے وہ نکتہ چینی کی نظر سے نہیں بلکہ اصلاح فن کے خیال سے دیکھیں۔ اگر ان کو کوئی نقص یا خامی نظر آئے تو اس سے خاکسار کو مطلع فرما کر شکریہ کا موقع عطا کریں تاکہ ان کے قیمتی مشوروں کو قبول کر کے آئندہ کی اشاعت میں ان خامیوں کو دور کیا جا سکے۔

جہاں تک میری معلومات ہیں، اردو زبان میں سادہ پیرائے میں تصویروں کے ساتھ اتنی آسان عبارت میں اس موضوع پر ایسی کتاب اب تک شائع نہیں ہوئی ہے۔ امید کرتا ہوں کہ میری یہ کوشش طبیہ کالج کے طلباء وطالبات کے لئے نیز جذبۂ خدمت خلق سے سرشار اطباء کرام، محقق حضرات، عطار، دواساز اور علم الادویہ سے دلچسپی رکھنے والے ہر فرد کے لئے ایک بہترین کتاب ثابت ہوگی۔ مجھے یقین ہے کہ قارئین اور شائقین حضرات سے اس کتاب کو شرف قبولیت حاصل ہوگی۔

حکیم شکیب احمد

ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبۂ علم الادویہ

(دی کلکتہ یونانی میڈیکل کالج اینڈ ہوسپٹل)

(۱) اُن تمام مولفین کا میں تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی کتابوں سے استفادہ حاصل کر کے اس کتاب کو ترتیب دیا۔

(۲) برادر حقیقی نجیب احمد انصاری کا میں دل کی گہرائیوں سے شکر گذار ہوں جنہوں نے اپنی ساری مصروفیات کو روک کر بذات خود نہایت عرق ریزی سے اس کی کمپوزنگ کی۔

(۳) استاد محترم جناب قیصر عزیز ہاشمی کا بھی شکر گذار ہوں جنھوں نے اس کی کتابت کی پروف ریڈنگ کی اور مجھے اپنے مفید مشوروں سے نوازا۔

(۴) اپنے تمام اساتذہ، ساتھیوں اور طلباء کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے اس کتاب کی تکمیل میں میری حوصلہ افزائی کی۔

حکیم شکیب احمد افتخاری

(10)

Dr. Sohail Ahmad
M.D., Advia (Alig)

Member:
- Executive Committee of The Foundation for Research, Information and Encouragement of non-toxic & dependable substances of Nature-Lucknow
- Indian Academy of Neuro Sciences.
- Society for Reproductive Biology and Comparative Endocrinology

Reader & Head:
Deptt of Ilmul Advia (Pharmacology)
State T.T. College & Hospital
Abdul Aziz Road, Lucknow-3

Mobile : 9415063411
E mail: dr_suhail_md@yahoo.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Ref.......

Date 12-09-09

مقدمہ

ابتداء آفرینش سے ہی انسان کا واسطہ نباتات، حیوانات اور جمادات سے رہا ہے، اور انسان اپنی بنیادی ضرورتوں کی تکمیل کے لئے ان سے استفادہ کرتا رہا ہے۔ انہیں بنیادی ضرورتوں میں سے غالباً سب سے اہم ضرورت انسان کے لئے بقاء صحت ہے، جس کے لئے اغذیہ اور بصورت مرض ادویہ کی اہمیت و ضرورت کو انسان کی فکر و کاوش نے محسوس کیا۔ اور جیسے جیسے بنی نوع انسان نے ترقی کی منازل طے کیں اور مختلف علوم و فنون کی بنیاد ڈالی۔ انہیں علوم میں ازالہ مرض کی غرض سے جو علم وجود میں آیا وہ علم طب کے نام سے موسوم ہے اور اب ارتقاء کی منازل سے گزرنے کے بعد آج ہمارے سامنے طب یونانی کے نام سے معروف ہے۔

طب یونانی تشخیص مرض اور علاج و معالجہ پر مبنی مربوط نظام ہے، جسمیں علم الادویہ کی اہمیت سے انکار دن میں سورج کو آئینہ دکھانے کے مترادف ہے علم الادویہ محض ایک مضمون نہ ہو کر ایک سلسلہ علم ہے جسمیں مفردات، مرکبات کلیات اور صیدلہ جیسے علوم شامل ہیں۔ ان سے مکمل واقفیت کے بغیر علاج و معالجہ سے عہدہ برا ہونا ممکن نہیں ہے۔ علم الادویہ میں مفردات کو کلیدی اہمیت حاصل ہے کیونکہ مفرد دواؤں کی شناخت اسکے افعال و خواص، طریقہ استعمال، مواقع استعمال اور مقدار خوراک کو جانے بغیر علاج و معالجہ کے میدان میں کامیابی ممکن نہیں ہے۔

حاملین طب کی نظر ابتداء ہی سے مفردات پر رہی ہے اور اگر ہم تاریخ پر نظر ڈالیں تو تحقیقین کا نہ ختم ہونے والا ایک سلسلہ ہے جن کی دیانت نظر نے مفردات کا ایک قیمتی اثاثہ متاخرین کے لئے فراہم کر دیا ہے اور یہ سلسلۃ الذھب ہنوز جاری ہے۔ انمیں دیسقوریدوس (۷۰ء) کا نام سرفہرست آتا ہے، جس نے ایسے دور میں جب نہ تو آج کی طرح حمل و نقل کے ذرائع موجود تھے نہ ملکوں ملکوں دور دراز کے غابات و صحرا کا سفر کرکے نباتات کے افعال و خواص کا تحقیقی مشاہدہ کیا اور انکے خاکے بھی مرتب کرکے "کتاب الحشائش" جیسی بے نظیر اور شہرہ آفاق کتاب تصنیف کی، اس کتاب میں ۵۰۰ دواؤں کا مفصل ذکر ہے جو آج بھی محققین کے لئے ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسی لئے اس طبیب کو بانی علم الادویہ کا لقب دیا جاتا ہے۔

دیسقوریدوس (۷۰ء) کے بعد تقریباً ایک ہزار سال کی مدت میں بہت سے نامور اطباء نے علم الادویہ پر کتابیں تصنیف کیں لیکن جاں گسل محنت کے باوجود بھی ۱۰۰ دواؤں سے زیادہ کا اضافہ نہ کر سکے، انمیں جالینوس (۱۳۱،۲۰۰ء) کے علاوہ شیخ الرئیس بو علی سینا (۹۸۰۔۱۰۲۷ء) اور زکریا رازی (۸۵۰۔۹۳۲ء) نے بھی جہاں طب کے دوسرے موضوعات پر تحقیق کی وہیں اپنے تجربات و مشاہدات کو قانون فی الطب اور الحاوی کی شکل میں پیش کرکے علمی افق پر آفتاب و ماہتاب بن چمک رہے ہیں۔

یونان کے بعد خاص طور پر بارہویں صدی تک جن نامور اطباء نے علم الادویہ پر تحقیقی کام کیا ہے ان میں ابو داؤد ابن جلجل (۹۴۳ء)، ابن وافد (۹۹۷ء)، ابن کجون (۱۰۰۱ء) اور غافقی (۱۱۰۶ء) جیسے نامور اطباء شامل ہیں۔ مفردات کی یگانہ و مشہور تصنیف الجامع لمفردات الادویہ والاغذیہ کے مصنف ابن بیطار (۱۱۹۷،۱۲۴۸ء) کو قافلہ سالار کی حیثیت حاصل ہے، اور اس کی تصنیف علم الادویہ کے موضوع پر شہاب ثاقب کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسی لئے میری نظر میں اب یونانی طب کو اسلامی طب کا نام دیا جانا غلط نہ ہوگا۔

یونان سے عرب اور ایران سے دیس نکالا کے بعد یہ مظلوم فن ہندوستان کی دہلیز پر پہونچا جہاں اس کی خاطر خواہ پذیرائی ہوئی۔ ہندوستان میں طب کو کافی فروغ ملا اور ہندوستانی اطباء نے بھی طب کے میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیے۔ علم الادویہ کے تعلق سے جن اطباء نے کام کیا انمیں مخزن الادویہ کے مصنف حکیم محمد حسن، مفردات ہندی کے مصنف حکیم شریف الدین، محیط اعظم کے مصنف حکیم محمد اعظم خاں اور خزینۃ الادویہ کے مصنف حکیم نجم الغنی خاں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔

یہ تاریخی حقیقت ہے کہ جن علوم میں تحقیق و جستجو تصنیف و تالیف میں جمود و تعطل طاری ہوا، وہ علوم تاریخ کا حصہ بن گئے۔ عصر حاضر کا شعور اور آگہی اور اسکے تقاضے کے مطابق تصنیف و تالیف کا عمل فن کے ترقی پذیر ہونے کی دلیل ہوا کرتا ہے۔ یہ کام سست رفتاری ہی سہی ہندوستانی اطباء نے کسی قدر بہر حال انجام دیا ہے

یہ صدی Herbal Era ہے اور اطباء کے لئے ایک چیلنج کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسکی تحقیق و جستجو میں خود کو کھپا دینا وقت کی ضرورت اور تقاضا ہے۔ اگر آج بھی ہم خواب غفلت سے بیدار نہ ہوئے تو آئندہ نسلیں ہمیں کبھی معاف نہ کریں گی۔ دور جدید میں جہاں آج سارا عالم طب جدیدہ کے مضرات سے خوف زدہ ہے اور طبعی طب کی طرف راغب ہے، وہاں دور حاضر کے اس نازک موڑ پر حاملین طب کی اہم ذمہ داری ہے کہ وہ خلوص نیت سے اپنے ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر طب اور انسانیت کی خدمت کے جذبہ سے سرشار ہو کر تحقیق و جستجو اور تصنیف و تالیف میں صدق دل سے کام کریں۔

زیر نظر کتاب The Calcutta Unani Medical College& Hospital کے طبیب حکیم شکیب احمد کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ انھوں نے CCIM کے نصاب کے مطابق بہت سلیس زبان میں اور آج کے طلبہ کے ذہن کو سامنے رکھکر تالیف کی ہے۔ اس کتاب کی امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق شناخت ادویہ کے پیش نظر دواؤں کے رنگین فوٹوگراف اس میں شامل ہیں۔ کافی عرصے میں بھی اس کی کو محسوس کر رہا تھا جس کو شکیب احمد نے پورا کر دیا ہے۔
اس وقیع کام کیلئے میں مصنف کو مبارکباد دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ یہ کتاب اپنی خصوصیت کی بنا پر علمی حلقہ میں قدر کی نگاہ سے دیکھی جائے گی۔

ڈاکٹر سہیل احمد

صدر شعبہ علم الادویہ

اسٹیٹ تکمیل الطب کالج و ہسپتال

لکھنؤ

(۱) ابرک - Mica

معدنی نام - Silicate of Alumina with Megnesia

عربی - کوکب الارض

فارسی - ستارۂ زمین

ہندی - ابھرستارہ

بنگلہ - آبھُر

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - ابرک کے اوراق

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - سرد خشک II

نفع خاص - دافع حمی

مضر - امراض گردہ

مصلح - تخم کرفس

بدل - گل قیمولیا

مقدار خوراک - کشتہ ۱۲۵ ملی گرام

Formula : $AB_{2-3}(X, Si)_4O_{10}(O,F,OH)_2$
Colour : Purple, rosy, silver, gray, dark green, brown, black, yellowish, brown green white, colorless, transparent.
Specific gravity : 2.8 - 3.1
Melting pont : 700 - 1000°C
General Formula : $X_2Y_{4-6}Z_8O_{20}(OH, F)_4$
Physical Properties: Mica belongs to a very important and rather group of minerals.

1) Translucent, easily split into thin films along its cleavage.
2) Optically flat.
3) Colourless in thin sheets.
4) Elastic and incompressible

شناخت یہ ایک قسم کی معدنی ادویہ ہے جو چمک دار سیاہ یا سفید اوراق میں دستیاب ہے۔ اور توڑنے پر آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے۔

اقسام - (i) پناک :- آگ میں ڈالنے سے اس کے اوراق علیحدہ ہوجاتے ہیں۔
(ii) دردر :- گرم کرنے پر اس کے اوراق چٹختے ہیں اور مینڈک کی طرح آواز پیدا ہوتی ہے۔
(iii) ناگ :- آگ میں ڈالنے سے سانپ کی طرح آواز پیدا ہوتی ہے۔
(iv) بجر :- آگ میں ڈالنے سے کوئی آواز نہیں ہوتی۔ یہی قسم کشتہ جات کیلئے مفید ہے۔

حصول - راجستھان، آندھراپردیش، بہار، اڑیسہ اور برازیل کی کانوں سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال - دافع حمی، قابض، مجفف، حابس الدم، مصفی خون، مقوی باہ، مفتح حصاۃ گردہ ومثانہ، دافع نزلہ اورزکام۔

مواقع استعمال - بخار، نزلہ، وزکام، دمہ، کھانسی، جلے ہوئے زخم، جریان خون، سیلان الرحم، سوزاک، سرعت انزال، رقت منی، جذام اور دیگر جلدی امراض جیسے عوارضات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ترکیب استعمال - مذکورہ امراض میں بطور کشتہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے بلڈ پریشر کم ہوجاتا ہے اور پھیپھڑوں کو تسکین حاصل ہوتا ہے۔

جدید تحقیقات - میگنیشیم، کیلشیم، فاسفورس اور آئرن

مرکبات - کشتہ ابرک۔

Chemical Properties : It is a compound hydrous silicate of aluminium, which also contains Iron, magnesium, potassium, sodiumn fluorine, lithium and also few traces of numerous other element.

Electrical : Mica has the exclusive combination of uniform dielectric steadiness , capacitance stability.

Thermal : It is highly fireproof , incombustible , non-flammable , infusible and also can resist temperatures of up to 1000 degrees Celsius (1832°F).

Mechanical : Mica is highly tough , having high tensile strength , elastic and along with being flexible.

Silkworm Cocoon – آبریشم (۲)

Kingdom	: Animalia.
Phylum	: Arthropoda.
Class	: Insecta.
Order	: Lepidoptera.
Family	: Bombycidae.
Genus	: Bombyx.
Species	: B . mori.
Binomial name	: Bombyx mori.

حیوانی نام - Bombyx Mori
عربی - حریر
فارسی - آبریشم
ہندی - کویہ
بنگلہ - پاٹ
ماخذ - حیوانی
حصص مستعملہ - کیڑے کا گھر
مدت حیات - دوسال
مزاج - گرم خشک I
نفع خاص - مفرح/منفث بلغم
مضر - امراض گردہ
مصلح - اسارون
بدل - گاؤزبان
مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

شناخت - یہ ریشم کے کیڑے کا گھر ہے جو شہتوت کے پتوں کو کھا کر اپنے لعاب سے اپنے اوپر ایک قسم کا گھر بنالیتا ہے جس کو آبریشم خام کہا جاتا ہے۔ اس خام آبریشم کے اوپر سے ریشم کا دھاگہ اتارنے کے بعد جوڑ واں بچتا ہے اسی میں دوائیت ہوتی ہے۔ اس کا رنگ زرد اور مزہ پھیکا ہوتا ہے۔

حصول - شمالی ہندوستان، ہماچل پردیش، جموں کشمیر میں پائے جانے والے شہتوت کے درخت سے حاصل کیا جاتا ہے۔ کرناٹک، بنگلور اور میسور میں اس کی کاشت ہوتی ہے۔

افعال - مفرح۔ مقوی حافظہ اور ذہن۔ منفث بلغم۔ ملطف بلغم۔ مقوی بدن۔ محرق۔ جالی۔

مواقع استعمال - نزلہ۔ زکام۔ دمہ۔ کھانسی۔ عام جسمانی کمزوری۔ لاغری۔ امراض قلب و دماغ اور امراض چشم جیسے عوارضات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ترکیب استعمال - (i) نزلہ، زکام، کھانسی، دمہ اور دیگر امراض صدر میں غلیظ بلغم کو نرم کر کے خارج کرنے کیلئے بطور جوشاندہ یا شربت استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) امراض قلب و دماغ، عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے، حافظہ و ذہن کو تقویت دینے اور بدن کو مقوی کرنے کیلئے بطور خمیرہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) امراض چشم، قروح چشم اور خارش چشم میں بطور قطور یا سرمہ استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - امینوایسڈ، نیوکلیو پروٹین، نیوکلک ایسڈ، وٹامن بی، بی کمپلکس، ریبوفلیون۔

مرکبات - خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا۔ خمیرہ آبریشم سادہ، خمیرہ آبریشم شیرۂ عناب والا، شربت صدر، شربت آبریشم سادہ، دواء المسک وغیرہ۔

Chemical Constituents: Tyrosine , Glycine , Alanine , Serine , Aspartic acid , Arginine , Glutamic acid Histidine.

Bioactivity: Antioxidant, Hypolipidemic, Anti-coagulant, Antimicrobials, Anti-inflammatory.

Indication: Hyperlipidemia, Atherosclerosis, Neurologica Complications Hypercholesterolemia , Hyper Triglyceridemia , Liver cirrhosis .

Medicinal value of silkworm cocoons: Useful in surgical or bioengineering operations such as growing new bones , nerves or blood vessel.

Juniper berry – ابہل (۳)

نباتی نام - Juniperus Communis L.

خاندان - Cupressaceae.

Kingdom : Plantae.
Division : Pinophyta.
Class : Pinopsida.
Order : Pinales.
Family : Cupressaceae.
Genus : Juniperus.
Species : J . Communis.
Binomial name : Juniperus Communis.

عربی - حب العرعر

فارسی - تخم ربل

ہندی - ہاوبیر

سنسکرت - ہوویشا

بنگلہ - ہوشا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پھل

مدت حیات - دوسال

مزاج - گرم خشک درجہ دوم

نفع خاص - مدرقوی

مضر - مصدع/مسقط جنین ومشیمہ

مصلح - کشنیز خشک/نبات سفید

بدل - برگ سداب

شناخت - یہ ایک پودے کا پھل ہے جو جنگلی بیر کی طرح گول، لال اور دار چینی کے رنگ کا ہوتا ہے۔اس کے اندر۴-۵ کی تعداد میں تخم برآمد ہوتے ہیں۔اس کا پودہ ۴ فٹ اونچا ہوتا ہے۔اس کے تنے کا رنگ لال، پتے جھاؤ کے پتوں کی طرح لیکن خوشبودار ہوتے ہیں۔

اقسام - Juniperus Macropodae (ii) Juniperus Communis (i)

حصول - نیپال، بھوٹان، مغربی کوہ ہمالہ میں دس ہزار فٹ کی بلندی پر، امریکہ، یورپ، ایران، ہنگری، روس، اٹلی اور سائبیریا۔

افعال - مدرقوی، محلل قوی، مفتح، مجفف، ملطف، جالی، معمولی قابض، مقوی معدہ، کاسر ریاح، مخرج جنین ومشیمہ۔

مواقع استعمال - ورم طحال وجگر، سیلان الرحم، بندش حیض، سوزاک، قروح خبیثہ، نئے اور پرانے زخم، وجع الاذن، امراض معدہ و امعاء اور امراض گردہ و مثانہ جیسے عوارضات میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (i) ورم طحال وجگر اور سوزاک میں بطور جوشاندہ مستعمل ہے۔
(ii) بندش حیض، سیلان الرحم، قروح خبیثہ اور امراض گردہ ومثانہ میں بطور شربت مستعمل ہے۔
(iii) ثقل سماعت اور کان کے درد میں اس کا روغن بطور قطور مفید ہے۔

جدید تحقیقات - کیفی نین، شیرینی نول، کیڈینین، اینولین، شکر انگوری، رال، شحم، جونی پیرین۔

مرکبات - سفوف موبا، روغن ابہل۔

Chemical Composition: α-Pinene, myrcene, Sabinene, Lemonene, β – Pinene.
Bioactivity: Antioxidant, Antimicrobial (against sixteen bacterial sp, seven yeast like fungi & three yeast), Bactricidal fungicidal.
Diuretic, antiseptic (urinary antiseptic), Digestive, Stimulating appelite, Relieving flatulence.
Eliminate gas and stomach cramping, steam inhalant for bronchitis, arthritis .
Indication: Acne, Bladder infection, (UTI) Cellulite , cold, Congestion, Detoxification.
Eczema, Gout, Herbal steam, Nerve / Back pain, Rheumatoid, arthritis.
Note : A Juniper berry is the female seedcone.
Produce by the various species of Junipers.
It is not a true berry but a cone with unusually fleshy and merged scales , which give it a berry like appearance.

Monk's Hood – اتیس (۴)

نباتی نام	-	Aconitum Heterophyllum Wall
خاندان	-	Ranunculaceae
فارسی	-	وج ترکی
ہندی	-	اتیس
سنسکرت	-	سیتاشرنگی
بنگلہ	-	اتیچا
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	جڑ
مدت حیات	-	۳رسال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	دافع حمیات بلغمیہ
مضر	-	امراض گردہ
مصلح	-	شہد خالص/نبات سفید
بدل :-	-	کونین/افسنتین
مقدار خوراک	-	۳-۵گرام

Kingdom : Plantae.
Division : Magnoliophyta.
Class : Magnoliopsida.
Order : Ranunculales.
Family : Ranunculaceae.
Genus : Aconitum.
Species : A . heterophyllum.
Binomial name : Aconitum heterophyllum.

خشک جڑ

شناخت - یہ ایک قسم کی بوٹی ہے جس کی ڈنڈی سیدھی اور پتوں والی ہوتی ہے۔اس کے پتے بیضوی،گول اور ۲ سے ۴ انچ چوڑے ہوتے ہیں۔اس کے پھول خوشوں میں لگتے ہیں۔اس کی پھلیاں پانچ انچ کی ہوتی ہیں جس کا رخ نیچے کی طرف ہوتا ہے۔اس کی جڑ موٹی،بھورے رنگ کی لیکن اندر سے سفید ہوتی ہے جس کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔

حصول - ہماچل پردیش اور چنبل ندی کے کنارے سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال - دافع حمیات نائبہ۔قابض۔حابس الدم۔مقوی معدہ۔مقوی بدن۔دافع اسہال و پیچش۔محرک باہ

مواقع استعمال - نوبتی بخار۔اسہال وزحیر۔لاغری۔امراض معدہ۔کھانسی وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) ہر قسم کے نوبتی بخاروں میں ناگرموتھا اور چھڑیلہ کے ساتھ ہموزن سفوف بنا کر مستعمل ہے
(۲) بچوں کے دانت نکلنے کے زمانے میں اسہال و پیچش، ہچکی و دیگر امراض معدہ میں بطور سفوف مستعمل ہے۔
(۳) بخار کے بعد لاغری کو دور کرنے،قوت شہوانی کو بڑھانے کیلئے اس کا جوشاندہ مفید ہے۔

جدید تحقیقات - Atisine،نشاستہ۔ایکونائٹ،ایسڈ

مرکبات - معجون جوگراج گوگل

Chemical Constituents: Atidine, hetisine, heteratisine, Diterpene, alkaloids, heterophylline, heterophyllidine, heterophyllisine, hetidine and atisenol.
Bioactivity : Diuretic, Anti toxic, Digestive, Carminative, Aphrodisiac.
Indication : Tonsillitis, throat infection, expectorant, cervical lymphadenitis, urinary tract infection Intensity of urine, cough and common cold, fever, dysentery, diarrhoea, IBS, piles, haemorrhoid.

Aconitum Heterophyllum Wall — اتیس

(۵) اَذاراقی – Nux Vomica

Kingdom	: Plantae.
Division	: Magnoliophyta – (Flowering Plants).
Class	: Magnoliopsida – (Dicot).
Order	: Gentianales.
Family	: Loganiaceae.
Genus	: Strychnos.
Species	: S . nuxvomica.
Binomial name	: Strychnos nuxvomica.

نباتی نام	-	Strychnos Nux Vomica L.
خاندان	-	Loganiaceae
عربی	-	اذاراقی/خانق الکلب
فارسی	-	حب الغراب
ہندی	-	کچلہ
بنگلہ	-	کچیلہ
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	تخم
مدت حیات	-	۸ سال
مزاج	-	گرم خشک III
نفع خاص	-	دافع امراض بلغمیہ وعصبانیہ
مضر	-	تشنج پیدا کرتا ہے/دواء سمی ہے۔
مصلح	-	لعابیات/شہد
بدل	-	بلادر
مقدار خوراک	-	۵۰ ملی گرام

شناخت - یہ ایک نبات کا تخم ہے جو گول چپٹا اور نہایت سخت ہوتا ہے۔ یہ باہر سے خاکستری اور اندر سے سفید ہوتا ہے۔ اس کا ذائقہ نہایت تلخ ہوتا ہے۔ یہ دو دالی (Dicot) ذات سے تعلق رکھتا ہے۔ ان دو دالوں کے درمیان ایک سبز رنگ کا پتہ ہوتا ہے جو سمی اثر رکھتا ہے۔ اسے جدا کرنے کے بعد ہی دواءً استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا پھل سیب کے برابر ہوتا ہے۔

حصول - سری لنکا، چین، کوچین، ہندوستان میں مدراس، بہار، اڑیسہ اور یوپی سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال - دافع امراض بلغمیہ وعصبانیہ۔ مقوی معدہ۔ مصفی خون۔ مقوی اعصاب۔ مقوی مثانہ۔ مدر بول و حیض۔ محلل اورام۔ مقوی ومحرک باہ۔

مواقع استعمال - فالج، لقوہ، وجع المفاصل، درد کمر، ضعف اشتہا، آتشک، ضعف مثانہ، ورم طاعون۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض باردہ میں اور امراض خبیثہ میں بطور معجون یا حبوب استعمال کرتے ہیں۔
(۲) مرض طاعون میں ورم غدود کو تحلیل کرنے کیلئے پانی میں گھس کر اس کا لیپ لگانا مفید ہے۔
(۳) امراض گردہ ومثانہ یا بڑھاپے میں پیشاب کی کثرت میں بطور سفوف اسکا استعمال مفید ہے

جدید تحقیقات - اسٹرک نن، بروسین، شحمیات، کاربوہائیڈریٹ

مرکبات - معجون لنا، حب اذراقی، معجون اذراقی

Chemical Constituents: Alkaloids, Indole Alkaloids, Strychnine, Brucine,
Monoterpenoid Glycoside (Loganin), α, β – colubrine, vomicine.
Strychnine $C_{21}H_{22}N_2O_2$ is poisonous alkatoid – It affects cerebro – spinal system.

Bioactivity: Anti-inflammatory, antioxidants, antiseptic.

Indication: Rheumatism, asthma , Hemorrhoids, Constipation, heartburn,
nausea, male infertility, impotence, cold, flue, allergies, backpain, irritability, eadache & migranes, Frontal Pain, light sensitivity, Stomach problem,
menstrual problem.

Adverse effects : (On high doses / over doses) Restlessness, anxiety, dizziness, back stiftness, liver failure, breathing problems.

Lemon Grass - اِذْخِر (٦)

schoenanthus

نباتی نام - Cymbopogon Schaenarthis
خاندان - Gramineae
عربی - کورالعیر
فارسی - کاہ مکی
ہندی - گندھیل
بنگلہ - روشیل
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - شگوفہ، تنا اور پتے۔
مدت حیات - ۳ رسال
مزاج - گرم خشک II/III
نفع خاص - محلل ورم جگر و طحال
مضر - مصدع
مصلح - صندل سفید
بدل - عاقر قرحا/فلفل سیاہ
مقدار خوراک - ۵-۷ گرام

Kingdom : Plantae.
Division : Spermato Phyta.
Sub division : Angiosperms.
Class : Monocots.
Order : Poales.
Family : Poaceae.
Sub Family : Panicoideae.
Genus : Cymbopogon.
Species : C . Schoenanthus.
Binomial name : Cymbopogon Schoenanthus.

شناخت - یہ ایک قسم کی گھاس ہے جو ملک حجاز سے درآمد کی جاتی ہے اس کے پتے لمبے، پھول سفید اور جڑ موٹی اور چھوٹی ہوتی ہے۔ اس کے پھولوں سے بھینی بھینی خوشبو آتی ہے۔ اس گھاس میں شاخیں بکثرت ہوتی ہیں۔ اس کا ذائقہ قدرے سوزش پیدا کرنے والا ہوتا ہے۔

اقسام - (۱) Andropogon schaenarthis :- اس کے اندر سیاہ رنگ کے تخم ہوتے ہیں۔
(۲) Cymbopogon schaenarthis :- اس میں تخم نہیں ہوتے یہی مستعمل ہے۔

حصول - سعودی عرب (مکہ)، ہندوستان کے بعض مقامات خصوصاً پنجاب سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال - محرک اعصاب۔ محلل اورام۔ مفتح سدد۔ کاسر ریاح۔ منضج اخلاط غلیظہ۔ مدر بول و حیض۔ مقوی معدہ۔ دافع تشنج۔

مواقع استعمال - فالج، لقوہ، استرخار، تشنج، نسیان، بلغمی بخار، احتباس بول و حیض، سنگ گردہ و مثانہ، ورم جگر، ورم گردہ، خارش وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض باردہ میں غلیظ اخلاط کو نضج دینے کیلئے بطور منضج مستعمل ہے۔
(۲) احتباس بول و حیض اور دیگر امراض گردہ و مثانہ میں بطور جوشاندہ مستعمل ہے۔
(۳) اورام احشاء کے سخت اورام کو تحلیل کرنے کیلئے مقام ماؤف پر بطور ضماد مستعمل ہے۔
(۴) خارش اور بدن کی تکان کو دور کرنے کیلئے بطور طلاء یا مالش استعمال کرتے ہیں۔

جدید تحقیقات - روغن، رولیم، گرے نن سائٹریٹ

مرکبات - دواء الکرکم، معجون دبیدالورد

Nutritional Value (1 cup - 67g)			
Saturated fat	: 0.1 g	Protein	: 1.2 g
Polyun Saturated	: 0.1 g	Vitamin C	: 3%
Sodium	: 4 mg	Calcium	: 4%
Potassium	: 484 mg	Iron	: 31%
Total Carbohydrate	: 17 g	Vitamin B6	: 5%
		Magnesium	: 10%

Bioactivity: Antioxidant,Antiseptic,Astringent.
Indication: Stomach and intestinal spasm, Stomachache, High B.P, Convulsion, Pain,vomiting,cough, rheumatism,fever, common cold,headache.
Side effects : It is likely safe.However,there have been some toxic side effects, such as lung problem & fatal poisoning.
Precaution : Pregnancy and breast feeding.It is unsafe causing to start menstrual flow – miscarriage.

(۷) اَڑُوسَہ – Vasaka

Kingdom	: Plantae.
Division	: Spermatophyta.
Sub Division	: Angiospermae.
Class	: Dicotyledonae.
Order	: Lamiales/Personales.
Family	: Acanthaceae.
Genus	: Justicia.
Species	: J. adhatoda.
Binomial name	: Justicia adhatoda.
Synonyms	***: Adhatoda Vasica Nee.***
	Adhatoda Zeylanica Medik.

نباتی نام - Adhatoda Vasica Nees

خاندان - Acanthaceae

عربی - حشیشۃ السعال

فارسی - روسہ

ہندی - بانسہ

بنگلہ - باسک

گجراتی - اڑوسہ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تمام اجزاء خصوصاً برگ

مدت حیات - ۲ رسال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - دافع سعال/مخرج بلغم

مضر - محرورین کیلئے

مصلح - شہد/نبات سفید

بدل - اصل السوس

مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

تازہ پتے

شناخت - یہ ایک خودرو نبات ہے جو قبرستانوں اور کھنڈرات میں پایا جاتا ہے۔ یہ سدابہار پودوں میں شامل ہے۔ اس میں بے شمار شاخیں ہوتی ہیں جن پر بکثرت پتے لگتے ہیں جو آم کے پتوں سے مشابہ لیکن نرم و نازک ہوتے ہیں۔ اس کے پھول شاخوں کے آخری سروں پر خوشوں میں لگتے ہیں۔

حصول - پنجاب، بنگال اور مشرقی بھارت

افعال - منفث و مخرج بلغم۔ دافع حمیات بلغمیہ۔ دافع تشنج۔ قاتل کرم شکم۔ مصفی خون۔ مفتت سنگ گردہ ومثانہ۔ مدر بول۔ مسکن اوجاع۔ دافع سعال۔ مانع نزلہ۔

مواقع استعمال - سعال، دمہ، اتساع شعبی، نفخۃ الریہ، سل دق۔ کرم شکم۔ جذام۔ بخار جرب وحکہ۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض ریہ اور بچوں کی کالی کھانسی کو دور کرنے کیلئے اسکی جڑ کی چھال کا جوشاندہ مفید ہے۔
(۲) سل دق اور سعال میں اس کے پتوں کو جوش دے کر اور شہد ملا کر پینا مفید ہے۔
(۳) جذام جرب وحکہ اور بخار میں اس کے پتوں کا سفوف یا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(۴) پیٹ کے کیڑوں کو مارنے کیلئے دیگر ادویہ کے ہمراہ مستعمل ہے۔

جدید تحقیقات - اروسین، امونیا، رالدار مادہ، صمغیات، روغن کثیف، شکر، لعاب دار رنگین مادہ

مرکبات - شربت سعال۔ شربت اعجاز۔ شربت اڑوسہ۔

Chemical Constituents: *alkaloids, tannins, saponins, phendics and flavonoids, vasicine, Quinazoline.*

Bioactivity: Antimicrobial,antiucler, Antioxidant, Hepato Protective.

Indication: *Asthma, bronchitis, Respiratory tract infection, cold and cough, skin disorder, fever, Diabetes, Anoreria, urinary tract disorder, Rheumatoid Arthritis.*

Side effects: People with diabetes should use this medicine with care, because it helps to reduce blood sugar level.

Pregnancy & Lactation : Avoid in pregnancy.

Can be used in lactation under medical supervision.

Asarabacca – اسارون (۸)

نباتی نام – Asarum europaeum L.

خاندان – Aristolochiaceae

عربی – اسارون

ہندی – مشک بالا

بنگلہ – تیر بالا/سوگندھ بالا

ماخذ – نباتی

حصص مستعملہ – جڑ

مدت حیات – ۲ رسال

مزاج – گرم خشک II

نفع خاص – امراض بارده

مضر – امراض ریہ میں

مصلح – مویز منقیٰ

بدل – زنجبیل خشک

مقدار خوراک – ۳-۵ گرام

Kingdom : Plantae.
Clade : Angiosperms.
Clade : Magnoliids.
Order : Piperales.
Family : Aristolochiaceae.
Genus : Asarum.
Species : A. Europaeum.
Binomial name : Asarum europaeum.

شناخت – یہ ایک قسم کے پودے کی جڑ ہے جو بے قاعدہ، گرہ دار اور خوشبودار ہوتی ہے، اس کا ذائقہ تلخ اور رنگ زردی مائل ہوتا ہے۔ اس کے پتے بنفشہ کے پتوں سے مشابہ لیکن دندانے دار ہوتے ہیں۔

حصول – فرانس، روم، افریقہ، ایران، افغانستان، ایشیا کے شمالی مما لک اور یورپ۔ ہندوستان میں یہ پودا نہیں ہوتا البتہ یہاں کے شمالی پہاڑی علاقوں میں اس جیسا پودا ہوتا ہے جس کو تگر کہتے ہیں جو افعال وخواص میں ایک دوسرے کا بدل ہے۔

افعال وخواص – مفتح سدد، محلل اورام، مقوی دماغ واعصاب، مدر بول وحیض، محرک باہ، ملین شکم، مخرج بلغم وسودا۔

مواقع استعمال – صرع، لقوہ، فالج، استرخاء، خدر، نسیان، یرقان، استسقاء ورم جگر، وجع المفاصل، عرق النساء، صلابت طحال، وجع الورک، درد پہلو وغیرہ۔

ترکیب استعمال – (۱) امراض بارده میں دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور جوشاندہ مستعمل ہے۔
(۲) وجع المفاصل، عرق النساء، وجع الورک میں دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور معجون مستعمل ہے۔
(۳) یرقان، استسقاء اور دیگر اورام احشاء میں بطور جوارش مستعمل ہے۔

جدید تحقیقات – روغن کثیف، روغن فراری، اسارین، نامی جوہر فعال۔

مرکبات – جوارش جالینوس، معجون سورنجان، دواء الکرکم کبیر۔

Chemical Constituents: β-Pinene, 2-Carene, β-Phellandrene, 1, 8-Cineole & Germacrone, Monoterpene, hydrocarbons.

Bioactivity: Diuretic,emetic, Purgative.

Leaves-Cathartic,emetic, errhine, Diaphoretic, stimulant and anti-microbial.

Indication: Anorexia, Gout pain, Snake bite, Colds, Whooping Cough, headache, Dysmenorrhoea, Hysteria, Typhus Dropsy, Alcoholism, Fevers.

Affection of the brain, eyes, throat and mouth.

Warning: Asarun is too dangerous to be used without medical supervision (Plant is poisonous).

(۹) اَسْپغُول - Ispaghul

نباتی نام	- Plantago-ovata forsk
خاندان	- Plantagenaceae
عربی	- بزرقطونا
فارسی	- اسپغول
ماخذ	- نباتی
حصص مستعملہ	- تخم، سبوس
مدت حیات	- تخم-۲½ سال
مزاج	- سردتر II
نفع خاص	- مسکن حرارت
مضر	- مضعف اعصاب
مصلح	- شہد/سکنجبین
بدل	- لعاب بہیدانہ
مقدارخوراک	- ۳-۵گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Order	: Lamiales.
Family	: Plantaginaceae.
Genus	: Plantago.
Species	: P. Ovata.
Binomial name	: Plantago Ovata Forssk.

تخم اسپغول

شناخت - یہ ایک پودے کے چھوٹے چھوٹے تخم ہیں جن کی شکل کشتی نما ہوتی ہے۔ان تخموں کی رنگت گلابی ہوتی ہے۔انہیں پانی میں بھگونے سے لعاب پیدا ہوتا ہے۔اس کی بھوسی کو سبوس کہتے ہیں۔اس کا پودا ایک فٹ بلند ہوتا ہے۔جس کی شکل دھان کے پودے سے ملتی جلتی ہے۔ان میں پھلیاں لگتی ہیں جن سے تخم برآمد ہوتے ہیں۔تخموں کا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے۔

افعال - محلل و مسکن، اورام حارہ، مسکن عطش، دافع تپ، ملین شکم، قابض۔

مواقع استعمال - اسہال، پیچش، خشک کھانسی، بخار، ورم، حمرہ، نملہ خشونت قصبۃ الریہ۔

ترکیب استعمال - (۱) اسہال و پیچش میں روغن گاؤ میں بریاں کر کے شکر کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(۲) قصبۃ الریہ کی خشونت کو دور کرنے، بخار، کھانسی اور پیاس کو رفع کرنے کیلئے اس کا لعاب نکال کر پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - میوسی لیج، فیٹی ایسڈ، سلولوز

مرکبات - قرص طباشیر کافوری، سفوف طین۔

Chemical Constituents: The main chemical componentof mucilage are Galactose, glucose, xylose & arabinose, other parts of the plant contain alkaloids & tannins.

Bioactivity: Emollient, Demulcent & Laxative, antihemorrhoidal, Antidiarrhoeal.

Indication : Chronic constipation, bacillary Dysentery, Diarrhoea, GIT problems, Cough , Cold , Piles, rheumatism, bronchial infection, urinary infection.

Warning: Not use for a long duration, Not use – who is suffering from problem of abdominal pain or intestinal blockage.

Garden Rue - اِسپَند (۱۰)

Kingdom	: Plantae.	Peganum Harmala L.	-	نباتی نام
Sub division	: Angiosperms.	Rutaceae	-	خاندان
Class	: Eudicots.	حرمل	-	عربی
Order	: Sapindales.	اسپند	-	فارسی
Family	: Nitrariaceae.	نباتی	-	ماخذ
Genus	: Peganum.	تخم	-	حصص مستعملہ
Species	: P. harmala.	۴ سال	-	مدت حیات
Binomial name	:Peganum harmala.			

مزاج - گرم III خشک II

نفع خاص - امراض باردہ

مضر - مصدع/منشی

مصلح - ترش اشیاء/سکنجبین

بدل - تخم سداب

مقدار خوراک - ۲-۴ گرام

شناخت - یہ ایک جھاڑی دار پودے کا تخم ہے جو سیاہی مائل ہوتا ہے اور چنے کے برابر گول پھل سے برآمد ہوتا ہے۔ اس تخم کو اسپند سوختنی کہا جاتا ہے۔

حصول - شمالی ہند، پنجاب، دہلی، یوپی اور پاکستان۔

افعال - قاتل کرم شکم، مقوی باہ، مسمن بدن، مدر بول وحیض، منفث بلغم، مدر شیر، کاسر ریاح، مفتح سدد دماغی وعصبی، جالی، محلل، مسخن۔

مواقع استعمال - دمہ، کھانسی، فالج، لقوہ، صرع، جنون، نسیان، عرق النساء، درد کان، امراض چشم، وجع المفاصل، بہرہ پن، ضعف باہ، جریان، احتباس بول وحیض وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض باردہ میں بلغم کو خارج کرنے کیلئے دیگر ادویہ کے ہمراہ مستعمل ہے۔

(۲) امراض چشم میں زعفران یا سونف کے ہمراہ بطور سرمہ استعمال کیا جاتا ہے۔

(۳) امراض اذن میں روغن کنجد میں جلا کر بطور قطور مستعمل ہے۔

(۴) وجع المفاصل یا دیگر دردوں میں بطور مالش مستعمل ہے۔

(۵) احتباس بول وحیض میں پرانے گڑ کے ساتھ گولی بنا کر استعمال کرنا مفید ہے۔

(۶) ضعف باہ اور جریان میں ۲-۳ گرام تخم دودھ کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - Harmine، Harmaline، Harmalol ایک قسم کا روغن۔

مرکبات - معجون اسپند سوختنی، حب مدر، حب اسپند۔

Chemical Constituents: Harmine, harmaline, harmalol, (all are beta-carboline alkaloids), Quina Zolidine, vasicinone.

Bioactivity: Anthelmintic , Anti inflammatory, Antimicrobial, Vasorelaxant, Antidepressant, Analgesic, Antiplatelet.

Indication: Pain, skin inflammation, Skin cancer and also used as an emmenagogue & abortifacient.

Uses : Seeds use against several bacteria including staphylo Coccus aureus , salmonella spp.

Proteus Vulgaris & Bacillus subtilis, HIV, fungal, strains, including Candida albicans & Protozoans.

Pregnancy & Lactation : Avoid.

Adverse Reactions: Nausea & vomiting, confusion, Convulsion, Agitation, tremors & life threatening respiratory depression & coma, severe gastrointestinal distress, vomiting blood Gastric ulceration, Bradycardia.

(۱۱) اسرول – Rauwolfia

نباتی نام - Rauwolfia Serpentina Benth

خاندان - Apocynaceae

ہندی - چندن بوٹی/چھوٹا چاند

بنگلہ - سرپا گندھا

گجراتی - چندر بھاگا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - جڑ

مدت حیات - ۲ سال

مزاج - سرد خشک III

نفع خاص - دافع فشارالدم

مضر - دوار پیدا کرتا ہے۔

مصلح - فلفل سیاہ

بدل - جدوار شیریں

مقدار خوراک - ایک گرام

Kingdom	: Plantae.
Division	: Magnoliophyta.
Class	: Magnoliopsida.
Order	: Gentianales.
Family	: Apocynaceae.
Genus	: Rauvolfia.
Species	: R . Serpentina.
Binomial name	: Rauvolfia Serpentina.

شناخت - یہ ایک قسم کے پودے کی جڑ ہے جو تقریباً ۷-۱۰ سینٹی میٹر لمبی ہوتی ہے۔ اسکی سطح کھردری اور نشیب وفراز لئے ہوئے ہوتی ہے۔ اس کا ذائقہ نہایت تلخ ہوتا ہے۔ اس کا پودا تقریباً ایک میٹر بلند ہوتا ہے جس کے پتے چوڑے اور کسی قدر نوکدار ہوتے ہیں۔ اس کے پھول مکو کے پھولوں کی طرح خوشوں میں لگتے ہیں۔ اس کا پھل بھی مکو کی طرح ہوتا ہے لیکن اس میں صرف ایک تخم ہوتا ہے۔

حصول - سری لنکا، نیپال، بہار، آندھرا پردیش، شمالی بھارت اور آسام۔

افعال وخواص - مسکن، منوم، مخدر، حابس الدم، دافع فشارالدم۔

مواقع استعمال - بے خوابی، مالیخولیا، جنون، صرع، اختناق الرحم، مالیخولیا، بخار اور اعصابی تناؤ وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) سوداوی وبلغمی امراض میں اس کے سفوف کو دودھ کے ہمراہ استعمال کرتے ہیں۔
(۲) ہائی بلڈ پریشر، اختناقی درد اور اعصاب کو تسکین دینے کیلئے فلفل سیاہ کے ہمراہ مستعمل ہے۔
(۳) رحم کے ریشوں کو سکیڑ کر جنین کو خارج کرنے کیلئے بطور سفوف مستعمل ہے۔
(۴) بخاروں اور زہریلے جانوروں کے زہر کو زائل کرنے کیلئے بطور تریاق مستعمل ہے۔

جدید تحقیقات - اجملین، اجملسین، اجملنین، پپاورین، سرپنین، سرپنٹیسن، کاربوہائیڈریٹ، وٹامن بی، ریزرپن

مرکبات - قرص دواء الشفاء۔ اسروفین۔

Chemical Constituents: Ajmaline, Ajmalicine, Ajmalimine, Deserpidine, Indobine, Indobinine, Reserpine, reserpiline, Rescinnamine, Rescinnamidine, Serpentina, Serpentinine & yohimbine.

Bioactivity: Antihypertensive.

Indication: High blood pressure, mental disorder including Schizophrenia (confused thinking), fever, Plague, Insomnia, Hysteria, Urticaria, Anxiety, Psychosis, epilepsy, colic dysentery & cholera, useful in uterine contraction, snakebite (cobra), scorpion or reptile bite, Psoriasis, excessive sweating & itching, Goitre, rheumatism, edema, intestinal diseases, Constipation, dizziness, It can regularizes menstruation when used as a mixture with ginger and black pepper .

Adverse & side effects: Swelling in feet & lower legs, Diarrhea, nausea & vomiting, Dizziness, loss of appetite . Abdominal cramping, gastric ulceration , Skin rash, itching, breast enlargement, sexual dysfunction.

(۱۲) اُسطو خُودُوس - French Lavender

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Order	: Lamiales.
Family	: Lamiaceae.
Genus	: Lavandula.
Species	: L. Stoechas.
Binomial name	: Lavandula stoecha mill.
Common name	: Levender.

نباتی نام - Lavandula Stoechas L.
خاندان - Labiatae
عربی - اسطوخودوس/انس الارواح
فارسی - جاروب دماغ
ہندی - دھارو
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پتے اور پھول
مدت حیات - ۲ سال
مزاج - گرم I خشک II
نفع خاص - منقی فضلات دماغیہ
مضر - امراض صفراویہ میں
مصلح - افتیمون ولائتی
بدل - گل بنفشہ
مقدار خوراک - ۵-۷ گرام

شناخت - یہ ایک قسم کا پودا ہے جس کے پتے صعتر کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں۔ اسکے پھول بکثرت خوشوں میں لگتے ہیں۔ جن سے کافور کے مانند خوشبو آتی ہے۔ پھولوں کا رنگ بنفشئی ہوتا ہے۔

حصول - اٹلی، شمالی افریقہ، جنوبی فرانس، جنوبی یورپ، اسپین، بحیرۂ روم کے مغربی ساحل، جموں کشمیر۔

افعال - محلل اورام، مفتح، مقوی و منقی دماغ و اعصاب، جاروب دماغ، کاسر ریاح، مسہل بلغم وسودا۔

مواقع استعمال - فالج، لقوہ، صرع، سر درد نزلہ وزکام، نسیان، وجع المفاصل، ورم جگر بارد، استسقاء، قبض وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) دماغی و عصبی امراض میں بطور جوشاندہ مستعمل ہے۔
(۲) ورم جگر بارد میں دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور شربت مستعمل ہے۔
(۳) اعصاب و دماغ کو تقویت دینے کیلئے ترپھلہ کے ہمراہ مستعمل ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، روغن کثیف، الکوحل۔

مرکبات - اطریفل اسطوخودوس، شربت اسطوخودوس، معجون نجاح۔

Chemical Constituents: Linalool, linalyl acetate, Lavandulyl acetate, terpinen – 4 – 01, lavandulol, 1,8 – cineole & Camphor.
Bioactivity: Antioxidant, Antibacterial, Antifungal.
Adverse effects: Lavender oil appears to be an endocrine disruptor exhibiting anti-androgenic activity in vitro.

(۱۳) اَسگندہ - Winter Cherry

نباتی نام - Withania Somnifera Dunal

خاندان - Solanaceae

ہندی - اُشوگندھا

بنگلہ - اُشوگندھا

گجراتی - آکھ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - جڑاورشاخیں

مدت حیات - ۲سال

مزاج - گرم خشک درجہ سوم

نفع خاص - مقوی باہ/محلل اورام

مضر - محرورین کیلئے

مصلح - صمغ عربی/کتیرا

بدل - بہمن سفید/ستاور

مقدار خوراک - ۳-۵گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Asterids.
Order	: Solanales.
Family	: Solanaceae.
Genus	: Withania.
Species	: W. Somnifera.
Binomial name	: Withania Somnifera.

خشک جڑ

شناخت - یہ ایک پودے کی جڑ ہے جو باریک، اندر سے سفید اور باہر سے بھوری ہوتی ہے۔اس کا پودا تقریباً ایک میٹر تک بلند ہوتا ہے۔اس کے پتے اڑوسہ کے پتوں سے مشابہ لیکن اس سے چھوٹے ہوتے ہیں۔اس کا پھل گول، کاکنج سے مشابہ اور باریک غلاف سے ملفوف ہوتا ہے جو پختہ ہونے پر زرد ہوجاتا ہے۔

حصول - ناگور، جنوبی بھارت، پاکستان۔(ناگور کے نام کے ساتھ یہ اسگند ناگوری کہلاتا ہے۔)

افعال - مغلظ منی، مقوی باہ، دافع سیلان الرحم، دافع جریان واحتلام، دافع سعال بلغمی، دافع وجع المفاصل، محلل اورام، مصفی خون، مولد شیر۔

مواقع استعمال - جریان، سرعت انزال، رقت منی، وجع المفاصل، سیلان الرحم، گٹھیا اور درد کمر وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض باہ میں بطور سفوف دودھ کے ہمراہ مستعمل ہے۔
(۲) وجع المفاصل واعصابی دردوں میں گولی بنا کر استعمال کرتے ہیں۔
(۳) اورام اور پھوڑے پھنسیوں پراسے پیس کر بطور ضماد استعمال کرتے ہیں۔
(۴) ڈھلے ہوئے پستانوں اور صلابت ذکر کیلئے طلاء بنا کر استعمال کرتے ہیں۔

جدید تحقیقات - روغن، تخم سومنی فیرن، قلمدار الکوحل۔

مرکبات - معجون مقوی رحم، حب اسگند، معجون زنجبیل، سفوف جریان خاص۔

Chemical Constituents: Iron, Tannins, Glucose, Potassium nitrate, fatty acids, Somnine, Somniferin, Anferine, Withanolides, Flavonoids, Lactones, Acyl steryl glucosides.
Bioactivity: Anticancer, Antiulcer, Anti oxidants, Antiseptic, Aphrodisiac
Indication: Anxiety, Cerebellar ataxia, Diabetes (reduce blood sugar), High Cholesterol (reduce cholesterol level), Male infertility (improve sperm quality), Arthritis, Parkinson's disease, Tumors, Tuber culosis, Liver problem, Ulceration, stress, Fibro myalgia.
Side effects: Possibly safe, Large doses might cause stomach upset, diarrhoea & vomiting.
Precaution : Unsafe in pregnancy and breast feeding.

Liqourice – اصل السوس (مُلیٹھی) (۱۴)

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Rosids.
Order	: Fabales.
Family	: Fabaceae.
Sub family	: Faboideae.
Genus	: Glycyrrhiza.
Species	: C . glabra.
Binomial name	: Glycyrrhiza glabra.

خشک ملیٹھی

نباتی نام - Glycyrrhiza Glabra L.
خاندان - Leguminosae
عربی - اصل السوس
فارسی - بیخ مہک
بنگلہ - ایش ٹی مدھو
گجراتی - جیٹھی مدھو
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - جڑ، شاخیں، عصارہ
مدت حیات - ۴ سال
مزاج - مرکب القوی/گرم خشک I
نفع خاص - دافع امراض حلق وریہ
مضر - امراض گردہ وطحال
مصلح - کتیرا/گل سرخ
بدل - خولنجان/رب السوس
مقدار خوراک - ۳-۷ گرام

شناخت - یہ سوس نامی پودے کی جڑ ہے جو زمین سے چمٹی اور پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔اس کی رنگت اوپر سے مٹیالی اور اندر سے زرد ہوتی ہے۔اس کا ذائقہ شیریں ہوتا ہے۔اس پودے میں چھوٹی چھوٹی باریک پھلیاں لگتی ہیں جن کے اندر سے ۴-۵ باریک تخم برآمد ہوتے ہیں۔

حصول - ہندوستان، افغانستان، ایران، ترکی، عرب، مصر، یورپ اور انگلینڈ۔

افعال وخواص - منضج اخلاط غلیظہ، مسکن عطش، مقوی اعصاب، منقی دماغ، ملین شکم، مخرج بلغم، جالی، کاسر ریاح، مدر بول وحیض، دافع حمی مزمنہ۔

مواقع استعمال - امراض بلغمیہ وسوداویہ، امراض صدروریہ، حرقت البول، سوزاک، قروح گردہ ومثانہ۔

ترکیب استعمال - (۱) اخلاط غلیظہ کو نضج دینے کیلئے دیگر ادویہ کے ہمراہ منضجات کے نسخہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔
(۲) قصبۃ الریہ وصدر کی سوزش اور خشونت کو دور کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(۳) امراض گردہ ومثانہ میں اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - گلائسرائزن، کاربوہائیڈریٹ، رالدار مادہ، نشاستہ، بنزونک ایسڈ، وٹامن بی I

مرکبات - شربت اعجاز، لعوق سپستان، لعوق املتاس۔

Chemical Constituents: Glycyrrhizin, Glycyrrhizinic acid, triterpenoid, Glycosides (saponins), Flavonoids (including liquiritigetol) & Isoflavenoids, bitter principle (Glycyrmarin), Volatile oil, Chalcones, Coumarius, aninoaers amine (choline, betaine, asparagines), Vitamins : A, B, B_2, B_5, B_6, B_9 & E.
Minerals : Calcium, Iron, Magnesium, Silicon, Zinc, Phosphorus, Potassium, Sodium, Chromium, Cobalt, Selenium.
Bioactivity: Antiallergic, antiarthritic, anti inflammatory, Demulcent, emollient, expectorant, Laxative, Antimicrobial, Antioxidant.
Indication: Boost immune system, Relieves pain & stress, Control respiratory problem and sore throat, Combat hepatitis, Treat PMS & menstrual problem, Prevent heart diseases, Peptic ulcer, Canker sore, Eczema, Indigestion, Upper respiratory infection, weight loss (It increase bile flow & lowers cholesterol level).
Precaution : It is recommended that a safe amount for consumption would be around 10mg/day. If this is exceeded the Glycyrrhizic acid can cause.Electrolyte imbalance, Increesed blood pressure, Oedema (collection of fluid under the skin), Fatigue , Headache, Heart attack.

(۱۵) آطریلال - Bishop's Weed

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Asterids
Order	: Apiales
Family	: Apiaceae
Genus	: Ammi
Species	: Ammi majus
Binomial name	: Ammi majus L.

تخم

نباتی نام - Ammi Majus Linn

خاندان - Umbelliferae

عربی - رجل الغراب

فارسی - پائے زاغاں

اردو - تخم طلال

ہندی - کاک چنگی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تخم

مدت حیات - ارسال

مزاج - گرم I خشک II

نفع خاص - دافع برص و بہق

مضر - معدہ کو

مصلح - سونٹھ

بدل - باؤچی

مقدار خوراک - ۳-۹ گرام

شناخت - یہ ایک طرح کی بوٹی کے تخم ہیں جو تخم انیسون کے مشابہ ہوتے ہیں۔ ان کا رنگ سرخ اور ذائقہ تیز و تلخ ہوتا ہے۔ اس کا پودا سوئے کے پودے کے مانند اور اس کے پھول سفید ہوتے ہیں۔

حصول - مصر، شمالی بھارت، جموں کشمیر۔

افعال وخواص - جالی، محلل، کاسر ریاح، دافع برص و بہق۔

مواقع استعمال - برص، بہق، جھیپ، جھائیں وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) برص اور دیگر امراض جلدیہ میں اس کے سفوف کو شہد کے ہمراہ کھلانا مفید ہے۔
(۲) اس کے تخم کو سرکہ کے ہمراہ پیس کر مقام برص پر ضماد کرنا مفید ہے۔
(۳) جھیپ و بہق میں بطور طلاء مستعمل ہے۔

جدید تحقیقات - Xanthotoxin ، Almajunin ، Ferocomanin ، Essential Oil ، Gluco side ، Resins ، Methyle selicilate ، Methyl alcohol۔

مرکبات - سفوف برص، روغن اطریلال۔

Chemical Constituents: Furanocoumarin, Xanthotoxin, bergapten, Ammoidin, Imperatorin.
Bioactivity : Antimicrobial, Antischistosomal, Photosensitizing.
Indication : Vitiligo, Psoriasis (skindisorder) as an emmenagogue to regulate mensturation, diuretic, for treatment of leprosy, kindney stone, urinary tract infections.

Dodder - افتیمون (١٦)

نباتی نام	-	Cuscuta epithymum L.
خاندان	-	Convolvulaceae
عربی	-	حشیشة الدینار
فارسی	-	درخت پیچاں
یونانی	-	افتیمون
ہندی	-	امربیل
بنگلہ	-	آکاش بیل
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	بیلدار شاخیں
مدت حیات	-	ارسال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	امراض سوداویہ
مضر	-	پھیپھڑوں کیلئے
مصلح	-	سکنجبین / کاسنی
بدل	-	افسنتین رومی
مقدار خوراک	-	۳-۵ گرام

Kingdom	: Plantae.
Phylum	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Asterids.
Order	: Solanales.
Family	: Convolvulaceae.
Genus	: Cuscuta.
Species	: C . reflexa.
Binomial name	: Cuscuta reflexa.

خشک افتیمون

شناخت - یہ ایک طفیلی بیلدار پودا ہے جو قرب وجوار کے درختوں پر پھیل کر اپنی غذا حاصل کرتا ہے۔ اس پودے میں پتیاں نہیں ہوتیں بلکہ گرہیں یا عقدات پائی جاتی ہیں جن سے یہ میزبان پودوں کو اپنی گرفت میں لئے رہتی ہے۔ اس پودے میں مکو کی مانند گھنڈی نما پھل ہوتے ہیں جن میں بنفشئی رنگ کے باجرہ سے چھوٹے باریک تخم بھرے ہوتے ہیں جن کو تخم کشوث کہتے ہیں

حصول - چین، یوروپ، بھارت، ٹرکی، پاکستان، انگلستان، ایران، افغانستان۔

افعال وخواص - ملطف، محلل، مفتح، کاسر ریاح، مسہل سوداوبلغم، قاتل کرم شکم۔

مواقع استعمال - جنون، مالیخولیا، صرع، کابوس، ضعف معدہ، ضعف طحال، یرقان، پھوڑے پھنسی اور پیٹ کے کیڑوں کو مار کر خارج کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض سوداویہ میں ترپھلہ کے ہمراہ اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(۲) امراض معدہ جگر وطحال یا پیٹ کے کیڑوں کو خارج کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے
(۳) پھوڑے پھنسیوں پر اس کی بھجیا بنا کر نیم گرم باندھنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - کسکوٹین، بیورٹین، رال دار مادہ۔

مرکبات - اطریفل افتیمون، معجون نجاح، معجون چوب چینی، عرق مصفی خون، شربت دینار۔

Chemical Constituents: Kaempferol, Quercetin, Astragalin, Anthraquinone, Coumarin, Flavones, Glycoside, Sterols, Terpene, Tannic acid.

Bioactivity: Anthelmintic, Carminative, Demulcent, diaphoretic, diuretic expectorant, febrifuge, Purgative Stomachic , Blood purifier.

Indication: Liver & spleen complaints, Bilious affection, Diarrhoea & flatulence, Jaundice, Urinary problem.

Wormwood - افسنتین (۱۷)

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Asterids.
Order	: Asterales.
Family	: Asteraceae (Sunflower family).
Genus	: Artemisia.
Species	: A . absinthium.
Binomial name	: Artemisia absinthium

نباتی نام	-	Artemisia Absinthium L.
خاندان	-	Compositae
عربی	-	ختـرق
فارسی	-	مردہ
ہندی	-	بحری ستارہ
یونانی	-	افسـنـتین
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	مسلم پودا
مدت حیات	-	۲ رسال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	محلل اورام
مضر	-	انثیین کیلئے
مصلح	-	انجیر زرد
بدل	-	گل بابونہ
مقدار خوراک	=	۲-۵ گرام

شناخت - یہ ایک قسم کی بوٹی ہے جس کے پتے صعتر کے پتوں کی طرح، پھول گل بابونہ کی طرح لیکن اس سے چھوٹے اور تخم اسپند کے تخموں کے مانند ہوتے ہیں۔اس کی بو نہایت تیز و نا مرغوب اور مزہ نہایت تلخ ہوتا ہے۔

حصول - شمالی ایشیا، افغانستان، ایران، کشمیر، شمالی افریکہ، امریکہ، یوروپ، شام اور پاکستان۔

افعال وخواص - محلل اورام احشاء، مفتح سدد (deobstruent) ، ملطف مواد (demulcent) مسکن اوجاع، دافع حمیات بلغمیہ وصفراویہ، قاتل کرم شکم، مدر بول وحیض۔

مواقع استعمال - ورم جگر وطحال۔ استسقاء، نوبتی بخار، ضعف معدہ، احتباس حیض، عسر طمث، صرع، رعشہ، فالج، استرخاء، دردسر، بواسیر، وجع الاذن اور پیٹ کے چرنوں کو مارنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض جگر وطحال، نوبتی بخار، احتباس حیض اور عسر طمث میں بطور جوشاندہ مستعمل ہے۔
(۲) امراض اعصاب ودماغ، بواسیر اور کان کے دردوں کو دور کرنے کیلئے بطور بھپارہ مستعمل ہے۔
(۳) پیٹ کے کیڑوں خصوصاً چرنوں کو مار کر خارج کرنے کیلئے بطور قرص مستعمل ہے۔

جدید تحقیقات - روغن، رال، فولاد، انبرنتھین نامی جوہر مؤثرہ اور کیسپرین نامی جوہر مسمومہ۔

مرکبات - شربت افسنتین، قرص افسنتین۔

Bioactivity: Antiseptic, anthelmintic, febrifuse, analgesic, antibacterial, antifungal, antidepressant, anti inflammatory, antiparasitic, anti rheumatic, antispasmodic, carminative, diaphoretic, digestive, Diuretic, Purgative, stomachic tonic, uterine stimulant.

Contra Indicate: As uterine stimulant, it should not use during pregnancy. Cause spontaneous abortion, prolong use may cause nausea, vertigo & insomnia and may affect the nervous system and not use in gastric & duodenal ulcers.

Indication: Stomach pain & cramping, diarrhoea and constipation, indigestion, anorexia, jaundice & hepatitis.

(۱۸) افیون - Opium

نباتی نام	- Papaver Somniferum L.
خاندان	- Papaveraceae
عربی	- فین الخشخاش
ہندی	- افیم
بنگلہ	- پستو دھیری
ماخذ	- نباتی
حصص مستعملہ	- گوند
مدت حیات	- طویل المدت
مزاج	- سرد خشک IV
نفع خاص	- مسکن درد/ مخدر
مضر	- مضعف باہ
مصلح	- زعفران
بدل	- اجوائن خراسانی
مقدار خوراک	- ۱۲۵ ملی گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Order	: Ranunculales.
Family	: Papaveraceae.
Genus	: Papaver.
Species	: P . Somniferum.
Binomial name	: Papaver Somniferum.

شناخت - یہ ایک قسم کا خشک شدہ رس ہے جو خشخاش نامی پھل پر شگاف دینے سے حاصل ہوتا ہے۔ اولاً یہ سفید رنگ کا ہوتا ہے لیکن خشک ہونے پر سیاہ رنگ کا ہو جاتا ہے۔

حصول - بھارت، برما، چین، نیپال، مصر، ایران، پاکستان۔

افعال - منوم، مسکن، مخدر، دافع تشنج، قابض شدید، حابس الدم، ممسک، دافع بخار موسمی۔

مواقع استعمال - سہر، جنون، مالیخولیا، سرسام صفراوی و خونی، عرق النساء، ذات الجنب، درد کمر، درد چشم، درد اذن، درد بدن، سرعت انزال، کالی کھانسی، دمہ، اسہال خونی وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) مسکن ہونے کی وجہ سے ہر طرح کے درد میں دیگر ادویہ کے ہمراہ مستعمل ہے۔
(۲) نزلہ، زکام، دمہ، کھانسی وغیرہ میں مرکبات کی شکل میں مستعمل۔
(۳) جریان، سرعت انزال اور اسہال میں حبوب کی شکل میں مستعمل ہے۔

جدید تحقیقات - Thebaine ،Papaverine ،Noscapine ،Narcotine ،Codeine ،Morphine

مرکبات - برشعثا، حب جدوار، حب جریان، حب سرفہ، حب ممسک مبہی۔

افعال سمیہ - اس کے اندرونی استعمال سے منہ، حلق اور زبان خشک ہو جاتے ہیں۔ معدہ کی حس و حرکت اور رطوبت کی تراوش کم ہو جاتی ہے۔ امعاء کی حرکت دودیہ سست ہو کر شدید قبض لاحق ہو جاتا ہے۔ اعصاب و عضلات متاثر ہو کر حرکات قلب تیز ہو جاتی ہے۔ اسے زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے حرکت قلب سست ہو کر نبض ضعیف اور کمزور پڑ جاتی ہے اور عسر تنفس لاحق ہو کر چہرہ نیلگوں پڑ جاتا ہے۔ اور بعض اوقات موت واقع ہو جاتی ہے۔

Chemical Constituents: Morphine, codeine, narcotine, thebaine, noscapine , narceine, Papaverine.

Bioactivity: Sedative, Narcotic, Antiseptic Stimulant, analgesic, antitussive.

Uses: Acute pain, chronic pain, Neuro pathic pain, relieve pain, diarrhoea, Dysentery muscle, cough.

Contra Indication: Have not been identified.

Pregnancy / Lactation: Safety & efficacy in pregnancy & lactation is lacking

The seed is generally recognized as afe when used as food.

(۱۹) اِکْلِیلُ الْمَلِکْ (ناخونہ) – White Sweet Lotus

نباتی نام – Trigonella Uncata Boiss

خاندان – Liguminosae

عربی – اکلیل الملک

فارسی – گیاہ قیصر

ہندی – ناخونہ

سنسکرت – بیونگ

ماخذ – نباتی

حصص مستعملہ – پھلیاں

مدت حیات – ا رسال

مزاج – گرم خشک II

نفع خاص – محلل اورام

مضر – انثیین کو

مصلح – انجیر زرد/شہد

بدل – بابونہ

مقدار خوراک – ۳-۵ گرام

Kingdom	:Plantae.
Phylum	:Tracheophyta.
Class	:Magnoliopsida.
Order	:Fabales.
Family	:Fabaceae.
Genus	:Trigonella.
Species	:T . Uncata.
Binomial name	:Trigonella Uncata Boiss.

خشک ناخونہ

شناخت – یہ ایک قسم کے پودے کی پھلیاں ہیں جو ہلالی شکل کی تراشۂ ناخون کی طرح ہوتی ہیں۔ جن کے اندر رائی کے برابر سرخ رنگ کے باریک باریک تخم بھرے ہوتے ہیں۔

حصول – ایران، مصر، بھارت۔

افعال وخواص – محلل اورام، منضج مواد، مدربول وحیض، مسکن اوجاع، مقوی اعضاء۔

مواقع استعمال – اورام أحشاء، ورم خصیتین، فالج، لقوہ وغیرہ۔

ترکیب استعمال – (۱) ورم جگر وطحال، ورم رحم، ورم خصیتین اور دیگر اورام صلبیہ میں بطور ضماد مستعمل ہے۔
(۲) فالج میں اس کا جوشاندہ پلانا مفید ہے۔
(۳) آنتوں کی تقویت کیلئے اس کے جوشاندہ کو بطور حقنہ استعمال کرتے ہیں۔

جدید تحقیقات – روغن فراری، کومیرین (جوہر مسمومہ)

مرکبات – مرہم مقل، شربت محلل، ضماد جالینوس، ضماد محلل، قیروطی آرد باقلہ۔

Bioactivity: Anti-inflammatory , diuretic , emmenagogue.

(۲۰) آلو بالو Wild Cherry

Kingdom	:Plantae.
Phylum	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Order	:Rosales.
Family	:Rosa ceae.
Genus	:Prunus
Species	:P. cerasus.
Binomial name	:Prunus cerasus L.
Common Name	:Sour cherry Wild cherry Tart cherry

خشک پھل

عربی نام - قراصیا

ہندی - کیلاشی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پھل، گوند، تخم، تیل

مدت حیات - تین سال

مزاج - شیریں۔گرم تر۲، میخوش۔معتدل، ترش وکسیلا۔سرد خشک۲

نفع خاص - مفتت حصاۃ، مدربول وحیض

مضر - مرخی معدہ/بدہضمی

مصلح - سکنجبین نعناعی/فلفل سیاہ

بدل - آلو بخارا

مقدار خوراک - پھل۔ ۳،۲عدد، گوند۔۳،۴ گرام

شناخت - ایک درخت ،کا پھل ہے جو چھوٹا گول اور ریٹھا کے برابر ہوتا ہے۔یہ کچے حالت میں سبز اور ذائقہ میں کسیلا اور پکنے پر سیاہ اور کھٹا میٹھا ہوتا ہے۔اس کا بیج چنا کے برابر ہوتا ہے، جس پر سخت چھلکا ہوتا ہے اس کا گودا سفید ہوتا ہے اس کا درخت ۴ سے ۱۰ میٹر تک بلند، شاخیں بکھری ہوئیں، پتیاں سرخ، پھول گلابی یا سفید اور بعض اوقات سرخ اور پانچ پنکھڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔پوری دنیا میں اب تک اس کی 430 Species دریافت ہو چکے ہیں۔

وجہ تسمیہ - بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ آلو بخارا کے دو جداگانہ قسموں کو ملا کر اس کی کاشت ہوئی ہے اس لئے اس کو آلو بالو کہتے ہیں۔

اقسام - ذائقہ کے اعتبار سے اسکی تین اور بعض نے چار قسمیں بیان کی ہیں ۔

(۱) کسا : اس قسم کا پھل بہت چھوٹا ہوتا ہے پکنے پر اس کا ذائقہ کسیلا رہتا ہے۔

(۲) شیریں: اس کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے اس کو کیلاس کہتے ہیں۔

(۳) میخوش اسکا ذائقہ کھٹا میٹھا ہوتا ہے اس کو بوعلی کہتے ہیں (عوام کا محاورہ آلو بالو)

(۴) اس کی ایک قسم ترش بیان کی گئی جس کا ذائقہ کھٹا ہوتا ہے۔

حصول - ہمالہ، پنجاب، یوپی، شمالی امریکہ (ورجینیا) ایران، یورپ، روس، ترکی، پولینڈ، جرمنی

افعال - مفتت حصاۃ گردہ ومثانہ۔مدربول وحیض، ملین صدر، ملین طبع، مقوی معدہ وجگر۔

مواقع استعمال - سنگ گردہ ومثانہ، احتباس بول وحیض، کھانسی، قبض، خشونت حلق، متلی، قے۔

ترکیب استعمال - (۱) گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرنے کیلئے بطور جوشاندہ یا شربت (۲) پیشاب کی سوزش کو دور کرنے اور حیض جاری کرنے کیلئے بطور جوشاندہ (۳) حلق اور سینہ کی خشونت کو دور کرنے کیلئے اس کے تازہ پھل کو کھانا مفید ہے (۴) چہرہ کے رنگ کو نکھارنے کیلئے بطور طلاء (۵) آنکھوں کی خارش کو دور کرنے کیلئے بطور سرمہ

نوٹ - شیریں اور تازہ آلو بالو چونکہ تخمہ اور ضعف معدہ پیدا کرتا ہے اس لئے کھانا کھانے کے بعد کھانا منع ہے۔

مرکبات - شربت آلو بالو۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Nutrional value per 100g (3.5 Oz)	
Energy	= 50kcal
Carbohydrates	= 12.2g
Sugars	= 8.5g
Dietary fiber	= 1.68g
Fat	= 0.3g
Protein	= 1g
VITAMINS	
Vit-A	= 64 mg
Beta-Carotene	= 770mg
Lutein zeaxonthin	=85mg
Thiamin (B1)	= 0.03mg
Riboflavin (B2)	= 0.04mg
Niacin (B3)	= 0.4mg
Pantothenic acid (B5)	= 0.143mg
B6	= 0.044mg
Folate (B9)	= 8mg
Choline	= 6.1mg
Vit-C	= 10mg
Vit-K	= 2.1mg
Minerals	
Calcium	= 16mg
Iron	= 0.32mg
Magnesium	= 9mg
Manganese	= 0.112mg
Phosphorus	= 15mg
POtassium	= 173mg
Sodium	= 3mg
Zinc	= 0.1mg

Chemical Constituents : Vegetable oil, oliec acid, alpha tocopherols, tocotrienols & tocopherol like components (Polyphenols, Flavonoids, vegetable acids pro and anthocyanids.

Bioactivity :- Anti-inflammatory, Anti microbial, Anti oxidant, Astringent, Febrifuge.

Indication :- Cancer (due to presence of hydrogen cyanide in a small quantity) benign prostatic hyper plasia, cough, cold, fever.

Advers effect :- Excess dose can cause respiratory failure, even death.

(۲۱) آلو بخارا - Plum

نباتی نام	-	Prunus Domestica Linn	
خاندان	-	Rosaceae	
عربی	-	اِجّاص	
فارسی	-	آلو بخارا	
ہندی	-	آلوچہ	
ماخذ	-	نباتی	
حصص مستعملہ	-	پھل	
مدت حیات	-	ارسال	
مزاج	-	سرد تر II	
نفع خاص	-	مسکن حدت صفراء	
مضر	-	دماغ واعصاب کو	
مصلح	-	مصطلگی رومی	
بدل	-	تمر ہندی	
مقدار خوراک	-	۵-۹ عدد	

Kingdom	:Plantae.
Division	:Magnoliophyta.
Class	:Magnoliopsida.
Order	:Rosales.
Family	:Rosaceae.
Genus	:Prunus.
Species	:P . domestica.
Binomial name	:Prunus domestica.

خشک آلو بخارا

شناخت - یہ ایک مشہور پھل ہے جو بیر کے برابر، سرخی مائل بہ سیاہی اور ذائقہ میں ترشی چاشنی دار ہوتا ہے۔ تازہ حالت میں پختہ پھل سیاہ شیریں اور چمکدار ہوتا ہے۔لیکن خشک ہونے پر یہ جھری دار سیاہ ہوجاتا ہے۔اس کے اندر بادام کی طرح ایک گٹھلی ہوتی ہے۔

حصول - ہماچل پردیش، کشمیر، بلخ، بخارا، پاکستان، افغانستان۔

افعال وخواص - مسکن صفراء وجوش خون، ملین شکم، دافع قے، دافع عطس، مشتہی۔

مواقع استعمال - قے، متلی، قبض، پیاس کی شدت، قلب کی حرارت اور سوزش وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) صفراوی بخاروں میں پیاس کی شدت کو روکنے کیلئے پانی میں مَل چھان کر پینا مفید ہے۔
(۲) قبض کو دور کرنے اور متلی و قے کو روکنے کیلئے اس کا کھانا مفید ہے۔
(۳) قلب کی حرارت اور سوزش کو کم کرنے کیلئے اس کا شربت پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - اجزاء لحمیہ، شحم، شکر، کیلشیم، فاسفورس، پروٹین، آئرن، وٹامن سی اور روغن کثیف۔

مرکبات - شربت آلو بخارا۔

Nutrition Value Per 100gm (3.5 oz)			
Energy	: 46Calories	Vitamin B_6	: 0.029mg
Carbohydrate	: 11.42 g	Folate (B_9)	: 5 µg
Sugar	: 9.92 g	Vitamin C	: 9.5mg
Dietary fibre	: 1.4 g	Vitamin E	: 0.26mg
Fat	: 0.28 g	Vitamin K	: 6.4 µg
Protein	: 0.7 g	Calcium	: 6mg
Vitamin A	: 17µg	Iron	: 0.17mg
Beta carotene	: 190 µg	Magnesium	: 7mg
Lutein zeaxanthin	: 73 µg	Manganese	: 0.052mg
Thiamine (B_1)	: .028mg	Phosphorus	: 16mg
Riboflavin (B_2)	: 0.026mg	Potassium	: 157 mg
Niacin (B_3)	: 0.417mg	Zinc	: 0.1mg
Pantothenic acid (B_5)	: 0.135mg	Water	: 87g

Bioactivity: Depurant, Diuretic, Detoxifying.

Indication: Elevated cholesterol – Reduce the cholesterol level. Constipation – It is laxative, it soothes and protects intestinal wall. Prevents colon cancer, Chronic disorder, arterioscherosis,excess uric acid, rheumatism and arthrosis, gout & liver disease.

Emblic Myrobalan – آملہ (۲۲)

Kingdom	:Plantae.
Division	:Angiosperms.
Class	:Dicotyledonae.
Order	:Geraniales.
Family	:Euphorbiaceae.
Genus	:Emblica.
Species	:officinalis.
Binomial name	:Emblica officinalis.
Synonyms	: Phyllanthus emblica.

نباتی نام - Emblica Officinalis
خاندان - Euphorbiaceae
عربی - آملج
فارسی - آملہ
ہندی - آنولہ
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھل، برگ اور چھال
مدت حیات - ارسال
مزاج - سرد I خشک II
نفع خاص - مقوی قلب ومعدہ
مضر - قولنج پیدا کرتا ہے۔
مصلح - روغن بادام
بدل - ہلیلہ کابلی
مقدار خوراک - ۶-۱۲ گرام

شناخت - یہ ایک مشہور پھل ہے جو خام حالت میں سبز اور پختہ ہونے پر زرد سبزی مائل ہوتا ہے۔ اس کا ذائقہ میخوش ہوتا ہے۔ اس کے پتے املی کے پتوں کے مانند شاخوں پر ایک دوسرے کے متوازی لگے ہوتے ہیں۔ اس کا خشک شدہ گٹھلی نکالا ہوا پھل آملہ منقی کے نام سے موسوم ہے۔

حصول - بھارت کے جنگلات، بنجر زمینوں اور دریاؤں کے کنارے سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال وخواص - مقوی اعضاء رئیسہ، مقوی قلب، مقوی حواس خمسہ ظاہرہ وباطنہ، مقوی معدہ، مسکن حدت صفراء، مقوی بصارت، رادع مواد، مقوی ومسود شعر۔

مواقع استعمال - خفقان، ضعف قلب ودماغ۔ ضعف معدہ وجگر، تسکین صفراء وخون، امراض چشم وشعر وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) ذہن وحافظ اور اعضاء رئیسہ کو تقویت دینے کیلئے بطور مربہ مستعمل ہے۔
(۲) صفراء وخون کے جوش کو تسکین دینے اور پیاس کو زائل کرنے کیلئے اس کا استعمال مفید ہے۔
(۳) امراض چشم میں اس کا عصارہ تیار کر کے استعمال کرنا مفید ہے۔
(۴) بالوں کو تقویت دینے اور اس کی سیاہی کو برقرار رکھنے کیلئے اس کے جوشاندہ سے بالوں کا دھونا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - وٹامن سی، وٹامن بی ۶، آئرن، ٹے نن، ٹے نک ایسڈ، گیلک ایسڈ، کیلشیم، کاربوہائیڈریٹ۔

مرکبات - جوارش آملہ، روغن آملہ، مربہ آملہ، انوشدارو۔

Chemical Constituents: Ascorbic asid(vit .C), emblicanin A, emblicanin B, Punigluconin, Pedunculagin, Punicafolin, Phyllanemblin A, Phyllanemblinin, Flavonoids, Kaempferol, ellagic acid & gallic acid.
Bioactivity: Anti oxidant, Anti pyretic, Analgesic, Refrigerant & Cytoprotective, Anti ulcer, Immune laxative, Modulatory, Anti inflammatory, Anti tussive, Gastro protective, Anti microbial, Diuretic.
Indication : Liver toxins, High blood cholesterol & age related kidney disorders, Diabetes, Dysentery, Jaundice, Dyspepsia, Anemia, seeds of the fruits are used in asthma & bronchitis, menorrhagia, Leucorrhea, Amla juice is beneficial in treating burning sensation in vagina.

Pomegranate – انار (۲۳)

Kingdom :Plantae.
Sub Kingdom :Tracheobionta (Vascular plant).
Super Division :Spermatophyta(Seeds plant).
Division :Magnoliophyta (Flowering).
Class :Magnoliopsida(Dycotyledons).
Sub Class :Rosidae.
Order :Myrtales.
Family :Punicaceae.
Genus :Punica.
Species : P . granatum.
Binomial name :Punica granatum.

نباتی نام - Punica granatum Linn
خاندان - Punicaceae
عربی - رمان
فارسی - انار
بنگلہ - مٹھو
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - دانہ، پوست، پوست بیخ انار۔
مدت حیات - ارسال
مزاج - سردتر I، پوست=سردخشک I
نفع خاص - مقوی قلب وجگر
مضر - سردمزاج والوں کو
مصلح - ادرک
بدل - زرورد
مقدارخوراک - ۲۰-۵۰ گرام

پوست انار

دانہ

شناخت - یہ ایک مشہور پھل ہے جو نہایت لذیذ اور شیریں ہوتا ہے۔مزہ کے اعتبار سے اس کی تین قسمیں ہیں :- (i) انار شیریں (ii) انار میخوش (iii) انار ترش۔

حصول - ہندوستان، افغانستان، قندھار۔

افعال وخواص - پھل = مقوی قلب وجگر، ملین حلق وسینہ، مسکن حرارت۔
پوست انار = مجفف، قابض، حابس، محلل اورام
پوست بیخ انار = قاتل کرم شکم، دردحلق۔

مواقع استعمال - امراض قلب وجگر، خفقان، اسہال مزمن، سیلان الرحم، کثرت طمث، خونی بواسیر، حب القرع۔

ترکیب استعمال - (۱) گرم مزاج والوں میں لطیف خون پیدا کرنے کیلئے بطور میوہ مستعمل ہے۔
(۲) حلق کی خشونت کو دور کرنے، یرقان اور خفقان کو زائل کرنے کیلئے بطور شربت مستعمل ہے۔
(۳) اسہال مزمن، زحیر مزمن، سیلان الرحم، کثرت طمث اور خونی بواسیر میں پوست انار کے جوشاندہ سے آبزن کرانا اور اس کے سفوف کو کھلانا مفید ہے۔
(۴) قلاع الفم میں پوست انار کے جوشاندہ سے مضمضہ اور خروج المقعد میں اس کے سفوف کو ذروراً استعمال کرنا مفید ہے۔
(۵) حب القرع کو ہلاک کرنے کیلئے اس کی جڑ کی چھال کا جوشاندہ پلانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - اجزاء لحمیہ، شکر، کیلشیم، فاسفورس، آئرن، پیوٹی سین، رمانین۔

مرکبات - جوارش انارین، شربت انار، جوارش پودینہ، جوارش تمر ہندی، معجون صندل۔

Nutrition Value :Per 100gm (3.5 oz)

Energy	: 346Kj (83Kcal)
Carbohydrate	: 18.7 g
Sugars	: 13.67 g
Dietary fibre	: 4 g
Fat	: 1.17 g
Protein	: 1.67 g

Vitamins

Thiamine (B_1)	:0.067mg
Riboflavin (B_2)	:0.053mg
Niacin (B_3)	:0.293mg
Pantothenic acid (B5)	:0.377mg
Vitamin B_6	:0.075mg
Folate (B_9)	:38µg
Choline	:7.6mg
Vitamin C	:10.2mg
Vitamin E	:0.6mg
Vitamin K	:16.4mg

Minerals

Calcium	:10mg
Iron	:0.3mg
Magnesium	:12mg
Manganese	:0.119mg
Phosphorus	:36mg
Potassium	:236mg
Sodium	:3mg
Zinc	:0.35mg

(USDA)

Chemical Constituents: Oleanotic acid, Ursolic asid, Palmitic acid, Tricin , Catechin, Rutin, Apigenin, Apigenin-7-0-glucoside, 2S, 3S, 4S-Trihydroxy pentanoic acid, gallic acid, beta-stitosterol, daucosterol.

Bioactivity: Anti oxidant, Anti cancer, Anti inflammatory, Anti becterial

Indication: Cancer, Osteoarthritis, Sore throats, Cough, Urinary infection, digestive disorder, Skin disorders, Arthritis, To expel tapeworms, Prostate cancer, Skin cancer, Diabetes, Heart diseases, Heart attack & Heart stroke, Jaundice, Diarrhoea.

Bistort - اَنُجِبَار (۲۴)

Kingdom	:Plantae.
Division	:Magnoliophyta.
Class	:Magnoliopsida.
Order	:Caryophyllales.
Family	:Polygonaceae.
Genus	:Polygonum/Persicaria.
Species	:P . bistorta.
Binomial name	: Polygonum bistorta.
Synonyms	: Persicaria bistorta, Bistorta officinalis,

نباتی نام	-	Polygonum bestorta L.
خاندان	-	Polygonaceae
عربی	-	انجبار
فارسی	-	انگ بار
ہندی	-	من بوٹی
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	جڑ
مدت حیات	-	۱۰رسال
مزاج	-	سردخشک II
نفع خاص	-	حابس الدم
مضر	-	بارد المزاج کو
مصلح	-	زنجبیل
بدل	-	حب الآس
مقدارخوراک	-	۳-۵گرام

شناخت - یہ ایک قسم کے پودے کی جڑ ہے جو کھردری اور سرخی مائل بہ سیاہی ہوتی ہے۔اس کا پودا ایک میٹر تک بلند ہوتا ہے جس کی شاخیں باریک سرخی مائل ہوتی ہیں۔اس کا پھول بھی سرخ ہوتا ہے۔

حصول - بغداد، شام، طبرستان، کشمیر سے سکم تک اور آسام کی پہاڑیوں سے حاصل ہوتا ہے۔طبرستان کے انجبار بہتر فوائد کے حامل ہوتے ہیں۔

افعال وخواص - حابس،قابض،مقوی معدہ وامعاء،مسکن صفراء وجوشِ خون،دافع زحیر واسہال۔

مواقع استعمال - جریان خون،زحیر،اسہال،قے،متلی وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ترکیب استعمال - (۱) تمام اعضاء کے جریان خون کو بند کرنے کیلئے بطور سفوف اس کا استعمال مفید ہے۔
(۲) عضلات کے کچل جانے یا ان کے ٹوٹ پھوٹ وغیرہ میں بطور ضماد مستعمل ہے۔
(۳) صفراوی قے اور متلی کو روکنے کیلئے بطور شربت اس کا استعمال مفید ہے۔

جدید تحقیقات - ٹے نک ایسڈ، گیلک ایسڈ، آگزلک ایسڈ، کیلشیم آکسائیڈ، البومن، آئرن، کاپر، میگنیشیم،زنک،لیڈ،مینگنیز، روغن فراری۔

مرکبات - شربت انجبار،سفوف استحاضہ،معجون تیواج۔

Chemical Constituents: Gallic acid, Succinic acid, Quercetin-5-0-β-D glucopyranoside, 3,4-dihydroxy benzoic acid.
Bioactivity: Anti cancer, Anti becterial, Anti viral, Anti mutative, Anti oxidant.
Indication : Dysentery, Diarrhoea, Acute gastro enteritis, Hematemesis, Epitasis, Leucorrhoea, Cholera, Scrofula, Oral ulcer, Haemorrhoidal bleeding, Acute respiratory infection & cough.

(۲۵) اَنجیر - Fig

Kingdom	: Plantae.	Ficus carica L. -	نباتی نام
Division	: Angiosperms	Urticaceae -	خاندان
Class	: Edicots	تین -	عربی
Sub Class	: Rosids	انجیر -	فارسی
Order	: Rosales	آنجیر -	بنگلہ
Family	: Moraceae	پھگواڑہ -	پنجابی
Genus	: Ficus	نباتی -	ماخذ
Species	: F. Carica	پھل، پتے اور دودھ -	حصص مستعملہ
Binomial name	: Ficus carica		

تازہ انجیر — خشک انجیر

مدت حیات - ۲ رسال

مزاج = گرم I تر II

نفع خاص - ملین شکم

مضر - محرورین کیلئے

مصلح - فلفل سیاہ

بدل - مویز منقیٰ

مقدار خوراک - ۲-۳ عدد

شناخت - یہ ایک پودے کا پھل ہے جو گولر کی طرح خوشوں میں لگتا ہے۔خام حالت میں سبز اور پختہ ہونے پر جامنی رنگ کا ہو جاتا ہے۔جس کے اندر باریک تخم بھرے ہوتے ہیں۔اس کا ذائقہ شیریں اور لذیذ ہوتا ہے۔یہ کچی حالت میں سخت لیکن پکنے پر نرم ہو جاتا ہے۔

حصول - افغانستان، ایران، بلوچستان، افریقہ، چین، جاپان، عرب۔

افعال وخواص - ملین شکم، مقوی، محلل، منضج، مفتح، مدربول، منفث بلغم، مسخن، جالی۔

مواقع استعمال - دمہ، کھانسی، ورم طحال، خناق، جدری، برص، کلف، نسیان، قبض۔

ترکیب استعمال - (۱) حلق کی خشونت اور قبض کو دور کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(۲) ورم طحال میں سکنجبین کے ہمراہ اس کا استعمال مفید ہے۔
(۳) خناق میں اس کے جوشاندہ سے غرغرا کرنا مفید ہے۔
(۴) امراض جلدیہ میں بطور ضماد مستعمل ہے۔
(۵) مقوی بدن اور تقویت دماغ کیلئے دیگر مغزیات کے ہمراہ اس کا کھانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - شکر انگوری، گوند، البومن، کیلشیم، فاسفورس، وٹامن اے، بی، سی اور ڈی۔

مرکبات - ضماد برص، معجون قرطم، شربت زوفہ مرکب، شربت انجیر۔

Nutrional value per 100gm			vit E	:	0.11 mg
Energy	:	74 Kcal	vit K	:	4.7 μg
Carbohydrates	:	19.18g	**Electrolyts**		
Protien	:	0.75g	sodium	:	1mg
Total fat	:	0.30g	potassium	:	232mg
dietary fiber	:	2.9g	minerals	:	
Vitamins			calcium	:	35mg
Folates	:	6mg	copper	:	0.070mg
Niacin	:	0.400 mg	iron	:	0.374mg
Pantothenic acid	:	0.3mg	magnesium	:	17mg
Pyridoxine	:	0.11mg	magnaese	:	0.128mg
riboflavin	:	0.050mg	selenium	:	0.2 mg
thiamin	:	0.060mg	zinc	:	0.15mg
vit A	:	142 IU	phyto-nutrients	:	
vit C	:	2mg	carogene	:	85μg

Indication : Wound inflamation, constipation, piles liver related problems Blood disorder, cough, asthma, chest pain, calculi, kidney inflamation, decreased sperm count pimples, fever, general body disability.

(۲۶) اِندر جو شیریں - Dyer's Oleander

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Gentianales.
Family	:Apocynaceae.
Genus	:Wrightia.
Species	:W . tinctoria.
Binomial name	:Wrightia tinctoria.

نباتی نام - Wrightia tinctoria
خاندان - Apocynaceae
عربی - لسان العصافیر
فارسی - زبان گنجشک
بنگلہ - اندرجو
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - تخم، چھال۔
مدت حیات - ارسال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مقوی باہ/مفتت حصاۃ
مضر - معدہ کو
مصلح - گرم مصالحہ/نمک
بدل - بہمن/تودری
مقدارخوراک - ۲-۳ گرام

شناخت - یہ تیواج نامی درخت کے تخم ہیں جو پھلیوں سے نکلتے ہیں۔ان تخموں کی شکل جو کی مانند ہوتی ہے۔ خام حالت میں یہ سبز اور خشک ہونے پر مٹیالے رنگ کے ہوجاتے ہیں۔

اقسام - (ا) اندرجو تلخ (۲) اندرجو شیریں۔ اندرجو شیریں کا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے۔

حصول - جموں، آسام، یوپی، دہلی، جنوبی بھارت کے جنگلات، لاہور۔

افعال وخواص - مفتت حصاۃ(Lithotriptic)، کاسر ریاح، معین حمل، مقوی باہ، مولد منی، مدر بول۔

مواقع استعمال - حصاۃ الکلیہ ومثانہ، احتباس بول، تقطیر البول، ریح البواسیر، خونی بواسیر، سنگرہنی۔

ترکیب استعمال - (ا) پتھری کو توڑنے اور پیشاب کو جاری کرنے کیلئے دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور سفوف مفید ہے۔
(۲) ریح البواسیر اور خونی بواسیر میں سونٹھ کے ہمراہ اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(۳) سنگرہنی میں دہی کے ہمراہ کھانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - Kurchicine، Kurchine، Holarrhenine، سبزی مائل زرد رنگ کا تیل۔

مرکبات - معجون تیواج، جوارش زرعونی بہ نسخہ کلاں، معجون ثعلب، معجون چوب چینی۔

Chemical Constituents: Cycloartenone, Cycloeucalenol, β-amyrin, β-sitosterol, Lupeol, Stigmasterol, Campetosterol, Indigotin, Indirubin, Tryptanthrin, Isatin, Anthranillate & rutin, Triacontanol Wrightial, Alpha-amyrin, 14α-methylzymosterol.
Bioactivity: Anti dysenteric, Astringent, Anthelmintics, Aphrodisiacs, Anti microbial, Anti diarrhoeal, Anti pyretic, Anti haemorrhagic, Anti-psoriatic, Anti oxidant, Anti diabetic, Anti ulcer, Anti inflammatory.
Indication : Diarrhoea, Piles, Ringworm, Skin diseases, Flatulence (root bark extract is used as an antidote for snakebite), Kidney stone.
Side effects: Increased risk of endometrial hyperplasia & carcinoma, Breast cancer, Thromboembolic diseases.

Aniseed - انیسون (۲۷)

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Apiales.
Family	:Apiaceae.
Genus	:Pimpinella.
Species	:P . anisum.
Binomial name	:Pimpinella anisum.

نباتی نام - Pimpinella anisum L.

خاندان - Umbelliferae

عربی - رازیانج رومی/کمون الحلو

فارسی - بادیان رومی

یونانی - انیس/اوماریقا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تخم

مدت حیات - ۲رسال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - امراض معدہ وجگر

مضر - مصدع

مصلح - سکنجبین

بدل - بادیان

مقدار خوراک - ۳-۵گرام

شناخت - یہ ایک قسم کے نبات کے تخم ہیں جو سونف کے دانے سے چھوٹے اور شلث نما ہوتے ہیں۔ یہ ایک لمبی غلاف میں بند ہوتے ہیں۔ اِن کا ذائقہ شیریں ہوتا ہے۔ ان کا پودا سونف کے مانند ہوتا ہے۔ جن کے پتوں سے ایک طرح کی خوشبو آتی ہے۔

حصول - ہندوستان، افریقہ، مصر اور جنوبی یورپ، (افریقہ کے انیسون طبی افادیت میں بہتر ہیں)۔

افعال وخواص - کاسر ریاح، مفتح، مدر بول وحیض، مدر شیر، مسکن اوجاع، منفث بلغم، جالی، مسخن۔

مواقع استعمال - درد شکم، درد گردہ ریحی، دمہ، کھانسی، سدہ جگر وطحال ورحم ومثانہ اور بندش حیض وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) ریحی دردوں، جگر، طحال، رحم اور مثانہ کے سدوں کو کھولنے کیلئے بطور جوشاندہ مستعمل ہے۔
(۲) احتباس حیض اور دودھ کی کمی کو دور کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(۳) دمہ اور کھانسی میں بلغم کو خارج کرنے اور معدہ ورحم کو اخلاط غلیظہ سے پاک کرنے کیلئے اصل السوس کے ہمراہ اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری Oleum anisi، Anesic aldehyde، Anethol، متھائل کیوی کول۔

مرکبات - دواء الکرکم کبیر، جوارش جلالی، جوارش قرطم، جوارش عود شیریں، نمک سلیمانی اور جوارش خولنجان۔

Chemical Constituents: Moisture = 9-13%, Protein = 18%, Fatty oil = 8.23%, Essential oil = 2-7%, Starch = 5%, Crude fibre = 12 – 25%.

Chemical Constituents of essential oil of aniseed: Anethole, 4-anisaldehyde, estragole, pseudoisoeugenyl-2-methylbutyrates, reducing flatulence, galactagogue, antiseptic, aromatic, disinfectant.

Bioactivity: Anticonvulsant, Antimicrobial, Antioxidant, Relaxant, Analgesic, Carminative.

Indication: Diarrhoea, Leucorrhoea, menstrual cramps colic, dry cough, Dysmenorrhoea, constipation, asthma, Bronchitis, common cold.

Psoralia Seed – بابچی (۲۸)

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Fabales.
Family	:Fabaceae.
Genus	:Psoralea.
Species	:P . Corylifolia.
Binomial name	:Psoralea Corylifolia.

نباتی نام – Psoralia CorylifoliaL.

خاندان – Leguminosae

بنگلہ – بُلچی

گجراتی – بواچی

ماخذ – نباتی

حصص مستعملہ – تخم

مدت حیات – ۳ رسال

مزاج – گرم خشک II

نفع خاص – مصفی خون

مضر – نفاخ ہے۔

مصلح – دہی/روغنیات

بدل – تخم پنواڑ

مقدار خوراک – ۱-۳ گرام

تخم بابچی

شناخت – یہ ایک پودا کے تخم ہیں جو دانۂ مسور کے مانند، اس سے کچھ بڑے، سیاہ رنگ کے گول لبوترے اور چپٹے ہوتے ہیں۔اس کے اندر سے سفید رنگ کا مغز نکلتا ہے۔اس کا ذائقہ تلخ و تیز ہوتا ہے۔

حصول – بنگال، بہار، آسام، یوپی، سری لنکا، امریکہ۔

افعال وخواص – مصفی خون، ملین، قاتل کرم شکم، کاسر ریاح، مقوی معدہ، دافع برص و بہق۔

مواقع استعمال – برص، بہق، جذام، کلف، داد، خارش، قبض، بواسیر اور سقوط اشتہا جیسے عوارضات میں مستعمل ہے

ترکیب استعمال – (۱) برص و بہق میں اس کے سفوف کے زلال کو پلانا اور پھوک کو مقام برص پر لگانا مفید ہے۔

(۲) داد، کلف، خارش اور دیگر جلدی امراض میں اس کے روغن کو مقام ماؤف پر لگانا مفید ہے۔

(۳) اس کے مدبر تخموں کو دودھ میں پکا کر پینا ضیق النفس اور امساک کیلئے مفید ہے۔

(۴) قبض، بواسیر اور سقوط اشتہا میں اس کے سفوف کو استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – Psoralen، Sopsoralen، روغن فراری، روغن کثیف، ایلبومن، مینگنیز، رالدار مادہ۔

مرکبات – سفوف برص، ضماد برص، روغن بابچی۔

نوٹ : یہ ہندوستانی پودا ہے اس لئے عربوں کی کتاب میں اس کا تذکرہ نہیں ملتا۔

Chemical Constituents: Flavonoids, Coumarins (Psoralidin, Psoralen, Isopsoralen and angelicin) and Meroterpenes (bakuchiol & 3-hydroxy bakuchiol).

Bioactivity: Chemoprotective, antimicrobial, anti inflammatory, anti bacterial, aphrodisiae, astringent, Stimulant diuretic, cytotoxic, anti cancerous, anti depressant, anti-hyperglycaemic.

Indication: Leucoderma, Skin rash, infections, Boost immune system & Process of detoxification of blood.

To cure poisoning by scorpion and snake bites, dyspnoea, asthma, bronchitis indigestion & worm infestation, Tooth & bone decalcification.

Caution: Excess use of oil may cause skin discoloration.

Wild Chamomile – بابونہ (۲۹)

نباتی نام - Matricaria Chamomilla L.

خاندان - Compositae

عربی - بابونج

فارسی - بابونہ

ہندی - مرہی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پھول، جڑ، پتے

مدت حیات - پھول ۶ ماہ، جڑ ۴ سال

مزاج - گرم II، خشک I

نفع خاص - محلل اورام

مضر - امراض حلق میں

مصلح - شہد خالص

بدل - برنجاسف

مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Asterales.
Family	:Asteraceae.
Genus	:Matricaria.
Species	:M . Chamomilla.
Binomial name	:Matricaria Chamomilla.

گل بابونہ

شناخت - یہ ایک قسم کی بوٹی ہے جس کے پتے چھوٹے چھوٹے روئیں دار ہوتے ہیں۔اس کے پھول سفید اور زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔اس کی بو تیز اور خوشگوار ہوتی ہے۔اس بوٹی کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔

اقسام - (i) بابونہ گاؤ چشم (ii) بابونہ بدلو (iii) بابونہ ہسپانی (iv) بابونہ رومی (بابونہ رومی بہتر ہے)

وجہ تسمیہ - بابونہ نامی ایک مقام جو عراق میں ہے۔سب سے پہلے یہ پودا وہیں دیکھا گیا۔اسی مناسبت سے اس کا نام بابونہ پڑا۔

حصول - عراق، ہندوستان اور پاکستان کے شمالی پہاڑی علاقوں سے دستیاب ہے۔

افعال وخواص - مقوی معدہ، کاسر ریاح، محلل، مقوی دماغ واعصاب، مدر بول وحیض۔

مواقع استعمال - امراض دماغیہ وعصبانیہ، ضعف معدہ، وجع المعدہ، یرقان، احتباس بول وحیض، اورام وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) ورموں اور صلابتوں کو تحلیل کرنے کیلئے مقام ماؤوف پر بطور ضماد مفید ہے۔
(۲) موچ کھائے ہوئے عضو پر اس کے روغن سے مالش یا جوشاندہ سے تکمید کرنا مفید ہے۔
(۳) امراض دماغیہ وعصبانیہ ومعدہ میں اس کا جوشاندہ یا جوارش استعمال کرنا مفید ہے۔
(۴) بول اور حیض کو جاری کرنے اور جنین ومشیمہ کو خارج کرنے کیلئے اس کے جوشاندہ سے آبزن کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، سیلی سلک ایسڈ، این تھیمن، ٹے نن، رالدار مادہ، نشاستہ، شکر، ایرونن۔

مرکبات - جوارش بابونہ، روغن بابونہ، معجون فلاسفہ، ضماد محلل۔

Chemical Constituents: Terpene bisabolol, Farne sene, Chamazulene, flavonoids (apigenin, quercetin, patuletin, luteolin) and Coumarin.

Bioactivity: Anti-inflammatory, Bactricidal, Antispasmodic, Anxiolytic, Anti mutagenic, Cholesterol – lowering, Anti diarrheal.

Indication: Irritable bowel syndrome, Sore stomach, Skin diseases (Eczema), mucous membrane inflammation, Respiratory tract inflammation or irritation.

Contra Indication: It is contra indited in persons with hyper sensitivity to ragweed pollens.

Pregnancy / Lactation: Avoid use during pregnancy, No clinical data are available on use during lactation.

(۳۰) باد آورد - Spina Alba

Kingdom	:Plantae.
Division	:Magnoliophyta.
Class	:Magnoliopsida.
Order	:Apiales.
Family	:Apiaceae.
Genus	:Eryngium.
Species	:E . Spina alba.
Binomial name	:Eryngium Spina alba.

نباتی نام - Conicus Acarna
خاندان - Compositae
عربی - شوکۃ البیضہ
فارسی - بادآورد
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - مسلم پودا
مدت حیات - ۲رسال
مزاج - سردخشک I
نفع خاص - دافع حمیات بلغمیہ
مضر - پھیپھڑوں کیلئے
مصلح - افسنتین
بدل - شاہترہ/چرائتہ
مقدارخوراک - ۵-۷گرام

پھل

شناخت - یہ ایک خاردار بوٹی ہے۔اس کے پھل خوشوں میں لگتے ہیں۔جس کے اندر روئی اور تخم بھرے ہوتے ہیں۔جب پھل پک کرخود بخود پھٹ جاتا ہے تو روئی اڑ جاتی ہے اور تخم باقی رہ جاتے ہیں

حصول - دکن،میسور،بنگلور،مدراس اور ہمالہ کے دامن میں عموماً پایا جاتا ہے۔

افعال وخواص - مسہل بلغم وسوداء،مقوی معدہ،دافع سدد،مدر بول وحیض،مفتت حصاۃ،محلل اورام،قابض و حابس،کاسر ریاح،مسکن درد۔

مواقع استعمال - اورام بلغمیہ،تشنجی کھانسی،کزاز،وجع المفاصل،اسہال کہنہ،احتباس بول وحیض،دردجگر ومعدہ

ترکیب استعمال -
(۱) اورام بلغمیہ کوتحلیل کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(۲) تشنجی کھانسی اور مرض کزاز کو دور کرنے کیلئے اس کے تخموں کو استعمال کرنا مفید ہے۔
(۳) وجع المفاصل اور ریاحی دردوں میں اسے روغن کنجد میں جلا کر مالش کرنا مفید ہے۔
(۴) بال خورہ کے مقام پر اس کو پیس کر ضماد کرنا مفید ہے۔
(۵) بول اور حیض کو جاری کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ یا خیشاندہ پینا مفید ہے۔
(۶) سانپ اور بچھو کے ڈسے ہوئے مقام پر اس کا لیپ لگانے سے زہر دور ہو جاتا ہے۔
(۷) اسہال کہنہ اور دردجگر ومعدہ میں اس کے پتوں کا رس پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - نمکیات،روغن فراری،رال،ایک طرح کا سبزرنگ۔

مرکبات - مطبوخ غافث

Chemical Constituents: Quercetin, Isorhamnetin-α-3-0 rhamnoside, quercetin 3-0-β-D-glucopyranosyl-(1" - 6")-β-D glucopyranoside and quercetin 3-0-β-D galactopyranosyl-(6" - 1")-α-L.2" acetylrhamnose - (3"-1")β-D-glucopyranoside.

Bioactivity: Antiseptic, Diuretic, Antipyretic, Astringent, Antispasmodic, Antimicrobial, Antiviral, Antioxidant, Anti-inflammatory.

Indication: Fever, Blood purification, Asthma, Cough, Liver disorder, Stomach ailments.

(۳۱) بادام - Almond

نباتی نام	-	Prunus amygdalus
خاندان	-	Rosaceae
عربی	-	لوز الحلو
فارسی	-	بادام شیریں
بنگلہ	-	کاٹھ بادام
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	مغز بادام
مدت حیات	-	ایک سال
مزاج	-	گرم تر I
نفع خاص	-	مقوی دماغ
مضر	-	دیر ہضم ہے۔
مصلح	-	نبات سفید
بدل	-	مغز آخروٹ
مقدار خوراک	-	۵-۱۱ عدد

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Rosales.
Family	:Rosaceae.
Genus	:Prunus.
Species	:P . dulcis.
Binomial name	:Prunus dulcis.

شناخت - یہ ایک مشہور میوہ ہے، جو ایک انچ تک لمبا، قدرے چپٹا، ایک سرا گول اور دوسرا سرا نوکدار ہوتا ہے۔ اس کا چھلکا بھورا اور جھری دار ہوتا ہے۔ اس کے پوست کو جدا کرنے سے اندر سے گری نکلتی ہے۔

حصول - افغانستان، ایران، شام، فرانس، ترکی، کشمیر، پنجاب، (کابل کا بادام عمدہ ہوتا ہے)

افعال وخواص - مرطب ومقوی دماغ، جالی، ملین شکم، مقوی باہ، ملین صدر، مسمن بدن مخن۔

مواقع استعمال - خشک کھانسی، ضعف بصر، ضعف بدن، ضعف باہ، قبض، حرقت البول وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) حرارت غریزی میں اضافہ کرنے اور صالح خون پیدا کرنے کیلئے بطور غذا مستعمل ہے۔

(۲) قوت باہ، قوت بصر اور قوت حافظہ کے اضافہ کیلئے بطور حلوہ مفید ہے۔

(۳) خشک کھانسی کو دور کرنے کیلئے دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور لعوق مفید ہے۔

(۴) پیشاب کی جلن کو دور کرنے کیلئے دیگر ٹھنڈی ادویہ کے ہمراہ شربت بنا کر پینا مفید ہے۔

(۵) دائمی قبض کو دور کرنے کیلئے اس کے روغن کو نیم گرم دودھ کے ہمراہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - فکسڈ آئل، شکر، گوند، پروٹین، معدنی نمکیات، وٹامن اے، بی، سی، پوٹاشیم، میگنیشیم، کیلشیم۔

مرکبات - لعوق بادام، حلوائے ثعلب، لعوق سپستان، حب سرفہ، حب لعاب بہیدانہ۔

Nutritional Value Per 100gm (3.5 oz)	
Energy	: 2.408 Kj (576 K.Cal)
Carbohydrate	:21.69 g
Starch	:0.74 g
Sugars	:3.89 g
Dietary fibre	:12.2 g
Fat	:49.42 g
Protein	:21.22 g
Vitamin A	:1 IU
Thiamine (B_1)	:0.211mg
Riboflavin (B_2)	:1.014mg
Niacin (B_3)	:3.385mg
Pantothenic acid (B_5)	:0.469mg
Pyridoxine (B_6)	:0.143mg
Folate (B_9)	:50µ
Choline	:52.1mg
Vitamin E	:26.2mg
Minerals	
Calcium	:264mg
Iron	:3.72mg
Magnesium	:268mg
Manganese	:2.285mg
Phosphorus	:484mg
Potassium	:705mg
Sodium	:1mg
Zinc	:3.08mg
Water	:4.78

Bioactivity: Antioxidant, Anti inflammatory, Anti diabetic.
Indication: Anemia, Constipation, Impotency, Skin disorder, Respiratory disease (hoarseness, Whooping cough, bronchitis , asthma).
Health benefits: Reduce heart attack risk, lower bad cholesterol, Protects artery walls from damage, Help build strong bones & teeth, lower the rise in blood sugar & insulin after meal, Regulation of blood pressure, Boosts energy, Prevention of cancer.
Pregnancy/Lactation: Good for pregnancy & lactation.

(۳۲) بادرنجبویہ - Lemon Balm

نباتی نام	-	Melissa officinalisL.
خاندان	-	Labiatae
عربی	-	حشیشۃالنمل
فارسی	-	بادرنجبویہ
ہندی	-	بلی لوٹن
حصص مستعملہ	-	مسلم بوٹی
مدت حیات	-	۲رسال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	مفرح ومقوی قلب
مضر	-	امراض پہلو
مصلح	-	گوندببول/کندر
بدل	-	آبریشم
مقدارخوراک	-	۵-۷گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Lamiales.
Family	:Lamiaceae.
Genus	:Melissa.
Species	:M . officinalis.
Binomial name	:Melissa officinalis.

شناخت - یہ گھاس کی طرح ایک قسم کی بوٹی ہے۔جس کے پتے ریحان کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس کی خوشبوترنج کی مانند ہوتی ہے۔

وجہ تسمیہ - بادرنجبویہ کی خوشبو چونکہ ترنج کی طرح ہوتی ہے اور بادرنج کے معنی ترنج کے ہوتے ہیں اسی لئے اس کو بادرنجبویہ کہتے ہیں۔عربی زبان میں اس کا ایک دوسرا نام مفرح القلب بھی ہے۔

بلی لوٹن - چونکہ اس کی خوشبو اور سیاہی رنگت پر بلی عاشق ہے اور جب اس کو دیکھ لیتی ہے تو خوشی سے اس پر لوٹنے اور عجیب وغریب حرکات کرنے لگتی ہے۔اسلئے اسی مناسبت سے اس کو بلی لوٹن کہتے ہیں۔

حصول - پنجاب،بنگال،مدراس،افغانستان،ایران اور شمالی ہند کے پہاڑی علاقوں سے دستیاب ہے۔

افعال وخواص - مفرح ومقوی قلب،منضج سودا،مصفی خون،محلل اورام،مسخن،مطیب دہن،مسکن ورد،دافع حمی۔

مواقع استعمال - صرع،فالج،لقوہ،امراض معدہ وجگر،خفقان،بےخوابی،وجع المفاصل،بخار میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض سوداویہ وبلغمیہ میں دیگرادویہ کے ہمراہ بطور جوشاندہ استعمال کرتے ہیں۔
(۲) خنازیری گلٹیوں اور پستان کے اورام کوتحلیل کرنے کیلئے بطورضماد مستعمل ہے۔
(۳) منہ کی بدبوکوزائل کرنے اور خوشبودار بنانے کیلئے منہ میں رکھ کر چبانا مفید ہے۔
(۴) سگ گزیدہ وعقرب گزیدہ میں اس کالیپ لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - کاربن،ٹے نن،روغن فراری۔

مرکبات - خمیرہ آبریشم سادہ،خمیرہ آبریشم عود مصطگی والا،دواءالمسک معتدل جواہر والی،خمیرہ مروارید۔

Chemical Constituents: Geraniol, Citral citronellal & euginol acetate, Tannins, alpha-humulene, Caffeic acid, Caryophyllene, Geranial, Geraniolneral.

Bioactivity: Antiviral, Anti bacterial, Anxiolytic, Sedative.

Indication: Flatulence, Genital herpes, Insomnia, Anxiety, Fever.

Side effects: Hyper sensitivity reaction, Sedation skin irritation.

Pregnancy/Lactation: Avoid / Not use.

(۳۳) بادیان (سونف) – Fennel

نباتی نام	-	Foeniculum vulgare Mill
خاندان	-	Umbelliferae
عربی	-	رازیانج
فارسی	-	بادیان
ہندی	-	سونف
بنگلہ	-	موری
حصص مستعملہ	-	تخم، جڑ
مدت حیات	-	چھ سال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	کاسر ریاح
مضر	-	محرورین کیلئے
مصلح	-	کشنیز خشک
بدل	-	تخم کرفس
مقدار خوراک	-	۵-۷ گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Asterids.
Order	: Apiales.
Family	: Apiaceae.
Genus	: Foeniculum.
Species	: F. vulgare.
Binomial name	: Foeniculum vulgare.

شناخت - یہ ایک مشہور نبات کے تخم ہیں۔ جن کا ذائقہ شیریں اور خوشبودار ہوتا ہے ان کی رنگت سبز زردی مائل ہوتی ہے۔ ان کا پودا اجوائن کی طرح ہوتا ہے جس کے پتوں سے خوشبو آتی ہے۔

حصول - پنجاب، یوپی، مدھیہ پردیش اور پاکستان میں اس کی کاشت ہوتی ہے۔

افعال وخواص - منضج بلغم وسوداء، مفتح، کاسر ریاح، مقوی معدہ، مدر بول وحیض، مولد شیریں، مقوی بصر۔

مواقع استعمال - ضعف معدہ، درد شکم ریحی، احتباس بول وحیض، ضعف بصر، نفخ شکم میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض بلغمیہ وسوداویہ کے مواد کو نضج دینے کیلئے منضج کے نسخہ میں شامل کیا جاتا ہے۔

(۲) گردہ، جگر اور طحال کے سدوں کو کھولنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

(۳) امراض معدہ وجگر اور احتباس بول وحیض میں اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔

(۴) ادرار شیر کیلئے اس کے سفوف کو گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔

(۵) اس کے سبز تخموں کو پانی اور سرمہ کے ساتھ کھرل کر کے آنکھوں میں لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، روغن کثیف، کاربوہائیڈریٹ، اینی تھال۔

مرکبات - عرق بادیان، سفوف ہاضم، جوارش کمونی، جوارش رازیانہ۔

Nutritional value per 100g

Energy	:	345 Kcal
Carbohydrates	:	52g
Dietary fibre	:	40g
Fat	:	14.9g
Protein	:	15.8g

Vitamins

Thiamine (B_1)	:	0.41mg
Riboflavin (B_2)	:	0.35mg
Niacin (B_3)	:	6.1mg
Vitamin B_6	:	0.47mg
Vitamin C	:	21mg

Minerals

Calcium	: 1196mg
Iron	: 18.5mg
Magnesium	: 385mg
Manganese	: 6.5mg
Phosphorus	: 487mg
Potassium	: 1694 mg
Sodium	: 88 mg
Zinc	: 4mg

Bioactivity : Antifungal, Antioxidant, Antibacterial, Analgesic, Antispasmodic, Anticancer, Anticoagulant, Hepatoprotective,
Indication : Gastric disturbances, Respiratory disorder, Glaucoma, Hypertension, Diabetes, CNS disorder, Obesity, Skin Infections.

(۳۴) بار تنگ - Plantain Tree

نباتی نام - Plantago lanceolata linn
خاندان - Plantaginaceae
عربی - لسان الحمل
فارسی - بارتنگ
ہندی - بال تنگا
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - تخم اور پتے
مدت حیات - دوسال
مزاج - سردخشک II
نفع خاص - حابس الدم
مضر - پھیپھڑے کو
مصلح - شہد خالص
بدل - تخم کا بدل برگ
مقدار خوراک - ۵-۷ گرام

Kingdom :Plantae.
Sub division :Angiosperms.
Class :Eudicots.
Sub class :Asterids.
Order :Lamiales.
Family :Plantaginaceae.
Genus :Plantago.
Species :P . Lanceolata.
Binomial name :Plantago Lanceolata.

شناخت - یہ ایک قسم کی مفروش بوٹی ہے جس کے تخم چھوٹے چھوٹے بنفشی رنگ کے ہوتے ہیں۔ان کے پتوں میں لعابیت پائی جاتی ہے۔

وجہ تسمیہ - چونکہ اسکے پتے بھیڑ کی زبان سے مشابہ ہوتے ہیں اسلئے اس کو عربی میں لسان الحمل کہتے ہیں۔

حصول - پاکستان، پنجاب، کشمیر، نیپال، بھوٹان اور بھارت کے شمالی پہاڑی علاقوں سے دستیاب ہے۔

افعال - حابس الدم، قابض، مسکن الم، محلل اورام، مقوی معدہ وجگر۔

مواقع استعمال - اسہال، زحیر، رُعاف، بواسیر، کثرت طمث، درد حلق، درد دندان اور سل دق وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) رُعاف، بواسیر، کثرت، طمث اور مرض سل دق میں سیلان خون کو بند کرنے کیلئے اس کے سبز پتوں کا آب مروّق پلانا مفید ہے۔
(ii) درد گلو اور درد دندان میں اس کے پتوں کے جوشاندہ سے غرغرہ کرنا مفید ہے۔
(iii) کان کے درد کو دور کرنے کیلئے اسکے پتوں کے نیم گرم پانی سے قطور کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - کلوروفیل، البومن، رال، شکر، لعابی مادہ، موم، پیک ٹن، fats، aucubin

مرکبات - سفوف طین۔

Chemical Constituents: Fatty acid, oxidated mono terpenes (linalool), aldehydes & ketone (pentyl vinyl ketone), Alcohols apocarotenoids.

Bioactivity: Anti inflammatory, Analgesic, Antioxidant, Anti biotic, Immuno modulating, Anti ulcerogenic, Anti-toxic, Anti-histamine, Duiretic, Demulcent.

Indication: Diseases related to the skin, respiratory organs, digestive organs , reproduction, the circulation, against cancer for pain relief snakebite.

(۳۵) ببول - Acacia

نباتی نام	-	Acacia Arabica willd.
خاندان	-	Minosaceae
عربی	-	ام مغیلاں
فارسی	-	مغیلان
ہندی	-	کیکر / ببول
بنگلہ	-	بابلا
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	چھال اور پھلیاں
مدت حیات	-	۵-۱۰ سال
مزاج	-	سرد خشک II
نفع خاص	-	رقت منی
مضر	-	معدہ و آنتوں کیلئے مضر ہے۔
مصلح	-	کتیرا / شہد
بدل	-	امرود کی چھال
مقدار خوراک	-	۵-۷ گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Fabales.
Family	:Fabaceae.
Genus	:Acacia.
Species	:A . Arabica.
Binomial name	:Acacia Arabica.

ببول کی پھلی

شناخت - یہ ایک مشہور خاردار درخت ہے جس کے پتے مہندی کے پتوں کی طرح اور پھول زرد رنگ کے گول ہوتے ہیں۔ ان میں پھلیاں لگتی ہیں جو ۳ سے ۶ انچ لمبی، چپٹی اور سفید اور کئی حصوں میں منقسم ہوتی ہیں جن کے اندر تخم ہوتے ہیں۔ اس کی پھلی اور پتیوں کا عصارہ اقاقیا کہلاتا ہے۔

حصول - برصغیر ہندو پاک کے بنجر علاقوں میں اس کے درخت بہ کثرت پائے جاتے ہیں۔

افعال - مجفف(Absorbant)، مبرد(Refrigirant)، حابس، قابض۔

مواقع استعمال - اسہال، رقت منی، سرعت انزال، سوزاک، جریان، سیلان الرحم، کھانسی، سوزش حلق و معدہ وغیرہ

ترکیب استعمال - (i) دانتوں کو صاف و مضبوط بنانے کیلئے اسکی چھوٹی چھوٹی شاخیں بطور مسواک مستعمل ہیں۔
(ii) مسوڑھوں کو مضبوط بنانے کے لئے اس کے پوست کا منجن استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) امراض باہ، سوزاک اور سیلان الرحم میں اس کا سفوف کھلانا مفید ہے۔
(iv) خراش دار کھانسی اور حلق و معدہ کی سوزش کو دور کرنے کیلئے اسکے گوند کا استعمال مفید ہے۔
(v) اس کے گوند کو انڈے کی زردی کے ساتھ ملا کر جلے ہوئے مقام پر لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - کیلشیم، پوٹاشیم، میگنیشیم، Tanic acid، Malic acid، Tenine، Arbin

مرکبات - حب مبارک، لعوق سپستاں، سنون پوست مغیلاں، قرص ماسک البول۔

Chemical Constituents: Tannins, Garlic acid, D-Pinitol, Gallic acid, Rutin, Arabic acid, Calcium, Magnesium, Potassium.

Bioactivity: Anticancer, antimutagenic, spasmogenic, vaso constrictor, Antipyratic, Anti asthamatic, Cytotoxic, Antidiabetic, Antiplateletagregatory, Antifungal, Antiplasmodial, Antioxidant, Antibacterial, Antihypertensive, Antispasmodic, Antimicrobial.

Indication: Diarrhoea, Conjunctivitis, Tonsillitis, Pharyngitis, alimentary canal & genito-urinary organ inflammation, Leucorrhoea, Sexual disorder (spermatorrhoea), loss of viscidity of the semen, Nocturnal emission, Premature ejaculation, oozing eczema, mouth ulcer, worm infestation.

Precaution: Skin & respiratory problem, High dose can also cause damage to the liver & kidneys.

(۳۶) بِرِنْجَاسِف - Mother wort

نباتی نام	-	Leonurus Cardiaca L.
خاندان	-	Labiatae
عربی	-	شویلا
ہندی	-	گنداد
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	برگ، گل
مدت حیات	-	۲رسال
مزاج	-	گرم I خشک II
نفع خاص	-	اورام احشاء
مضر	-	محرورین کے گردہ کو
مصلح	-	انیسون/کشنیز
بدل	-	بابونہ/افسنتین
مقدار خوراک	-	۳-۵گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Lamiales.
Family	:Lamiaceae.
Genus	:Leonurus.
Species	:L . Cardiaca.
Binomial name	:Leonurus Cardiaca.

شناخت - یہ افسنتین کے مانند ایک پودا ہے جس کے پتے چھوٹے چھوٹے اور شاخیں باریک ہوتی ہیں۔اس کے پھول سویا کے مانند چھتر دار اور سفیدی مائل زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔اس پودے پر ایک طرح کی چپکنے والی رطوبت پائی جاتی ہے۔

حصول - جموں کشمیر، نینی تال، دہرادون اور شمالی ہند کے پہاڑی علاقوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

افعال - مسخن، محلل، معرق، مفتح، مدر

مواقع استعمال - اورام احشاء، احتباس بول وحیض، عسر الولادت، صلابت رحم۔

ترکیب استعمال - (i) اورام احشاء میں اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

(ii) احتباس بول وحیض، صلابت رحم اور عسر الولادت میں اس کے جوشاندہ سے نطول یا آبزن کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، Achillein

مرکبات - شربت محلل۔

Chemical Constituents: Leonurin, alkaloids (stachydrine), tannin, essential oil, Vitamin-A.
Bioactivity: Anti spasmodic, astringent, Carminative, Calmative, emmenogogue, Laxative, Hepatic, Cardiac, Nervine, stomachic tonic, uterine stimulant.
Indication: Menstrual & menopausal problem, Stomach gas & cramping, Insomnia, Cardiac edema, Goiter, Congestion of respiratory passages, neuritis, neuralgia, rheumatism, sciatica convulsion, chest colds, fevers, stomach aches, use during labour & delivery.
Pregnancy: Do not use (uterine stimulant).

(۳۷) برھمڈنڈی - Thistle Herb

نباتی نام - Lamprachaenium microcephalum
خاندان - Compositae
بنگلہ - سیال کانٹا
سندھی - لبھ
گجراتی - تل کنتو
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - مسلم بوٹی
مدت حیات - ۲ سال
مزاج - گرم خشک I
نفع خاص - دافع حمی/مصفی خون
مضر - خشکی پیدا کرتا ہے۔
مصلح - شہد/گھی
بدل - گل منڈی/عشبہ
مقدار خوراک - ۵-۷ گرام

Kingdom	:Plantae.
Phylum	:Tracheophyta.
Class	:Magnoliopsida.
Order	:Asterales.
Family	:Compositae / Asteraceae.
Genus	:Lamprachaenium.
Binomial name	:Lamprachaenium-microcephalum Benth.

برہمڈنڈی

شناخت - یہ ایک خاردار بوٹی ہے جس کے پتے نہایت سبز اور پھول آسمانی رنگ کے ہوتے ہیں۔اس پودے کے ہر حصہ میں کانٹے ہوتے ہیں۔اس کے سارے اجزاء تلخ ہوتے ہیں۔

حصول - ہندوستان اور پاکستان کی بنجر زمین میں جھاڑیوں کے نیچے خودرو پیدا ہوتی ہے۔

افعال - مقوی بدن،مقوی حافظہ،مصفی خون،دافع حمی مزمنہ۔

مواقع استعمال - برص،زخم،جزام،جریان منی،سرعت انزال،ورم جگر،حمی اجامیہ،یرقان،اورامراض چشم وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) جزام،برص اور دیگر امراض جلدیہ میں کالی مرچ کے ساتھ پیس کر استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) قوت حافظہ،قوت باہ اور قوت بدن کیلئے اس کے سفوف کو دودھ کے ہمراہ پینا مفید ہے۔
(iii) یرقان،پرانے بخار،ملیریا اور ورم جگر میں اس کا خیشاندہ یا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - Berberin، Protopin، مارفن کی طرح ایک مادہ۔

مرکبات - عرق مرکب مصفی خون،شربت مصفی خون۔

Chemical Constituents: Flavonoids, Saponins, tannins.
Bioactivity: Antioxidant, Antibacterial, Antiseptic.
Indication: Skin disease (Leucoderma).

(۳۸) بَرْهِمِی - Indian Penny Wort

نباتی نام - Hydrocotyle asiatica linn

خاندان - Scrophulariaceae

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Apiales.
Family	:Apiaceae.
Genus	:Hydrocotyle.
Species	:H . asiatica.
Binomial name	:Hydrocotyle asiatica.

عربی - زرنب

ہندی - براہمی

بنگلہ - تھل کری

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - مسلم نبات

مدت حیات - ۶/ماہ

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مقوی دماغ

مضر - مقئی

مصلح - فلفل سیاہ

بدل - آملہ/دارچینی

مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

خشک براہمی

شناخت - یہ ایک مفروش بوٹی ہے جس کی باریک باریک شاخیں جڑ سے ہی نکلتی ہیں۔ان کے سر پر ایک گول سا پتہ لگا رہتا ہے جس سے ایک خاص قسم کی بو آتی ہے۔اس کا ذائقہ تلخ اور کسیلا ہوتا ہے۔

حصول - یوپی، دہرہ دون، سہارنپور اور بنگال کے نمناک علاقوں اور جھیل کے کناروں سے حاصل ہوتا ہے

افعال - مقوی دماغ و حافظہ، مرطب دماغ، مفرح، مقوی اعضائے رئیسہ، دافع جریان، دافع نسیان۔

مواقع استعمال - نسیان، جنون، مالیخولیا، ضعف دماغ و حافظہ، ضعف بصر، اختناق الرحم، جریان وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) دماغ و حافظہ کی تقویت کیلئے روغن کنجد میں اس کا تیل تیار کر کے سر پر لگانا مفید ہے۔

(ii) دماغی و عصبی عوارضات کو دور کرنے کیلئے اس کا شربت پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - گیلک ایسیڈ، گلوکوسائیڈ، روغن فراری، وٹامن سی، برہمنین، Vallarine، Centoic acid، Hydro-cotylin، Centallic acid، Pectic acid، Asiaticoside

مرکبات - روغن مقوی دماغ، شربت براہمی۔

نوٹ : براہمی کو عربی میں ''زرنب'' محیط اعظم کے حوالہ سے لکھا گیا ہے۔لیکن ویدا سے غلط کہتے ہیں اور اسے ویدک کی دوا بتاتے ہیں۔

Chemical Constituents: Centellin, asiaticin, Centellicin, Tannic acid.
Bioactivity: Antioxidant, Antibacterial, Diuretic stimulant.
Pre-Caution: High dose may lead to coma.
Indication: Vericose veins, Chronic venous in sufficiency, Psoriasis, minor wounds, strangury, encourage lactation, Nervous disorder, Skin diseases, Dysmenorrhoea, Leucorrhoea, Obesity, dysentery in children, Elephantiasis of the scrotum & legs, Fever.

(۳۹) بڑنگ کابلی - Embelia

نباتی نام - Embelia ribes
خاندان - Myrsinaceae
عربی - برنج کابلی
فارسی - بڑنگ کابلی
ہندی - دادرنگ
بنگلہ - برنگا
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - تخم
مدت حیات - ۲رسال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - قاتل کرم شکم
مضر - امعاء کیلئے
مصلح - مصطلگی رومی
بدل - ترمس
مقدار خوراک - ۱-۳ گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Ericales.
Family	:Primulaceae / Myrsinaceae.
Genus	:Embelia.
Species	:E . ribes.
Binomial name	:Embelia ribes.

شناخت - یہ ایک پودے کے تخم ہیں جو گول مرچ کے برابر خاکستری رنگ کے چکنے اور گول ہوتے ہیں۔ جن کے اندر سفید رنگ کا مغز ہوتا ہے۔ ان کا ذائقہ کسیلا اور کسی قدر خوشبودار ہوتا ہے۔

حصول - سری لنکا، مہاراشٹر، بنگال، آسام اور جنوبی ہند کے پہاڑی علاقوں سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال - قاتل کرم شکم، مسہل اخلاط غلیظہ، مفتت حصاة گردہ و مثانہ، مدر بول، مسکن الم۔

مواقع استعمال - درد دندان، کرم دندان، کرم شکم، وجع المفاصل اور امراض بلغمیہ وسوداویہ۔

ترکیب استعمال - (i) پیٹ کے ہر قسم کے کیڑوں کو مار کر خارج کرنے کیلئے اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) جوڑوں کے درد میں بلغم کے اخراج کیلئے اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) دانتوں کے درد کو تسکین دینے اور اس کے کیڑوں کو ہلاک کرنے کیلئے اس کے جوشاندہ سے مضمضہ کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - Ral ،Tenin ،Fixed oil ،Volatile oil ،Embelin ،Embelic acid

مرکبات - حب دیدان، اطریفل دیدان، اطریفل قنبیل، حب کبد نوشادری، سفوف چٹکی۔

Chemical Constituents: Embelin, Christembine, Homoembelin, Vilangine, Quercitol.

Bioactivity: Antiparasitic, antiasthmatic, Antibacterial, Antiviral, Antifungal, Blood purifier, Laxatives.

Indication: Intestinal worm infestation, Piles , Ano-rectal, Diabetes disorder, Obesity, Benign tumors, Tuber culosis, Epilepsy, Paralysis, dental ailments, Nausea, Sore throat, Vometing, Flatulence, abdominal pain, mouth ulcer, Constipation, Skin disorder, Fever, Snake bite.

Caution: Pregnancy.

Side effect: Because of its contraceptive effects, its long term usage should be done with care in cases of infertility.

(۴۰) بزرالبنج (اجوائن خراسانی) – Henbane

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Order	:Solanales.
Family	:Solanaceae.
Genus	:Hyoscyamus.
Species	:H . niger.
Binomial name	:Hyoscyamus niger.

خشک اجوائن خراسانی

نباتی نام	-	Hyoscyamus niger linn
خاندان	-	Solanaceae
عربی	-	بزرالبنج
ہندی	-	اجوائن خراسانی
بنگلہ	-	جویان خراشانی
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	برگ، تخم
مدت حیات	-	ارسال
مزاج	-	سردخشک III
نفع خاص	-	بلغمی اور تشنجی کھانسی
مضر	-	اعصاب ودماغ
مصلح	-	شہد/زعفران
بدل	-	افیون
مقدار خوراک	-	ایک گرام تک

شناخت - یہ بنج نامی پودے کے تخم ہیں جن کا ذائقہ تلخ اور خراش کن ہوتا ہے۔ اس کے تازہ پودے سے اجوائن کی خوشبو آتی ہے۔ اس پودے کی شاخوں پر پتیوں کے نیچے پھل لگتا ہے جس کے اندر باریک تخم بھرے ہوتے ہیں۔

اقسام - (i) Hyoscyamus albos یہ قسم سفید ہوتی ہے اور دواءً مستعمل ہے۔
(ii) Hyoscyamus niger یہ قسم سیاہ ہوتی ہے اور یہی اثر رکھتی ہے۔
(iii) Hyoscyamus muticus یہ قسم سرخ اور زہریلی ہوتی ہے۔

حصول - یوروپ، سائبریا، مصر، خراسان، ہندوستان میں اس کی کاشت ہوتی ہے۔

افعال - منشی، محذر، مسکن، منوم، رادع مواد

مواقع استعمال - نزلہ، سعال، مالیخولیا، دردِ دندان، اوجاع ظاہرہ وباطنہ، جنون، ہذیان، بے خوابی۔

ترکیب استعمال - (i) نزلہ، کھانسی، ہذیان، بے خوابی وغیرہ میں بطور سفوف استعمال کیا جاتا ہے۔
(ii) اورام کی شروعات میں مواد کی آمد کو روکنے کیلئے بطور ضماد مفید ہے۔
(iii) دردوں کو تسکین دینے کیلئے خارجی طور پر مقام ماؤف پر اس کا لیپ لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - Atropin ،Hyoscyanin

مرکبات - برشعشا۔

Chemical Constituents: Hyoscyamine, Hyoscine, Scopolamine, Atropine, Flavonoids, Tannins, Amines, Albumin, Calcium, Potassium nitrate.

Bioactivity: Sedative, Analgesic, Anti spasmodic.

Indication: Parkinson's disease, Toothache, Nervous disorder (Mania, Hysteria), Bronchitis, Asthma, Neuralgia, Sciatica, Arthritis.

Side effects: Dryness in mouth, Confusion, Convulsions, Vomiting, Coma, Respiratory Paralysis & death.

Pregnancy / Lactation: Never use (highly poisionous) .Children – Avoid (dangerous).

(۴۱) بِسفَائِج - Common Polypody

نباتی نام	-	Polypodium vulgare L.
خاندان	-	Polypodiaceae
عربی وفارسی	-	افراس الکلب
ہندی	-	کھنگالی
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	جڑ
مدت حیات	-	۳ رسال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	مسہل بلغم وسوداء
مضر	-	امراض گردہ میں
مصلح	-	ہلیلہ زرد
بدل	-	ایلوا
مقدار خوراک	-	۳-۵ گرام

Kingdom	:Plantae.
Division	:Pteridophyta.
Class	:Polypodiopsida / Pteridopsida.
Order	:Polypodiales.
Family	:Polypodiaceae.
Genus	:Polypodium.
Species	:P . Vulgare.
Binomial name	:Polypodium Vulgare.

کاپی رائٹ حکیم شعیب احمد

شناخت - یہ ایک پودے کی جڑ ہے جس کے دونوں جانب زوائد نکلے ہوتے ہیں۔ دیکھنے میں یہ کھنکھجورے کی طرح معلوم ہوتی ہے۔ یہ باہر سے سرخی مائل اور اندر سے سبز پستی رنگ کی ہوتی ہے اس کا مزہ تلخ ہوتا ہے۔ یہ عموماً نمناک اور پتھریلی زمین پر اُگتی ہے۔

حصول - ہندوستان، پاکستان، نیپال۔ (خصوصاً بلوط کے درخت کے نیچے پائی جاتی ہے)۔

افعال - کاسر ریاح، مسہل بلغم وسوداء، محلل، مصفی خون، مفرح قلب۔

مواقع استعمال - مالیخولیا، جنون، مرگی، وجع المفاصل، درد شکم اور قولنج جیسے عوارضات میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (i) امراض بلغمیہ وسوداویہ میں اخلاط فاسدہ کو خارج کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(ii) درد شکم، قولنج اور بواسیری مسوں کو دور کرنے کیلئے اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، ریزن، گلانسرول۔

(۲) تربد سیاہ: اس کی جڑ اندر سے سفید اور باہر سے کالی ہوتی ہے۔ یہ زہریلی ہوتی ہے۔

حصول - بھارت، پاکستان، سری لنکا، خراسان

افعال - مسہل بلغم۔ مسہل اخلاط ثلاثہ، مانع صرع، قاتل دیدان، دافع امراض بلغمیہ وسوداویہ۔

مواقع استعمال - استسقاء۔ وجع المفاصل۔ نقرس۔ عرق النساء۔ فالج۔ لقوہ۔ کھانسی۔ دمہ۔ جنون۔ بواسیر۔ مالیخولیا۔

ترکیب استعمال - (۱) غلیظ بلغم کو خارج کرنے کیلئے زنجبیل کے ہمراہ بطور سفوف (۲) مالیخولیا، جنون اور صرع میں تنقیۂ دماغ کیلئے بطور جوشاندہ (۳) بدن کی فربہی اور موٹاپا کو دور کرنے کیلئے بطور مسہل۔

مرکبات - اطریفل ملین، اطریفل اسطوخودوس۔ قرص ملین، جوارش کمونی مسہل۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents : α&βTerpethins, Scopoletin, Turpethinic acid, Turpethin, Coumarin, Albumin, Starch, Ferric oxide, Legnin.
Bioactivity :- Anthelmintic, Antiepileptic, Antiphlegmatic, Antipyretic, Purgative of mal humours, expectorant, Laxative, Cathartic, Rubifacient.
Indication :- Ascites, Fever, Bronchitis, Paralysis, Piles, Anemia, Constipation, Pulmunary tuberculosis, Malencholia, dropsy, Ulcers, Epilepsy, Gout, Rheumatism, Joint &muscular pain, Disorder of brain, Intestinal worm infestation, Sinus
Side effects :- Burning sensation, Dizziness sever purgation.
Pregnancy & Lactation :- Avoid, Children :- not used above 250mg

(٦٧) تربوز - Water Melon

نباتی نام - Citrullus Vulgaris Schrad

خاندان - Cucurbitaceae

عربی - بطیخ ہندی

بنگلہ - ترمُج

پنجابی - ہندوانہ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تخم/مغز

مدت حیات - ۲رسال

مزاج - سردتر II

نفع خاص - مدربول

مضر - باردالمزاج کو

مصلح - نمک طعام

بدل - پیٹھا

مقدارخوراک - ۵-۷گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Rosids
Order	: Cucurbitales
Family	: Cucurbitaceae
Genus	: Citrullus
Species	: C. vulgaris
Binomial name	: Citrullus vulgaris
Synonyms	: Citrullus lanatus

شناخت - یہ ایک مشہور پھل ہے جس کا گودا اولاً سفید لیکن پکنے پر گلابی یا سرخ ہوجاتا ہے۔اس کا ذائقہ شیریں، رسدار اور تسکین دینے والا ہوتا ہے۔اس کے اوپر کا چھلکا گہرا سبز دھاری دار یا بغیر دھاری کے ہوتا ہے۔

حصول - راجستھان، گجرات، پنجاب، یوپی سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال - مدربول، مسکن حدت خون وصفراء، مبرد، ملین طبع، جالی۔

مواقع استعمال - صفراوی بخار واسہال، سوزش معدہ، آنتوں کی خراش، سوزاک، تقطیرالبول، سوزش بول، یرقان۔

ترکیب استعمال - (i) امراض صفراء میں پھل کا گودا کھانا مفید ہے۔
(ii) آنتوں کی خراش اور معدہ کی سوزش دور کرنے کیلئے اسکے تازہ پھلوں کا شربت پینا مفید ہے
(iii) معدہ اور پیشاب کی سوزش کو دور کرنے کیلئے اسکے تخموں کے مغز کا شیرہ بنا کر پینا مفید ہے۔
(iv) صفراوی بخاروں کو دور کرنے کیلئے اس کے تخموں کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - شکر، وٹامن اے، وٹامن بی$_{1}$، وٹامن سی، آئرن، روغن کثیف۔

مرکبات - لعوق آب تربوز والا۔

Nutritional Value (Per 100gm).		Vitamines	
Energy	: 30cal	Vitamin A	: 11%
Fat	: 0.1g	Vitamin C	: 13%
Carbohydrate	: 8g	Iron	: 1%
Dietary fibre	: 0.4g	Magnesium	: 2%
Sugar	: 6g	Sodium	: 1mg
Protein	: 0.6g	Potassium	: 112mg

Chemical Constituents: Pentadecanoic acid, Monopentadecanoin, 2,3-dihydroxypropyl nonadecoate, lignoceric acid -2,3- dihydroxy-propanenyl ester, lancerebroside 5, Salicylic acid, 4-hydroxybenzoic acid, hydroquinone, succinic acid, vanillic acid.

Bioactivity: Antioxidant, Anticancer, Anti-inflammatory.

Indication: Obesity, diabetes, heart diseases, asthma, skin & hair problem, blood pressure, cancer, constipation, dehydration.

Citron – ترنج (۶۸)

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Spindales.
Family	:Rutaceae
Genus	:Citrus.
Species	:C . medica.
Binomial name	:Citrus medica.

نباتی نام – Citrus medica(L)
خاندان – Rutaceae
عربی – اترج
فارسی – ترنج
بنگلہ – بجورالیموں
ماخذ – نباتی
حصص مستعملہ – پوست، تخم
مدت حیات – ۲-۳ سال
مزاج – گرم خشک I
نفع خاص – مقوی معدہ وجگر
مضر – باردالمزاج کو
مصلح – فلفل سیاہ
بدل – سنگترہ
مقدارخوراک – ۳-۵ گرام

شناخت – یہ ایک درخت کا پھل ہے جو کاغذی لیموں سے بڑا اور بعض سنگترہ کے برابر ہوتا ہے۔اس کا ذائقہ میخوش ہوتا ہے۔اس میں تخم بہت زیادہ ہوتے ہیں۔اس کا درخت درمیانے قد کا ہوتا ہے۔اس کے پتے کاغذی لیموں کے پتوں کی طرح اور پھول سفید اور خوشبودار ہوتا ہے۔

حصول – کشمیر،شملہ،دہرہ دون،بنگال،آسام،نینی تال اور جنوبی بھارت سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال – حماض ترنج (پھل کا گودا)=مقوی قلب،جالی،قابض،مسکن صفراء وخون،مقوی معدہ وجگر۔
پوست ترنج=مقوی اعضاء رئیسہ،کاسر ریاح،ہاضم طعام،مسکن غشیان۔

مواقع استعمال – اسہال صفراوی،متلی اور قے،خفقان حار،ضعف معدہ وجگر،درد شکم اور ہیضہ وغیرہ۔

ترکیب استعمال – (i) امراض صفراء،حدت خون،معدہ اور جگر کے ضعف کو دور کرنے اور امراض وبائیہ کے زمانہ میں حفظ ماتقدم کیلئے اس کے تازہ پھلوں کا استعمال مفید ہے۔
(ii) اعضاء رئیسہ کو تقویت دینے،درد شکم کو دور کرنے،غذا کو ہضم کرنے اور قے و متلی کو دور کرنے کیلئے اس کے پوست کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – سائیٹرک ایسیڈ،فاسفورک ایسیڈ،کاربن،پروٹین، وٹامن A,B,C،کیلشیم،پوٹاشیم،سائیٹریٹ نائیٹریٹ،آئرن،روغن فراری، Heperidin، Citrol، Citronellal، Cymene

مرکبات – سفوف ترنج

Chemical Constituents: Citric acid, Sulphuric acid, Glucose, Abscisic acid, Abscisin II, Limonin, Limonene, Limocitrol, Rutin, Vitamin C.

Bioactivity: Antibiotic, Anthelmintic, Appetizer, Antidote, Carminative, Astringent, Stomachic, Laxative, Aphrodisiac, Antiemetic.

Indication: Intestinal worm infestation, Anorexia, Piles, abdominal colic pain, asthma, chronic respiratory disorder, Indigestion, Constipation, Hiccough, Dyspnoea, Cough, Gastritis, Rheumatism, Haemorrhoids, Skin diseases, Dysentery, Earaches.

Side effect: Unripe fruits & very sour fruits are contra indicated, such as bleeding disorder.

(۶۹) تمرھندی (املی) – Tamarind

نباتی نام	-	Tamarindus indica L.
خاندان	-	Liguminosae
عربی	-	تمر ہند
فارسی	-	انبالہ
ہندی	-	انبلی
بنگلہ	-	املی
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	تخم
مدت حیات	-	۱۰ ر سال
مزاج	-	سرد خشک II
نفع خاص	-	مغلظ منی
مضر	-	قابض
مصلح	-	شکر/ترنجبین
بدل	-	آلو بخارا
مقدار خوراک	-	۳-۵ گرام

Kingdom :Plantae.
Sub division :Angiosperms.
Class :Eudicots.
Sub class :Rosids.
Order :Fabales.
Family :Fabaceae
Genus :Tamarindus.
Species :T . indica.
Binomial name :Tamarindus indica.

Chemical Composition:
Bark – Hordenine.
Seed – α polysaccharide .
Fruit – Tamarindienol,
Limonene, Geraniol, Safrole,
Cinnamic acid, Methyl salicylate Pyrazine.
Stem bark & leaves – Tannins, Saponins,
Sesquiter penes, alkaloids.

شناخت - یہ ایک مشہور پھلی ہے جسکا گودا سرخ سیاہی مائل، خوشگوار، شیریں وترشی مائل ہوتا ہے۔ان پھلیوں کے اندر سرخ رنگ کے سخت تخم ہوتے ہیں جنکا چھلکا اتار کر اندر کا مغز استعمال کیا جاتا ہے۔اسکے پتے آملہ کے پتوں کی طرح شاخوں پر ایک دوسرے کے متوازی سبز رنگ کے لگے ہوتے ہیں۔

حصول - مدھیہ پردیش، یوپی اور بھارت کے دیگر میدانی علاقوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

افعال - پھل کا گودا= مسہل صفراء، مسکن صفراء وخون، مفرح، دافع قے وغشیان،
تخم کا مغز= مغلظ منی، قابض، ممسک۔

مواقع استعمال - صفراوی بخار، قے، متلی، جریان منی، سیلان الرحم، احتلام، رقت منی، اسہال اور اورام وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) جریان، احتلام اور سیلان الرحم میں اس کے تخموں کے مغز کو استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) صفراوی بخار کو دور کرنے اور پیاس کو بجھانے کیلئے املی کے گودے کا شربت پینا مفید ہے۔
(iii) ورموں کو پکا کر تحلیل کرنے کیلئے اس کے پتوں کو پیس کر ضماد کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - ٹارٹارک ایسڈ، پوٹاشیم نائیٹریٹ، سائٹرک ایسڈ، کاربوہائیڈریٹ، ٹینک ایسڈ، ٹے نن۔

مرکبات - جوارش تمرہندی، شربت تمرہندی، سکنجبین تمرہندی۔

Nutritional Value Per 100gm

Nutrient	Value
Energy	:239Kcal
Carbohydrate	:62.50g
Protein	:2.80g
Fat	:0.60g
Dietary fibre	:5.1 g
Vitamines	
Folates (B_9)	:14µg
Niacin (B_3)	:1.938mg
Pantothenic acid (B_5)	:0.143mg
Pyridoxine	:0.066mg
Thiamine (B_1)	:0.428mg
Vitamin A	:30 IU
Vitamin C	:3.5mg
Vitamin E	:0.10mg
Vitamin K	:2.8µg
Minerals	
Calcium	:74mg
Copper	:0.86mg
Iron	:2.80mg
Magnesium	:29mg
Phosphorus	:113mg
Selenium	:1.3µg
Zinc	:0.10mg
Electrolytes :	
Sodium	:28mg,
Potassium	:628mg
Phyto nutrients.	
Carotene - β	:18 µg

Bioactivity: Antioxidant , Astringent, Antiseptic,Refrigent, Cathartic, Febrifuge, Laxative, Digestive.

Indication: Boils, Colic, Cold, Dryeyes, Severe dysentery, Indigestion, Jaundice, Rheumatism, Sores, Anorexia, Cardiac disorders, Diabetes, Urinary tract disorder, Skin disorder, Abscess, Menorrhagia, Nasal bleeding, Diarrhoea, Biliousness, Constipation, Fever, Liver & gall bladder problems, Intestinal worms.

Pregnancy & lactation: Avoid (after surgery avoid for 2 week).

(۷۰) تنکار (سہاگہ) - Borax

معدنی نام - Sodium Borate

عربی - بورق

فارسی - تنکار

بنگلہ - سہاگہ

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - ڈلیاں

مدت حیات - دیگر نمک کی طرح

مزاج - گرم خشک III

نفع خاص - کاسر ریاح

مضر - مقئی

مصلح - کتیرا، صمغ عربی

بدل - بورۂ ارمنی

مقدار خوراک - ایک گرام تک

IUPAC name	:Sodium tetraborate decahydrate.
CAS Number	:1303 – 96 – 4 (decahydrate)
EC Number	:215 – 540 – 4
Chemical formula	:$Na_2B_4O_7.10H_2O$
Molar mass	:381.38(decahydrate)
	201.22(anhydrate)
Appearance	:White Solid.
Density	:$1.73 g/Cm^3$(Solid)
Melting point	:743°C
Boiling point	:1575°C

شناخت - یہ سفید رنگ کی زود شکن معدنی ڈلیاں ہیں جن کا مزہ شور ہوتا ہے۔ مصنوعی طور پر اسے نمک بجی اور نمک بورۂ ارمنی سے ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔

حصول - تبت اور نیپال سے حاصل کیا جاتا ہے۔

افعال - قاتل جراثیم، جالی، اکال، ہاضم، کاسر ریاح، منفث ومخرج بلغم، مدر بول وحیض۔

مواقع استعمال - امراض معدہ، سرفہ، دمہ بلغمی، تعفنی زخم، احتباس بول وحیض جیسے عوارضات میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال -
(i) امراض معدہ میں اس کا سفوف بطور چورن استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) کھانسی اور بلغمی دمہ میں بطور سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) تعفنی زخم کو عفونت سے پاک کرنے کیلئے اس کے آب مطبوخ سے دھونا اور سفوف کو زخموں پر چھڑکنا مفید ہے۔
(iv) بول وحیض کو جاری کرنے اور بواسیر کو دور کرنے کیلئے نیم گرم پانی میں حل کر کے اس سے مقعد اور اندام نہانی کو دھونا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - بورک ایسڈ۔

مرکبات - حب تنکار، سفوف چٹکی اطفال۔

Mix equal amount of borax powder & baking soda with water to make paste and apply it over infected nail.

Chemical Composition: Borax is a naturally occurring mineral. It is composed of sodium, boron,oxygen & water. It can be both used as internally & externally.

Bioactivity: Antifungal, Antibacterial, Antimicrobial , Anti inflammatory, Antiseptic, Astringent, Aphrodisiac, Immunity booster, Detoxicant, Brain enhancer.

Indication: Athlete's foot, Bloating, Phlegm, Candidiasis, Abdominal disorder, Arthritis, Dizziness, Eye diseases, Gout, Acne, Diarrhoea, Gingivitis, Sore throat, Rheumatoid arthritis, Tonsillitis, Swelling, Skin diseases, Osteoarthritis, Otorrhea.

Side effect: Avoid the consumption of Borax for long term - may cause diarrhoea, lethargy, low libido.

(۱۷) توت - Malberry

Kingdom	:Plantae.
Sub Kingdom	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Rosales.
Family	:Moraceae.
Genus	:Morus.
Species	:M . alba / M . nigra.
Binomial name	:Morus alba L / Morus nigra.

نباتی نام	-	Morus Alba Indica
خاندان	-	Moraceae
عربی	-	توت
اردو	-	شہتوت
مصری	-	شاہ توت
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	پھل اور پتے
مدت حیات	-	۱-۲ سال
مزاج	-	گرم تر I، سرد تر I
نفع خاص	-	دافع امراض حلق
مضر	-	صدر، اعصاب کو
مصلح	-	گردساق
بدل	-	سپستاں
مقدار خوراک	-	۲۵ گرام

شہتوت کا پھل

شناخت - یہ ایک مشہور پھل ہے جس کا درخت بڑے درختوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس کے پتے پان کے برابر لیکن کھڑے اور دندانے دار ہوتے ہیں۔

اقسام - (i) توت سفید جو مزہ میں شیریں ہوتا ہے اور غذاءً مستعمل ہے۔
(ii) توت سیاہ جس کا ذائقہ ترش ہوتا ہے اور دواءً مستعمل ہے۔

حصول - جموں کشمیر، پنجاب، یوپی، شملہ، نینی تال، دہرہ دون، بنگلہ دیش اور برما۔

افعال - توت سفید = مفتح سدد، ملین طبع، مرطب دماغ، مقوی صدر و ریہ۔
توت سیاہ = مبرد، قابض، رادع مواد، ملطف، مسکن، محلل اورام حلق و حنجرہ، قاطع صفراء۔

مواقع استعمال - درد حلق، خناق، ورم لوزتین، ورم حلق و حنجرہ، امراض صفراویہ اور حدت خون وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) امراض حلق میں بطور شربت یا جوشاندہ مفید ہے۔
(ii) اورام لوزتین و حنجرہ میں اس کے پتوں کے جوشاندہ سے غرغرہ کرنا مفید ہے۔
(iii) دیدان امعاء خصوصاً حب القرع میں اس کی جڑ کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(iv) صفراوی امراض اور حدت خون میں پیاس بجھانے کے لئے اس کا شربت پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - شکر، سائیٹریٹس، وٹامن A,D,C، پیکٹن۔

مرکبات - شربت توت سیاہ۔

Chemical Constituents: Anthocyanins (most important constituents), Polyphenols, Flavonoids, Sugars, Protein, Fat, Fatty acid, Malic acid, Vitamin-A, Vitamin-B, B2, Vitamin-C, Iron, Sodium, Calcium, Magnesium, Phosphorus, Potassium, Carotenoids.

Bioactivity: Anthelmintic, Anti asthmatic, Anti diabetic, Antioxidant , Anti inflammatory, Astringent, Anti aging, Antibacterial, Anti tussive, Diaphoretic, Expectorant, Diuretic, Laxative, Sedative.

Indication: Anemia, Asthma, Bronchitis, Constipation, Diabetes, Edema, Flu, Sore throat, Swelling, Toothache, Cancer, Dizziness, Fatigue, Ascaris.

Side effect: Allergies, black mulberry might lower blood sugar.

Pregnancy & Lactation: Avoid / Unsafe.

White Wall Flower - تودری سفید (۷۲)

نباتی نام - Mathiola Incana R. Br.

خاندان - Cruciferae

Kingdom :Plantae.
Sub Kingdom :Angiosperms.
Class :Eudicots.
Sub class :Rosids.
Order :Brassicales.
Family :Brassicaceae
Genus :Matthiola.
Species :M . Incana.
Binomial name :Matthiola Incana.

عربی - بزر الخم خم/ بز رالـهوا

فارسی - تودری

ہندی - دوری

بنگلہ - خیری

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تخم

مدت حیات - ۲برسال

مزاج - گرم II ، تر I

نفع خاص - مقوی باہ

مضر - اختلاج پیدا کرتا ہے۔

مصلح - دوا کا جوش دینا۔

بدل - بہمنین

مقدار خوراک - ۵-۷گرام

شناخت - یہ ایک قسم کے پودے کے تخم ہیں جو دانہ مسور سے بہت چھوٹے اور کسی قدر چپٹے ہوتے ہیں۔ انہیں پانی میں بھگونے سے لعاب پیدا ہوتا ہے۔ رنگت کے اعتبار سے اس کی تین قسمیں ہیں۔

اقسام - (i) تودری سفید Matthiola Incana
(ii) تودری سرخ Cheiranthus Cheiri
(iii) تودری زرد Lepidium Iperis یہ تینوں قسموں میں افضل ہے۔

حصول - پنجاب اور ایران سے حاصل کیا جاتا ہے۔

افعال - مقوی باہ، مولد منی وشیر، مسمن بدن، منفث بلغم، محلل اورام، مقوی معدہ۔

مواقع استعمال - ضعف باہ، لاغری، دمہ، کھانسی، امراض ریہ اور اورام جیسے عوارضات میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (i) جسم کو فربہ کرنے، باہ کو تقویت دینے اور دودھ ومنی کی تولید کیلئے اس کے سفوف کو دودھ کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) امراض صدر وریہ میں بلغم کو خارج کرنے کیلئے بطور لعوق استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) اعضاء کے ورموں کو تحلیل کرنے کیلئے دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور ضماد مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، گندھک، تودرین (Lepidin)۔

مرکبات - لبوب کبیر، لبوب صغیر۔

Chemical Constituents: Mucilage, methyl isopropyl-4-methyl thiobutyl, isothiocyanate, Beta-sitosterol, Fattyacids include palmitic, Stearic, Linoleic, Linolenic, Rucic acids.
Bioactivity: Aphrodisiac, Diuretic, Expectorant, Stimulant, Stomachic, Antidote (only mix with wine).
Indication: Cancer, Flu & cough, Poisonous bites (when mixed with wine).

Black Wall Flower - تودری سیاہ (۷۳)

Kingdom	:Plantae.
Sub Kingdom	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Brassicales.
Family	:Brassicaceae
Genus	:Cheiranthus.
Species	:C . Cheiri.
Binomial name	:Cheiranthus Cheiri.

نباتی نام - Cheiranthus cheiriL.

خاندان - Cruciferae

عربی - بزر الخم خم

فارسی - تودری سیاہ

ہندی - دوری

بنگلہ - کالوخیری

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تخم

مدت حیات - ۲رسال

مزاج - گرم II تا I

نفع خاص - مخرج بلغم/مقوی باہ

مضر - اعضاءِ شکم کو

مصلح - زرشک

بدل - بہمن سرخ

مقدار خوراک - ۷-۱۲ گرام

شناخت - یہ ایک کھڑی جھاڑ دار پودے کے تخم ہیں جو پتلی پتلی پھلیوں کے اندر سے برآمد ہوتے ہیں۔ یہ تخم مسور کے دانے سے چھوٹے، چپٹے اور چوڑے ہوتے ہیں۔ جن کا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے۔

حصول - پاکستان، ہندوستان، ایران اور یورپ کے علاقوں سے دستیاب ہے۔

افعال - مقوی باہ، مولد منی، مولد شیر، مسخن، ملطف، منفث و مخرج بلغم، مقوی معدہ باردا ور مسمن بدن۔

مواقع استعمال - جریان، احتلام، ضعف باہ، دمہ، کھانسی، لاغری، عورتوں میں دودھ کی کمی۔

ترکیب استعمال - (i) جریان، احتلام، ضعف باہ اور عورتوں کی کمی دودھ میں اس کے باریک سفوف میں ہموزن چینی ملا کر گائے کے دودھ کے ہمراہ کھانا مفید ہے۔

(ii) بچوں کی پھنسیوں پر اس کی جڑ کو ہلدی کے ساتھ پیس کر مکھن ملا کر لگانا مفید ہے۔

(iii) ورم خصیہ، سرطانی ورم اور دوسرے سخت اورام کو تحلیل کرنے کیلئے اس کا لیپ لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، سلفر، گلوکوسائیڈ، Iepion

مرکبات - سفوف جریان، لبوب کبیر و صغیر۔

Chemical Constituents: Alkaloids, Crystalline, Erysimum, Corinthium, Sterols, Triterpenes, Flavonoids.
Bioactivity: Anti rheumatic, Antispasmodic, Emmenagogue, Diuretic, Stimulant, Purgative, Stomachic, Antiseptic, Aphrodisiac, Expectorant, Antioxidant, Antimicrobial, Anti inflammatory.
Indication: Heart diseases, Liver diseases, Gall bladder disorder, Constipation, Menstrual problem, Deafness, Eye diseases, Paralysis, Impotence.
Side effect: Over dose may cause irregular heartbeat.
Pregnancy & Lactation: Avoid / Unsafe.

(۷۴) ثعلب مصری - Salep

Kingdom	: Plantae.
Division	: Magnoliophyta.
Class	: Magnoliopsida.
Order	: Asparagales.
Family	: Orchidaceae.
Genus	: Orchis.
Species	: Latifolia.
Binomial name	: Orchis Latifolia.

نباتی نام - Orchis Latifolia L.
خاندان - Orchidaceae
عربی - خصیۃ الثعلب
فارسی - خانہ روباہ
ہندی - ثعلب مصری
بنگلہ - سالم پچھری
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - جڑ
مدت حیات - ۵ سال
مزاج - گرم تر I
نفع خاص - مولدو مغلظ منی
مضر - محرورین کو
مصلح - فلفل سیاہ
بدل - بہمن سفید
مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

شناخت - یہ ایک پودے کی جڑ ہے جو سفید زردی مائل اور سورنجان سے چھوٹی یا بڑی ہوتی ہے۔اس کا مزہ شیریں، کسی قدر تیز اور لیس دار ہوتا ہے۔جڑ کی شکل کے اعتبار سے اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔

اقسام - (۱) ثعلب پنجہ - یہ ہاتھ کے پنجے کی طرح ہوتی ہے۔
(۲) ثعلب مصری - یہ مصری کی ڈلی کی مانند گول ہوتی ہے۔

حصول - مصر، افغانستان، روم کے علاقوں سے حاصل ہوتی ہے۔یہ پودا ہندوستان میں نہیں پایا جاتا البتہ اس کی طرح دوسرا پودا ملتا ہے جسے Eulophia Campestoris یا ثعلب ہندی کہتے ہیں

افعال - مسمن بدن، مقوی باہ، مقوی اعضاء رئیسہ، مغلظ منی، دافع جریان، دافع سیلان الرحم۔

مواقع استعمال - سیلان الرحم، جریان، سرعت انزال، احتلام، ضعف باہ، لاغری جیسے عوارضات میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (i) جریان اور احتلام میں اس کے سفوف کو دودھ کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) جسم کو تقویت دینے اور اعضاء رئیسہ کو قوی کرنے کیلئے بطور معجون اس کا استعمال مفید ہے۔

جدید تحقیقات - شکر، البومن، فاسفیٹ، پوٹاشیم کلورائیڈ، کیلشیم کلورائیڈ، میوسی لیج، پروٹین۔

مرکبات - لبوب کبیر، معجون پیاز، معجون ثعلب، معجون فلاسفہ، معجون مغلظ۔

Chemical Constituents: Starch, Mucilage, Sugar, Phosphate, Chloride, Glucoside – loroglossin.
Bioactivity: Aphrodisiac, Expectorant,Astringent,Anti diabetic,Anti hyperglycemic,Antioxidant,Antilipid,Peroxidative.
Indication: Nervine debility, General body weakness, Diarrhoea, Dysentery, Erectile dysfunction, Chronic fever, Cough, Stomachache, Wound, Cuts, Burns, Fractures, Impotence, Decreased sperm count, Spermatorrhoea, Diabetes.

Black Plum / Black Berry – جامن (۷۵)

نباتی نام - Eugenia Jambolana
خاندان - Myrtaceae
ہندی - جامن
بنگلہ - کالا جام
سنسکرت - جمبو
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - مغز خستہ جامن
مدت حیات - ۱-۲ سال
مزاج - سرد خشک II
نفع خاص - حابس اسہال
مضر - نفاخ
مصلح - فلفل سیاہ
بدل - بڑی قسم کی چھوٹی قسم
مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Myrtales.
Family	:Myrtaceae
Genus	:Syzygium.
Species	:S . Cumini.
Binomial name	:Syzygium Cumini.
Synonym	:Eugenia Jambolana.

Chemical Constituents: Anthocyanins, Glucoside, Ellagic acid, Isoquercetin, Kaemferol & myrecetin.
Seed – Alkaloid, Jambosine & glycoside, Jamboline. Antimellin Convert starch into sugar.

شناخت - یہ ایک مشہور پھل ہے جو مزے کے اعتبار سے شیریں، ترشی مائل کسی قدر بکٹھا ہوتا ہے۔ یہ خام حالت میں سبز اور پختہ ہونے پر سیاہ سرخی مائل ہوجاتا ہے۔ اس کے اندر سے ایک موٹی اور گول گٹھلی نکلتی ہے جس کا مغز دواءً مستعمل ہے۔

حصول - شمالی ہند اور وسطی ہند کے میدانی علاقوں سے دستیاب ہے۔

افعال - مقوی معدہ وجگر حار، محرک اشتہا، قابض، مسکن حرارت۔

مواقع استعمال - ضعف معدہ وجگر، اسہال صفراوی، اسہال دموی، ذیابیطس، سلسل البول وغیرہ میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (i) معدہ وجگر کو تقویت دینے اور بھوک لگانے کیلئے اس کا رُب اور سرکہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) اسہال صفراوی ودموی کو بند کرنے کیلئے گٹھلی کے مغز کا سفوف اور پھل کا کھانا مفید ہے۔
(iii) قے، متلی، پیچش اور بواسیر کو دور کرنے کیلئے جامن کا شربت پینا مفید ہے۔
(iv) مرض ذیابیطس اور سلسل البول میں اس کی گٹھلی کے مغز کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - گلوکوسائیڈ، کاربوہائیڈریٹ، صمغیات، مینگنیز، گیلک ایسڈ، رال، فولاد، جمبوسین، ٹے نن۔

مرکبات - سفوف ذیابیطس، رُب جامن۔

Nutrition Value Per 100gm(3.502)

Nutrient	Value
Energy	:60Kcal
Carbohydrate	:14g
Dietary fibre	:0.6g
Protein	:0.995g
Fat	:0.23g
Vitamins	
Thiamine (B_1)	:0.019mg
Riboflavin (B_2)	:0.009mg
Niacin (B_3)	:0.245mg
Vitamin B_6	:0.038mg
Vitamin C	:11.85mg
Minerals	
Calcium	:11.65mg
Iron	:1.41mg
Magnesium	:35mg
Phosphorus	:15.6mg
Potassium	:55mg
Sodium	:26.2mg
Water	:84.75g

Bioactivity: Antioxidant, Digestive, Astringent, Anthelmintic, Diuretic, Anti diabetic, Stomachic, Carminative, Anti inflammatory.

Indication: Diabetes, Flatulence, Diarrhoea, Dysentery, Bronchitis, Asthma, Constipation, Diseases of Pancreas & stomach, Nervous disorder, Depression, Skin inflammation.

Side effect: Taken by mouth in usual medicinal amount is safe.

Pregnancy & Lactation: Unknown . Stay on the safe side and Avoid .

(۷۶) جَاوِتری (بِسباسَہ) – Mace

نباتی نام	-	Myristica fragrans Houtt.
خاندان	-	Myristicaceae
عربی	-	بسباسه
فارسی	-	بزبار
ہندی	-	جاوتری
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	پھل کا پوست
مدت حیات	-	۳ رسال
مزاج	-	گرم خشک III/II
نفع خاص	-	مجفف رطوبات
مضر	-	مصدع
مصلح	-	گلاب/گوند ببول
بدل	-	جائیفل
مقدار خوراک	-	۱-۳ گرام

Kingdom :Plantae.
Sub division :Angiosperms.
Class :Magnoliids.
Order :Magnoliales.
Family :Myristicaceae.
Genus :Myristica.
Species :M . fragrans.
Binomial name :Myristica fragrans.

Chemical Constituents:
Mucolytic, Elemicin,
Beta carotene,
Cryptoxanthins.

شناخت - یہ ایک مشہور نباتی پھل جائیفل کا بیرونی پوست ہے۔ جسے جائیفل کے خشک ہونے پر الگ کر لیا جاتا ہے۔ اس کی رنگت سبزی مائل لیکن خشک ہونے پر سرخی مائل زرد ہو جاتی ہے یہ وزن میں ہلکا اور مزہ میں تیز خوشبودار ہوتا ہے۔

حصول - جاوا، ساٹرا، سنگاپور، مڈغاسکر، چین، کرناٹک، مدراس اور مالا بار ہلس علاقوں سے دستیاب ہے۔

افعال - مفرح، ہاضم، محلل، مفتح سدد، مجفف، مسخن، کاسر ریاح، مقوی معدہ، مقوی باہ، محرک باہ، مقوی و منقی رحم، دافع تعفن۔

مواقع استعمال - ضعف قلب، ضعف معدہ، قلاع الفم، اسہال کہنہ، سردرد بارد اور شقیقہ وغیرہ میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (i) قلب اور معدہ کی ضعف کو دور کرنے اور غذا کو ہضم کرنے کیلئے بطور مصالحہ مستعمل ہے۔
(ii) رحم کی رطوبات زائدہ کو خشک کرنے اور اسے تقویت دینے کیلئے زعفران کے ہمراہ بطور فرزجہ اس کو استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) منھ کی بدبو کو دور کرنے اور اسے خوشبودار بنانے کیلئے اس کو منھ میں رکھ کر چبانا مفید ہے۔
(iv) عضو مخصوص کو قوی کرنے کیلئے اس کے روغن کو بطور طلاء استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری و کثیف، میرسٹک ایسیڈ، میرسٹال، یوجی نال، آئی سو یوجی نال، کاربو ہائیڈریٹ۔

مرکبات - جوارش بسباسه، جوارش زرعونی۔

Nutrition Value Per 100gm

Energy	:475Kcal
Carbohydrate	:50.5g
Protein	:6.71g
Fat	:32.38g
Dietary fibre	:20.2g

Vitamins

Folates	:76µ
Niacin (B_3)	:1.350mg
Pyridoxine	:0.160mg
Riboflavin (B_2)	:0.448mg
Thiamine (B_1)	:0.312mg
Vitamin A	:800 IU
Vitamin C	:21mg

Minerals

Calcium	:252mg
Iron	:13.90mg
Copper	:2.467mg
Magnesium	:163mg
Manganese	:1.5mg
Phosphorus	:110mg
Zinc	:2.15mg

Electrolytes :-

Sodium	:80mg,
Potassium	:463mg

Bioactivity: Anthelmintic, Astringent, Antibacterial, Antiviral, Anticancer , Anti inflammatory, Anti diabetic, Hepato Protective, Antioxidant , Antiseptic.

Indication: Toothache, Libido, Premature ejaculation, Dysmenorrhoea, Cold, Cough & asthma, Nausea & vomiting, Flatulence, Digestive, Tract infection, Eczema, Arthritis, Rheumatism, Lumbago, Abdominal pain, Vomiting & diarrhoea, Kidney infection.

Delphinium - جَدْوَار (۷۷)

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Order	:Ranunculales.
Family	:Ranunculaceae
Genus	:Delphinium.
Species	:D. denudatum.
Binomial name	:Delphinium denudatum Wall.

نباتی نام - Delphinium denudatum Wall.
خاندان - Ranunculaceae
عربی - جدوار
فارسی - ماہ پروین
ہندی - نربسی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - جڑ
مدت حیات - ۶/سال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - تریاق سموم
مضر - محرورین کو
مصلح - تازہ دودھ
بدل - زرنباد
مقدار خوراک - ایک گرام تک

شناخت - یہ ایک پودے کی جڑ ہے جو مخروطی شکل کی گرہ دار ہوتی ہے۔ یہ بچھناک کے مشابہ، قدرے سخت، وزنی، باہر سے خاکستری اور اندر سے بنفشئی ہوتی ہے۔ اس کا مزہ تلخ ہوتا ہے۔

اقسام - (i) جدوار خطائی - یہ ختن کے کوہستان سے حاصل ہوتی ہے۔
(ii) جدوار تبتی - یہ عقربی شکل کی، اندرو باہر سے سیاہ زردی مائل ہوتی ہے۔
(iii) جدوار دکنی - یہ سیاہ رنگ کی لیکن پیسنے پر نیلی اور اس کا مزہ تلخ ہوتا ہے۔
(iv) جدوار اندلسی - اس کو انتلہ بھی کہتے ہیں۔ یہ نرم اور سیاہ رنگ کی ہوتی ہے
(v) جدوار خراسانی - یہ سفید، شیریں، خوشبودار اور مزہ کے اعتبار سے چرپری ہوتی ہے۔

حصول - ختن کے کوہستان، دکن، اندلس، نیپال اور تبت وغیرہ سے دستیاب ہے۔

افعال - دافع حمی، تریاق سموم، مقوی اعصاب، مسکن، مفرح، مقوی اعضاء رئیسہ، محلل، ملطف، مفتح، مبہی۔

مواقع استعمال - نزلہ، زکام، صرع، فالج، لقوہ، رعشہ، سدہ جگر، قولنج، ہیضہ، طاعون، خناق، عقرب گزیدہ وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) امراض بلغمیہ وعصبانیہ میں اس کو عرق گلاب میں پیس کر صبح نہار منہ پینا مفید ہے۔
(ii) امراض معدہ وجگر اور قولنج میں اس کے سفوف کو سکنجبین کے ہمراہ کھانا مفید ہے۔
(iii) زہریلے جانور کے ڈسے ہوئے مقام پر گھس کر لگانا اور الکوحل کے ہمراہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - ڈیلفی نن، اسٹیفی سیاگرین، ٹے نن، کاربوہائیڈریٹ، شکر۔

مرکبات - حب جدوار، جواہر مہرہ، خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عود صلیب والا۔

Chemical Constituents: Delphinine, Staphisagrine, Deterpene, Alkaloids– denudatine, denudatidine, delpho-curarine, condelphine, Isotalatizidine, Talatizidine, Hetisinone, delnudine, delnuline, Vilmorri anonymous, Panicutine.

Bioactivity: Antioxidant , Anti convulsant, Anti-toxic, Sedative, Analgesic, Antidote, Antifungal, Astringent.

Indication: Cough, Cold & none healing wounds, Asthma, Respiratory disorder, Poisoning (snake bite), Epilepsy, Tremors, Hysteria, Atony, Numbness, Paralysis, Piles, Toothache.

Side effect: Unknown.

Pregnancy & Lactation: Seek medical advise.

(۷۸) جُندُ بِیدَستَر – Castor Beavor

حیوانی نام	-	Castorium (Testis Resume)
عربی وفارسی	-	آش سگ آبی
سریانی	-	جند بیدستر
ہندی	-	خصیہ عود بلاؤ
ماخذ	-	حیوانی
حصص مستعملہ	-	خصیوں کی منجمد رطوبت
مدت حیات	-	۳ رسال
مزاج	-	گرم III خشک II
نفع خاص	-	تریاق سموم باردہ
مضر	-	محرورین کو
مصلح	-	روغن کدو/ کتیرا
بدل	-	عود صلیب/ مشک
مقدار خوراک	-	ایک گرام تک

Kingdom :Animalia.
Phylum :Chordata.
Class :Mammalia.
Order :Rodentia.
Family :Castoridae.
Genus :Castor.
Species :C. fiber – Eurasian beaver.
C. Canadensis – North American.
C. californicus – California.
Binomial name :Castor Canadian.
Castor fiber.
Castor California.

شناخت - یہ ایک دریائی جانور کے خصیوں کی منجمد رطوبت ہے۔ بعض اطباء کا خیال ہے کہ یہ عود بلاؤ کے خصیوں کی رطوبت ہے جو ایک تھیلی میں رالدار مادہ کی طرح بھری ہوتی ہے۔ تازہ حالت میں یہ بے بو، بے ذائقہ ہوتی ہے لیکن کچھ عرصہ بعد اس میں خوشگوار خوشبو پیدا ہو جاتی ہے۔

اقسام - رنگت کے اعتبار سے اس کی تین قسمیں ہوتی ہیں: (i) زرد (ii) سرخ اور (iii) سیاہ
زرد قسم سب سے اعلیٰ تسلیم کی جاتی ہے جو تیز خوشبودار اور جلد ٹوٹ جانے والی ہوتی ہے۔

حصول - بھارت میں عود بلاؤ اور امریکہ میں ہور نامی جانور کے خصیوں سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال - محلل، مجفف، مسخن، ملطف، مقوی اعصاب، مسکن اوجاع، کاسر ریاح، مدر بول وحیض، تریاق سموم باردہ، مقوی باہ، محرك باہ، دافع صرع، مجفف۔

مواقع استعمال - ضعف اعصاب، رعشہ، فالج، لقوہ، استرخاء، صرع، وجع المفاصل، افیون خوردہ، عقرب گذیدہ۔

ترکیب استعمال - (i) امراض بلغمیہ وعصبانیہ میں شہد اور فلفل سفید کے ہمراہ کھانا اور روغن گل میں حل کر کے ناک میں سعوط کرنا مفید ہے۔
(ii) تمام سرد زہروں کے ازالہ کیلئے پانی میں حل کر کے پینا اور مقام ماؤف پر لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - رال دار مادہ، ٹسٹی کولر ھارمون، پروٹین، شحمیات۔

مرکبات - معجون ثعلب، حب صرع، عرق مأللحم عنبری۔

Chemical Constituents: Phenols-4-ethylphenol, 1-2-dihydroxy benzene (catechol), Ketones acetophenone, 4-methyl-1,2- dihydroxy benzene (4methylcatechole), 4-methoxy acetophenone, 5- methoxy salicylic acid, Salicylaldehyde & 3 hedroxybenzoic acid.

Bioactivity: Anti pyretic, Sedative, Stimulant, Antiseptic, Antispasmodic, Anti inflammatory.

Indication: Anxiety, Colic, Eclampsia, Fever, Hernia, Insomnia, Cholera, Convulsions, Epilepsy, Flatulence, Hysteria, Menstrual disorder, Paralysis, Typhoid, Tremor, Asthma, Headache, Gout, Sciatica, Dysmenorrhoea.

Side effect: Unknown.

Pregnancy & Lactation: Avoid.

Gentian Root – جنطیانہ (۷۹)

نباتی نام	–	Gentiana lutea
خاندان	–	Gentianaceae
عربی	–	دواء الحیہ / کف الدرنب
فارسی	–	کوشاد
سریانی	–	جنطیانہ
ہندی	–	پکھان بید
ماخذ	–	نباتی
حصص مستعملہ	–	جڑ
مدت حیات	–	۳ سال
مزاج	–	گرم خشک III
نفع خاص	–	تریاق سموم
مضر	–	محرورین کو
مصلح	–	قندریون
بدل	–	اسارون / قسط
مقدار خوراک	–	۱-۳ گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Gentianales.
Family	:Gentianaceae
Genus	:Gentiana.
Species	:G . lutea.
Binomial name	:Gentiana lutea.

شناخت – یہ ایک قسم کے پودے کی گرہ دار جڑ ہے جس کا رنگ سرخی مائل ہوتا ہے۔ اس کا ذائقہ اولاً شیریں بعد میں نہایت تلخ ہو جاتا ہے۔ اس کا درخت نمناک اور سرد علاقوں میں پیدا ہوتا ہے۔

حصول – بھارت، جنوبی یورپ، روم، شام، ہندوستان کے جنطیانہ کو پکھان بید یا جنطیانہ ہندی کہتے ہیں۔ جنطیانہ رومی میں طبی افادیت زیادہ پائی جاتی ہے۔ آجکل جنطیانہ ہندی، رومی کی جگہ مستعمل ہے۔

افعال – مقوی بدن، مقوی معدہ، کاسر ریاح، مدر بول و حیض، تریاق سموم۔

مواقع استعمال – سگ گزیدہ، مار گزیدہ، عقرب گزیدہ، ضعف معدہ و مثانہ، احتباس بول و حیض وغیرہ۔

ترکیب استعمال – (i) زہر حیوانی کو دور کرنے کیلئے تریاق ثمانیہ یا اربعہ کی شکل میں کھانا مفید ہے۔
(ii) ضعف معدہ یا درد شکم کو زائل کرنے کیلئے بطور سفوف یا عرق استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) پیشاب اور حیض کو جاری کرنے کیلئے اکلاً اور حمولاً دونوں طریقوں سے مفید ہے۔

جدید تحقیقات – ٹے نک ایسڈ، کاربولک ایسڈ، البومن، گلوکوز، موم، جین ٹن، گلوکوسائیڈ، پیک ٹن، روغن فراری۔

مرکبات – تریاق اربعہ، تریاق ثمانیہ، عرق ماء اللحم عنبری بہ نسخہ کلاں۔

Chemical Constituents: Secoiridoid and iridoid, glycosides, such as gentiopicrin, Xanthones, Monoterpene, Alkaloid, Poly phenol & flavones.

Bioactivity: Anti inflammatory, Diuretic, Hepato Protective, Anti tumor, Antioxidant , Anti diabetic, Anti pyretic, Sedative, Hypnotic.

Indication: Heart burn, Vomiting, Stomach ache, Diarrhoea, Sore throat, Arthritis, Jaundice, Menorrhegia, (Menstruation over bleeding), Conjunctivitis, Vitiligo, Injuries, Infected wounds, Pain, Swelling of liver & Spleen.

Side effect: Cause headache, nausea & vomiting.

Pregnancy & Lactation: Avoid-due to occurence of abortion.

Contra Indication: Should not be used inpetients with ulcer or high blood pressure & harmful for lungs.

(۸۰) جواکھار - Pearl Ash

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Monocots.
Order	:Poales.
Family	:Poaceae
Genus	:Hordeum.
Species	:H . Vulgare.
Binomial name	:Hordeum Vulgare.

نباتی نام - Hordeum-vulgare L.

مصنوعی جواکھار - Potassium Carbonate

خاندان - Gramineae

عربی - نطرون

بنگلہ - لوچھار

ہندی - جواکھار

ماخذ - قدرتی جواکھار=نباتی
مصنوعی جواکھار=معدنی

حصص مستعملہ - نمک

مدت حیات - دیگر نمک کی طرح

مزاج - گرم II خشک III

نفع خاص - مفتت حصاۃ

مضر - طحال/امعاء کو

مصلح - کتیرا/صمغ عربی

بدل - نمک شور

مقدار خوراک - ایک گرام تک

شناخت - یہ ایک مشہور پودا ''جو'' کا نمک ہے جسے اطباء ایک ترکیب خاص کے ذریعہ اس کے مسلم پودے کو جلا کر حاصل کرتے ہیں۔ مصنوعی طور پر یہ پوٹاشیم سلفیٹ، کیلشیم کاربونیٹ اور کاربن کو حرارت دے کر تیار کیا جاتا ہے۔ اس کا مزہ تلخی مائل کھاری اور رنگ سفید سرخی مائل ہوتا ہے۔

حصول - ہندوستان کے تمام میدانی علاقوں سے اس کا پودا حاصل کیا جاتا ہے۔

افعال - مدر بول وحیض، مفتت حصاۃ گردہ ومثانہ، مقوی معدہ، ہاضم، مخرج بلغم، منقی، مسہل۔

مواقع استعمال - احتباس بول، یرقان، ضعف معدہ، کھانسی، دمہ، تخمہ اور بدہضمی وغیرہ میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (i) یرقان، احتباس بول اور سنگ گردہ ومثانہ میں پتھریوں کو توڑ کر خارج کرنے کیلئے تنہا یا دیگر مناسب ادویہ کے ہمراہ بطور سفوف مفید ہے۔
(ii) معدہ کو تقویت دینے، غذا کو ہضم کرنے اور بدہضمی کو دور کرنے کیلئے بطور چورن مستعمل ہے
(iii) بلغم کو خارج کرنے، تخمہ کو دور کرنے اور قے لانے کیلئے ایک ہی بار میں زیادہ مقدار میں کھانے سے قے آ کر معدہ صاف ہو جاتا ہے۔

جدید تحقیقات - وٹامن A، ڈی، پوٹاشیم سلفیٹ، کیلشیم کاربونیٹ، کاربن۔

مرکبات - سفوف مدر حیض، سفوف طحال، حب ضیق النفس۔

Bioactivity: Carminative, Digestive, Stimulant, Corrosive, Diuretic.
Indication: Urinary diseases, Abdominal pain, Ascites, Urinary calculi, Heart diseases, Anaemia, IBS, Spleenomegaly, Constipation, Piles.
Side effect: Higher dose, It may cause burning sensation, skin, Eye & Respiratory irritations.

Scientific name	:Potassium Carbonate (artificial pearl ash).
IUPAC name	:Potassium Carbonate.
Other Name	:Carbonate of potash.
Chemical formula	:K_2Co_3.
Molar mass	:138.205g/mol.
Appearance	:White, solid .
Density	:2.43g/cm^3.
Melting point	:891°C.
Boiling point	:Decomposes.
PH	:11.6(aqueous solution)

(۸۱) جوزبوا (جائفل) - Nutmeg

Kingdom	:Plantae.
Division	:Magnoliophyta.
Class	:Magnoliopsida.
Order	:Magnoliales.
Family	:Myristicaceae.
Genus	:Myristica .
Species	:Myristica fragrans Houtt.
Binomial name	:Myristica fragrans.

نباتی نام - Myristica Fragrans Houtt.
خاندان - Myristicaceae
عربی - جوزالطیب
فارسی - جوزبوا
ہندی - جائفل
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھل
مدت حیات - ۳۰ سال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مقوی معدہ
مضر - ریہ وجگر کیلئے
مصلح - کشنیز/شہد
بدل - جاوتری
مقدار خوراک - ایک گرام تک

شناخت - یہ ایک مشہور بیضاوی شکل کا پھل ہے جس کا رنگ باہر سے بھورا خاکی مائل اور اندر سے سرخی خاکی مائل ہوتا ہے۔ اس کا مزہ تلخی مائل چرپرا وخوشگوار ہوتا ہے اور اس کی بو تیز وخوشبودار ہوتی ہے۔

حصول - جاوا، سماٹرا، مڈغاسکر، سنگاپور، چین، مالابار ہلس، کرناٹک، مدراس وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال - مفرح ومقوی قلب، مطیب دہن، مقوی باہ، مخدر، کاسر ریاح، مقوی معدہ۔

مواقع استعمال - درد شکم، نفخ شکم، اسہال، ضعف معدہ، فالج، لقوہ، سرعت انزال، وجع المفاصل وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) قلب اور باہ کے ضعف کو دور کرنے کیلئے بطور معجون اس کا استعمال مفید ہے۔
(ii) معدہ کی کمزوریوں کو دور کرنے اور غذا کو ہضم کرنے کیلئے بطور مصالحہ اسکا استعمال مفید ہے۔
(iii) امراض باردہ میں اس کے روغن کو تل کے تیل میں ملا کر مالش کرنا مفید ہے۔
(iv) منھ کی بدبو کو دور کرنے اور اسے خوشبودار بنانے کیلئے منھ میں رکھ کر چبانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، پروٹیڈس، شحم، نشاستہ، لعابی مادہ، مرسٹین، مرسٹک ایسڈ۔

مرکبات - جوارش عود شیریں، معجون چوب چینی۔

Chemical Constituents: β-Pipene, α-Terpinene, Safrole, Methyle Eugenol, Myristicin, Elemicin, Trimyristin, Dihydro disoeugeneol, Myristic acid, Epicatechin, Cyanadin, Nectandrin B, Verrucosin, ignans & Neolignans.

Bioactivity: Aphrodisiac, Appetizer, Absorbent, Stimulant, Carminative, Anti convulsant, Anxiolytic,Antibacterial, Antidepressant.

Indication: Headache (external application), Cough, Cold, Asthma, IBS (irritable bowel syndrome), Diarrhoea, Throat pain, Diabetes, Urinary tract infection, Intestinal worm infestation, Nausea & Vomiting, Epilepsy.

Side effect: Not Known.

Pregnancy & Lactation: Safe but not very high dose.

(۸۲) جوز ماثل (دھتورہ) – Thorn apple/Datura

Kingdom	:Plantae.
Division	:Magnoliophyta.
Class	:Magnoliopsida.
Order	:Solanales.
Family	:Solanaceae.
Genus	:Datura.
Species	:D . Stramonium.
Binomial name	:Datura Stramonium.

نباتی نام - Datura Stramonium L.

خاندان - Solanaceae

عربی - جوز ماثل/جوز آفت

فارسی - تاتورہ/گوز ماثل

ہندی - دھتورہ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پتے/تخم

مدت حیات - پتے ۶ ماہ، تخم ایک سال

مزاج - سرد خشک IV

نفع خاص - دافع تشنج

مضر - دوائے مسکی

مصلح - فلفل سیاہ

بدل - افیون

مقدار خوراک - ۲۵ ملی گرام

شناخت - یہ ایک مشہور پودا ہے جو بیگن کے پودے کے برابر یا اس سے بڑا ہوتا ہے۔اس کے پتے بیگن کے پتوں سے مشابہ اور پھل گول اور آخروٹ سے بڑا ہوتا ہے۔اس کی پوری گولائی میں بکثرت کانٹے ہوتے ہیں۔جو خام حالت میں نرم اور پختہ ہونے پر سخت نوکیلے ہو جاتے ہیں۔پھل کے اندر تخم بھرے ہوتے ہیں جو چپٹے اور مسور کے دانے کے برابر ہوتے ہیں۔

اقسام - اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں جن میں تین مشہور ہیں۔ (۱) البا (۲) میٹل (۳) اسٹرامونیم۔

حصول - بھارت کے تمام علاقوں سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال - مسکن، مخدر، دافع تشنج، دافع حمیات بلغمیہ، محرک دماغ، مولد سکر و ہذیان، دافع سعال بلغمی۔

مواقع استعمال - وجع المفاصل، نقرس، درد پہلو، دردسر، دمہ، کھانسی، نزلہ، زکام، بخار وغیرہ میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (i) امراض مفاصل اور دیگر دردوں میں اس کے روغن سے مالش کرنا مفید ہے۔

(ii) دمہ اور کھانسی کے دوروں کو دور کرنے کیلئے اس کے پتوں کی دھونی لینا یا چلم یا حقہ میں تمباکو کی جگہ رکھ کر کش کھینچنا مفید ہے۔

(iii) بخار و بلغمی کھانسی میں اسکے تخموں کو مناسب ادویہ کے ہمراہ گولی بنا کر استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - داتورین، داتوروپن، ہائیوسین، ہائیوسیامن، ایٹروپن، کلوروجینک ایسڈ، روغن فراری، بلاڈونا۔

مرکبات - معجون لنا، حب شفاء، دوائے تاتورہ، روغن ہفت برگ۔

Chemical Constituents: Tropane, Atropine, Scopolamine, Hyoscyamine (Poison).

Bioactivity: Analgesic, Sedative, Anti asthmatic, Antispasmodic, Hypnotic & narcotic.

Indication: Asthma, Motion sickness, Nausea & dizziness.

Seeds use Externally- Fistula, Abcesses.

Seeds oil used- Baldness & stimulate growth of hair.

Leaves used- Headache (infusion use arthritis & Gout).

Common Name : Datura, Thorn apple, Jimson Weed.

Side effect: Increases heartbeat, Cardiac arrest, Amnesia, Nausea, Giddiness, Confusion, hyperthermia & harmful for eyes.

(۸۳) چاکسو (بَن کُلتھی) - Chaksu

نباتی نام	- Cassia absus Linn
خاندان	- Leguminosae
عربی	- چشمیزج
فارسی	- چشام
بنگلہ	- بن کلتھی
ماخذ	- نباتی
حصص مستعملہ	- تخم
مدت حیات	- ۲ رسال
مزاج	- گرم خشک II
نفع خاص	- امراض چشم
مضر	- محرورین کو
مصلح	- عرق گلاب
بدل	- طوطیا کرمانی
مقدار خوراک	- ایک گرام تک

Kingdom	:Plantae.
Division	:Magnoliophyta.
Class	:Magnoliopsida.
Order	:Fabales.
Sub-Family	:Caespalpinioideae.
Family	:Fabaceae(Caesalpiniaceae).
Genus	:Cassia .
Species	:Absus.
Binomial name	:Cassia Absus.

کاپی رائٹ محیی حکیم شکیب احمد

تخم

شناخت - یہ ایک پودے کا تخم ہے جو ۲ سے ۳ سینٹی میٹر لمبی پھلیوں کے اندر سے ۵ سے ٦ کی تعداد میں برآمد ہوتا ہے۔ یہ بہی دانہ کے برابر مثلث نما، سیاہ رنگ کا چکنا اور چمکدار ہوتا ہے جس کا چھلکا اتارنے کے بعد اندر سے سفید مغز نکلتا ہے۔ یہ عموماً جوار، باجرہ اور مکئی کے کھیتوں میں خودرو پیدا ہوتا ہے۔

حصول - ہندوستان، پاکستان، افغانستان اور ایران۔

افعال - مقوی قوت باصرہ، جالی، حابس الدم، قابض شدید، محلل اورام، مصفی خون، دافع تعفن۔

مواقع استعمال - ضعف بصارت، جرب الاجفان، جالہ، بول الدم کلوی، بواسیر خونی، جذام، پھوڑے اور پھنسی۔

ترکیب استعمال - (i) امراض چشم اور ضعف بصارت کو دور کرنے کیلئے بطور سرمہ آنکھوں میں لگانا مفید ہے۔

(ii) بول الدم کلوی کو دور کرنے کیلئے صندل سفید کے ہمراہ اس کا زلال پینا مفید ہے۔

(iii) بواسیر خونی کو دور کرنے کیلئے رسوت کے ہمراہ اس کو پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولی بنا کر صبح اور شام ایک ایک عدد کھانا مفید ہے۔

(iv) جذام، پھوڑے اور پھنسیوں کو دور کرنے کیلئے اس کا خیشاندہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - آئرن، وٹامن اے، مینگنیز، آنیو چاکسین، چاکسین۔

مرکبات - شیاف ظفرہ، حب مصفی خون بہ نسخہ کلاں، حب سرخ بادہ۔

Chemical Constituents: Chaksine, Isochaksine, Emodin, (Laxative).

Leaves Quercetin, Rutin.

Root Chaksine, Isochaksine.

Seed Beta Sitosterol, Hydnocarpin, Apigenin, Raffinose.

Chaksine stimulates contraction of plain muscles, like uterus, intestine, bladder and muscles in the blood vessels.

Bioactivity: Antidote, Anthelmintic, Carminative, Diuretic, Astringent, Detoxicant, Expectorant, Stimulant, Haematinic, Antibacterial, Antimicrobial.

Indication: Snakebite, Anaemia, Blood impurity, Trachoma, Conjunctivitis, Cough, Asthma, Bronchitis, Glaucoma, Dysentery, Diarrhoea, Constipation, Headache, Dry eyes, blurred vision, Eye diseases, Leucoderma, Ulcers, Tumors, Externally used – as a paste for wound healing & dadru (Ring worm).

Side effect: Long term use & large doses may cause intestinal melanosis, irregular menstruation in female.

Chirata – چرائتہ (۸۴)

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Gentianales.
Family	:Gentianaceae.
Genus	:Swertia.
Species	:S . Chirata.
Binomial name	:Swertia Chirata.
Synonym	:Gentiana Chirata .

نباتی نام - Swertia Chirata Buch. Ham.

خاندان - Gentianaceae

عربی - قصبة الزريره

ہندی - چریتا

بنگلہ - چرُتا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - مسلم پودا

مدت حیات - ۲رسال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مصفی خون

مضر - امراض گردہ میں

مصلح - افتیمون

بدل - سرپھوکہ

مقدار خوراک - ۵-۷ گرام

شناخت - یہ گہرے سبز رنگ کی کھوکھلی اور گرہ دار نبات ہے جو ایک سے پانچ فٹ تک بلند ہوتا ہے۔اس کی ہر گرہ سے دوشاخیں نکلتی ہیں۔اس کا تنہ نیچے سے گول،اوپر سے کسی قدر چار پہلو اور شاخدار ہوتا ہے۔اس کے پتے ایک دوسرے کے مقابل اور نوکدار ہوتے ہیں۔اس کا ہر جز تلخ ہوتا ہے۔

اقسام - (ا) چرائتہ شیریں (۲) چرائتہ تلخ (چرائتہ شیریں میٹھا نہیں ہوتا بلکہ مقابلتاً کم تلخ ہوتا ہے۔)

حصول - مدھیہ پردیش،جنوبی بھارت،کشمیر سے بھوٹان تک،پاکستان،ایران۔

افعال - مصفی خون،محلل اورام،دافع حمی،قاتل دیدان،مدر بول،مقوی معدہ وجگر،کاسر ریاح،مجفف۔

مواقع استعمال - جذام،آتشک،بثور، خارش، بخار،کرم شکم،اسہال،سوء ہضم،نفخ شکم،تقطیر البول وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) امراض جلدیہ میں اس کا خیساندہ پینا مفید ہے۔

(ii) موسمی بخاروں کو دور کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

(iii) پیٹ کے کیڑوں کو مارنے کیلئے اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔

(iv) امراض معدہ وجگر میں اسکو دیگر مناسب ادویہ کے ہمراہ بطور سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔

(v) کپڑوں کو کیڑوں سے محفوظ رکھنے کیلئے کپڑوں کے درمیان اسے رکھنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - گلوکوسائیڈ،پوٹاشیم فاسفیٹ،پوٹاشیم کاربونیٹ،کیلشیم،کیپلک ایسڈ،گوند،رالدار مالدہ۔

مرکبات - جوارش جالینوس،نقوع شاہترہ،معجون مصفی خون،عرق مصفی خون۔

Chemical Constituents: Folic acid, Glucosides, Ophelicacid, Amarogentin, Gentipicrin, Isobellicifolin, Decussation, Chiratol, Sweachirin, 7-0 methylswertianin, Mangiferin, Swertianin, Chiranin, Enicoflavin, Geneianine, Episwertenol, β-sitosterol.

Bioactivity: Anthelmintic, Anti diabetic, Anti inflammatory, Antimicrobial , Anti pyretic, Diaphoretic, Anti asthmatic, Anti diarrheal, Antimalarial, Anti oxidant, Appetizer, Laxative, Nutritive.

Indication: Skin diseases, Anorexia, Vomiting, Gout, Acid reflux, Acne, Arthritis, Bronchitis, Cough, Cold, Asthma, Blood disorder, Burns, Chest pain, Constipation, Dengu, Diarrhoea, Cholera, Diabetes, Edema, Fatigue, Hay fever, Hysteria, Jaundice, Leucoderma, Lung cancer, Piles, Malencholia, Malaria, Scabies, Typhoid, Intestinal worms.

Side effect: Avoid in gastric or duodenal ulcers and diabetic patients because it lowers blood sugar levels.

Pregnancy & Lactation: Avoid.

(۸۵) چوب چینی – China Root

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Monocots.
Order	:Liliales.
Family	:Smilacaceae.
Genus	:Smilax.
Species	:S . China.
Binomial name	:Smilax China L.

نباتی نام – Smilax China linn.
خاندان – Liliaceae
عربی – خشب السینی
فارسی – چوب چینی
ماخذ – نباتی
حصص مستعملہ – جڑ
مدت حیات – ۱۰ سال
مزاج – مرکب قوی
نفع خاص – دافع امراض سوداویہ
مضر – محرورین کیلئے
مصلح – عناب ولایتی
بدل – عشبہ مغربی
مقدار خوراک – ۵-۷ گرام

شناخت – یہ ایک نبات کی جڑ ہے جو سرخ اور گلابی رنگ کی ہوتی ہے۔اس کا ذائقہ تازہ حالت میں شیریں اور خشک حالت میں پھیکا ہوتا ہے۔اس میں کوئی بو نہیں ہوتی۔

حصول – چین، جاپان، آسام اور بنگال میں سلہٹ کے پہاڑ۔(سب سے عمدہ چین کی ہوتی ہے۔)

افعال – تازہ=منوم، مسکن
خشک=مصفی خون، مفتح سدد، ملطف، مجفف، محلل، معرق، مقوی باہ و اعضاء رئیسہ، مدر بول و حیض

مواقع استعمال – بے خوابی، جذام، آتشک، جرب، قوبا، قروح خبیثہ، شقیقہ، صداع مزمنہ، نزلہ، زکام، حمی ربع جنون، مالیخولیا، فالج، رعشہ، استسقاء لحمی، بواسیر، سلسل البول، احتباس حیض، اسہال بواسیری۔

ترکیب استعمال – (i) نیند لانے اور تسکین دینے کیلئے اس کی تازہ جڑوں کا جوشاندہ پینا یا ضماد کرنا مفید ہے۔
(ii) امراض مزمنہ، سوداویہ و دمویہ میں تصفیہ خون کیلئے اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) امراض خبیثہ، قروح گردہ و مثانہ اور بواسیر کو دور کرنے کیلئے اس کا عرق پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – گلوکوسائیڈ، منگنیز، گوند، نشاشتہ، شکر، Saponin

مرکبات – شربت مرکب مصفی خون، معجون چوب چینی، مرہم آتشک، عرق چوب چینی بہ نسخہ خاص۔

Chemical Constituents: Aromadendrin, Cinchonain, Engeletin, Flavonoids, Glycosides, Kaempferol, Resins, Saponins, Starch, Tannins, β-sitosterol, Daucosterol, Fat, Glucosides, Rutin, Sitosterol, Sugar, Vanillic acid.

Bioactivity: Alterative, Anti arthritic, Anti asthmatic, Anti bilious, Anti flatulent, Anti gout, Anti paralytic, Anti pyretic, Aphrodisiac, Carminative, Demulcent, Deobstruent, Desiccative, Diaphoretic, Diuretic, Emenagogue, Hepato Protective, Immuno Stimulant, Sedative, Stomachic.

Indication: Insomnia, retention of urine, dropsy, Eczema, Headache, Migrane, Bilious fever, Arthritis, Renal obstruction, Seminal weakness, Pruritis, Bleeding piles, Epilepsy, Syphilis, Rheumatism, Leprosy, Diarrhoea, Melancholia, Paralysis .

Side effect: Nausea & Vomiting.

Pregnancy & Lactation: Avoid.

(۸۶) چوب زرد (ہلدی) – Turmeric

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Monocots.
Order	: Zingiberales.
Family	: Zingiberaceae.
Genus	: Curcuma.
Species	: C . longa.
Binomial name	: Curcuma longa.

نباتی نام – Curcuma longa L
خاندان – Zingiberaceae
عربی – عروق اصفر
فارسی – چوب زرد
ہندی – ہلدی
بنگلہ – ہولُد
ماخذ – نباتی
حصص مستعملہ – جڑ
مدت حیات – ۵ سال
مزاج – گرم خشک III
نفع خاص – محلل اورام
مضر – قلب کیلئے
مصلح – آب لیموں
بدل – مجیٹھ
مقدار خوراک – ۱-۳ گرام

خشک چوب زرد

شناخت – یہ ایک پودے کی گرہ دار جڑ ہے جو دراصل زمین کے اندر تنہ کہلاتی ہے۔اس کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ اس کا پودا نصف میٹر تک بلند ہوتا ہے۔جس کی شاخوں پر پتے گچھوں کی شکل میں لگتے ہیں۔

حصول – دنیا کے تمام گرم ممالک خصوصاً جنوبی ایشیا اور بھارت۔

افعال – مخرج بلغم، مفتح عروق، مجفف قروح، محلل اورام، قاتل کرم شکم، مسکن اوجاع، مصفی خون، جالی، مقوی اعصاب، محسن لون۔

مواقع استعمال – کھانسی، دمہ، یرقان سدی، استسقاء، ضرب وسقطہ، بیاض چشم وغیرہ۔

ترکیب استعمال –
(i) کھانسی اور دمہ میں اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) جلد کے رنگ کو نکھارنے کیلئے بطور ابٹن استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) یرقان سدی اور استسقاء کو دور کرنے کیلئے بطور نقوع استعمال کرنا مفید ہے۔
(iv) ضرب وسقطہ میں اس کو نیم بریاں کر کے بطور سفوف دودھ کے ہمراہ کھانا مفید ہے۔
(v) کیڑے پڑے زخم کو دور کرنے کیلئے اس کے سفوف کو زخموں پر چھڑکنا مفید ہے۔
(vi) امراض چشم، جرب وبیاض چشم میں اکتحالاً مفید ہے۔

جدید تحقیقات – روغن فراری، روغن کثیف، کرکین (جوہرہ مؤثرہ)

مرکبات – سفوف دمہ ہلدی والا۔

Chemical Constituents: Curcumin (main constituents),the component of volatile oil are mono & sesquiter penes like α & β pinene, α-Phellandrene, Camphor, Camphene, Zingiberene, alpha & beta curcumenes, curcuma amada is a common substitute.

Bioactivity: Anti cancer, Antimicrobial, Anti inflammatory, Anti oxidant, Insecticidal, Nematocidal, Anti aging, Anti coagulant, Anti diabetic, Anti bacterial, Hepato protective, Expectorant, Antimutagenic, Anti diarrhoeal, Anti asthmatic, Anthelmintic, Chemo protective, Anti allergic, Anti dermatophytic.

Indication: Flatulence, Hepatitis, Cystic fibrosis, arthritis, Rheumatism, Diabetes, Cough, Bronchitis, Rhinitis, Sore throat.

Topically use: Psoriasis, Ulcers, Scabies, Breast cancer.

Infertility: It might lower testosterone levels and decrease sperm movement when taken by mouth.

Side effects : Externally safe, orally avoid, higher dose, may cause nausea, stomach upset, dizziness & diarrhoea.

Pregnancy & Lactation: Unknown/orally avoid.

(۸۷) حب الآس (تخم مورد) – Myrtle

نباتی نام	-	Myrtus communis linn.
خاندان	-	Myrtaceae
عربی	-	حب الآس
فارسی	-	تخم مورد
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	برگ، تخم
مدت حیات	-	۱-۳ رسال
مزاج	-	سرد I خشک II
نفع خاص	-	حابس الدم
مضر	-	مصدع
مصلح	-	رسوت زرد
بدل	-	بیخ انجبار
مقدار خوراک	-	۳-۵ گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Myrtales.
Family	:Myrtaceae.
Genus	:Myrtus.
Species	:M . Communis.
Binomial name	:Myrtus Communis.

شناخت - یہ آس نامی درخت کے تخم ہیں جو گول مرچ کے برابر، گول اور چکنے ہوتے ہیں۔ان تخموں کے اندر سفید مغز نکلتا ہے جس کا مزہ شیریں قدرے تلخی مائل ہوتا ہے۔یہ تخم اس درخت کے پھلیوں سے ۸-۹ کی تعداد میں برآمد ہوتے ہیں جو حب الآس کے نام سے موسوم ہیں۔اس درخت کے پتے چھوٹے، نوکدار، نرم اور سبز رنگ کے ہوتے ہیں۔جن کو ورق الآس کہا جاتا ہے۔

حصول - دہرہ دون کے بوٹانیکل گارڈن میں اس کی کاشت ہوتی ہے۔

افعال - تخم = حابس الدم، مقوی معدہ، قابض، مجفف رطوبات،
برگ = مسود و مقوی شعر، مقوی قلب بالخاصہ، دافع تعفن، مسکن۔

مواقع استعمال - جریان خون، اسہال، ضعف معدہ، سردرد، ضعف قلب، خفقان وغیرہ

ترکیب استعمال - (i) جسم کے کسی بھی عضو کے سیلان خون کو روکنے اور اسہال یا دستوں کو بند کرنے کیلئے اس کے تخموں کے سفوف کو استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) سر کے درد کو دور کرنے اور جلے ہوئے مقام کو تسکین دینے کیلئے اس کے پتوں کو پیس کر مقام ماؤف پر ضماد کرنا مفید ہے۔
(iii) قلب کو تقویت دینے اور خفقان کو دور کرنے کیلئے اسکے تخموں کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(iv) بالوں کو تقویت دینے اور اسکی سیاہی کو برقرار رکھنے کیلئے اسکا روغن یا خضاب لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن کثیف، رالدار مادہ، ٹے نن، سائیٹرک ایسیڈ، کاربوہائیڈریٹ۔

مرکبات - شربت حب الآس۔

Chemical Constituents: Tannins, Flavonoids, Coumarins, Essential oil, Fixed oil, Fibres, Sugars, Citric acid, Malic acid, Glycerides of oleic, Linoleic, Myristic, Palmitic, Linolenic & Lauric acid.

Bioactivity: Anti oxidant, Antiseptic, Astringent, Antibacterial, Antimicrobial, Carminative, Emmena gogue, Demulcent, Antimutagenic,Dessicant, Analgesic, Haemostatics, Antiemetic, Lithotriptic, Diuretic,Anti inflammatory, Stomachic, Nephro proctective, Antidiabetic, Antidiaphoretic, Antidote, laxative, Hypoglycemic.

Indication: Gastric ulcer, Diarrhoea, Dysentery, Vomiting, Constipation, Rheumatism, Haemorrhages, Deep sinuses, Leucorrhoea.

Side effects : It may cause asthma & lung failure, nausea, vomiting,diarrhoea, low blood pressure.

(۸۸) حب السلاطین (جمالگوٹہ) – Croton

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Malpighiales.
Family	:Euphorbiaceae.
Genus	:Croton.
Species	:C . tiglium.
Binomial name	:Croton tiglium.

حب السلاطین کا تخم

نباتی نام – Croton tiglium L.

خاندان – Euphorbiaceae

عربی – حب السلاطین

فارسی – تخم بیدانجیر خطائی

ہندی – جمال گوٹہ

ماخذ – نباتی

حصص مستعملہ – مغز جمالگوٹہ

مدت حیات – ۳ر سال

مزاج – گرم خشک IV

نفع خاص – مسہل بلغم وسودا

مضر – مروڑ پیدا کرتا ہے۔

مصلح – گھی/دودھ

بدل – حب النیل

مقدار خوراک – ۵۰۰ ملی گرام

شناخت – یہ ایک پودے کا تخم ہے جو ریٹھی کے مانند گھنڈی دار پھل سے ۴-۵ کی تعداد میں برآمد ہوتا ہے۔ یہ خاکستری رنگ کا کسی قدر بیضوی ہوتا ہے۔ اسکے اندر دو دالیں ہوتی ہیں جن کے درمیان پان کی شکل کا ایک چھوٹا سا پتہ ہوتا ہے جو سمی اثر رکھتا ہے اسے نکال دینے سے جمالگوٹہ مدبر ہو جاتا ہے۔

حصول – یو پی، آسام، بنگلہ دیش، سری لنکا، مالابار ساحل، چین، مجمع الجزائر الہند۔

افعال – مسہل قوی، منفط (آبلہ انگیز)، دافع امراض بلغمیہ وسوداویہ۔

مواقع استعمال – آتشک، جذام، سکتہ*، داد، گنج، برص، وجع المفاصل، استسقاء، نقرس، درد کمر وغیرہ۔

ترکیب استعمال – (i) امراض بلغمیہ وسوداویہ میں فاسد خلطوں کے اخراج کیلئے اسکے مغز کا استعمال مفید ہے۔

(ii) داد، گنج، برص اور وجع المفاصل میں آبلہ ڈال کر رطوبت کو خارج کرنے کیلئے بیرونی طور پر اس کے روغن کو بطور طلاء استعمال کرنا مفید ہے۔

(iii) مادہ آتشک کو خارج کرنے، سدوں کو کھولنے، استسقاء، نقرس اور کمر کے درد میں بلغمی مادہ کو خارج کرنے کیلئے اس کے مدبر مغز کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – روغن فراری، کروٹونک ایسڈ، روغن کثیف، ٹگلینک ایسڈ، کروٹونولک ایسڈ، کروٹونول، مواد شحمیہ۔

مرکبات – روغن جمالگوٹہ

* سکتہ: بطون دماغ ومجاری روح میں سدہ پڑ جاتا ہے جس سے حس وحرکت باطل ہو جاتی ہے لیکن حرکت قلب وتنفس دقت کے ساتھ جاری رہتی ہے جس کو انگریزی میں Apoplexy کہتے ہیں۔

Chemical Constituents: Crotonoleic acid, Glyceryl crotonate, Crotonic acid, Crotonic resin & various carcinogenic phorbol.

Main components – Linoleic acid, Oleic acid, Eicosenoic acid.

Bioactivity: Purgative, Intestinal irritant.

Indication: Persistent & obstinate constipation. External use – Hemorrhoids, Skin tags, Abscess.

(In hemorrhoids, Croton roots are used in form)

Side effects : Severe abdominal cramps, burning sensation in mouth, Dizziness, vomiting.

Externally :- not use in fissure cuts, bleeding piles & fistula.

Pregnancy & Lactation: Not use.

(۸۹) حب الغار - Laurel

نباتی نام	-	Laurus nobilis linn
خاندان	-	Lauraceae
عربی	-	حب الغار
فارسی	-	دہمشت
ہندی	-	باز
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	پھل، تخم، چھال
مدت حیات	-	۴ ؍سال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	محرک اعصاب
مضر	-	مرخی معدہ
مصلح	-	زرشک
بدل	-	حب الزلم
مقدار خوراک	-	۳-۵ گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Magnoliids.
Order	:Laurales.
Family	:Lauraceae.
Genus	:Laurus.
Species	:L . nobilis.
Binomial name	:Laurus nobilis.

حب الغار کا پھل

شناخت - یہ غار نامی درخت کا پھل ہے جو بکائن کے پھل کی طرح سیاہی مائل بادامی رنگ کا ہوتا ہے۔اس پھل کا چھلکا اس قدر باریک ہوتا ہے کہ ہاتھوں میں رکھ کر دبانے سے ریزہ ریزہ ہوجاتا ہے۔ اس درخت کے پتے سبز رنگ کے بڑے اور دندانے دار ہوتے ہیں جن کو مَل کر سونگھنے سے بادام جیسی خوشبو آتی ہے۔اس درخت کی عمر ہزار سال سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔

حصول - ایشیائے کوچک، جنوبی اور مشرقی یورپ، برطانیہ۔

افعال - محرک، مقوی باہ، محلل اورام، مسکن اوجاع، مخرج بلغم، تریاق سموم ثلاثہ، مدر حیض، مفتت حصاۃ۔

مواقع استعمال - عرق النساء، وجع المفاصل، لقوہ، نقرس، فالج، دمہ، کھانسی، احتباس حیض، سنگ گردہ ومثانہ۔

ترکیب استعمال -
(i) امراض باردہ اور امراض مفاصل میں اس کے جوشاندہ کو پینا مفید ہے۔
(ii) ورموں کو تحلیل کرنے اور درد کو تسکین دینے کیلئے اس کے تخموں کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(iii) گردہ ومثانہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرنے کیلئے اس کی چھال کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(iv) دمہ اور کھانسی کو دور کرنے کیلئے اس کو دیگر مناسب ادویہ کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - ہائیڈروسائنک ایسڈ، روغن کثیف، آیوڈین، کاربوہائیڈریٹ۔

مرکبات - تریاق اربعہ (حیدرآباد کمپنی)، روغن حب الغار (یوروپی ممالک)۔

Chemical Constituents: 1,8-Cineole (eucalyptol), Terpenes, Terpinyl acetate, Sesquiterpenes, Methyleugenol, α- & β- Pinenes, Phellandrene, Linalool, Geraniol, Terpineol, Lauric acid.

Bioactivity: Antifungal, Antioxidant, Antidiabetic, Antibacterial, Antimicrobial, Analgesic, Anti inflammatory, Antitumor.

Indication: Colic, Renal diseases, Stomach disorder, Flu, Bronchitis, Migraine, Cough.

Externally – Rheumatic ailments, Muscular pain, Joint pain .

Side effects : The essential oil has very mild narcotic.

(۹۰) حب القرطم - Safflower

نباتی نام	- Carthamus tinctorius L.
خاندان	- Compositae
عربی	- قرطم
فارسی	- گل معصفر/ خسک دانه
بنگلہ	- کسم
ماخذ	- نباتی
حصص مستعملہ	- تخم
مدت حیات	- ایک سال
مزاج	- گرم II خشک I
نفع خاص	- مدر بول وحیض
مضر	- معدہ کو
مصلح	- انیسون
بدل	- برنج ساٹھی
مقدار خوراک	- ۵-۷ گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Asterales.
Family	:Asteraceae.
Genus	:Carthamus.
Species	:C . tinctorius.
Binomial name	:Carthamus tinctorius.

شناخت - یہ ایک نبات کے تخم ہیں جو ایک غلاف دار پھل کے اندر سے ۸ سے ۱۰ کی تعداد میں برآمد ہوتے ہیں۔ یہ کسی قدر مخروطی، چپٹے، چہار گوشہ اور سفید رنگ کے ہوتے ہیں۔ ان کو توڑنے پر اندر سے سفید اور چکنا مغز نکلتا ہے۔ اس کے پودے میں خاردار سرخ وزعفرانی رنگ کے پھول لگتے ہیں جن کو گل معصفر کہتے ہیں۔ یہ کپڑا رنگنے کے کام آتا ہے۔

حصول - پنجاب، یوپی، بہار اور شمالی بھارت۔

افعال - مقوی باہ، مولد منی، منضج و مسہل بلغم، مدر حیض، منفث بلغم، مصفی خون، مصفی صوت، ملطف۔

مواقع استعمال - دمہ، کھانسی، جذام، جرب دحکہ، مالیخولیا، خفقان، احتباس حیض، قلت منی وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) آواز کو صاف کرنے اور دمہ و کھانسی کو دور کرنے کیلئے اس کے سفوف کو شہد کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔

(ii) خون کو صاف کرنے اور جلدی وسوداوی امراض کو دور کرنے کیلئے اس کو کھانا مفید ہے۔

(iii) بند حیض کو جاری کرنے کیلئے تنہا یا دیگر مناسب ادویہ کے ہمراہ اس کا سفوف کھانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - کارتھامن، سیلولوز، البومن، مینگنیز، آئرن، روغن کثیف، روغن فراری۔

مرکبات - معجون چوب چینی بہ نسخہ خاص، معجون قرطم، عرق ماءاللحم عنبری بہ نسخہ کلاں، سفوف دارچینی والا۔

Chemical Constituents: Carthamidin, Isocarthamidin, Hydroxy safflorуellow A, Safflorуellow A, Safflalamin C & luteolin.

Bioactivity: Purgative, Analgesic, Antipyretic, Antidote, Antioxidant, Anti inflammatory, Antidiabetic, Peripheral neuritis.

Indication: Antidote to poisoning, Dysmenorrhoea, Post partum hemorrhage, Osteoporosis, varicose veins (soaking the foot twice a day with decoction of seed), Poor blood circulation, legs & feet numbmess or bruising, acne, arthritis, Diabetes, hair loss (seed oil).

Side effects : Possibly safe.

Pregnancy & Lactation: Avoid – It can bring on menstrual periods, make the uterus contract and cause miscarriages.

(۹۱) حب القلت (کُلتھی) – Horse Gram

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Fabales.
Family	:Fabaceae.
Genus	:Dolichos.
Species	:D . biflorus.
Binomial name	:Dolichos biflorus.

نباتی نام – Dolichos biflorus L.

خاندان – Leguminosae

عربی – حب القلت

فارسی – سنگ شکن

ہندی – کھرتی

ماخذ – نباتی

حصص مستعملہ – تخم

مدت حیات – ۲ سال

مزاج – گرم III خشک II

نفع خاص – مفتت حصاۃ

مضر – امراض ریہ کو

مصلح – شہد خالص

بدل – تخم کتاں

مقدار خوراک – ۳-۵ گرام

خشک حب القلت

شناخت – یہ ایک قسم کی دال ہے۔جس کا پودا تقریباً ڈیڑھ سے دو فٹ بلند ہوتا ہے۔اسکے پتے ارد کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں لیکن تین تین پتے ایک ساتھ جڑے ہوتے ہیں۔اس پودے میں ایک سے دو انچ لمبی پھلی لگتی ہے جو ٹیڑھی، چپٹی اور روئیں دار ہوتی ہے۔جس سے بھورے رنگ کے ۶-۷ تخم برآمد ہوتے ہیں۔جو گول اور دانہ مسور سے چھوٹے ہوتے ہیں۔یہ گھوڑوں کی مرغوب غذا ہے۔

اقسام – (۱) بستانی جو کلتھی یا حب القلت کہلاتی ہے۔(۲) صحرائی جو چاکسو یا بن کلتھی کہلاتی ہے۔

حصول – بمبئی، راجستھان، مدراس، سری لنکا، برما وغیرہ۔

افعال – مفتت حصاۃ گردہ ومثانہ، مدر بول و حیض، جالی۔

مواقع استعمال – سنگ گردہ ومثانہ، احتباس بول وحیض، برص و بہق وغیرہ۔

ترکیب استعمال – (i) گردہ ومثانہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرنے کیلئے اسکا جوشاندہ یا شیرہ استعمال کرنا مفید ہے

(ii) حیض جاری کرنے یا خون نفاس ومشیمہ کو خارج کرنے کیلئے اسکا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

(iii) برص و بہق اور چہرے کے داغ دھبوں کو دور کرنے اور اس میں نکھار پیدا کرنے کیلئے اسے روغن کنجد میں پکا کر مقامی طور پر طلاء کرنا مفید ہے۔

(iv) کھانسی کو دور کرنے کیلئے اسے بھون کر اور پیس کر شہد کے ہمراہ کھانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – فاسفورس، پروٹین، یوریز، یورک ایسڈ، نشاستہ۔

مرکبات – معجون سنگ سرماہی۔

Chemical Constituents: Crude protein, Pentosan, Urease, Phosphorus, Genistein, Dalberioidin, Collidin.
Bioactivity: Anti inflammatory, Anti histaminic, Antioxidant , Anti obesity, Anti urolithiatic, Astringent, Diuretic, Analgesic.
Indication: Kidney stone, Cough, Asthma, Piles, Hiccups, Bronchitis, Renal calculi, Intestinal worms, Constipation, Oligomenorrhoea, Respiratory disorder,, Cold, Rhinitis, Obesity, Fever, Oedema, Swelling, Ascites, Lower abdominal pain, Hemorrhoids, Anemia, Lumbago.
Precaution : People suffering from gastric ulcer & hyper acidity should not use.
Side effects : Over dose may cause hyper acidity, nasal, bleeding, menorrhagia.
Pregnancy & Lactation: Avoid , Harmful for pregnant woman.

(۹۲) حجر الیہود – Lapis Judaicus

IUPAC name	:Silicate of lime / Calcium Silicate.
Chemical formula	:Ca_2O_4Si
Molar mass	:172.24g.mol-1
Appearance	:Crystals.
Density	:0.29g/Cm^3(Solid)
Melting point	:1,540°C

معدنی نام – Silicate of Lime

عربی – حجر الیہود

فارسی – سنگ یہودہ

ہندی – بیر پتھر

ماخذ – معدنی

حصص مستعملہ – پتھر

مدت حیات – طویل المدت

مزاج – گرم خشک II

نفع خاص – مفتت حصاۃ

مضر – جگر و طحال کو

مصلح – صمغ عربی/شہد

بدل – تخم کرفس

مقدار خوراک – ۱-۳ گرام

شناخت – یہ قلمی بیر کے مانند ایک قسم کا پتھر ہے جو درمیان میں موٹا اور سروں پر پتلا و نوکیلا ہوتا ہے۔ دیکھنے میں بلوطی اور شکل میں مخروطی ہوتا ہے اور چکھنے پر اس میں کوئی ذائقہ نہیں ہوتا۔

اقسام – (۱) نر (Male) = یہ سفیدی مائل ہوتا ہے جس پر خطوط کھینچے ہوتے ہیں۔
(۲) مادہ (Female) = یہ سرخی یا سیاہی مائل ہوتا ہے جس پر خطوط نہیں ہوتے۔

حصول – شام، بیروت

افعال – مدر، مفتت ومخرج حصاۃ گردہ ومثانہ۔

مواقع استعمال – سنگ گردہ ومثانہ، عسر البول، احتباس بول وغیرہ۔

ترکیب استعمال – (i) گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرنے کیلئے بطور کشتہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) عسر البول کو دور کرنے یا پیشاب جاری کرنے کیلئے اس کا کشتہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) مثانہ میں جمے ہوئے خون کو پگھلا کر خارج کرنے کیلئے اس کا کشتہ استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – سلی کیٹ آف لائم، فاسفورس

مرکبات – معجون حجر الیہود، کشتہ حجر الیہود، معجون سنگ سرماہی۔

نوٹ :- جالینوس کا قول ہے کہ حجر الیہود مثانہ کی پتھری کے بہ نسبت گردہ کی پتھری میں زیادہ مفید ہے۔ نر پتھر کو خاص کر مردوں کی پتھری میں اور مادہ پتھر کو عورتوں کی پتھری میں استعمال کرنا مفید ہے۔

Bioactivity: Diuretic, Lithontriptic, Anti inflammatory, Antibacterial.
Indication: Renal & bladder calculi, Dysuria, Urinating pain, Retention of urine, Benign prostate enlargement, Suppression of the urination, infection caused by stone, Syphilis, Gonorrhoe .
Side effects : Irritants-may cause swelling redness and pain at any site, specially at mucous membrane, Nausea, Vomiting & diarrhoea.

(۹۳) حُلبہ (میتھی) – Fenugreek

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Rosids.
Order	:Fabales.
Family	:Fabaceae.
Genus	:Trigonella.
Species	:T. Foenum-graecum.
Binomial name	:Trigonella foenum-graecum.

نباتی نام - Trigonella foenum-graeceum L.

خاندان - Leguminosae

عربی - حلبہ

فارسی - شملیت/شملیز

ہندی - میتھی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - برگ اور تخم

مدت حیات - ۳رسال

مزاج - گرم خشک III/II

نفع خاص - دافع امراض باردہ

مضر - انثیین کو

مصلح - خرفہ

بدل - برگ کا تخم

مقدار خوراک - ۳-۵گرام

شناخت - یہ غذائی استعمال میں کثرت سے آنے والی ایک مشہور نبات ''میتھی'' کے تخم ہیں جو سہ گوشہ، نہایت خوشبودار اور زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔اس کے پودے میں پنواڑ کی پھلیوں کی مانند لمبی اور ہلالی لگتی ہیں جن کے اندر سے ۱۰ سے ۱۲ کی تعداد میں تخم برآمد ہوتے ہیں۔ان کا مزہ تلخ ہوتا ہے۔اس پودے کی پتیاں خوشگوار اور مخصوص بو لئے ہوئے ہوتی ہیں۔

حصول - بھارت کے تقریباً تمام علاقوں میں اس کی کاشت ہوتی ہے۔

افعال - جالی، محلل اورام، منضج مواد، مقوی اعصاب، مقوی معدہ، محرک باہ کا سر ریاح، منفث بلغم، ملین شکم،

مواقع استعمال - امراض ریہ وصدر، ضعف معدہ، ضعف باہ، وجع المفاصل، درد کمر و دیگر امراض باردہ وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) چہرے کے داغ دھبوں کو دور کرنے کیلئے اس کے روغن سے طلاء کرنا مفید ہے۔

(ii) ورموں کو تحلیل کرنے کیلئے بطور ضماد اس کا استعمال مفید ہے۔

(iii) امراض صدر و ریہ میں غلیظ بلغم کو خارج کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ ہمراہ شہد چاٹنا مفید ہے۔

(iv) وجع المفاصل اور درد کمر میں اس کا سفوف شہد کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔

(v) ضعف معدہ اور نفخ شکم کو دور کرنے کیلئے اس کے سبز پتیوں کی ترکاری اور اس کے تخموں کو بطور مصالحہ استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن کثیف، لیسی تھن، نیوکلیومانیسن، البومن، آئرن، فاسفیٹ۔

مرکبات - قیروطی آردکرسنہ، مرہم داخلیون، دواء المسک۔

Nutritional Value Per 100gm

Nutrient	Value
Energy	: 323Kcal
Carbohydrates	: 58.35g
Protein	: 23g
Fat	: 6.41g
Dietary fibre	: 24.6g
Vitamins	
Folates	: 56µg
Niacin (B_3)	: 1.640mg
Pyridoxine	: 0.600mg
Riboflavin (B_2)	: 0.366mg
Thiamine (B_1)	: 0.322mg
Vitamin A	: 60 IU
Vitamin C	: 3mg

Minerals	
Calcium	:176mg
Iron	:33.53mg
Copper	:1.110mg
Magnesium	:191mg
Manganese	:1.228mg
Phosphorus	:296mg
Selenium	:6.3µg
Zinc	:2.50mg
Electrolytes	
Sodium	:67mg
Potassium	:770mg

Chemical Constituents: Choline, Trigonelline, Diosgenin, Yamogenin, Gitogenin, Trigogenin, Neotigogens.

Bio-activity: Anti aging, Anti diabetic, Galactagogue, Anticancer, Antioxidant, Aphrodisiac, Carminative, Demulcent, Expectorant.

Indication: Diabetes, Breast cancer Bronchitis, Sore throats, Ulcer, Eczema, Burns, Abscesses, Gout, Menopause, Wounds, Skin irritation.

Side effects : Large doses may cause birth defects, Internal bleeding, Skin irritation, Allergy, Chest pain, Diarrhoea, Facial swelling, difficulty in breathing or swallowing.

(۹۴) حِلتیت (ہینگ) – Asafoetida

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Asterids.
Order	: Apiales.
Family	: Apiaceae.
Genus	: Ferula.
Species	: F . assafoetida.
Binomial name	: Ferula assafoetida.
Synonyms	: Ferula foetida regel.

ہینگ

نباتی نام – Ferula assafoetida
خاندان – Umbelliferae
عربی – حلتیت
فارسی – انگوزہ
ہندی – ہینگ
ماخذ – نباتی
حصص مستعملہ – گوند
مدت حیات – ۲۰ سال
مزاج – گرم خشک II
نفع خاص – کاسر ریاح
مضر – محرورین کو
مصلح – کتیرا
بدل – زیرہ سیاہ
مقدار خوراک – ۵۰۰ ملی گرام

شناخت – یہ انجدان نامی درخت کا گوند ہے جو ڈلیوں کی شکل میں حاصل ہوتا ہے۔ اس کا رنگ گہرا زرد ہوتا ہے اور اس کی بو تیز لہسن کی بو کی طرح ہوتی ہے۔ اس کا ذائقہ تلخ اور خراب ہوتا ہے۔

اقسام – (۱) حلتیت طیب/ ہیرا ہینگ = یہ سفید قسم کے درخت انجدان سے حاصل ہوتی ہے جس کے پھل و پھول سفید ہوتے ہیں۔ یہ مادہ درخت کہلاتا ہے۔ اس کی ہینگ بہتر ہوتی ہے۔
(۲) حلتیت منتن/ ہینگڑا ہینگ = یہ سیاہ قسم کے درخت انجدان سے حاصل ہوتی ہے۔ یہ نر درخت کہلاتا ہے۔ اس کی ہینگ اچھی نہیں ہوتی اس لئے اس کا استعمال بہت کم ہوتا ہے۔

حصول – ایران، ترکستان، افغانستان، پشاور، پنجاب، کشمیر۔

افعال – کاسر ریاح، مقوی معدہ، محلل، مدر بول وحیض، محرک باہ، دافع تعفن، دافع تشنج، مخرج بلغم، محمر جلد۔

مواقع استعمال – نفخ شکم، ضعف معدہ، احتباس بول وحیض، ضعف باہ، اختناق الرحم، کھانسی، دمہ، خنازیری زخم۔

ترکیب استعمال – (i) ریاح کو خارج کرنے اور معدہ کو تقویت دینے کیلئے بطور چورن استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) پیشاب اور حیض کو جاری کرنے کیلئے اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) ضعف باہ میں انتشار کو قوی کرنے کیلئے اکلاً اور طلاءً اس کا استعمال مفید ہے۔
(iv) امراض جلدیہ میں بطور طلاء یا مرہم اس کا استعمال مفید ہے۔

جدید تحقیقات – روغن فراری، میلک ایسڈ، فورمک ایسڈ، Allyl persulphide، Asaresinotanol، Benzoic Acid، Ferualic Acid، Acitic Acid، Valerianic Acid

مرکبات – حب حلتیت، سفوف قاقلہ، سفوف نمک سیاہ سلیمانی، اکسیر درد گردہ، تریاق الاسنان۔

Chemical Constituents: Resin, Endogenus gum, Volatile , Asaresinotannols 'A' & 'B', Ferulic acid, Umbelliferone.

Bioactivity: Antioxidant, Antiepileptic, Anti-microbial, Anti-inflammatory, Antispasmodic, Anti flatulent, Laxative, Expectorant, Anti coagulant.

Indication: Paralysis, hysteria, Depression, Epilepsy, Intestinal parasites, Flatulence, Stomach pain, Influenza, Bronchitis, Asthma, Dysmenorrhoea, Vaginal discharge, Leucorrhoea, Infertility.

Side effects : Intestinal gas, diarrhoea, Swelling of the lips, blood disorder, headache.

Pregnancy: Unsafe – Miscarriage - Avoid.

Lactation : Unsafe – Could pass into breast milk cause blood disorder.

Children : Unsafe – Blood disorder.

(۹۵) حِنظل (اِندرائن) – Colocynth

نباتی نام	-	Citrullus colocynthis Schrad.
خاندان	-	Cucurbitaceae
عربی	-	حنظل
فارسی	-	ابوجہل/خربزہ تلخ
ہندی	-	اندرائن
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	گودا/ جڑ/ روغن
مدت حیات	-	ارسال
مزاج	-	گرم III خشک II
نفع خاص	-	مسہل بلغم وسودا
مضر	-	مصدع
مصلح	-	روغن بادام شیریں
بدل	-	ایلوا
مقدار خوراک	-	۱-۳ گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Rosids.
Order	: Cucurbitales.
Family	: Cucurbitaceae.
Genus	: Citrullus.
Species	: C . colocynthis.
Binomial name	: Citrullus colocynthis.

شناخت - یہ ایک بیلدار نبات کا پھل ہے جو ریتلی اور بنجر زمینوں میں ندی اور نالوں کے کنارے خودرو پیدا ہوتا ہے۔ یہ پھل سیب کے برابر ہوتا ہے۔ یہ خام حالت میں سبز اور پختہ ہونے پر پیلا ہو جاتا ہے جس میں سیاہ رنگ کے تخم بھرے ہوتے ہیں جن کو تخم حنظل کہتے ہیں۔ پھل کا گودا جو چربی کی طرح ہوتا ہے اس کو شحم حنظل کہتے ہیں جو نہایت کڑوا ہوتا ہے۔ اس کی جڑ بھی کڑوی ہوتی ہے۔

حصول - بنگال، بہار، یوپی، پنجاب، سندھ، فرانس، ایران، شمالی افریقہ، جاپان، پرتگال، یونان۔

افعال - مسہل بلغم وسوداء، محلل، مسقط جنین ومشیمہ، مدر بول وحیض، مقوی معدہ، دافع مرض داء الفیل۔

مواقع استعمال - استسقاء، دمہ، گٹھیا، نقرس، عرق النساء، فالج، لقوہ، جذام، داء الفیل، ضعف اشتہا وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) فالج، لقوہ، جذام اور گٹھیا میں اس کے شحم کو پانی میں حل کر کے، چھان کر پینا مفید ہے
(ii) صفراوی مرض میں صفراء کو خارج کرنے کیلئے اسکے گودے کو تھوڑی مقدار میں کھانا مفید ہے
(iii) جنین ومشیمہ کو خارج کرنے کیلئے اسے بطور فرزجہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(iv) بالوں کو سیاہ کرنے کیلئے اس کے تخموں کا روغن بالوں میں لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - حنظلین (Colocynthin)، Colocynthitin، میوسی لیج، گوند، روغن کثیف۔

مرکبات - اطریفل دیدان، حب ایارج بہ نسخہ خاص، عرق مطبوخ ہفت روزہ۔

> تنبیہ: اس کی زیادہ مقدار معدہ وامعاء میں شدید خراش پیدا کرتی ہے۔ جس سے خونی دست آنے لگتے ہیں اور مثانہ میں سوزش پیدا کرتی ہے جس سے پیشاب میں جلن ہونے لگتی ہے۔

Chemical Constituents: Alkaloids,Flavonoids,Lysine,Riboflavin,Vit-B,Ascorbic acid,Leucine,Phenolic acid,Saponins.

Bioactivity: Anthelmintic, Anti-inflammatory, Anti bacterial, Antipyretic, Carminative, Purgative, Cathartic.

Indication: Diabetes, Jaundice, Splenomegaly, Ascites, Asthma, cough, Cold, Skin diseases, Abdominal tumor, Boils, Wounds, Urinary tract disorder, Arthritis, Edema, Epilepsy, Menstrual disorder, Abscesses, Acne, Psoriasis, Leukaemia, Rheumatic pain.

Side effects : May cause – diarrhoea at higher dose (1500 mg).
Cause – Colonic inflammation & rectal bleeding.

Pregnancy : Avoid – may cause inflammation.

(۹۶) خار خَسَکُ (گوکھرو) – Caltrops

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Rosids.
Order	: Zygophyllales.
Family	: Zygophyllaceae.
Genus	: Tribulus.
Species	: T . terrestris.
Binomial name	: Tribulus terrestris.

نباتی نام – Tribulus Terrestris L.
خاندان – Zygophyllaceae
عربی – اخواس العجوز
فارسی – خارخسک
ہندی – گوکھرو
ماخذ – نباتی
حصص مستعملہ – پھل / برگ
مدت حیات – ۴ سال
مزاج – گرم خشک I
نفع خاص – مدر بول / مقوی باہ
مضر – امراض راس میں
مصلح – روغن کنجد ، بادام
بدل – خورد کا کلاں
مقدار خوراک – ۵-۷ گرام

خارخسک

شناخت – یہ ایک بیل دار نبات کا خاردار پھل ہے جو چنا کے برابر سہ گوشہ ہوتا ہے۔ اسکے ہر گوشے پر کانٹے لگے ہوتے ہیں۔ اس کے پتے چنے کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔

اقسام – (i) خورد (ii) کلاں (خورد قسم زیادہ بہتر ہوتی ہے)

حصول – بھارت اور ایران

افعال – مدر بول وحیض، مفتت سنگ گردہ ومثانہ، مقوی باہ۔

مواقع استعمال – سوزاک، سوزش بول، تقطیر البول، احتباس حیض، جریان، احتلام، سرعت انزال وغیرہ۔

ترکیب استعمال – (i) گردہ ومثانہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرنے کیلئے اس کا شیرہ پینا مفید ہے۔
(ii) سوزاک اور پیشاب کی جلن کو دور کرنے کیلئے اس کے تازہ پتوں کا پانی پینا مفید ہے۔
(iii) بندحیض کو جاری کرنے اور تقطیر البول کو دور کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(iv) جریان واحتلام کو دور کرنے کیلئے اسے باریک پیس کر، مصری یا دودھ ملا کر پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – روغن فراری، روغن کثیف، نمکیات، رالدار مادہ، نائیٹریٹس۔

مرکبات – معجون سپاری پاک، شربت بزوری، سفوف سیلان الرحم۔

Chemical Constituents: Dioscin, Protodioscin, diosgenin, Polysaccharides, sterols, sitosterol, Campesterol, Flavonoids, Kaempferol, Glycosides, Quercetin, Fatty acids, Palmitic, Stearic, Oleic, Linoleic acid, Tanninc .

Bioactivity: Aphrodisiac, Diuretic, Lithotryptic, Antidiabetic, Anti-obesity, Antiviral, Anti bacterial .

Indication: Abdominal colic pain, Cardiac disorder, Urinary tract disorder, Diabetes, Urinary calculi, Dyspnoea, Asthma, Bronchitis, Chronic respiratory disorder, Cough & cold, Piles, Haemorrhoids, Ascites, Gout, Menorrhagia, Influenza, Common cold.

Side effects : No any side effects.

(۹۷) خاکشی (خوب کلاں) – Hedge Mustard

نباتی نام	-	Sisymbrium Irio Zinn.
خاندان	-	Cruciferae
عربی	-	خبّہ/بزرا لخمخم
فارسی	-	خاکچی/ خاکشی
ہندی	-	خوب کلاں
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	تخم
مدت حیات	-	۲رسال
مزاج	-	گرم تر II
نفع خاص	-	دافع حمّی
مضر	-	مصدع
مصلح	-	کتیرا ، گلاب
بدل	-	بیخ کاسنی
مقدارخوراک	-	۵-۷ گرام

Kingdom : Plantae.
Phylum : Spermatophyta.
Sub phylum : Angiospermae.
Class : Dicotyledonae.
Order : Capparidales.
Family : Brassicaceae.
Genus : Sisymbrium.
Species : S . irio.
Binomial name : Sisymbrium irio.

شناخت - یہ ایک نبات کے باریک تخم ہیں جو تخم خشخاش سے چھوٹے ہوتے ہیں۔ان کا رنگ زرد سرخی مائل ہوتا ہے۔اس کا پودا جو اور گیہوں وغیرہ کے ساتھ خودرَو پیدا ہوتا ہے۔اس کے پتے، پھول اور پھلیاں سرسوں کے مانند ہوتے ہیں۔

حصول - یوپی،پنجاب،راجستھان،پشاور،بلوچستان،ایران (ایرانی خاکسی طبی افادیت میں بہتر ہے۔)

افعال - دافع حمّی، نافع ہیضہ، منفث اخلاط سینہ۔

مواقع استعمال - چیچک،خسرہ،موتی جھرہ،ہیضہ،قے،متلی،کھانسی،بخار وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) بخار کو دور کرنے اور چیچک وخسرہ وغیرہ کے دانے کو جلد ظاہر کرنے اور اس کی تکلیف کو دور کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پلانا اور مریض کے بستر پر اس کو چھڑکنا مفید ہے۔
(ii) مرض ہیضہ میں پیاس اور قے کی تسکین کیلئے عرق گلاب میں جوش دے کر پینا مفید ہے۔
(iii) صفراوی بخاروں کو دور کرنے کیلئے آب کاسنی سبز مروق کے ہمراہ کھانا مفید ہے۔
(iv) پرانی کھانسی وسینہ کو خلط غلیظ سے پاک کرنے کیلئے اسکا جوشاندہ شہد کے ہمراہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن کثیف،رالدار مادہ،اسٹی رال،کاربوہائیڈریٹ، مینگنیز۔

مرکبات - شربت خاکسی۔

Chemical Constituents: Apegenin, Apegenin – 7 – galactoside, Apegenin – 7 – 0 – β – D – glucoside, Apegenin – 7 – 0 – glucoside, Apegenin – 7 – diglucosides, Apegenin – 7 – 0 – (6"acetyl)glucoside, Apegenin – 7 – 0 – gluco(6"-1") rhamnoside, Apegenin – 7 – 0 – gluco(6"-1") rhamnoside – 5 – methoxide, Kampferol and kamferol – 3 – xyloside – 7 – galactoside.

Bioactivity: Antioxidant, Anti-inflammatory, Antipyretic, Analgesic, Anti-microbial, Anti bacterial, Diuretic, Mild laxative, Anti-tussive, Febrifuge, Rubefacient, Aphrodisiac.

Indication: Cough, Asthma, Chest congestion, Rheumatism, Fever, Stomach ailments, Hoarseness, Sore throat, Flatulence, Gastro enteritis, Typhoid, To detoxify liver & spleen piles, Diarrhoea, Cholera.

Side effects : Negligible .

(۹۸) خُبازی - Commom Mallow

نباتی نام	-	Malva sylvestrisL.
خاندان	-	Malvaceae
عربی	-	خبازی
فارسی	-	نان کلاغ
ہندی	-	پاپڑی
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	تخم/برگ
مدت حیات	-	۴ رسال
مزاج	-	معتدل مائل بہ تری
نفع خاص	-	منفث بلغم
مضر	-	معدہ کو
مصلح	-	اصل السوس/فوا کہ
بدل	-	خطمی
مقدار خوراک	-	۵-۷ گرام

Kingdom : Plantae.
Sub division : Angiosperms.
Class : Eudicots.
Sub class : Rosids.
Order : Malvales.
Family : Malvaceae.
Genus : Malva.
Species : M . Sylvestris.
Binomial name : Malva Sylvestris.

خبازی بستانی

تخم

شناخت - یہ ایک نبات کے تخم ہیں جو زردی مائل اقراص کی صورت میں ہوتے ہیں۔ان کے کنارے چپٹے ہوتے ہیں۔اس نبات کے پتے خطمی کے پتوں کی طرح لیکن ان سے چھوٹے اور پھول بیگنی رنگ کے نہایت خوبصورت ہوتے ہیں۔یہ نمناک زمینوں یا پانی کے کنارے پائے جاتے ہیں۔

اقسام - Malva Sylvestris (۱) Malva Rotundifolia (۲)

حصول - یوپی،بہار،دکن،پنجاب،ایران اور خلیج فارس۔

افعال - مفتح سدہ جگر وطحال،منضج مواد،منفث بلغم،ملین شکم،مسکن اوجاع،مدر بول وحیض،رادع مواد۔

مواقع استعمال - دمہ،کھانسی،نزلہ،زکام،ورم رحم،ورم مقعد،قبض،پھوڑے پھنسی اور احتباس بول وحیض وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) شکم کو نرم کرنے اور قبض کو دور کرنے کیلئے اس کے ساگ کی ترکاری کھانا مفید ہے۔
(ii) نزلہ،زکام،دمہ اور کھانسی میں اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(iii) پھوڑے پھنسی اور وروموں کو تحلیل کرنے کیلئے اس کی بھجیا بنا کر نیم گرم لیپ کرنا مفید ہے۔
(iv) سدوں کو پھسلا کر خارج کرنے وسینے کی خشونت دور کرنے کیلئے اسکا جوشاندہ پینا مفید ہے

جدید تحقیقات - روغن کثیف،رالدار لعابی مادہ

مرکبات - شربت اعجاز،منضج نزلہ بارد

Chemical Constituents: Mucus, Tannins, Flavonoids, Essential oil, Vit – C, Anthocyanin, Glycoside malvin.
Bioactivity: Anti bacterial, Anti-inflammatory, Astringent, Bactericidal.
Indication: Cough, Asthma, Bronchitis, Throat infections, Emphysema, Boils, Stomach & intestinal infection, Gall stone, Kidney stone, Kidney inflammation, Headache, Constipation, Gastritis, Toothache & insomnia, Skin rashes, Insect bites, Pimples, Eczema, Acne.
Side effects : There are no reports of contra indications, side effects or interactions with other medication.
Pregnancy & Lactation: There are no report whether the herb is safe or not – so avoid during pregnancy.

(۹۹) خبث الحدید (زنگ) – Iron Rust

معدنی نام – Ferrous Oxide
عربی – خبث الحدید
فارسی – چرک آہن
ہندی – لوہے کا میل
اردو – زنگ
ماخذ – معدنی
حصص مستعملہ – زنگ
مدت حیات – طویل المدت
مزاج – گرم خشک III
نفع خاص – مقوی جگر
مضر – یبوست پیدا کرتا ہے
مصلح – دودھ/گھی
بدل – فولاد
مقدار خوراک – ۵ ملی گرام

IUPAC name	:Iron (II)oxide.
Other name	:Ferrous oxide, Iron monoxide .
Chemical formula	:Feo
Molar mass	:71.844 g/mol
Appearance	:Black crystals.
Density	:5.745g/Cm^3
Melting point	:1377°C
Boiling point	:3414°C
Solubility in water	:Insoluble.

خبث الحدید

شناخت – یہ لوہے کی میل ہے جو پگھلانے یا کوٹنے پر اس سے جدا ہو جاتی ہے۔ یہ جتنی پرانی ہوتی ہے اتنی ہی بہتر ہوتی ہے۔ ۸۰–۱۰۰ سال پرانی بہتر تصور کی جاتی ہے۔ اسے مدبر کر کے استعمال کیا جاتا ہے

حصول – پرانے کھنڈرات سے یا لوہار کے لوہا کوٹنے سے جو ریزے اڑتے ہیں اس کو اکٹھا کر لیا جاتا ہے۔

افعال – مقوی معدہ وجگر، مولد خون، دافع سلسل البول، محلل اورام طحال، دافع بواسیر ریحی و دموی۔

مواقع استعمال – ضعف معدہ وجگر، کثرت حیض، بواسیر خونی و بادی، استسقاء، ورم طحال، فقر الدم وغیرہ۔

ترکیب استعمال – (i) معدہ وجگر کو تقویت دینے اور خون کی پیدائش کیلئے بطور کشتہ اس کا استعمال مفید ہے۔
(ii) کثرت حیض اور خونی بواسیر میں اس کا کشتہ مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کرنا مفید ہے
(iii) سلسل البول اور استسقاء میں اس کا کشتہ مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – فیرم فاس

مرکبات – کشتہ خبث الحدید، معجون فنجنوس، معجون خبث الحدید

Bioactivity: Antitumor, Anticancer.
Indication: Cancer magnetic nanotherapy, Tumor targeting & medical imaging, Magnetic hyperthermia as a cancer treatment.
Note – Ferrofluid which is contained iron oxide is injected to the tumor and then heated up by an alternating high frequency magnetic field. Temperature distribution produced by this heat generation destroys cancerous cells inside tumor.

(۱۰۰) خراطین (کیچوا) - Earthworm

Kingdom : Animalia.
Phylum : Annelida.
Sub phylum : Clitellata.
Class : Oligochaeta.
Order : Megadrilacea / Haplotaxida.
Family : Acanthodrilidae / Megascolecidae.
Genus : Pheretima .
Species : Asiatica. (7,000 species, only 150 sp. are widely distributed)
Binomial name : Pheretima asiatica.

حیوانی نام - Pheritima Spec.
عربی - خراطین /امعاء الارض
فارسی - زغار/کرم گل خور
ہندی - خراطین/کیچوا
ماخذ - حیوانی
حصص مستعملہ - مدبر خراطین
مدت حیات - ارسال
مزاج - گرم تر I /گرم خشک II
نفع خاص - مقوی باہ/محرک اعصاب
مضر - معدہ و امعاء کو
مصلح - روغن بادام/گھی
بدل - بیر بہوٹی/ جونک
مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام
شناخت - یہ ایک قسم کے کیڑے ہیں جو تانبے کے رنگ کے لمبے لمبے گول، پتلے سانپ جیسے زمین پر رینگتے ہیں اور نمناک زمینوں یا موسم برسات میں زمین پر پائے جاتے ہیں۔
حصول - بھارت میں کم و بیش ہر علاقے میں پائے جاتے ہیں۔
افعال - محرک و مقوی باہ، مسکن اوجاع، مقوی اعصاب، مسخن، مجفف، جالی، محلل اورام۔
مواقع استعمال - ضعف اعصاب، ضعف باہ، ضربہ وسقطہ، اورام حارہ۔
ترکیب استعمال - (i) ضعف باہ میں بطور قرص اور تحریک باہ کیلئے بطور طلاء اس کا استعمال مفید ہے۔
(ii) اعضاء کی حرارت کیلئے تازہ خراطین کو پیس کر ضماد کرنا مفید ہے۔
(iii) اورام حارہ کو تحلیل کرنے اور ضربہ وسقطہ کو دور کرنے کیلئے اسے پیس کر لیپ لگانا مفید ہے۔
جدید تحقیقات - تانبہ، آئرن سلفیٹ، پروٹین، شحمیات۔
مرکبات - قرص خراطین، طلاء جدید، طلاء مجلوق، طلاء خاص الخاص۔

Chemical Constituents: Lumbrofebrine, Lumbritin, Choline, Hypoxanthine, Xanthine, Adenine, Guanidine, Lysine, Valine.

Bioactivity: Antiasthmatic, Anti-convulsive, Anti bacterial, Anti-inflammatory, Analgesic, Antipyretic, Antifungal, Anticancer, Antimicrobial, Hepatoprotective, Anticoagulative, Hemo static, Antioxidant.

Indication: Gastro intestinal infection, Dysentery, Diarrhoea, Stomach ulcer, Respiratory tract infections, Cough, Asthma, Influenza, Bronchitis & Tuberculosis, Diabetes (lower blood sugar), Hemorrhoids, Allergies, Wounds, Eczema & toothache, lower cholesterol, Lower high blood pressure.

Side effects : No side effects, safe for all ages.

Pregnancy & Lactation: Unknown.

(۱۰۱) خربق – Black Hellibore

نباتی نام	-	Helleborus Niger L.
خاندان	-	Ranunculaceae
عربی	-	خربق
فارسی	-	خال زنگی
ہندی	-	کٹکی
بنگلہ	-	کٹوردھنی
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	جڑ
مدت حیات	-	۳ سال
مزاج	-	گرم خشک III
نفع خاص	-	مقوی معدہ
مضر	-	مقئی (قے آور)
مصلح	-	مصطلگی
بدل	-	اسرول
مقدار خوراک	-	۵۰۰ ملی گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Order	: Ranunculales.
Family	: Ranunculaceae.
Genus	: Helleborus.
Species	: H . Niger.
Binomial name	: Helleborus Niger.

خشک خربق

شناخت - یہ ایک پیڑ کی جڑ ہے جو سیاہ سفیدی مائل، گرہ دار اور جھری دار ہوتی ہے۔ ان پر باریک باریک ریشے لگے ہوتے ہیں۔ اس کا مزہ نہایت تلخ ہوتا ہے۔

اقسام - (i) خربق سفید (ii) خربق سیاہ (iii) خربق سبز

حصول - کشمیر سے نیپال تک، سکم، ہمالہ، وسط ایشیا، جنوبی یورپ، روم، جیلان سے حاصل ہوتی ہے۔

افعال - مقوی معدہ، کاسر ریاح، مخرج و قاتل دیدان شکم، دافع بخار، مسہل بلغم وسوداء۔

مواقع استعمال - بدہضمی، نفخ، درد شکم، دیدان شکم، استسقاء، بخار، جنون مالیخولیا۔

ترکیب استعمال - (i) درد شکم کو دور کرنے کیلئے اسے کالی مرچ کے ہمراہ سفوف بنا کر استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) بدہضمی اور اپھارہ میں سونٹھ کے ساتھ اور ہچکی کے عارضہ میں شہد کے ساتھ چاٹنا مفید ہے۔
(iii) دیدان شکم کو مار کر خارج کرنے کیلئے اسے سفوف بنا کر استعمال کرنا مفید ہے۔
(iv) استسقاء اور بخار کو دور کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ دن میں تین بار پینا مفید ہے۔
(v) گاڑھے صفرا اور لیسدار خلطوں کو جسم سے خارج کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - رالدار مادہ، شحمیات، کاربوہائیڈریٹ، جیلے بوری این، جیلے بورن (دونوں سمی اثر رکھتے ہیں)، کٹکی جو بھارت میں ملتی ہے اس میں پکرورائزن، کتھارک ایسڈ اور موم پایا جاتا ہے۔

مرکبات - سفوف خربق۔

Chemical Constituents: Cervine, germine, Protoverine, Jervine, rubijervine, Pseudojervine & isorubijervine, Veratrobasine, geralbine, veratrum alkaloids (cyclopamine, Cycloposine, Jervine and veratramine).

Bioactivity: Antihypertensive, Purgative, Emmenagogue, Anthelmintic.

Indication: Paralysis, Gout, Worms, Kidney infections, Colds, Constipation, Irregular menstrual period, hypertension, Cholera, High blood pressure, Herpes use with caution.

Side effects : Unsafe, all parts of the plant are poisonous.

Taking by mouth can cause irritation & burning of the gut, Vometing, Slow heart rate, Low BP, Blindness, Paralysis, Convulsion & death.

Pregnancy & Lactation: Avoid – causing miscarriage & Brady cardia.

Toxicity – Black hellebore is toxic – causing Tinnitus (It is the hearing of sound when no external sound is present), Vertigo, Thirst, a feeling of suffocation, Swelling, Emesis, Brady cardia (slowing of the pulse), death from cardiac arrest.

Sweet Melon – خربوزہ (۱۰۲)

نباتی نام - Cucumis Melo Linn
خاندان - Cucurbitaceae
عربی - بطیخ
فارسی - خربزہ
اردو - خربوزہ
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پوست/تخم
مدت حیات - ۲-۳ سال
مزاج - گرم تر II
نفع خاص - مدر بول وحیض
مضر - طحال کو
مصلح - شکر/نمک
بدل - خیارین
مقدار خوراک - ۵-۷ گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Rosids.
Order	: Cucurbitales.
Family	: Cucurbitaceae.
Genus	: Cucumis.
Species	: C . melo.
Binomial name	: Cucumis melo.

Bioactivity: Laxative, Diuretic, Antiulcer, Antioxidant, Anti- inflammatory, Analgesic, Anticancer, Hepato protective, Antihypothyroidic, Antidiabetic, Anthelmintic, Antimicrobial, Antifertility, Immuno – Modulatory.

شناخت - یہ ایک بیل دار نبات کا پھل ہے جو مزے میں شیریں اور خوشبودار ہوتا ہے۔ یہ خام حالت میں سبز دھاری دار اور پختہ ہونے پر زرد دھاری والا اور بعض اوقات بغیر دھاری کے ہوتا ہے۔ اس کا گودا نہایت لذیذ اور شاداب ہوتا ہے۔ اس کے اندر تخم ہوتے ہیں جو دواءً مستعمل ہیں۔

حصول - دہلی، باغپت، سونی پت، لکھنؤ، مظفر پور، پٹنہ، الہ آباد، پنجاب، کوٹا، بلوچستان وغیرہ

افعال - تغذیہ بدن، مفرح، ملین، مدر بول وحیض، مدر شیر، جالی، مفتت حصاة۔

مواقع استعمال - لاغری، سنگ گردہ ومثانہ، احتباس بول وحیض، استسقاء، یرقان، قبض وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) لاغری دور کرنے اور جسم کو تقویت دینے کیلئے بطور میوہ اس کا استعمال مفید ہے۔
(ii) قبض کو دور کرنے اور طبیعت کو فرحت بخشنے کیلئے بعد غذا خربوزہ کھانا مفید ہے۔
(iii) گردہ ومثانہ کی پتھری کو خارج کرنے، استسقاء، یرقان، پیشاب کی جلن اور مجاری بول کے قرحہ کو زائل کرنے کیلئے اس کے تخم کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(iv) دانتوں کو چمکدار بنانے اور چہرے کے داغ دھبوں کو دور کرنے کیلئے اس کے باریک پوست کے سفوف کو دانتوں یا چہرے پر ملنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - فولاد، گلوکوز، پروٹین، نمک، وٹامن سی۔

مرکبات - بنادق البزور، حلواء ثعلب، شربت بزوری معتدل۔

Nutritional Value Per 100gm		Vitamin E	:0.05 mg
Energy	:34Kcal	Vitamin K	:2.5 µg
Carbohydrates	:8.6g	***Minerals***	
Protein	:0.84g	Calcium	:9mg
Fat	:0.19g	Iron	:0.21mg
Dietary fibre	:0.9g	Copper	:41 µg
Vitamins		Magnesium	:12mg
Folates	:21µg	Manganese	:0.041mg
Niacin (B_3)	:0.734mg	Zinc	:0.18mg
Pantothenic acid	:0.105mg	Carotene – α	:2020 µg
Pyridoxine	:0.072mg	Crypto-xanthin-β	:1 µg
Riboflavin (B_2)	:0.026mg	Lutein-Zeaxanthin	:26 µg
Thiamine (B_1)	:0.017mg	**Electrolytes**	
Vitamin A	:3382 IU	Sodium	:1mg
Vitamin C	:36.7 mg	Potassium	:267mg

Indication: Dehydration, Constipation, Urinary infection, Kidney stones, Gout, Cardio vascular disorder, Menorrhagia, Dysuria, Stomach cancer.

(۱۰۳) خردل (رائی) – Black Mustard

نباتی نام – Brassica Nigra (L)

خاندان – Cruciferae

عربی – خردل

فارسی – سرشف

بنگلہ – رائی سر

اردو – سرسوں

ماخذ – نباتی

حصص مستعملہ – تخم

مدت حیات – ۴ سال

مزاج – گرم خشک IV

نفع خاص – محمر/محلل

مضر – معطش

مصلح – روغن بادام

بدل – حب الرشاد

مقدار خوراک – ۱-۴ گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Rosids.
Order	: Brassicales.
Family	: Brassicaceae.
Genus	: Brassica.
Species	: B. nigra.
Binomial name	: Brassica nigra.

تخم خردل

شناخت – یہ ایک مشہور پودے کے تخم ہیں جو چھوٹے چھوٹے گول دانے کی طرح ہوتے ہیں اور پھلیوں سے برآمد ہوتے ہیں۔ان کا ذائقہ تیز اور تند ہوتا ہے۔

اقسام – (i) کالی (ii) سفید (iii) زرد (iv) سرخ

حصول – بھارت،پاکستان،پوربی ایشیا،امریکہ۔

افعال – بیرونی=محمر،محلل اورام،ملطف مواد،منفط،مخشش۔ اندرونی=محرک معدہ،ہاضم طعام،مقئی

مواقع استعمال – داد،برص،داءالثعلب،ذات الریہ،ذات الجنب،عرق النساء،وجع المفاصل،نقرس،دردمعدہ۔

ترکیب استعمال – (i) امراض جلدیہ میں جلدی امراض کو دور کرنے کیلئے بطور ضماد اس کا استعمال مفید ہے۔

(ii) جوڑوں کے درد کو دور کرنے کیلئے اس کے روغن کو بطور مالش استعمال کرنا مفید ہے۔

(iii) سردی کی وجہ سے بند حیض کو جاری کرنے کیلئے اس کے جوشاندہ سے آبزن کرنا مفید ہے۔

(iv) طحال کے ورم کو دور کرنے کیلئے بطور سفوف اس کا استعمال مفید ہے۔

(v) بھوک کی کمی کو دور کرنے اور غذا کو ہضم کرنے کیلئے اس کا رائتہ پینا مفید ہے۔

(vi) زہروں کو خارج کرنے کیلئے اس کی زائد مقدار کھلا کر قے کرانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – Myrosin ، Sinigrin ، فکسڈ آئل،پوٹاشیم مائیرونیٹ،سن پن/سائنوپن۔

مرکبات – ضماد خردل،حب مقل،حب مقل بہ نسخہ خاص۔

Chemical Constituents: Glyceride of arachidic, behenic, eicosenoic, erusic, lignoceric, linoleic, linolenic, oleic and myristic acids, It also contains a glycoside (sinigrin) and an enzyme myrosin.
Bioactivity: Emetic, Irritant, rubefacient, vasicant.
Indication: Rheumatism, edema, loss of appetite, Pneumonia, lower back pain.

Purslane – خرفه (۱۰۴)

نباتی نام - Portulaca Oleracea (L)
خاندان - Portulacaceae
عربی - بقلة الحمقاء
فارسی - نورگ/کاغانی
بنگلہ - راج شاک
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پتے اور تخم
مدت حیات - تخم=۲ سال، پتے=۶ ماہ
مزاج - سرد تر II
نفع خاص - مسکن صفراء وجوش خون
مضر - مضعف معدہ
مصلح - سکنجبین
بدل - بارتنگ
مقدار خوراک - ۵-۷ گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Order	: Caryophyllales.
Family	: Portulacaceae.
Genus	: Portulaca.
Species	: P . oleracea.
Binomial name	: Portulaca oleracea.

شناخت - یہ ایک مشہور بوٹی ہے جس کا ساگ کھانا مفید ہے۔ اس کے پتے گول، دبیز اور لیس دار ہوتے ہیں۔ اس کے پھل گول اور گھنڈی دار ہوتے ہیں جن کو ڈوڈی کہا جاتا ہے۔ اس میں تخم بھرے ہوتے ہیں جو خام حالت میں سفید اور پختہ ہونے پر سیاہ ہو جاتے ہیں۔ اس کا مزہ پھیکا ہوتا ہے۔

حصول - پنجاب، یوپی، دہلی، پاکستان، سری لنکا۔

افعال - بیرونی = مبرد، مسکن۔ اندرونی = حابس الدم، مسکن معدہ، جگر وامعاء، قابض، مدر بول۔

مواقع استعمال - صفراوی ودموی بخار، سوزش بول، سوزش معدہ وجگر، اسکروی، سل دق، صداع حار اور ورم حار۔

ترکیب استعمال - (i) صفراوی ودموی بخاروں اور سل دق میں بطور غذا اس کا ساگ کھانا مفید ہے۔
(ii) آنتوں، رحم اور پیشاب کی سوزش کو زائل کرنے کیلئے اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) ہاتھ اور پیر کی جلن کو دور کرنے کیلئے اسے باریک پیس کر ہتھیلی اور تلوے پر لگانا مفید ہے۔
(iv) ورم حار اور صداع حار میں جو کے آٹے کے ساتھ باریک پیس کر اس کا لیپ لگانا مفید ہے

جدید تحقیقات - پوٹاشیم آکزیلیٹ، میوسی لیج، نمکیات، فولاد۔

مرکبات - قرص ذیابیطس، قرص سرطان کافوری، دواء المسک بارد

Nutritional Value Per 100gm		Vitamin C	:21 mg
Energy	:20Kcal	Vitamin E	:12.2 mg
Carbohydrates	:3.39g	***Minerals***	
Protein	:2.03g	Calcium	:65mg
Fat	:0.36g	Iron	:1.99mg
Vitamins		Magnesium	:68mg
Folates(B_9)	:12µg	Manganese	:0.303mg
Niacin (B_3)	:0.48mg	Phosphorus	:44mg
Pyridoxine (B_6)	:0.073mg	Potassium	:494mg
Riboflavin (B_2)	:0.112mg	Zinc	:0.17mg
Thiamine (B_1)	:0.047mg	Water	:92.86g
Vitamin A	:1320 IU	Ref – USDA database.	

Chemical Constituents: Noradrenalin, Calcium salts, Dopamine, L – Dopa, Malic acid, Citric acid, Glutamic acid, Asparagic acid, Nicotinic acid, Alanine, Glucose, fructose, Sucrose.
Bioactivity: Antidepressant, Diuretic, Anti-inflammatory, Antibacterial, Antidiarrheal, Anti oxidant, Analgesic, Anthelmintic, Antiulcerogenic.
Indication: Snake bites, Insects bites, Eczema, Boils, Sores, Bacillary dysentery, Diarrhoea, Hemorrhoids, Postpartum bleeding, Intestinal bleeding, High fever, U.T.I, Appendicitis, Sore eyes, Dermatitis.
Side effects : Safe – Should not used in large quantity by those who suffering by digestive ailments or kidney stone.
Pregnancy & Lactation: Avoid – (Contracting effect on the uterus).

(۱۰۵) خر مہرہ (کوڑی) – Cowdi Shells

Kingdom	: Animalia.
Phylum	: Mollusca.
Class	: Gastropoda.
Super family	: Cypraeoidea.
Family	: Cypraeidae.
Genus	: Monetaria / Cypraea.
Species	: M . moneta / C . moneta.
Binomial name	: Cypraea moneta / Monetaria moneta.

خرمہرہ کاخول

حیوانی نام	-	Cyprea Moneta
عربی	-	ودع
فارسی	-	خرمہرہ
ہندی	-	کوڑی
ماخذ	-	حیوانی
حصص مستعملہ	-	کیڑے کا خول
مدت حیات	-	طویل المدت
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	مجلی بصر/مجفف زخم
مضر	-	امراض ریہ میں
مصلح	-	شہد/سرکہ
بدل	-	صدف/گھونگا
مقدار خوراک	-	۵۰۰ ملی گرام

شناخت - سیپ کے مانند ایک دریائی جانور کا خول ہے جو سمندروں میں پایا جاتا ہے۔ زرد رنگ کی مخصوص شکل والی کوڑی کو طبی مقاصد کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

حصول - بحر ہند، بحرالکاہل اور خلیج فارس۔

افعال - مجفف قروح، مسخن، جالی، مقطع مواد، محلل اورام مجلی بصارت، مقوی اعصاب، دافع حمٰی۔

مواقع استعمال - بیاض چشم، اورام، قروح، جلدی داغ دھبے وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) بیاض چشم کو دور کرنے کیلئے بطور سرمہ اس کا استعمال مفید ہے۔

(ii) جلدی داغ دھبوں اور مسوں کو دور کرنے کیلئے اسے سرکہ میں پیس کر ضماد کرنا مفید ہے۔

(iii) اعضاء کی رطوبت کو خشک کرنے کیلئے اسے باریک پیس کر مقام ماؤف پر چھڑکنا مفید ہے۔

(iv) قروح کو زائل کرنے اور زخموں کو دور کرنے کیلئے بطور ضماد اس کا استعمال مفید ہے۔

(v) دماغ واعصاب اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے کیلئے بطور کشتہ اسکا استعمال مفید ہے۔

جدید تحقیقات - کیلشیم، فاسفورس، وٹامن D

مرکبات - کشتہ خرمہرہ۔

Chemical Constituents: Calcium, Magnesium, Potassium, Aluminium, Sdium, Manganese, Iron, Zinc, Nitrogen,
Organic Carbon, Phosphorus, Sulfur, Boron, Copper, Molybdenum, Alkaloids, Flavonoids, Glycosides, Lignin, Tannin.

Bioactivity: Antipyretic, Antimicrobial, Antitumor, Antileukemic, Antibacterial, Antiviral, Diuretic, Antidiarrheal.

Indication: Wounds, Dyspepsia, Jaundice, Enlarged spleen liver, Asthma, Cough, Gonorrhoea, Colic, Peptic ulcer, Eye diseases, Dysentery, Earache, Chronic bronchitis.

(۱۰۶) خشخاش (کوکنار) – Poppy Seeds

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Order	: Ranunculales.
Family	: Papaveraceae.
Genus	: Papaver.
Species	: P . Somniferum.
Binomial name	: Papaver Somniferum.

نباتی نام – Papaver Somniferum L.
خاندان – Papaveraceae
عربی – بزرالخشخاش
فارسی – تخم کوکنار
ہندی – کھس کھس
بنگلہ – پوستہ دانہ
ماخذ – نباتی
حصص مستعملہ – تخم
مدت حیات – ۲ سال
مزاج – سرد II خشک I
نفع خاص – مسکن/منوم
مضر – باردالمزاج کو
مصلح – بادیان/شہد
بدل – کاہو
مقدارخوراک – ۱-۳ گرام

شناخت – یہ کوکنار نامی نبات کے تخم ہیں جو نہایت چھوٹے اور گول دانہ کی طرح ہوتے ہیں۔اس کے پھل میں شگاف دینے سے افیون نامی رطوبت خارج ہوتی ہے۔

اقسام – (i) سفید (ii) سیاہ (iii) خشخاش زبدی (iv) خشخاش منثوری (v) خشخاش مقرن۔

حصول – راجستھان، پنجاب، یوپی، ایم پی، آسام، برما، نیپال، چین، مصر، ایران۔

افعال – مخدر، منوم، مسکن، قابض، حابس۔

مواقع استعمال – جنون، مالیخولیا، سردرد، سہرو بےخوابی، اسہال، زحیر، نزلہ، زکام، کھانسی، جریان خون۔

ترکیب استعمال –
(i) حلق وصدر کی خشونت کودور کرنے کیلئے اسے شکر کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) تپ دق، جگر وگردہ کی کمزوری کودور کرنے کیلئے مغزبادام شیریں کے ہمراہ کھانا مفید ہے۔
(iii) موچ، چوٹ یاورم کودور کرنے کیلئے اسے پیس کر مقام ماؤف پر لیپ کرنا مفید ہے۔
(iv) منی کی تولیداور باہ کوتقویت دینے کیلئے اسے پیس کر شہد کے ہمراہ چاٹنا مفید ہے۔
(v) خون حیض کی کثرت کوروکنے کیلئے اس کوکھانا اور پیس کر حمول کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – مارفن، کوڈائین، تھیبئن، نارکوٹن، کرپٹون، گونوسین، پروٹومن، میکو نی ڈین، میتھونن، ہائیڈرو کونارسین، زینتھیفن،

مرکبات – شربت خشخاش، لعوق خشخاش، خمیرہ خشخاش، دیاقوزہ، قرص طباشیر کافوری۔

Chemical Constituents: Morphine, codeine, narcotine, thebaine, noscapine , narceine, Papaverine.

Bioactivity: Sedative, Narcotic, Antiseptic Stimulant, analgesic, antitussive.

Uses: Acute pain, chronic pain, Neuro pathic pain, relieve pain, diarrhoea, Dysentery muscle, cough.

Contra Indication: Have not been identified.

Pregnancy / Lactation: Safety & efficacy in pregnancy & lactation is cking.

The seed is generally recognized as safe when used as food.

(۱۰۷) خطمی - Marsh Mallow

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Rosids.
Order	: Malvales.
Family	: Malvaceae.
Genus	: Althaea.
Species	: A . officinalis.
Binomial name	: Althaea officinalis.

نباتی نام - Althaea officinalis L.
خاندان - Malvaceae
عربی - خطمی / معصفر
فارسی - خطمی/کاغانی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھول،تخم،جڑ،برگ
مدت حیات - ۳/سال
مزاج - سردتر I
نفع خاص - منضج بلغم
مضر - مرخی معدہ
مصلح - شہد
بدل - خبازی
مقدار خوراک - ۵-۷ گرام

تخم خطمی

شناخت - یہ ایک نبات کے گول اور کالے تخم ہیں جس کا پودا بھنڈی کے پودے کی طرح ہوتا ہے۔اس کے پتے بیضوی شکل کے خبازی کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں۔اس کے پھول خوشنما،گول،گھنڈی دار مختلف رنگوں کے بکثرت خوشوں میں لگتے ہیں جس کو گل معصفر کہتے ہیں۔اس کی جڑ جھری دار اور گودے والی ہوتی ہے۔جس کو ریشہ خطمی کہتے ہیں۔

حصول - یوپی،پنجاب،جموں کشمیر،راجستھان،دہلی،ایران،پاکستان اور ہماچل پردیش۔

افعال - منضج مواد بلغمیہ،مسکن،محلل،مدر بول وحیض،مزلق،ملین،منفث بلغم۔

مواقع استعمال - عرق النساء،وجع المفاصل،ورم رحم،ورم مقعد،کھانسی،نزلہ،زکام،زحیر واسہال۔

ترکیب استعمال - (i) امراض باردہ میں فاسد بلغم کو خارج کرنے کے لئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(ii) رحم اور مقعد کے ورم کو دور کرنے کے لئے اس کے جوشاندہ سے آبزن کرنا مفید ہے۔
(iii) خون نفاس کا تنقیہ کرنے اور حیض کو جاری کرنے کے لئے اس کا شربت پینا مفید ہے۔
(iv) کھانسی،نزلہ اور زکام کو دور کرنے کیلئے اس کے تخم کے لعاب میں شہد ملا کر چاٹنا مفید ہے۔
(v) زحیر واسہال اور پیشاب کی جلن کو دور کرنے کیلئے اس کی جڑ کا شیرہ بنا کر پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - لعابی مادہ،کاربوہائیڈریٹ،روغن فراری، Althein (جو ہر مؤثرہ جو دردوں کو دور کرتا ہے۔)

مرکبات - شربت اعجاز،شربت صدر،شربت زوفا مرکب،لعوق سپستاں،لعوق خشخاش،مرہم داخلیون۔

Chemical Constituents: Pectin, Starch, Mono & disaccharide, Saccharose, Mucilage, Flavonoids (Hypolactin-8- glucoside, Isoquercitrin, Kaempferol, Caffeic & P-coumeric acid).

Bioactivity: Antibacterial, Antimicrobial, Antitumor, Anti-inflammatory, Immunomodulatory, Demulcent, Soothing, Antitussive.

Indication: Cough, High blood pressure, Sores, Skin inflammation, Burns, Wounds, Insect bites, Diarrhoea, Constipation, Stomach & intestinal ulcer.

Side effects : Safe – may be cause low blood pressure.

Pregnancy & Lactation: Avoid.

(۱۰۸) خولنجان - Galangal

نباتی نام	- Alpinia galanga L.
خاندان	- Zingiberaceae
عربی	- کلنجن کبریا
فارسی	- خولنجان
بنگلہ	- کلیجن
ماخذ	- نباتی
حصص مستعملہ	- جڑ
مدت حیات	- ۷ رسال
مزاج	- گرم خشک II
نفع خاص	- مطیب دہن
مضر	- گردہ کیلئے
مصلح	- صندل سفید
بدل	- دارچینی
مقدار خوراک	- ۲-۳ گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Monocots.
Order	:Zingiberales.
Family	:Zingiberaceae.
Genus	:Alpinia.
Species	:A . galanga.
Binomial name	: Alpinia galanga.

بیخ خولنجان

شناخت - یہ ایک پودے کی جڑ ہے جو بے ڈول گرہ دار، سرخی مائل اور خوشبودار ہوتی ہے۔اس کا مزہ تیز، چرپرا اور لذیذ ہوتا ہے۔بعض محقق کے نزدیک یہ پان کے پرانے پودے کی جڑ ہے۔

حصول - چین، جاوا، سماترا، بنگال، جنوبی ہند میں سمندر کے کنارے (یہ چین کی خاص پیداوار ہے)۔

افعال - مطیب دہن، مفرح ومقوی قلب، مسکن اوجاع بارد، دافع امراض بلغمیہ وسوداویہ، کاسر ریاح، مقوی باہ، جالی، منفث ومخرج بلغم، مقوی ومسخن معدہ وجگر بارد۔

مواقع استعمال - کھانسی، بحتہ الصوت بلغمی، لکنت، درد شکم، قولنج ریحی، سلسل البول، امراض بلغمیہ وسوداویہ۔

ترکیب استعمال -
(i) منہ کی بدبو اور لکنت کو دور کرنے کیلئے اسکا چبانا یا اس کے سفوف کو زبان پر ملنا مفید ہے۔
(ii) درد شکم، قولنج ریحی اور درد گردہ بارد کو دور کرنے کیلئے اس کے سفوف کو اجوائن اور کالے نمک کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) بلغمی کھانسی کو رفع کرنے کیلئے اسکے رس کو ادرک کے رس اور شہد کے ہمراہ چاٹنا مفید ہے۔
(iv) سلسل البول کو دور کرنے کیلئے اس کو پانی میں جوش دے کر مل چھان کر پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - میتھائل سینامیٹ، کافور، الپینین، سنکول، Campheride، Galangin، D-pinine

مرکبات - جوارش جالینوس، حب حلتیت، حلوائے چوب چینی، معجون مقوی علوی خاں۔

Chemical Constituents: Cineole, 4-allylphenylacetate, α-farnesene, (2,6-dimethylphenyl) borate & α-Pinene.

Bioactivity: Analgesic, Antipyretic, Antibacterial, Antifungal.

Indication: Colds, Sore throat, Anorexia, Dyspepsia, Colic & Stomach ache, Hiccups, Nausea, Vomiting, Chronic gastritis & ulcers in the digestive tract .Upper Respiratory tract infections (Chronic bronchitis & cough, mouth ulcer, gum inflammation, Halitosis(Bad breathe), Rheumatic pains & Arthritis.

Side effects : Safe to use in recommended doses.

1) Avoid – in ulcer, because it stimulates the secretion of gastric juice.

2) Allergic reaction – such as joint pain & rash.

(۱۰۹) خیار شنبر (املتاس) – Indian labernum

نباتی نام	-	Cassia Fistula L.
خاندان	-	Leguminosae
عربی+فارسی	-	خیار شنبر
ہندی	-	سونہالی
بنگلہ	-	سونڈالی
گوالیار	-	املتاس
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	مغز/پوست
مدت حیات	-	۲رسال
مزاج	-	گرم تر I /گرم خشک II
نفع خاص	-	مسہل اخلاط ثلاثہ
مضر	-	مروڑ پیدا کرتا ہے۔
مصلح	-	مصطلگی/انیسون
بدل	-	تربد/ترنجبین
مقدارخوراک	-	۳-۵گرام

Kingdom : Plantae.
Super division : Spermatophyta.
Division : Magnoliophyta.
Class : Magnoliopsida.
Sub class : Rosidae.
Order : Fabales.
Family : Fabaceae.
Genus : Cassia.
Species : C . fistula.
Binomial name : Cassia fistula.

شناخت - یہ شیشم کے درخت کے مانند دراز سالہ ایک درخت کی لمبی لمبی سیاہ رنگ کی پھلیاں ہیں جن کے پختہ ہونے پر سکہ کے برابر سیاہ رنگ کی رطوبت سے آلودہ اندر سے پردے نکلتے ہیں جن کو مغز املتاس یا فلوس خیار شنبر کہتے ہیں۔اس کا ذائقہ شیریں ہوتا ہے۔

حصول - ہندوستان، جزائر غرب الہند، برازیل، افریقہ۔(یہ ہندوستانی پودا ہے۔)

افعال - مغز=مسہل، ملین صدر، محلل اورام، پوست=مدر حیض، مخرج جنین ومشیمہ۔

مواقع استعمال - یرقان، ضعف اشتہا، خناق، دمہ، کھانسی، احتباس حیض، عسر طمث۔

ترکیب استعمال -
(i) یرقان کو دور کرنے کیلئے مغز املتاس کو گنا یا آملہ کے رس کے ساتھ پینا مفید ہے۔
(ii) بھوک لگانے کیلئے اس کو گائے کے دودھ یا اجوائن کے جوشاندہ کے ساتھ کھانا مفید ہے۔
(iii) مرض خناق میں مغز املتاس کو گائے کے دودھ میں جوش دے کر غرغرے کرنا مفید ہے۔
(iv) عسر طمث کو دور کرنے، بند حیض کو جاری کرنے اور جنین ومشیمہ کو خارج کرنے کیلئے اس کے پوست کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - پیکٹن، میوسن، گلوٹن، ٹیتھارٹک ایسڈ، آئرن، کیلشیم، نشاستہ، کیلشیم آکزیلیٹ۔

مرکبات - لعوق سپستاں خیار شنبری، شربت املتاس۔

Chemical Constituents: Leave = Tannins, rhein, glucoside, sennosides. Stembark = Fistucacidin, Tannins, rhein & barbaloin.
Pulp = Carbohydrate, Proteins, Leucin, Tryptophan & glutamic acid.
Seeds = Vermolic, Sterculic & galactomannan.

Bioactivity: Purgative, Antipyretic, Anti-inflammatory, Antimicrobial, Antioxidant.

Indication: Fever, Cardiac disorders, Bleeding disorder, Abdominal colic pain, Skin diseases (eczema, condidiasis), Ascites, Constipation, Cough, Wound, Rheumatism, Gout, Hepatic disorder.

Side effects : It is not indicated in diarrhoea & dysentery, cause heavy purgation.

(۱۱۰) خیارین - Cucumber

نباتی نام	-	Cucumis Sativus Linn
خاندان	-	Cucurbitaceae
عربی	-	قثاء
فارسی	-	خیارزہ
بنگلہ	-	سیسنا
ہندی	-	کھیرا ککری
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	تخم
مدت حیات	-	ایک سال
مزاج	-	سرد تر II
نفع خاص	-	مدر بول
مضر	-	نفاخ
مصلح	-	نمک / گول مرچ
بدل	-	خربزہ
مقدار خوراک	-	۵-۷ گرام

Kingdom : Plantae.
Sub division : Angiosperms.
Class : Eudicots.
Sub class : Rosids.
Order : Cucurbitales.
Family : Cucurbitaceae.
Genus : Cucumis.
Species : C . sativus.
Binomial name : Cucumis sativus.

تخم خیارین

شناخت - خیارین، کھیرا اور ککری کا ایک مشترک نام ہے جو بیل دار پودوں کے الگ الگ پھل ہیں۔ان پھلوں میں شاداب اور لذیذ گودے ہوتے ہیں جو غذائی استعمال میں آتے ہیں۔جن کی اندرونی خلاء دار ساخت میں ایک غلاف میں ملفوف بے شمار لبوترے اور کسی قدر بیضوی تخم ہوتے ہیں۔

حصول - ہندوستان، ایران، پاکستان، افغانستان اور دنیا کے دیگر ممالک۔

افعال - مسکن صفراء و خون، مسکن عطش، مدر بول، مخرج سنگ گردہ و مثانہ۔

مواقع استعمال - احتباس بول و حیض، سوزاک، تقطیر البول، سنگ گردہ و مثانہ، درد سر حار۔

ترکیب استعمال - (i) پیاس کو بجھانے اور صفراء و خون کی حدت کو کم کرنے کیلئے ان پھلوں کو کھانا مفید ہے۔
(ii) تقطیر البول کو دور کرنے اور پیشاب کو جاری کرنے کیلئے انکے تخموں کا جوشاندہ پینا مفید ہے
(iii) گردہ و مثانہ کی پتھری کو خارج کرنے کیلئے ان کے تخموں کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(iv) گرمی سے ہونے والے سر درد کو دور کرنے کیلئے اس کو باریک پیس کر ضماد کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - پروٹین، شحم کاربوہائیڈریٹ، فاسفورس، آئرن، آیوڈین کیلشیم، روغن کثیف، وٹامن A اور C

مرکبات - شربت بزوری معتدل، قرص سرطان کافوری، سکنجبین بزوری بارد۔

Nutritional Value Per 100gm			
Energy	:16Kcal.	Folate (B_9)	:7µg
Carbohydrates	:3.63 g	Vitamin C	:2.8mg
Sugars	:1.67 g	Vitamin K	:16.4µg
Dietary fibre	:0.5 g	***Minerals***	
Protein	:0.65 g	Calcium	:16mg
Vitamins		Iron	:0.28mg
Thiamine (B_1)	:0.027mg	Magnesium	:13mg
Riboflavin (B_2)	:0.033mg	Manganese	:0.079mg
Niacin (B_3)	:0.098mg	Phosphorus	:24mg
Pantothenic acid (B5)	:0.259mg	Potassium	:147mg
Vitamin B_6	:0.04mg	Sodium	:2mg
		Zinc	:0.2mg

Chemical Constituents: Lignan, Cucurbitacins A, B, C, D & E, Rutin, Proteolytic enzymes, Ascorbic acid oxidase, Pristane, β-sitosterol, Clerosterol, Succinic acid & Malic dehydrogenases.

Bioactivity: Laxative, Alkalizer, Diuretic, Dehydration, Anti-inflammatory, Anticancer, Anti diarrheal.

Indication:Diabetes, Obesity, Sunburn, Constipation, Cancer, Insomnia, Headache, Urinary tract infection, Calculi, Gastritis, Burning sensation, Fatigue, Nasal bleeding, Vomiting, Dizziness, Dysuria.

Side effects : Avoid during cold & cough, frequent urination.

Pregnancy & Lactation: Safe.

(iii) دار چینی - Cinnamon

نباتی نام	-	Cinnamomum Zeylanicum Blume
خاندان	-	Lauraceae
عربی	-	قرفہ
فارسی	-	دارچینی
ہندی	-	دال چینی
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	چھال
مدت حیات	-	۴ برسال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	مقوی اعضاء رئیسہ
مضر	-	مثانہ کو
مصلح	-	اسارون/کتیرا
بدل	-	تج قلمی
مقدار خوراک	-	۱-۲ گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Magnoliids.
Order	: Laurales.
Family	: Lauraceae.
Genus	: Cinnamomum.
Species	: C . Zeylanicum.
Binomial name	: Cinnamomum Zeylanicum.

Nutritional Value	:Per 100gm
Energy	:103.4KJ (24.7Kcal).
Fat	:0.12g
Carbohydrates	:8.06 g
Sugars	:0.2 g
Fibres	:5.31 g
Protein	:0.4 g

شناخت - یہ ایک درخت کی مشہور اور خوشبودار چھال ہے جو ایک دوسرے پر خوب لپٹی ہوئی ہوتی ہے۔اس کی رنگت سرخ چمکدار ہوتی ہے۔اس کا ذائقہ شیریں اور تیز ہوتا ہے۔تج قلمی کی بہ نسبت یہ پتلی ہوتی ہے اور توڑنے پر آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے۔

حصول - سری لنکا،سنگاپور،جاوا،ساٹرا،مالا بار ہلس،دکن،مجمع الجزائر۔(سری لنکا کی عمدہ ہوتی ہے)۔

افعال - دافع تعفن، جاذب، محرک، مسکن اوجاع، جالی، مفرح قلب و دماغ، محرک اعضاء تنفس، منفث بلغم، مقوی معدہ و جگر، مدرحیض، قابض امعاء، دافع امراض عصبانیہ۔

مواقع استعمال - دمہ،کھانسی،بحۃ الصوت،انفلوئنزا،ٹائی فائیڈ،ہیضہ،بثور،قوبا،کلف،نمش،خفقان،اپھارہ۔

ترکیب استعمال - (i) معدہ کی ریاح کو تحلیل کرنے،یرقان اور بواسیر کو دور کرنے اور قوت ہاضمہ میں اضافہ کرنے کیلئے اس کا عرق پینا مفید ہے۔

(ii) بثور، قوبا اور کلف میں اس کے سفوف کو شہد یا سرکہ کے ساتھ ضماد کرنا مفید ہے۔

(iii) امراض رحم کو دور کرنے کیلئے اس کے سفوف کو انڈے کی زردی میں ملا کر حمول کرنا مفید ہے

(iv) لقوہ،صرع اور دوران سر کو زائل کرنے کیلئے اس کا لیپ لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، ٹے نن، میوسی لیج، کاربوہائیڈریٹ، روغن کثیف، متھائیلین امائل کیٹون، Cinnamicalhehyde، Eugenol، P-cymene۔

مرکبات - تریاق ثمانیہ،جوارش جالینوس،جوارش عود شیریں،جوارش زنجبیل،دواء الکرکم کبیر۔

Chemical Constituents: Essential oil(cinnamyl acetate, cinnamyl alcohol), Volatile substances, Manganese, Calcium, Iron, Trans cinnamaldehyde, Eugenol, Linalool.

Bioactivity: Antimicrobial, Anti parasitic, Anti oxidant, Analgesic, Anti-gastric ulcer, Anti-nociceptive, Antifungal, Antibacterial, Anti-inflammatory,Hepato protective, Antiseptic, Anti-secretagogue, Lowering of blood glucose, Diaphoretic, Blood pressure & serum cholesterol. Sedative, Carminative, Anticoagulant, Emmenagogue, Hypotensive, Astringent, Stomachic.

Indication: Diabetic neuropathy, Nephropathy, Gastric ulcer, Nephritis, Gastro intestinal ailments, Urinary infections, Haemorrhoid, Colds & Flu, Diabetes, Indigestion, Dyspepsia, Flatulent, Nausea, Intestinal colic, Infertile diarrhoea, Cholera, Candida, Coronary problems, Hypertension, Dysmenorrhoea, Excessive menstruation, Fevers.

Side effects : Generally safe,on higher dose, Rashes & Mucous membrane reactions are possible very large amounts could cause dangerous nervous system reaction.

Pregnancy & Lactation: Not use – due to emmenagogic effect.

(۱۱۲) دار فلفل (پیپل) - Long Pepper

نباتی نام - Piper longum L.
خاندان - Piperaceae
عربی - فلفل دراز
فارسی - دار فلفل
ہندی - پیپل
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھل / جڑ
مدت حیات - ۴ سال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مقوی معدہ
مضر - مصدع
مصلح - صندل سفید
بدل - فلفل سیاہ
مقدار خوراک - ۱-۳ گرام

Kingdom : Plantae.
Sub division : Angiosperms.
Class : Magnoliids.
Order : Piperales.
Family : Piperaceae.
Genus : Piper.
Species : P . longum.
Binomial name : Piper longum.

خشک دار فلفل

شناخت - یہ ایک بیلدار نبات کا پھل ہے جو شہتوت کے مشابہ لیکن اس سے چھوٹا اور باریک ہوتا ہے۔ اسکا رنگ سیاہ اور ذائقہ سیاہ مرچ کی طرح چرپرا ہوتا ہے۔ اس کی جڑ کو پیپلا مول یا فلفل موبہ کہتے ہیں

حصول - راجستھان، آسام، ناگالینڈ، جنوبی ہند، نیپال، بنگلہ دیش، فلپائن اور سری لنکا۔

افعال - مقوی معدہ، کاسر ریاح، مقوی باہ، مسخن، محلل اورام، دافع وجع المفاصل۔

مواقع استعمال - درد شکم، نفخ شکم، دمہ، وجع المفاصل، نقرس، عرق النساء، گل چشم (پھولا)، دمعہ (ڈھلکا)، ناخونہ۔

ترکیب استعمال - (i) امراض معدہ کو دور کرنے اور ہضم کو قوی کرنے کیلئے اسکو بطور سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) کھانسی اور دمہ کو دور کرنے کیلئے اس کے سفوف کو شہد کے ہمراہ چاٹنا مفید ہے۔
(iii) جوڑوں کے درد کو دور کرنے کیلئے اسکے سفوف کو دیگر ادویہ کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(iv) آنکھوں کے امراض کو دور کرنے کیلئے بطور سرمہ اس کا استعمال مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، رالدار مادہ، کاربوہائیڈریٹ، پائپرین نامی الکلائیڈ

مرکبات - جوارش جالینوس، جوارش بسباسہ، جوارش عنبری زرعونی، معجون جوگراج گوگل، حلوائے چوب چینی۔

Chemical Constituents: Piperine, Methyl Piperine, iperonaline, piperettine, Asarinine, Pellitorine, Piperun decalidine, Piperiongumine, Piperlon-guminine, refractomide A, Pregumidien, brachystamide, brachystamide A, brachystine, Piperside, Piperderloline, Longamide.

Bioactivity:Anti oxidant, Carminative, Expectorant, warming, Analgesic, Detoxifier, Antibacterial, Anti amoebic, Anti-inflammatory, Antitumor, Immuno modulatory.

Indication: Chronic bronchitis, Cough & cold, Respiratory infection, Diarrhoea, Sinus congestion, Fever, Headache, Insomnia, Spleenomegaly, Hepatomegaly, Cholera, Epilepsy, Stomach ache, Indigestion, Stroke, Menstrual disorder.

Tropical application : Muscular pain & swelling.

Side effects : Should not taken if tissues are inflamed, at higher dose may cause burning sensation – should not use long duration.

Pregnancy & Lactation: Not safe – Avoid.

Barberry - دار ھلد (۱۱۳)

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Order	: Ranunculales.
Family	: Berberidaceae.
Genus	: Berberis.
Species	: B . aristata .
Binomial name	: Berberis aristata (Coscinium fenestratum).

خشک دار ہلد

نباتی نام - Berberis Aristata Dc.
خاندان - Berberidaceae
عربی - دار ھلد/حضض
فارسی - دارچوبہ
ہندی - چترا/کشمل
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - لکڑی/جڑ
مدت حیات - ۳رسال
مزاج - سردخشک I
نفع خاص - محلل اورام
مضر - امراض طحال میں
مصلح - انیسون
بدل - ہلدی/مقل
مقدارخوراک - ۳-۵گرام

شناخت - یہ زرشک نامی نبات کی لکڑی ہے جوزردرنگ کی ہوتی ہے۔جس کے پھل کوزرشک اورعصارہ کو رَسوُت کہتے ہیں۔

حصول - جموں کشمیر، دہرہ دون، نیپال، یورپ، امریکہ۔

افعال - محلل، مسکن، مصفیٰ خون، معرق، دافع حُمّی۔

مواقع استعمال - بخار، ضربہ، سقطہ، کسرعظام، پھوڑے پھنسی وغیرہ۔

ترکیب استعمال -
(i) بخارکودورکرنے کیلئے چرائتہ کے ہمراہ اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(ii) ضربہ وسقطہ اوراس سے پیدا ہونے والے دردکودورکرنے کیلئے انڈے کی سفیدی کے ساتھ اس کے باریک سفوف کوملاکرچوٹ پرضمادکرنا مفید ہے۔
(iii) ورموں کوتحلیل کرنے، ہڈیوں کے کسرکوجوڑنے اورانجمادخون کوروکنے کیلئے اسے باریک پیس کرمقام ماؤف پرضمادکرنا مفید ہے۔
(iv) پھوڑے پھنسی اورخون کی خرابی کودورکرنے کیلئے اس کاسفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(v) امراض چشم میں اس کی لکڑی کوچندن کی طرح گھس کرآنکھوں کے گردضمادکرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - بربرین، ٹارٹیرک ایسڈ، میلک ایسڈ، گوند، کاربوہائیڈریٹ۔

مرکبات - حب رسوت، حب رسوت بہ نسخہ خاص۔

Chemical Constituents: Alkaloids, Berberine, Columbamine, Palmatine, Berbamine, Palmatine chloride, Berberine chloride, Thalfendine.

Bioactivity: Analgesic, Anesthetic, Anti amoebic, Anticancer, Antiemitic, Anti microbial, Anti viral, Anti periodic, Anti septic, Diaphoretic, Emmenagogue, Hepato protective, Antibacterial, Anti diabetic, Antifungal, Anti-inflammatory, Anti oxidant, Anti pyretic, Depressant, Diuretic, Expectorant, Hypoglycemic, Rejuvenative.

Indication: Melasma, Eye diseases, Cholera, Skin diseases, Conjunctivitis, Tuberculosis, Abdominal diseases, Acne, Anal fistula, Piles, Colitis, Constipation, Diabetes, Dysentery, Digestive disorder, Ear infection, Fever, Leucorrhoea, Lung diseases, Mumps, Neuralgia, Tonsillitis, Throat disorder, Otorrhea, Wounds.

Side effects : Excess use may cause death because of poisoning.

Pregnancy & Lactation: Avoid . Children – safe but use under medical supervision.

(۱۱۴) دِرْمَنہ ترکی - Sontonica (Worm seed)

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Asterales.
Family	:Asteraceae.
Genus	:Artemisia.
Species	:A . maritima.
Binomial name	:Artemisia maritima.

نباتی نام - Artemesia Meritima L.
خاندان - Compositae
عربی - شیخ خراسانی
فارسی - درمنہ ترکی
ہندی - کرمالا
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - غنچے
مدت حیات - ایک سال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - قاتل کرم شکم
مضر - معدہ کو
مصلح - مصطگی رومی
بدل - افسنتین
مقدار خوراک - ۱-۳ گرام

غنچے

شناخت - یہ بستیاج نامی خاردار نبات کے غنچے ہیں جن کا ذائقہ تلخ و تیز ہوتا ہے۔ یہ غنچے شاخوں کے سروں پر لگتے ہیں جن کو حاصل کر کے خشک کر لیا جاتا ہے۔ ان کے تخم اجوائن کی طرح ہوتے ہیں۔

حصول - ایران، جموں کشمیر، ترکستان، یورپ، روس۔

افعال - محلل اورام، قاتل کرم شکم، مسہل، حابس قروح، مدر بول و حیض، کاسر ریاح، دافع حمی مزمن۔

مواقع استعمال - دیدان امعاء، استسقاء، فالج، گٹھیا، کھانسی، احتباس بول و حیض، سدۂ جگر وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) پیٹ کے کیچوؤں کو مار کر خارج کرنے کیلئے اس کے سفوف کو استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) فالج، گٹھیا اور استسقاء میں روغن زیتون کے ہمراہ مقام ماؤف پر اس کا لیپ لگانا مفید ہے۔
(iii) دانتوں کے درد کو دور کرنے کیلئے اس کے جوشاندہ سے کلیاں کرنا مفید ہے۔
(iv) بالوں کی تولید اور ان کی نشو و نما کیلئے روغن کنجد میں جلا کر بالوں کی جڑوں میں لگانا مفید ہے

جدید تحقیقات - Volatile Oil، Artemisin، Santonin

مرکبات - اطریفل دیدان

افعال سمیہ - (i) اس کے زیادہ استعمال سے زہریلے اثرات پیدا ہوتے ہیں۔ (ii) قے، دردسر، دست، بے ہوشی، تشنج اور ٹھنڈے پسینے نمودار ہو کر دل اور سانس کی حرکت کو بند کر دیتے ہیں۔

Chemical Constituents: Santonin, 1,8-Cineole, Chrysanthenone, Camphor, Borneol.

Bioactivity: Anthelmintic, Anti pyretic, Anti septic, Aphrodisiac, Emmenagogue, Stimulant, Anti spasmodic, Carminative, Digestive, Stomachic.

Side effects : It may cause ulcers, Headache, Nausea, Diarrhoea, Irregular heartbeat.

Indication: Whooping cough, Anemia, Anorexia, Ascaris, Asthma, Blurred vision, Cholera, Convulsions, Cramps, Eye diseases, Headache, Leucorrhea, Pain snake bite, Bronchitis, Cloudy urine, Cough, Constipation, Diarrhoea, Digestive disorder, Itching, Menstrual disorder, Skin diseases, Stomach ache.

(۱۱۵) دَرونَج عَقربی - Leopard's Bane

نباتی نام - doronicum pardalianches
خاندان - Compositae
عربی وفارسی - درونج عقربی
ہندی - درونج
سنسکرت - ترنگ
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - جڑ
مدت حیات - ۱۰رسال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - مقوی قلب ومعدہ
مضر - مصدع
مصلح - بادیان
بدل - زرنباد
مقدارخوراک - ۳-۵گرام

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Eudicots.
Sub class	:Asterids.
Order	:Asterales.
Family	:Asteraceae.
Genus	:Doronicum.
Species	:D . Pardalianches.
Binomial name	: Doronicum-Pardalianches.

خشک جڑ — تازہ جڑ

شناخت - یہ بچھو کے مشابہ گرہ دار، چھوٹی اور سخت جڑ ہے، جو باہر سے خاکستری اور اندر سے سفید ہوتی ہے۔ اس کا ذائقہ تلخی مائل ہوتا ہے۔

حصول - افریقہ، شام، طبرستان، اسپین، ایران، خراسان۔ (درونج خراسانی سب سے عمدہ ہوتی ہے)

افعال - مقوی ومفرح قلب، مقوی معدہ وجگر، مسخن، محلل اورام، کاسر ریاح، مسکن اوجاع، تریاق سموم، منفث بلغم، حافظ جنین۔

مواقع استعمال - نفخ شکم، درد شکم، فالج، مالیخولیا، خفقان بارد، طاعون، صرع، سکتہ، نقرس۔

ترکیب استعمال - (i) سینے اور پھیپھڑے کے درد کو زائل کرنے کیلئے اس کے سفوف کو شہد کے ساتھ چاٹنا مفید ہے
(ii) امراض معدہ کو دور کرنے کیلئے اس کے تازہ جڑ کو سرکہ کے ساتھ کھانا مفید ہے۔
(iii) گردہ ومثانہ کی پتھری کو خارج کرنے کیلئے بطور سفوف دودھ کے ہمراہ مستعمل ہے۔
(iv) فالج، نقرس اور صرع میں روغن بادام کے ہمراہ مقام ماؤف پر اسکا لیپ لگانا مفید ہے۔
(v) طاعون اور عقرب گزیدہ کو اس کا جوشاندہ پلانا اور مقام ماؤف پر ضماد کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - کاربوہائیڈریٹ، اسٹی رال، گوند، رالدار مادہ، Doronicum نامی الکلائیڈ۔

مرکبات - دواء المسک

Chemical Constituents: Pyrrolizidine.
Bioactivity: Anti-inflammatory, Anti oxidant, Cytotoxic, Antiprotozoal, Antibacterial
Indication: Melancholia, Nervous depression, Scorpion bites (use as cardiotonic & Nervine tonic).

(۱۱۶) دم الاخوین - Dragon's Blood

نباتی نام	-	Dracaena Cinnabari Balf.f.
خاندان	-	Liliaceae
عربی	-	قاطر الدم
فارسی	-	خون سیاؤشاں
ہندی	-	وجے سار
بنگالی	-	پت سل
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	گوند
مدت حیات	-	۴ برسال
مزاج	-	سردخشک III
نفع خاص	-	حابس الدم
مضر	-	گردہ کو
مصلح	-	صمغ عربی
بدل	-	شادنج مغسول
مقدار خوراک	-	۱-۳ گرام

Kingdom :Plantae.
Sub division :Angiosperms.
Class :Monocots.
Order :Asparagales.
Family :Asparagaceae.
Genus :Dracaena.
Species :D . cinnabari.
Binomial name : Dracaena cinnabari.

دم الاخوین

شناخت - یہ بجے سار نامی ایک درخت کا گوند ہے جو سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔اس کا ذائقہ کسیلا ہوتا ہے اور توڑنے پر فوراً ٹوٹ جاتا ہے۔

حصول - بھارت،سماٹرا،مشرقی افریقہ،جنوبی افریقہ،جنوبی عرب۔

افعال - قابض،حابس الدم،مجفف قروح،دافع زحیر واسہال،دافع ذیابیطش شکری،دافع سلسل البول۔

مواقع استعمال - اسہال،پیچش،جریان خون،نفث الدم،کثرت حیض،خونی بواسیر۔

ترکیب استعمال - (i) اسہال،پیچش اور کثرت حیض کو روکنے کیلئے اس کو بطور سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) جریان خون،کٹی ہوئی جلد اور تازہ زخموں کو خشک کرنے کے لئے اس کے باریک سفوف کو مقام ماؤف پر چھڑکنا مفید ہے۔
(iii) خونی بواسیر اور نفث الدم کو روکنے کیلئے اس کے سفوف کو استعمال کرنا مفید ہے۔
(iv) شقاق المقعد اور کانچ نکلنے کے مرض میں اس کے سفوف کو چھڑکنا یا آبزن کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - بنزونک ایسڈ، کائنوٹینک ایسڈ، کائنوئن، کائنوریڈ، ہیروک ٹے کن۔

مرکبات - سفوف استحاضہ جدید،قرص کا کنج،قرص بواسیر،معجون تیواج،سنون سپاری پاک۔

Chemical Constituents: 2,4,6-trimethoxyphenol, 1,3,5-trimethoxy benzene, Crolechinic acid and Korberins A & B, Campesterol, Sitosterol, Stigmasterol, Acetyl aleuritolic acid, Catechin, Gallocatechin.

Bioactivity: Haemostatic, Anti diarrhetic, Antiulcer, Antimicrobial, Antiviral, Antitumor, Anti-inflammatory, Antioxidant, Wound healing, Stimulant, Abortifacient, Astringent, Carminative, Antiseptic, Antirheumatic, Immuno modulatory, Analgesic.

Indication: Influenza, Para influenza, Herpes simplex viruses I & II, Hepatitis A & B, Diarrhoea, Cholera.

Side effects : No major toxicities have been reported.

Pregnancy & Lactation: No information .

White Damar (Indian Copal Tree) – رال سفید (۱۱۷)

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Rosids.
Order	: Malvales.
Family	: Dipterocarpaceae.
Genus	: Vateria.
Species	: V . indica.
Binomial name	: Vateria indica.

نباتی نام – Vateria Indica Linn
خاندان – Dipterocarpaceae
عربی – قیقہر
فارسی – راتینج
ہندی – رال/ڈامر
بنگلہ – دھونا
ماخذ – نباتی
حصص مستعملہ – گوند
مدت حیات – ۳ سال
مزاج – گرم خشک III
نفع خاص – منفث بلغم
مضر – محرورین کو
مصلح – دودھ
بدل – انزروت
مقدار خوراک – ۱–۲ گرام

رال سفید

شناخت – یہ سال نامی درخت سے تراوش پایا ہوا ایک قسم کا رالدار مالدہ ہے، جس کو عمل تقطیر کے ذریعہ روغن سے علیحدہ کرلیا جاتا ہے۔ روغن کو تارپین اور نیم شفاف زردی مائل ڈلیوں کو رال کہتے ہیں۔

حصول – ہماچل پردیش، جموں کشمیر، افغانستان، ایران، آذربائیجان، شیراز۔

افعال – بیرونی = دافع تعفن، مجفف۔ اندرونی = منفث بلغم، دافع تعفن۔

مواقع استعمال – دمہ، کھانسی، داد، بہق، بواسیر، زخم، مرگی، ورم طحال، سوزاک وغیرہ۔

ترکیب استعمال –
(i) ورم طحال کو تحلیل کرنے کیلئے اسکے سفوف کو سکنجبین کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے
(ii) بدن کو لاغر کرنے اور موٹاپا دور کرنے کیلئے اس کے سفوف کو پانی کے ہمراہ کھانا مفید ہے۔
(iii) مرگی، دمہ اور خشک کھانسی کو دور کرنے کیلئے اس کو کھلانا اور دھونی دینا مفید ہے۔
(iv) داد، کھجلی اور زخموں کے داغ کو مٹانے کیلئے روغن کنجد کے ہمراہ اس کا لیپ لگانا مفید ہے۔
(v) سوزاک کے عارضہ میں مصری کے ہمراہ اس کے سفوف کو استعمال کرنا مفید ہے۔
(vi) آگ سے جلے ہوئے زخم کو دور کرنے کیلئے اسے تیل میں پگھلا کر طلاء کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – آلی بے ٹک ایسڈ، ٹرپن ٹائن آئل، بنزول، کاربن ڈائی سلفائیڈ۔

مرکبات – مرہم رال، حب رال

Chemical Constituents: Oleoresin (+) amphena, α-β-Pinene, Limonene, Chamazulene.

Bioactivity: Antitumor, Depurative, Expectorant, Antimicrobial, Antidiarrhoeal, Antioxidant, Astringent, Antirheumatic.

Side effects : Unknown.

Indication: Infected wounds, Diarrhoea, Earache, Intestinalworms, Productive cough, Asthma, Worm infestation, Abscess, Deafness, Vaginal pain, Dysentery, Tumors, Candidiasis, Herpes, Oral herpes, Burns.

Pregnancy & Lactation: Seek medical advice for its use during pregnancy & lactation.

Children – It can be used in small doses.

Indian Barberry - رَسوت (۱۱۸)

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Order	: Ranunculales.
Family	: Berberidaceae.
Genus	: Berberis.
Species	: B . aristata .
Binomial name	: Berberis aristata (Coscinium fenestratum).

نباتی نام	-	Berberis Aristata Dc.
خاندان	-	Berberidaceae
عربی	-	عصارہ دار ھلد
فارسی	-	عصارہ دار چوبہ
ہندی	-	رسوت
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	عصارہ
مدت حیات	-	۵ سال
مزاج	-	سرد خشک II
نفع خاص	-	محلل اورام
مضر	-	طحال کو
مصلح	-	انیسون
بدل	-	مقل
مقدار خوراک	-	۱-۳ گرام

شناخت - یہ دار ہلد کا عصارہ ہے جو زردی مائل سیاہ رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کا مزہ کڑوا ہوتا ہے۔ اس سے ایک خاص قسم کی بو آتی ہے۔

حصول - نیل گری ہلس، جموں کشمیر، دہرہ دون، یورپ، امریکہ۔

افعال - اندرونی = قابض، مسکن، رادع، محلل، بیرونی = حابس الدم، مصفی خون۔

مواقع استعمال - بواسیر خونی، رمد، درد گوش، ورم حلق، پھوڑے پھنسی، سرخ بادہ، ملیریا بخار وغیرہ

ترکیب استعمال -
(i) اورام حارہ کو تحلیل کرنے اور اس کے درد کو دور کرنے کیلئے بطور ضماد استعمال کرنا مفید ہے۔
(ii) بواسیری مسوں کے ورم اور درد کو دور کرنے کیلئے مکھن میں ملا کر مسوں پر لگانا مفید ہے
(iii) بواسیری خون کو بند کرنے کیلئے اس کی گولیاں بنا کر استعمال کرنا مفید ہے۔
(iv) رمد، روہے اور دیگر امراض چشم کو دور کرنے کیلئے ۱۰۰ ملی لیٹر عرق گلاب میں ۶ گرام رسوت حل کر کے آنکھوں میں ٹپکانا مفید ہے۔
(v) حلق اور مسوڑھوں کے ورم کو دور کرنے کیلئے نیم گرم پانی کے ہمراہ غرغرے کرنا مفید ہے۔
(vi) ملیریا بخار اور پھوڑے پھنسیوں کو دور کرنے کیلئے اس کا خیساندہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - بربیرین، ٹائٹرک ایسڈ، رالدار مادہ، گوند، کاربن، نائٹروجن، کاربوہائیڈریٹ، میلک ایسڈ۔

مرکبات - حب رسوت، حب رسوت بہ نسخہ خاص۔

Chemical Constituents: Alkaloids, Berberine, Columbamine, Palmatine, Berbamine, Palmatine chloride, Berberine chloride, Thalfendine.

Bioactivity: Analgesic, Anesthetic, Anti amoebic, Anticancer, Antiemitic, Anti microbial, Anti viral, Anti periodic, Anti septic, Diaphoretic, Emmenagogue, Hepato protective, Antibacterial, Anti diabetic, Antifungal, Anti-inflammatory, Anti oxidant, Anti pyretic, Depressant, Diuretic, Expectorant, Hypoglycemic, Rejuvenative.

Indication: Melasma, Eye diseases, Cholera, Skin diseases, Conjunctivitis, Tuberculosis, Abdominal diseases, Acne, Anal fistula, Piles, Colitis, Constipation, Diabetes, Dysentery, Digestive disorder, Ear infection, Fever, Leucorrhoea, Lung diseases, Mumps, Neuralgia, Tonsillitis, Throat disorder, Otorrhea, Wounds.

Side effects : Excess use may cause death because of poisoning.

Pregnancy & Lactation: Avoid .

Children – safe but use under medical supervision.

Soap Nut – ریٹھا (۱۱۹)

Kingdom	:Plantae.
Division	:Magnoliophyta (Flowering plant).
Class	:Magnoliopsida(Dicot).
Sub class	:Rosids.
Order	:Sapindales.
Family	:Sapindaceae.
Genus	:Sapindus.
Species	:S . trifoliatus.
Binomial name	:Sapindus trifoliatus.

نباتی نام – Sapindus Trifoliatus L.
خاندان – Sapindaceae
عربی – بندق هندی
فارسی – بندق فارسی
ہندی – ریٹھا
ماخذ – نباتی
حصص مستعملہ – پھل کا چھلکا
مدت حیات – ۴ سال
مزاج – گرم خشک II
نفع خاص – امراض جلدیہ
مضر – مقئی/مخرش امعاء
مصلح – روغن بادام
بدل – پپیتہ ولائتی
مقدار خوراک – ایک گرام

پوست ریٹھا

شناخت – یہ ایک پہاڑی درخت کا پھل ہے جو آملہ کے برابر، خام حالت میں سبز اور پختہ ہونے پر زرد سیاہی مائل ہو جاتا ہے، پھل کے اندر سیاہ رنگ کی گول گٹھلی ہوتی ہے جس میں سفید مغز ہوتا ہے جسکا ذائقہ لذیذ اور شاداب ہوتا ہے۔ اسکے چھلکے میں صابن جیسی جھاگ بنانے والی خصوصیت ہوتی ہے۔

حصول – ہماچل پردیش، جموں کشمیر، پنجاب۔

افعال – اندرونی=مقوی معدہ، کاسر ریاح، مقئی، مصفی خون، مخرش معدہ وامعاء، مسہل، تریاق مارگزیدہ۔
بیرونی=جالی، لاذع، محلل، جاذب، مدر حیض، مخرج جنین ومشیمہ، معطس (چھینک لانے والی)

مواقع استعمال – برص، بہق، کلف، نزلہ، لقوہ، شقیقہ، صرع، آتشک، جذام، خارش، دردسر بارد۔

ترکیب استعمال –
(i) جلدی داغ دھبوں کو دور کرنے اور رنگ کو نکھارنے کیلئے بطور طلاء مفید ہے۔
(ii) اورام صلبیہ اور خنازیری گلٹیوں کو تحلیل کرنے کیلئے بطور ضماد مفید ہے۔
(iii) بند نزلہ، لقوہ، شقیقہ اور صرع کے عارضہ میں اسکے باریک سفوف کو سعوط کرنا مفید ہے۔
(iv) بند حیض کو جاری کرنے اور مردہ جنین ومشیمہ کو خارج کرنے کیلئے بطور فرزجہ مفید ہے۔
(v) آتشک، جذام اور خارش میں مونگ کے برابر گولیاں بنا کر دودھ کے ہمراہ کھانا مفید ہے۔
(vi) سانپ یا عقرب گزیدہ کے زہر کو دور کرنے کیلئے مقام گزیدہ پر گھس کر لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – پیکٹن، گلوکوز، تیزابی مادہ، صابونی مادہ (Saponin)

مرکبات – سفوف ریٹھا، روغن ریٹھا۔

Chemical Constituents: Saponin A, Saponin C, Sapindosid A, Sapindosid B, Emarginatoside – B, Emarginatoside – C, Carrageenan, Histamine, Serotonin, Zymosan, Type II Cyanolipids, Fatty acid,Oleic acid, Arachidic acid, II – iecosenoic acid, Cisvaccenic acid, 13, eicosenoic acid.

Bioactivity: Expectorant, Astringent, Emetic, Abortifacient, Anthelmintic, Anti-inflammatory, Antibacterial, Antiulcer, Antiseptic, carminative, Diuretic.

Indication: Eczema, Psoriasis, Itching, Pruritus, Boils, Blisters, Epilepsy, to kill lice and prevents dandruff, Diabetes, Obesity, Hysteria, Asthma, Rheumatoid arthritis, Osteoarthritis, Gout, Paralysis, Nephritis, Glandular infection, Leprosy.

Side effects : Oral use is contra indicated, during pregnancy due to abortifacient properties.

(۱۲۰) ریحان (تلسی) – Holy Basil

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Order	: Lamiales.
Family	: Lamiaceae.
Genus	: Ocimum.
Species	: O . sanctum.
Binomial name	: Ocimum sanctum.
Synonyms	: Ocimum tenuiflorum .

نباتی نام – Ocimum sanctum L.

خاندان – Labiatae

عربی – بادروج

فارسی – ریحان/ نیازبو

ہندی – تلسی/رام تلسی

ماخذ – نباتی

حصص مستعملہ – تخم، پتے

مدت حیات – ۳سال

مزاج – گرم خشک I

نفع خاص – حابس/مفرح

مضر – گردہ/ بھرکو

مصلح – سرکہ/خرفہ

بدل – بالنگا/کلونجی

مقدار خوراک – ۳–۷گرام

تخم ریحان

شناخت – یہ ایک خوشگوار اور خوشبودار پودا ہے جو نصف سے ایک میٹر تک بلند ہوتا ہے۔جن کے آخری سروں پر اسطوخودوس کی طرح بالوں میں پھول اور پھل آتے ہیں۔جن کے اندر تخم بھرے ہوتے ہیں۔ان تخموں کو پانی میں ڈالنے سے تخم بالنگو کی طرح پھول کر سفید اور لعاب دار ہو جاتے ہیں۔

حصول – بھارت، افریقہ، حجاز، برازیل۔

افعال – ہاضم،کاسر ریاح،محلل،مسکن،دافع حمی،مدر بول وحیض،منفث بلغم،مسکن عطش،دافع سدد،ملین۔

مواقع استعمال – بخار، درد، ورم، احتباس بول وحیض، ضعف معدہ، پیچش وغیرہ۔

ترکیب استعمال –

(i) ریاح خارج کرنے اور غذا کو ہضم کرنے کیلئے اس کی پتیوں کی چٹنی استعمال کرنا مفید ہے۔

(ii) بچوں کے امراض گلو معدہ میں اسکے پتوں کے رس کو شہد کے ہمراہ استعمال کرانا مفید ہے۔

(iii) ہر طرح کے بخاروں اور بندش حیض میں اس کے پتوں کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

(iv) پیچش کو دور کرنے کیلئے اس کے تخموں کو چہار تخم میں شامل کر کے استعمال کرنا مفید ہے۔

(v) درد اور ورم کو دور کرنے کیلئے اس کے پتوں کو پیس کر ضماد کرنا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – Camphor ،Basil Terpentine (Ocimine)، لعابی مادہ۔

مرکبات – خمیرہ آبریشم سادہ،خمیرہ گاؤزبان سادہ،خمیرہ آبریشم عود مصطگی والا۔

Chemical Constituents: Oleanolic acid, Ursolic acid, Rosmarinic acid, Eugenol, Carvacrol, Linalool, β - caryophyllene, Vitamin – C, Carotene, Calcium, Phosphorus, Copper, Chromium, Zinc, Iron, Nickel.

Bioactivity: Antifertility, Anticancer, Antidiabetic, Antiviral, Antifungal, Antimicrobial, Hepato protective, Antibacterial, Cardio protective, Antiemitic, Anti spasmodic, Analgesic, Diaphoretic, Immuno modulator, Antioxidant, Radio protective, Neuro protective, Contraceptive, Larvicidal, Genotoxic.

Indication: Bronchitis, Bronchial asthma, Malaria, Diarrhoea, Dysentery, Skin diseases, Arthritis, Painfull eye diseases, Chronic fever, Insect bites, Congestion, Lung infections, Lung cancer, Typhoid, Flu, Fungus Gonorrhoea, Kidney problems .

Side effects : Excess use can cause burning sensation.

Pregnancy : Avoid / Medical supervision should be taken while using in pregnancy.

Children & Lactation: Safe .

(۱۲۱) ریگماھی - Skink (Sandfish)

حیوانی نام	-	Mabuya Carinata Schneid
عربی	-	سمک رملی
فارسی	-	ریگماہی
یونانی	-	سقیقس
ماخذ	-	حیوانی
حصص مستعملہ	-	مسلم مچھلی
مدت حیات	-	۳ رسال (خشک مچھلی)
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	مقوی ومحرک باہ
مضر	-	معدہ کو
مصلح	-	نمک طعام
بدل	-	ماہی روبیاں
مقدار خوراک	-	ایک گرام تک

Kingdom : Animalia.
Phylum : Chordata.
Class : Reptilia.
Order : Squamata.
Family : Scincidae.
Genus : Eutropis.
Species : E . Carinata.
Binomial name : Eutropis Carinata.
Synonyms : Mabuya carinata (Schneider).

ریگماہی

شناخت - یہ انگلی کے برابر، زرد رنگ کی، بدبودار، گرگٹ کی طرح ایک قسم کی مچھلی ہے جو ریگستان میں اس طرح چلتی ہے جس طرح مچھلی پانی میں چلتی ہے۔ اس کی ایک دوسری قسم پانی کے کنارے ملتی ہے۔ یہ بالو میں ۳۰ فٹ کی گہرائی تک گھس جاتی ہے۔ مغرب کے وقت غذا کی تلاش میں باہر نکلتی ہے یا پھر بارش کے وقت باہر آتی ہے، اُسی وقت اسے حاصل کر کے نمک لگا کر خشک کر لیا جاتا ہے

حصول - سندھ، مارواڑ کے ریگستان، بغداد، مصر (دریائے نیل)

افعال - مقوی باہ، محرک باہ، مغلظ منی، مصلب ذکر۔

مواقع استعمال - ضعف باہ، لاغریٔ قضیب، رقت منی وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) قضیب کی لاغری کو دور کرنے اور اس میں سختی اور فربہی پیدا کرنے کیلئے اس کا طلاء بنا کر مالش کرنا مفید ہے۔
(ii) باہ کو قوی کرنے اور شہوت میں اضافہ کرنے کیلئے انڈے کی زردی کے ہمراہ کھانا مفید ہے

جدید تحقیقات - پروٹین، امینوایسڈ، شحم، روغن کثیف، ہائیڈروجن، وٹامن B_1

مرکبات - معجون مقوی علوی خاں، معجون ثعلب، عرق ماء اللحم بہ نسخہ کلاں۔

Bioactivity:Antifungal, Antibacterial, Aphrodisiac, Spermatogenic, Steroidogenic, Anti-inflammatory.

Indication:Premature ejaculation, Azoospermia, Chronic stress, Anxiety, Depression.

ریگماہی کی ایک دوسری قسم

(۱۲۲) ریوند چینی - Rhubarb (Rheum)

نباتی نام - Rheum officinale Baillon
خاندان - Polygonaceae
عربی - راوند
فارسی - ریباس
بنگلہ - ریون چینی
ہندی - رے وت چینی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - جڑ
مدت حیات - ۵ر سال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مسہل اخلاط لذجہ
مضر - ناقہین کو
مصلح - صمغ عربی
بدل - گل سرخ/سقمونیا
مقدار خوراک - ۱-۲ گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Order	: Caryophyllales.
Family	: Polygonaceae.
Genus	: Rheum.
Species	: R . officinale.
Binomial name	: Rheum officinale.

خشک جڑ

شناخت - یہ ریباس نامی پودے کی بے ڈول گرہ دار جڑ ہے جس کی رنگت زرد، سیاہی مائل، بوتیز اور ذائقہ کسیلا یا تلخ ہوتا ہے۔ اس سے ایک قسم کا عصارہ تیار کیا جاتا ہے جسے عصارۂ ریوند کہتے ہیں۔

حصول - چین، بنگال، آسام، ناگالینڈ۔

افعال - اندرونی = منفث بلغم، مقوی معدہ و امعاء، کاسر ریاح، مدر بول وحیض، محرک ومقوی جگر، مقوی بدن، مفتح سدد۔ بیرونی = جالی، محلل، مسکن، لاذع (ہیجان پیدا کرنے والا)

مواقع استعمال - کھانسی، دمہ، ضعف معدہ، نفخ شکم، عسر طمث، احتباس بول، درد گردہ ومثانہ وغیرہ۔

ترکیب استعمال -
(i) دمہ اور کھانسی میں بلغم کو خارج کر کے تسکین دینے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(ii) معدہ کی اصلاح کرنے اور دستوں کو بند کرنے کیلئے اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(iii) عسر طمث میں حیض کے ۳ دن قبل سے اس کا سفوف مصری کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔
(iv) گردہ ومثانہ کے درد کو دور کرنے و بند پیشاب جاری کرنے کیلئے اسکا جوشاندہ پینا مفید ہے

جدید تحقیقات - کرانی سوفینن، کرانی ساروپین، ریسی سین، کرانی سوفینک ایسڈ، گیلک ایسڈ، آیوڈین، آگزلیٹ، رالدار مادہ، کاربوہائیڈریٹ۔

مرکبات - شربت دینار، اکسیر جگر، حب شفاء۔

Chemical Constituents: Aloe – emodin, Chrysophanol, Emodin, Physcion, Rhein, Sennoside – a & b.

Bioactivity: Laxative, Purgative, Astringent, Antiseptic, Bactericides, Viricide, Antimicrobial, Antifungal, Hepato protective, Antiplatelet, Antihypertensive, Anti-inflammatory.

Indication: Hepatitis B, Constipation, Stomach tumors, Renal disorder, Hyper lipidermia, cancer.

Side effects : Long term use can lead to liver damage.

Pregnancy & Lactation: Avoid, higher doses may cause poisoning and acute renal failure due to presence of oxalic acid.

(۱۲۳) زَراوَند - European Birthwort

نباتی نام - Aristolochia rotunda linn

خاندان - Aristolochiaceae

عربی+فارسی - زراوند

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - جڑ

مدت حیات - ۳رسال

مزاج - گرم خشک III/II

نفع خاص - مدر حیض

مضر - جگروطحال کو

مصلح - سیاہ مرچ

بدل - زرنباد

مقدارخوراک - ۳-۵گرام

Kingdom	:Plantae.
Super division	:Spermatophyta (Seed plant).
Division	:Magnoliophyta (Flowering plant).
Class	:Magnoliopsida (Dicot).
Order	:Aristolochiales.
Family	: Aristolochiaceae.
Genus	: Aristolochia.
Species	: A . rotunda.
Binomial name	: Aristolochia rotunda.

شناخت - یہ ایک نبات کی جڑ ہے جوانگلی کے برابر موٹی اور ۹ انچ لمبی ہوتی ہے۔اس کا رنگ سرخی مائل سنہرا اورذائقہ کڑواہوتاہے۔اسکی پتیاں گول اور ملائم اور پھول سفیداورٹوپیوں کی شکل کے ہوتے ہیں۔

وجہ تسمیہ - زراوند کے معنی سونے کا ظرف،چونکہ اس کی جڑ کارنگ سنہراہےاس لئے اس کا نام زراوند پڑا۔

اقسام - (i) نر=جس کوزراوندطویل(Aristolochia longa) کہتے ہیں۔
(ii) مادہ=جس کوزراوندمدحرج یازراوندگرد(Aristolochia rotunda) کہتے ہیں۔
(iii) ہندوستان میں جوقسم پائی جاتی ہےاُس کو(Aristolochia indica) کہتے ہیں۔

حصول - ایران، عراق، بھارت،(تاثیرات میں ایران اوراعراق کازراوندمدحرج زیادہ قوی ہے۔)

افعال - جالی،مدربول وحیض،قاتل کرم شکم،مسخن محلل،منفث بلغم،منبت لحم (گوشت پیداکرنا)

مواقع استعمال - دمہ،کھانسی،احتباس حیض،دیدان امعاء،جھیپ،جھائیں۔

ترکیب استعمال - (i) چہرے کے داغ دھبوں کودورکرنے اوراس کارنگ نکھارنے کیلئے بطورابٹن مستعمل ہے۔
(ii) بندحیض کوجاری کرنے اورجنین ومشیمہ کوخارج کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینااورشہدمیں ملاکرفرزجہ کرنامفید ہے۔
(iii) دمہ،کھانسی کودورکرنے کیلئے اس کے سفوف کوشہدمیں ملاکرچاٹنامفید ہے۔
(iv) پرانے اور نئے زخموں کے بدگوشت کودورکرکے نیاگوشت پیداکرنے کیلئے ایرسااوراس کے سفوف کوشہدمیں ملاکرمقام ماؤف پرلگانامفید ہے۔

جدید تحقیقات - ارسٹولیچین، ارسٹولینک ایسڈ، پوٹاشیم کلورائیڈ،پوٹاشیم نائیٹریٹس۔

مرکبات - معجون فلاسفہ،مرہم قوبا،تریاق اربعہ،معجون دبیدالورد

Chemical Constituents: Aristolochic acids (Carcinogenic, mutagenic & nephrotoxic), Aristolochine, Glycosides.

Bioactivity: Abortifacient, Anti-spermatogenic, Astringent, Anti-fertility, Anti arthritic, Anti-inflammatory, Anti periodic, Diuretic, Anti-bilious, Emmenagogue, Antiseptic, Antibacterial.

Indication: Use as antidote in scorpion sting, Snake bite, Insects bite, Menstrual irregularities, Dropsy, Wounds, Ulcers, Fevers, Vomiting, Intestinal parasite, Leprosy, Leukoderma, Tonsilitis, Chronic dyspepsia, Indigestion & digestive disorder, Arthritis.

Side effects : Unsafe, high doses caused severe necrosis of the renal tubules, atrophy of spleen, Hyperkeratosis of the squamous epithelium .

Pregnancy & Lactation: Unsafe–Avoid.

Barberry - زِرِشک (۱۲۴)

نباتی نام - Berberis aristata Dc.

خاندان - Berberidaceae

Kingdom : Plantae.
Sub division : Angiosperms.
Class : Eudicots.
Order : Ranunculales.
Family : Berberidaceae.
Genus : Berberis.
Species : B . aristata .
Binomial name : Berberis aristata (Coscinium fenestratum).

عربی - انبر باریس

فارسی - زرشک

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پھل

مدت حیات - ۲ سال

مزاج - سرد خشک II

نفع خاص - صفراوی امراض میں

خشک زرشک

مضر - باردالمزاج کو

مصلح - شکر / قرنفل

بدل - صندل سفید

مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

شناخت - یہ دار ہلد نامی درخت کا پھل ہے جو کالی کشمش سے چھوٹا سیاہی مائل اور کھٹ مٹھا ہوتا ہے۔

حصول - جموں کشمیر، دہرہ دون، یورپ، خراسان، شیراز، امریکہ، نیپال، اسپین، شام، روم

افعال - مسکن صفراء و خون، مسکن حرارت معدہ حار و جگر، مقوی معدہ، قابض امعاء۔

مواقع استعمال - قے، متلی، صفراوی بخار، استسقاء، استحاضہ، صفراوی دست، قلاع الفم۔

ترکیب استعمال - (i) صفراوی بخاروں میں قے کو روکنے کیلئے مناسب عرق کے ہمراہ مل چھان کر پینا مفید ہے۔

(ii) معدہ اور جگر کی حرارت کو تسکین دینے کیلئے شہد کے ہمراہ شربت بنا کر پینا مفید ہے۔

(iii) قلاع الفم کو دور کرنے اور مسوڑھوں کو مضبوط بنانے کیلئے اس کی جڑ کی چھال کو پیس کر زخموں پر چھڑکنا اور اس کے جوشاندہ سے کلی کرنا مفید ہے۔

(iv) صفراوی دستوں اور آنتوں کی خراش کو دور کرنے کیلئے اس کا کھانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - بربرین، آکسی کن تھین۔

مرکبات - دواء المسک معتدل جواہر والی، حب رسوت، حب بواسیر، قرص زرشک۔

کاپی رائٹ بحق حکیم شکیب احمد
زرشک
کاپی رائٹ بحق حکیم شکیب احمد
زرشک کا درخت

Flacourtia – زرنب (۱۲۵)

Kingdom	:Plantae.
Division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Rosids.
Order	: Malpighiales.
Family	: Salicaceae.
Genus	: Flacourtia.
Species	: F . Cataphracta.
Binomial name	: Flacourtia Cataphracta.

نباتی نام – Flacourtia Cataphracta Roxb.
خاندان – Flacourtiaceae
عربی – زرنب
فارسی – سروترکستانی
ہندی – تالیس پتر
ماخذ – نباتی
حصص مستعملہ – برگ
مدت حیات – ۲رسال
مزاج – گرم خشک III/II
نفع خاص – مقوی ومفرح اعضاء رئیسہ
مضر – امراض حارہ میں
مصلح – کشنیز خشک
بدل – دارچینی/کباب خنداں
مقدارخوراک – ۱-۳ گرام

شناخت – یہ ایک درخت کے خوشبودار پتے ہیں جو بید کے پتوں سے مشابہ، لمبے اور سبز، زردی مائل ہوتے ہیں۔اس کی خوشبو بجورا لیموں جیسی ہوتی ہے۔

حصول – فارس کے پہاڑی علاقوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

افعال – مفرح ومقوی قلب، مقوی دماغ، مقوی اعصاب، مسخن، کاسر ریاح، مقوی معدہ وجگر، دافع حرقت البول، دافع حمیات ربع، دافع فواق، دافع سعال۔

مواقع استعمال – بخار، سوزش بول، دمہ کھانسی، ہچکی، خفقان، ضعف معدہ، ضعف اشتہاوغیرہ۔

ترکیب استعمال –
(i) خفقان کودورکرنے، قلب کوقوی کرنے اور فرحت بخشنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔
(ii) دمہ، بلغمی کھانسی اور بلغمی ہچکی کودورکرنے کیلئے اسکے جوشاندے میں شہد ملا کر چاٹنا مفید ہے۔
(iii) معدہ کی ضعف کودورکرنے اور بھوک لگانے کیلئے اس کا سفوف استعمال کرنا مفید ہے۔
(iv) درد سر بارد میں اس کے عرق کوروغن بنفشہ کے ہمراہ ناک میں ٹپکانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات – روغن فراری، روغن کثیف، رالدار مادہ۔

مرکبات – سفوف زرنب۔

Chemical Constituents: Alkaloids, Glycosides, Saponin, Sugar, Terpenoids, Flavonoids, Phenolic compound, Steroids, Tannins.

Bioactivity: Antifungal, Antibacterial, Astringent, Anti histamic, Antidiabetic, Antidote, Anti-malarial, Antioxidant, Anti pyratic, Carminative, Anti diarrhoal, Anti-inflammatory, Antimicrobial, Antiperiodic, Antiviral, Diuretic, Hepato protective.

Indication: Diarrhoea, Bronchitis, Asthma, Toothache, Snake bite (highly effective), Cholera, Colic, Diabetes, Fever, Jaundice, Arthritis, Dysentery, Speelnomegaly, Tuberculosis, Throat disorder, Nausea, Vometing.

(۱۲۶) زرنباد - Zedoary

Kingdom	:Plantae.	نباتی نام	- Curcuma Zedoaria Rosc.
Sub division	:Angiosperms.	خاندان	- Zingiberaceae
Class	:Monocots.	عربی	- زرنباد
Order	:Zingiberales.	فارسی	- کثور
Family	:Zingiberaceae.	ہندی	- کپور کچری
Genus	:Curcuma.	ماخذ	- نباتی
Species	:C . Zedoaria.	حصص مستعملہ	- جڑ
Binomial name	:Curcuma Zedoaria.	مدت حیات	- ۳ رسال

مزاج - گرم II خشک III

نفع خاص - کاسرریاح

مضر - محرورین کو/مصدع

مصلح - گل بنفشہ

بدل - درونج

مقدارخوراک - ۱-۳ گرام

شناخت - یہ ایک نبات کی جڑ ہے جس میں تیز خوشبو ہوتی ہے۔اس کا رنگ باہر سے مٹیالا اور اندر سے زردی مائل ہوتا ہے۔اس کا مزہ تلخ و تیز ہوتا ہے۔اس کی وضع ہلدی کی گرہ کی طرح ہوتی ہے۔

اقسام - (۱) نرکچور = یہ اس کی بڑی قسم ہے اور موٹی و دراز ہوتی ہے۔
(۲) کچور = یہ اس کی چھوٹی قسم ہے۔اس کی بو تیز ہوتی ہے۔

حصول - بھارت، کوچین، کیرالا۔

افعال - کاسرریاح، مفتح سدد، مفرح و مقوی قلب و دماغ، مقوی معدہ و جگر، مطیب دہن، جالی، محلل اورام

مواقع استعمال - دمہ، کھانسی، جریان، سوزاک، حرقت البول، سردی زکام، انفلوئنزا، ہیضہ، ضعف معدہ، نفخ شکم۔

ترکیب استعمال - (i) بلغم اور سانس کی نالی کے امراض کو رفع کرنے کیلئے کالی مرچ، ملیٹھی اور مصری کے ساتھ جوش دے کر پینا مفید ہے۔
(ii) درد، ورم اور چوٹ کو زائل کرنے کیلئے پھٹکری کے ساتھ پیس کر اس کا لیپ لگانا مفید ہے۔
(iii) سردی زکام اور انفلوئنزا میں اسکودار چینی اور فلفل دراز کے ساتھ جوش دے کر پینا مفید ہے
(iv) جریان، سوزاک، اور حرقت البول کو دور کرنے کیلئے تازہ جڑ کو پیس چھان کر پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن کثیف، رالدار مادہ، آرگینک ایسڈ، گوند، نشاستہ، البومن، شکر، روغن فراری، متمائل، پیرا کیمرین ایسیٹیٹ، Curcuma Arabin

مرکبات - سفوف چٹکی، حب کبد نوشادری، معجون جوگراج گوگل، معجون اذراقی۔

Chemical Constituents: Alkaloids, Borneol, Camphor, Cineole, Curzerenone, essential oil, Germacrone, Phenolic acid, Resins, Sesquiterpenes, Sugar, Terpenoids, Camphene, Carbohydrate, Curcumin,Epoxide, Furanodiene, Glucoside, Phytosterol, Saponins, Starch, Tannins, Zingiberene.

Bioactivity: Analgesic, Antiarthritic, Anti-inflammatory, Antiseptic, Anti allergic, Antiasthmatic, Antioxidant, Antiulcer, Aphrodisiac, Carminative, Diuretic, Stomachic.

Indication: Wounds, Abdominal disorder, Asthma, Cancer, Cough, Diabetes, Enteritis, Hepatitis, Menstrual disorder, Rheumatism, Tumors, Ulcers, Vomiting, Diarrhoea, Leucorrhoea, Piles, Skin diseases, Swelling, Typhoid.

Side effects : No harmful side effects have been reported so far.

Pregnancy : Unsafe – may cause miscarriage.

Lactation: Avoid.

(۱۲۷) زَعْفَران - Saffron

Kingdom	:Plantae.
Sub division	:Angiosperms.
Class	:Monocots.
Order	:Asparagales.
Family	:Iridaceae.
Genus	:Crocus.
Species	:C . Sativus.
Binomial name	: Crocus Sativus.

نباتی نام - Crocus sativus linn
خاندان - Iridaceae
عربی+فارسی - زعفران
ہندی - کیسر
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - زرگل
مدت حیات - ۴ سال
مزاج - گرم II خشک I
نفع خاص - مفرح
مضر - مضعف گردہ
مصلح - زرشک
بدل - پوست ترنج
مقدار خوراک - ۱-۳ گرام

شناخت - یہ زعفران نامی ایک پودے کا ریشہ ہے جو اس کے پھولوں کے اندر ہوتا ہے اور زرگل کہلاتا ہے۔ اسکا رنگ سرخ زردی مائل، بو تیز خوشبودار اور ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔ اسکا پودا پیاز کے پودے کی مانند اور اس کی بلندی تقریباً نصف گز تک ہوتی ہے۔ اس کی جڑ کے نیچے پیاز جیسی ایک گانٹھ ہوتی ہے

حصول - مصر، ایران، وادیٔ کشمیر، اسپین، پرتگال، ترکی، یونان۔

افعال - مدر بول وحیض، محلل، محرک باہ، جالی، مقوی جگر و دل و دماغ، مقوی بدن، مقوی بصر، جالی۔

مواقع استعمال - ورم جگر، ضعف بصر، احتباس بول وحیض، ورم رحم، درد شکم، سردی و زکام وغیرہ میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال -
(i) بند پیشاب کو جاری کرنے کیلئے اس کا ایک ریشہ احلیل کے اندر رکھنا مفید ہے۔
(ii) بچہ کی ولادت میں آسانی پیدا کرنے کیلئے حاملہ کو چار گرام زعفران پلانا مفید ہے۔
(iii) جگر کے ورم کو دور کرنے کیلئے کریلے کے رس میں اس کو چھڑک کر پینا مفید ہے۔
(iv) پیٹ کے درد کو دور کرنے کیلئے دال چینی کے ہمراہ گولی بنا کر کھانا مفید ہے۔
(v) حیض کی درستگی کیلئے اس کو عاقر قرحا کے ساتھ گولی بنا کر کھانا مفید ہے۔
(vi) زعفران، افیون اور تج ہم وزن لیکر روغن گل میں پیس کر چہرہ پر ملنے سے نیند فوراً آجاتی ہے

جدید تحقیقات - Crocin نامی روغن فراری، گلوکو سائیڈ، رالدار مادہ، موم، پروٹیڈ، شکر، Picrocrocein

مرکبات - جوارش جالینوس، دواء الکرکم کبیر و صغیر، خمیرہ مروارید، دواء المسک معتدل جواہر والی۔

Chemical Constituents: Flavonoids, Tannins, Anthocyanins, Hesperidin, Quercetin, Rutin, Luteolin, Bioflavonoids, Crocin, Safranal.

Bioactivity: Antiseptic, Antidepressant, Antioxidant, Digestive, Anti-consulvant, Stimulant, Anti-inflammatory.

Indication: Depression, Menstrual disorder / discomfort, Premenstrual Syndrome (PMS), Erectile dysfunction, Male infertility, Psoriasis, Insomnia, Cancer, Cough, Stomach gas, Premature ejaculation.

Nutrient Composition: Manganese, Iron, Zinc, Copper, Magnesium, Potassium, Vitamins-A, Niacin, Folic acid, Vitamin-C & Riboflavin.

Side effects : Dryness of mouth, Anxiety, Dizziness, High dose may cause poisoning.

Pregnancy & Lactation: Unsafe – large amount may cause miscarriage due to uterine contraction.

(۱۲۸) زَنجَبِیل - Ginger

نباتی نام - Zingiber officinale Rosc.
خاندان - Zingiberaceae
عربی - زنجبیل
ہندی - سونٹھ
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - تنہ (زیرزمین)
مدت حیات - ۱۰ رسال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - کاسر ریاح
مضر - محرورین کو
مصلح - روغن بادام
بدل - عاقرقرحا
مقدار خوراک - ۱-۳ گرام

Kingdom :Plantae.
Sub division :Angiosperms.
Class :Monocots.
Order :Zingiberales.
Family :Zingiberaceae.
Genus :Zingiber.
Species :Z . officinale.
Binomial name :Zingiber officinale.

شناخت - یہ غذائی استعمال میں آنے والی، جڑ کی طرح، ایک نباتی ادویہ ہے جو زیرزمین تنہ (Modified stem) کہلاتا ہے۔ اسے تازہ حالت میں ادرک اور خشک حالت میں سونٹھ کہتے ہیں۔ اس کا رنگ بھورا، مزہ تیز چرپرہ اور تلخ ہوتا ہے۔

حصول - یوپی، بہار، ممبئی، سورت، احمد آباد، پنجاب، جموں کشمیر اور مدراس۔

افعال - کاسر ریاح، ہاضم، مقوی باہ، مقوی ذہن و حافظہ، ملین، قاتل کرم شکم، منفث بلغم، جالی۔

مواقع استعمال - امراض معدہ و امعاء، گٹھیا، فالج، دمہ، کھانسی، سیلان الرحم، درد کمر و پست، جالا، پھولا وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) نفخ شکم اور ضعف اشتہا میں اس کو نمک لاہوری کے ہمراہ قبل از طعام کھانا مفید ہے۔
(ii) بلغمی کھانسی کو دور کرنے کیلئے اس کے رس کو شہد میں ملا کر چاٹنا مفید ہے۔
(iii) جوڑوں کے درد اور سختی میں اس کے پانی کو تل کے تیل میں جلا کر مالش کرنا مفید ہے۔
(iv) جالا، پھولا اور دھند میں اس کے باریک سفوف کو بطور سرمہ آنکھوں میں لگانا مفید ہے۔
(v) بلغمی مزاج والوں کو اس کا مربہ استعمال کرنا بہت مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، جنجرول، جنجیرین، رال۔

مرکبات - جوارش زنجبیل، معجون زنجبیل، جوارش کمونی، جوارش بسباسہ، جوارش جالینوس۔

Nutritional Value Per 100gm

Nutrient	Value	Nutrient	Value
Carbohydrate	:17.77 g	Vitamin C	:5mg
Sugars	:1.7 g	Vitamin E	:0.26mg
Dietary fibre	:2 g	***Minerals***	
Fat	:0.75 g	Calcium	:16mg
Protein	:1.82 g	Iron	:0.6mg
Vitamins		Magnesium	:43mg
Thiamine (B_1)	:0.025mg	Manganese	:0.229mg
Riboflavin (B_2)	:0.034mg	Phosphorus	:34mg
Niacin (B_3)	:0.75mg	Sodium	:13mg
Pantothenic acid (B5)	:0.203mg	Zinc	:0.34mg
Vitamin B_6	:0.16mg	Water	:79g
Folate (B_9)	:11µg	(USDA) database.	

Chemical Constituents: Zingerone, Shogaols, gingerols with [6] – gingerol (1 – [4 – hydroxy – 31 – methoxy phenyl] – 5 hydroxy – 3 decanone), α – curumene, citral, D – Camphene, Geraneol, Zingiberenes.

Bioactivity: Anticancer, Antiviral, Antibacterial, Anti-allergy, Hepato protective, Anti-inflammatory, Aphrodisiac, Appetizer, Stimulant.

Indication: Cough, Cold, Flu, Ear infection, Sore throat, Angina, Asthma, Fever, Migraine, Colon cancer, Nausea & Vomiting, Muscular & Joint pain, Arthritis, Osteoarthritis.

Side effects : Safe – some people can have heart burn, diarrhoea and general stomach discomfort.

Pregnancy & Lactation: Possibly safe but it is noted that it might affect federal sex hormone.

(۱۲۹) زنگار - Rust (Verdagris)

کیمیائی نام - Copper disulphate
عربی - زنجار
فارسی - زنگار
ماخذ - کیمیائی
حصص مستعملہ - زنگار کی قلمیں/سفوف
مدت حیات - دیگر کیمیکل کی طرح
مزاج - گرم خشک IV
نفع خاص - اکال
مضر - دوائے سمی
مصلح - تازہ گھی
بدل - توتیاء
مقدار خوراک - داخلاً ممنوع ہے۔

Chemical properties:

Copper II acetate is soluble in alcohol and water & slightly soluble in ether & glycerol.
Melting point - 115°C .
Decompose - 240°C .
It can be prepared by reacting copper (I I) oxide, CuO, or copper (I I) carbonate, $CuCo_3$, with acetic acid CH_3COOH.

شناخت - یہ ہلکے سبز رنگ کے سفوف یا قلمیں ہیں جو تانبے کے پتروں کو سرکہ یا دہی میں ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔ اعلیٰ قسم کے زنگار کو تانبے کے ذرات اور سلفیورک ایسڈ سے ملا کر حاصل کرتے ہیں۔

اقسام - (i) معدنی = یہ تانبے کا زنگ ہے جو تانبے کی کان سے نکلتا ہے اور دہنہ مسی کہلاتا ہے۔
(ii) مصنوعی = یہ تانبے پر سرکہ کے انجرات پہنچانے سے بنتا ہے۔

حصول - ہندوستان اور دیگر ممالک۔

افعال - اکال، مجفف قروح، جالی، مقرح، دافع عفونت۔

مواقع استعمال - قروح خبیثہ، جالا، پھولا، دھند، کھجلی، برص، قروح چشم وغیرہ عوارضات میں مستعمل ہے۔

ترکیب استعمال - (i) قروح خبیثہ میں اس کو جلا کر کتیرا اور انڈے کی سفیدی کے ساتھ زخم پر لگانا مفید ہے۔
(ii) زخم کے زائد گوشت کو دور کرنے اور پیپ وغیرہ کی پیدائش کو روکنے کیلئے اسکا مرہم مفید ہے
(iii) آنکھوں کے امراض مثلاً جالا، پھولا، دھند اور قروح چشم وغیرہ کو دور کرنے کیلئے شہد میں ملا کر یا بطور شیاف آنکھوں میں لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - سلفر، کاپر

مرکبات - مرہم رسل، شیاف ظفرہ، شیاف اخضر۔

Verdigris is the common name for a green pigment obtained through the application of acetic acid to copper plates or the natural PATINA formed when copper, brass or bronze is weathered and expoted to air or seawater over a period of time. It is usually a basic copper carbonate . It acetic acid is present at the time of weathering, it may consist of copper (I I)acetate.

Bio-activity: Fungicide.

Composition: $Cu(C_2H_3O_2)_2 - 2Cu(OH)_2$.

Refractive Index: ***1.53, 1.56.***

Hazards & Safety: ***Toxic by ingestion, turns brown or black in contact with sulfur containing compounds .***

(۱۳۰) زوفا - Hyssop

نباتی نام - Hyssopus officinalis L.

خاندان - Labiatae

Kingdom : Plantae.
Sub division : Angiosperms.
Class : Eudicots.
Order : Lamiales.
Family : Lamiaceae.
Genus : Hyssopus.
Species : H . officinalis.
Binomial name : Hyssopus officinalis.

عربی - زوفاءِ یابس

فارسی - زوفائے خشک

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - مسلم بوٹی

مدت حیات - ۴ سال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - دمہ اور کھانسی میں

مضر - جگر کو

مصلح - گوند ببول

بدل - صعتر فارسی

مقدار خوراک - ۳-۹ گرام

خشک زوفا

شناخت - یہ ایک مفروش بوٹی ہے جو زمین پر پھیلی ہوتی ہے۔ اسکے پتے مرزنجوش کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ اسکا مزہ تلخ اور خوشبودار ہوتا ہے۔ اسکی ہر شاخ کی گرہ پر بنفشئی مائل پھول کھلتا ہے۔

حصول - ایران، شام، یورپ اور پنجاب سے حاصل کیا جاتا ہے۔

افعال - منفث بلغم، محلل اورام، قاتل کرم شکم، مفتح، کاسر ریاح۔

مواقع استعمال - دمہ، کھانسی، ذات الریہ، نزلہ، زکام، فالج، عرق النساء، ورم رحم و گردہ و مثانہ، اورام دندان ولثہ۔

ترکیب استعمال - (i) نزلہ، زکام، دمہ اور کھانسی میں اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

(ii) دانتوں اور مسوڑھوں کے درد اور ورم میں اس کے جوشاندہ سے غرغرہ کرنا مفید ہے۔

(iii) رحم، گردہ اور مثانہ کے ورم کو دور کرنے کیلئے اس کا جوشاندہ پینا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - گلوکوسائیڈ، ٹے نن، رال، شحم، سبزی مائل زرد روغن۔

مرکبات - شربت زوفا سادہ، شربت زوفا مرکب۔

Chemical Constituents: Pinocamphone, Pinene, Berneol, Geraniol, Thujone, Camphene, Limonene, Phellandrene, Terpenoids, Marrubiin, Ursolic acid, Oleanolic acid, Hyssopin (a glucoside), Caffeic acid, Tannins & resin.

Bioactivity: Antibacterial, Antiviral, Antispasmodic, Diaphoretic, Anti-inflammatory, Anthelmintic, (round & tapeworm), Expectorant, Carminative.

Indication: Common cold, Sore throat, Hoarseness, Bronchitis, Catarrh, Asthma, Urinary tract infection, Liver & gall bladder problem, Intestinal problem, Poor circulation, Menstrual cramps, Skin disorder (bruises, rashes, burns, frost bite), HIV/AIDS, Appetite, Abdominal cramps, Colic, Flatulence.

Side effects : Safe, do not use the oil product because it has caused seizures (abnormal electrical activity in the brain) in some people .

Pregnancy & Lactation: Unsafe – miscarriage due to uterine contraction & start menstruation.

Children – unsafe – convulsion were reported.

(۱۳۱) زھر مھرہ - Serpentine (Mineral Stone)

معدنی نام - Cilicate of Magnesia

عربی - حجرالسم

فارسی - فادزہرمعدنی

ہندی - زہرمہرہ

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - زہرمہرہ (پتھر)

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - گرم خشک I

نفع خاص - مقوی اعضاء رئیسہ

مضر - پتھری پیدا کرتا ہے۔

مصلح - شربت بزوری

بدل - زبرجد☆

مقدار خوراک - ایک گرام تک

General formula = $(Mg, Fe, Ni, Al, Zn, Mn)_2$ $3(Si, Al, Fe)_2O5(OH)_4$.

Chemical formula = $(Mg, Fe)_3$ $Si_2O_5(OH)_4$.

شناخت - یہ ایک سبز رنگ کا معدنی پتھر ہے جو پتلا، چپٹا اور بے ڈول ٹکڑوں کی صورت میں دستیاب ہوتا ہے

اقسام - رنگت کے اعتبار سے اس کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں۔ لیکن سب سے بہتر زہرمہرہ خطائی ہے جو ختن کے کوہستان سے حاصل ہوتا ہے۔

حصول - ختن کے کوہستان، بھارت کے نیل گری پہاڑ، نیپال، کشمیر، تبت، چین، خراسان وغیرہ۔

افعال - مقوی اعضاء رئیسہ، مفرح، تریاق سموم، مقوی باہ و اعصاب، محلل۔

مواقع استعمال - خفقان، ضعف قلب، مالیخولیا، ہیضہ، طاعون، وحشت وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) امراض قلب، ہیضہ اور طاعون میں اسے گھس کر پینا مفید ہے۔

(ii) سانپ، بچھو اور بھڑ کے ڈسے ہوئے مقام پر اسے گھس کر لگانا مفید ہے۔

(iii) اخلاط کی عفونت کو دور کرنے اور اعصاب و جوڑوں کو قوی کرنے کیلئے اس کا کشتہ مفید ہے۔

جدید تحقیقات - سیلی کیٹ آف مینگنیز، آئرن فاسفیٹ، چونے کے مرکبات، نمکیات وغیرہ۔

مرکبات - یاقوتی سادہ، جواہر مہرہ، حب نشاط، خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا۔

☆ زبرجد = زمرد کی قسم کا ایک قیمتی پتھر ہے۔

Chemical Constituents: Magnesium, Silicate, Silicates of iron, Aluminium, Zinc, Manganese.

Bioactivity: Antidiarrhoeal, Antiemetic, Antacid, Antidote (scorpion stings & snakebite), Antihypertensive, Anti bacterial, Digestive, Stimulant, Febrifuge.

Indication: High blood pressure, Diarrhoea in children, Nausea & vomiting, Burning sensation in abdomen, Heart burn, Restlessness, Chronic fever, Cholera.

Olive - زیتون (۱۳۲)

Kingdom	:Plantae.	نباتی نام	-	Olea europaea L.
Sub division	:Angiosperms.	خاندان	-	Oleaceae
Class	:Eudicots.	عربی	-	زیتون
Sub class	:Asterids.	فارسی	-	زیت
Order	:Lamiales.	ماخذ	-	نباتی
Family	:Oleaceae.	حصص مستعملہ	-	پھل اور روغن
Genus	:Olea.	مدت حیات	-	۶ رسال
Species	:O . europaea.	مزاج	-	گرم تر II
Binomial name	: Olea europaea.	نفع خاص	-	مقوی اعصاب
		مضر	-	مضعف بصارت
		مصلح	-	دودھ/شہد
		بدل	-	بلیسان
		مقدار خوراک	-	۲ عدد

زیتون پھل

شناخت - یہ ایک مشہور پھل ہے جو بکائن کے پھل کے برابر ہوتا ہے۔اس کا درخت ۸-۱۰ میٹر تک بلند ہوتا ہے۔

حصول - ہندوستان، اٹلی، یوروپین ممالک، مشرقی وسطیٰ۔

افعال - بیرونی = مرطب، محلل، مسکن، اندرونی = مقوی بدن، ملین، مفتت حصاۃ مرارہ

مواقع استعمال - درد اعضاء، فالج، وجع المفاصل، عرق النساء، حصاۃ الکبد وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) فالج، وجع المفاصل اور عرق النساء جیسے امراض بارزہ میں درد کو تسکین دینے اور جسم کی یبوست کو دور کرنے کیلئے اس کے روغن سے مالش کرنا مفید ہے۔

(ii) آگ سے جلے ہوئے اعضاء کی سوزش کو تسکین دینے کیلئے اسکا مرہم استعمال کرنا مفید ہے

(iii) مرارہ (Gallblader) کی پتھری کو گلا کر خارج کرنے کیلئے اس کے روغن کو کچھ عرصہ تک پلانا مفید ہے۔

(iv) چیچک اور پھوڑے پھنسیوں کے داغ کو دور کرنے کیلئے اسکے پھل کا لیپ لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن کثیف، لائی نوٹک ایسڈ، پالمی ٹین، روجین، اولیون، اسٹی رال، کاربو ہائیڈریٹ ، Oxalic Acid

مرکبات - روغن زیتون

Chemical Constituents: Oleic acid, Hydroxy tyrosol, Tyrosol, Oleuropein ***Side effects :*** Safe – orally, applied to the skin,delayed allergic responses & contact dermatitis have been reported.
Bioactivity: Antioxidant, Anti hypertensive, Anti-inflammatory, Hypoglycemic, Antimicrobial, Antiatherogenic, Hypocholesterolemic.
Indication: Constipation, Breast cancer, Colorectal cancer, High cholesterol, High blood pressure, Ear infection, Eczema, Migraine headache, Osteo arthritis, Ovarian cancer, Rheumatoid arthritis.
Pregnancy & Lactation: Not enough reliable information.

(۱۴۳) زیرہ سفید - Cumin Seed (Caraway)

نباتی نام	-	Cuminum Cyminum L.
خاندان	-	Umbelliferae
عربی و فارسی	-	کموں
بنگلہ	-	جیرا
اردو	-	زیرہ
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	تخم
مدت حیات	-	۴ سال
مزاج	-	گرم II خشک III
نفع خاص	-	کاسرریاح
مضر	-	مہزل ہے
مصلح	-	کتیرا
بدل	-	زیرہ سیاہ
مقدارخوراک	-	۳-۵ گرام

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Asterids.
Order	: Apiales.
Family	: Apiaceae.
Genus	: Cuminum.
Species	: C . cyminum.
Binomial name	: Cuminum cyminum L .

شناخت - یہ ایک پودے کے تخم ہیں جو بادیان کی مانند لیکن اس سے چھوٹے کسی قدر خمیدہ ہوتے ہیں۔ان کی بوخوشگوار اور مزہ کسی قدر شیریں، چرپرہ اور خوشبودار ہوتا ہے۔

حصول - آسام، بنگال، یوپی، دہلی، پنجاب، گجرات، راجستھان، ایران اور شام

افعال - بیرونی = جالی، قابض، مجفف

اندرونی = مقوی معدہ، کاسرریاح، مخرج بلغم، مدربول وحیض، مدرشیر، محلل اورام

مواقع استعمال - نفخ شکم، بدہضمی، احتباس بول، ناخونہ، جالا، فواق ریحی، اسہال وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) امراض معدہ کو دور کرنے کیلئے اس کے سفوف کو نمک سیاہ کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے۔

(ii) غذا کو ہضم کرنے اور ریاح کو خارج کرنے کیلئے بطور مصالحہ اس کا استعمال مفید ہے۔

(iii) چہرہ کے رنگ کو صاف کرنے اور اس میں نکھار پیدا کرنے کیلئے اس کے پانی سے چہرہ کو دھونا مفید ہے۔

(iv) ناخونہ اور جالا کو دور کرنے کیلئے اسکے باریک سفوف کو بطور سرمہ آنکھوں میں لگانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری، شحم، رال، لعابی مادہ، مواد لحمیہ

مرکبات - سفوف ہاضم، سفوف مدرحیض، جوارش مصطلگی مرکب۔

Nutritional Value Per 100gm

Nutrient	Value
Energy	: 375 Kcal.
Carbohydrate	: 44.24 g
Sugars	: 2.25 g
Dietary fibre	: 10.5 g
Fat	: 22.27 g
Protein	: 17.81 g

Vitamins

Vitamin	Value
Vitamin A	: 1270 IU
Thiamine (B_1)	: 0.628mg
Riboflavin (B_2)	: 0.327mg
Niacin (B_3)	: 4.579mg
Choline	: 24.7mg
Vitamin B_6	: 0.435mg
Folate (B_9)	: 10µg
Vitamin C	: 7.7mg
Vitamin E	: 3.33mg
Vitamin K	: 5.4µg

Minerals

Mineral	Value
Calcium	: 931mg
Iron	: 66.36mg
Magnesium	: 931mg
Manganese	: 3.333mg
Phosphorus	: 499mg
Potassium	: 1788mg
Sodium	: 168mg
Zinc	: 4.8mg
Water	: 8.06g

(USDA) database.

Chemical Constituents: Cuminaldehyde, Cymene, Terpenoids, Thymol, Flavonoids (including apigenin & luteolin glycosides), Tannin .

Bioactivity: Carminative, Aromatic, Stomachic, Stimulative, Astringent, Aphrodisiac, Antioxidant, Anti- inflammatory, Anticancer, Anti bacterial, Antiseptic, Absorbant, Anticonvulsant, Abortifacient,

Indication: Indigestion, Dysentery, Flatulence, Vomiting, Enlarged spleen, Piles, Leucorrhea, Skin diseases, Fever, Colon, Cancer, Diarrhoea, Diabetes, Tuberculosis, Jaundice, Dyspepsia, Insomnia, Asthma, Bronchitis, Common cold, Anemia, Menstrual cramps.

Side effects : Safe in food amounts, Allergic reactions in some people.

Pregnancy & Lactation: Unknown – Avoid during pregnancy.

(۱۳۴) زیرہ سیاہ – Black Caraway (Black Cumin)

Kingdom	: Plantae.
Sub division	: Angiosperms.
Class	: Eudicots.
Sub class	: Asterids.
Order	: Apiales.
Family	: Apiaceae.
Genus	: Carum.
Species	: C . carvi.
Binomial name	: Carum carvi L .

نباتی نام - Carum carvi L.
خاندان - Umbelliferae
عربی - کمون اسود
فارسی - زیرہ سیاہ
بنگلہ - کالا جیرا
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - تخم
مدت حیات - ۴ سال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - کاسر ریاح
مضر - مسہزل ہے
مصلح - صمغ عربی
بدل - زیرہ سفید
مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

شناخت - یہ ایک خاکی مائل سیاہ رنگ کے تخم ہیں جو زیرہ سفید سے چھوٹے ہوتے ہیں۔ان کی بوخوشگوار اور مزہ چرپرہ ہوتا ہے۔اس کو کمون کرمانی بھی کہتے ہیں۔یہ بعض افعال میں زیرہ سفید کی بہ نسبت زیادہ قوی ہوتے ہیں۔

حصول - افغانستان،کشمیر، (ہندوستان میں زیادہ تر افغانستان سے آتا ہے۔)

افعال - مقوی معدہ،کاسر ریاح،مدر بول وحیض،مخرج بلغم،محلل،مدر شیر،جالی۔

مواقع استعمال - سوءہضم،ہچکی،نفخ شکم،دست،مروڑ،ورم رحم،ورم پستان،ناخونہ،جالا،پھولا وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (i) امراض معدہ کو دور کرنے اور دست و مروڑ کو رفع کرنے کیلئے اسکا چورن مفید ہے۔
(ii) رحم کے درد اور ورم کو زائل کرنے کیلئے اس کے جوشاندے سے آبزن کرنا مفید ہے۔
(iii) پستانوں میں دودھ کے جماؤ سے ہونے والے درد اور ورم میں اس کا لیپ لگانا مفید ہے۔
(iv) بچوں کے پیٹ کے امراض کو دور کرنے کیلئے اس کا عرق پلانا مفید ہے۔

جدید تحقیقات - روغن فراری،روغن کثیف،البومن،میوسی لیج،وٹامن،Carvon،Cymene،Carvine، کافور،Cuminol،لائی مونن

مرکبات - جوارش کمونی، عرق زیرہ، سفوف مویا، سفوف مقلیاناثا، جوارش کمونی مسہل۔

Nutritional Value Per 100gm

Nutrient	Value
Energy	:333 Kcal
Carbohydrate	:49.9 g
Sugars	:0.64 g
Dietary fibre	:38.0 g
Fat	:14.59 g
Protein	:19.77 g
Vitamins	
Vitamin A	:18µg
Thiamine (B_1)	:0.383mg
Riboflavin (B_2)	:0.379mg
Niacin (B_3)	:3.606mg
Vitamin B_6	:0.360mg
Folate (B_9)	:10µg
Vitamin C	:21.0mg
Vitamin E	:2.5mg
Minerals	
Calcium	:689mg
Iron	:16.23mg
Magnesium	:258mg
Phosphorus	:568mg
Potassium	:1351mg
Sodium	:17mg
Zinc	:5.5mg
Water	:9.87g

(USDA) database.

Chemical Constituents: Carvone, Limonene, Myrcene, limonene, α Terpinolene, Translimonene oxide, Trans dihydro carvone, Transcarveol, Carvacrol, β caryophyllene.

Bioactivity: Carminative, Stomachic, Anthelmintic, Antifungal, Anti bacterial, Anti spasmodic, Anticholinergic, Anti-inflammatory, Antiseptic.

Indication: Heart burn, loss of appetite, Dyspepsia, Hysteria, Flatulent, Colic, menstrual cramping, Gingivitis, Sore throat, Bowel spasm.

Side effects : It is not safe for children below 2years because skin & mucous membranes irritation.

Pregnancy & Lactation: In very high dose can cause abortion & may be neurotoxic

Index

طبی اصطلاحات	مترادف جدید اصطلاحات	معنی ومفاہیم
	(آ)	
آبزن	Sitz Bath	نیم گرم پانی یا دواؤں کے جوشاندہ میں مریض کو بٹھانا
آتشک	Syphilis	ایک جنسی متعدی مرض
آش	Gruel	گاڑھا شوربہ، بعض ادویہ کا غلیظ جوشاندہ
آش جو	Barley Water	ابالے ہوئے جو کا پانی
آشوب چشم	Conjunctivitis/Ophthalmia	التہاب چشم، طبقۂ ملتحمہ کا ورم
آکلۃ الفم	Cancrum oris	ہونٹ ومنھ کا قرحہ، گوشت خورۂ دہن
آلات بول	Urinary Organs	پیشاب کے اعضاء
آلات تناسل	Sexual Organs	نسل بڑھانے کا آلہ
	(الف)	
اُبٹن	Cosmetic Ungent	دواؤں کی لبدی جو میل چھڑانے کیلئے استعمال ہوتی ہے
احتباس	Retention	جسم میں کسی مادہ یا رطوبت کا رک جانا
احتباس بول	Retention of Urine	پیشاب کا بند ہوجانا
احتباس طمث	Amenorrhoea	حیض کا بند ہوجانا
احتراق	Combustion	جلنا/جھلنا
احتلام	Nocturnal Emission	خواب میں منی کا خارج ہوجانا
احشا	Viscera	سینہ وشکم کے اندرونی اعضاء
اختلاج	Trembling, Beating	پھڑکنا، کانپنا، تھرتھرانا
اختلاج قلب	Tachycardia	دل کا نہایت تیزی سے دھڑکنا یا غیر منظم طور پر پھڑکنا
اختناق الرحم	Hysteria	ایک عصبی مرض جو نظام اعصاب کے فتور سے لاحق ہوتا ہے۔
اخلاط	Humors	خلط کی جمع، رطوبات بدن، خون، صفراء، بلغم، سوداء
ادرار بول	Diuresis	پیشاب جاری کرنا
ادرار حیض	Inducing Mensturation	خون حیض کا کھل کر آنا
استحاضہ	Metrorrhagia	عورتوں کو ایام حیض کے سوا خون آنا
استرخاء	Paralysis	ایک مرض جس میں بدن یا بدن کا کوئی عضو ڈھیلا ہوجائے۔
استرخاء جفن	Ptosis(Blepharoptosis)	پلک کا لٹک جانا

استرخاء لہاة	Elongation of Vulva	کوے کا لٹک جانا
استسقاء	Dropsy	جلندھر، اعضاء ظاہری و باطنی خلاؤں میں مادہ غریبہ کا جمع ہونا۔
استسقاء زقی	Ascites (abdominal dropsy)	صفاق کے جوف میں سیرم کا جمع ہونا، پیٹ کا جلندھر
استسقاء طبلی	Ascites Succatus	صفاق کے جوف میں رطوبت کے اوپر ہوا کا بھر جانا
استسقاء لحمی	Anasarca	جلد کے نیچے کی خانہ دار ساختوں میں سیرم کا بھر جانا
أسرالبول	Ischuria	پیشاب کا پیدا نہ ہونا
اسقاط	Abortion/Miscarriage	حمل ساقط ہونا
اسہال	Diarrhoea/Purgation	دست آنا
اسہال بلغمی	Mucous Diarrhoea	جسم میں بلغم کی کثرت سے آنے والا دست
اسہال دموی	Dysenteric Diarrhoea	خونی دست
اسہال سوداوی	Malarious Diarrhoea	سوداء کے غلبہ سے ہونے والا دست
اسہال صفراوی	Biliary Diarrhoea	صفراء کی کثرت یا غلبہ سے ہونے والا دست
اسہال معدی	Gastrogenic Diarrhoea	معدہ کی خرابی سے لاحق ہونے والا دست
اعتدال	Moderation	چاروں خلط کا طبعی تناسب میں پایا جانا
اعصاب	Nerves	عصب کی جمع، پٹھے
اعضاء	Organs	عضو کی جمع، بدن کے حصے
أكال	Corrosive	عضو یا نسیج کو کھا جانے والی دوا
إكسير	Elixer	دواء شافی، کیمیا
التہاب	Inflammation	ورم ، سوجن
التہاب اثناء عشری	Duodenitis	اثناء عشری کا ورم
التہاب امعاء	Enteritis	آنتوں کی سوجن
التہاب انف	Rhinitis	ناک کی سوجن، ناک کے غشاء مخاطی کا ورم
التہاب ثدی	Mastitis	پستان کی سوجن
التہاب جلد	Dermatitis	جلد کی سوجن
التہاب حنجرہ	Laryngitis	زخرہ کی سوجن
التہاب دماغ	Encephalitis	دماغ کا ورم
التہاب شعب	Bronchitis	ہوائی نالیوں کا ورم
التہاب غدہ	Adenitis	غدود کا ورم
التہاب فقرات	Spondylitis	مہروں کا ورم

التهاب فم	Stomatitis	منھ کا ورم
التهاب قلب	Carditis	دل کی سوجن
التهاب لوزه	Tonsillitis	لوزہ (حلق کی بادامی شکل کی گلٹی) کا ورم
التهاب مهبل	Vaginitis	اندام نہانی کا ورم
ام الصبيان	Infantile Convulsion	بچوں کی مرگی
امراض	Disease	مرض کی جمع، (بیماریاں)
امراض حاده	Acute Diseases	شدید امراض (جن کی مدت تھوڑی ہوتی ہے)
امراض متعديه	Infectious diseases	چھوت کی بیماریاں
امراض مزمنه	Chronic diseases	پرانی بیماریاں جن کی مدت ۴۰ دن یا اس سے زائد ہوتی ہیں۔
امراض وبائيه	Epidemic diseases	ایسی بیماریاں جن میں ایک ہی وقت میں بہت سے لوگ مبتلا ہوں۔
انثیان، انثیین، خصیتین	Testicles / Testis	دو چھوٹے بیضوی شکل کے منی پیدا کرنے والے غدود
انتشار شعر	Ptilosis/Falling of hair	بالوں کا گرنا
انزال	Seminal Ejaculation	منی کا خارج ہونا
انزلاق الرحم	Uterine Procidentia / Prolapsus uteri	رحم کا اپنی جگہ سے نیچے اتر آنا
انقلاب الرحم	Inversion of the uterus	رحم کا الٹ جانا اور فرج سے اس طرح باہر آنا کہ سوراخ نظر نہ آئے
انهضام	Digestion	ہضم ہونا
اوجاع	Pains	وجع کی جمع بمعنی درد
اوذيما	Oedema	ایک قسم کا نرم و سفید ورم جس میں حرارت و درد نہیں ہوتا۔
اورام	Swelling	ورم کی جمع ، سوجن

(ب)

بُثور	Pustule	بثرہ کی جمع بمعنی پھنسیاں
بحة الصوت	Hoarseness	گلا بیٹھنا
بخار	Fever	وہ بھاپ جو اجزاء مائیہ کے لطیف و متخیل ہونے سے پیدا ہوتی ہے۔
بدرقه	Vehicle	وہ دوا جو کسی دوا کے اثر کو بدن میں پہنچانے اور قوی کرنے کے لئے دی جائے۔

بدل	Succedaneum	وہ دوا جو کسی دوسری دوا کے عوض یا بدل میں دی جائے
برص/برص ابیض	Leukoderma	ایک مرض جس میں بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں
برص اسود	Psoriasis	ایک مرض جس میں بدن پر سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں۔
بصارت/بصر	Sight	بینائی، نظر
بطون دماغ	Ventricles of the Brain	دماغ کے فضا یا جوف
بظر	Clitoris	عورتوں کی فرج کے درمیان ایک عضو
بلغم	Phlegm	ایک مشہور خلط جس کا مزاج سرد تر ہوتا ہے
بواسیر	Piles / Haemorrhoids	باسور کی جمع، ایک بیماری جس میں مقعد کی رگوں کے منہ پر خون غلیظ سے مسے پیدا ہو جاتے ہیں۔
بواسیر ریحی	Chronic dyspepsia	بادی بواسیر، ایک مرض جس میں غلیظ ریاح گودوں سے پیدا ہو کر آنتوں میں پہونچ کر قولنج پیدا کرتی ہے
بول	Urine	پیشاب
بول الدم	Haematuria	خونی پیشاب
بہق	Pityriasis	جھیپ، جھائیں
بیاض/ بیاض القرنیه	Corneal opacity	آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ کی سیاہی پر سفید پردہ چھا جاتا ہے۔

(ت)

تاکل الاسنان	Dental Carries	دانتوں کو کیڑا لگنا
تپ	Fever	بخار
تجویف	Cavity	عضو کے اندر کی فضا یا جوف
تحرك اسنان	Loosening of teeth	دانتوں کا ہلنا
تحليل	Decomposition / Dialysis	جسم سے کسی مادہ کا نامعلوم طریقہ پر خارج ہو جانا یا کسی دوا کا کسی سیال میں گھل جانا۔
تخمه	Dyspepsia	غذا کا معدہ میں بالکل ہضم نہ ہونا۔
ترياق	Antidote	وہ دوا جو کسی زہر کو دفع کرے۔
تسمم بولی	Uraemia	ایک مرض جس میں پیشاب کے زہریلے مادے خون میں جذب ہو کر ہذیان پیدا کر دیتے ہیں۔
تسمم الدم	Toxaemia	خون کا زہریلا ہو جانا۔
تشنج	Convulsion, Spasm	ایک مرض جس میں پٹھے اور عضلات کھنچے اور سمٹتے ہیں۔

تقطیرالبول	Strangury/Dribbling	پیشاب کا تکلیف سے قطرہ قطرہ آنا۔
تقیح الدم	Pyaemia	خون کا پیپ دار ہوجانا جو پیپ پیدا کرنے والے جرثوموں سے لاحق ہوتا ہے۔
تقیح لثہ	Pyorrhoea	مسوڑھوں کا پیپ دار ہوجانا
تہبج	Oedema	ڈھیلا ورم جو دبانے سے دب جائے یا جسم کے ٹشو میں ریح کا کثرت سے جمع ہونا۔

(ج)

جاذب	Desiccant	جذب کرنے والی دوا
جالی	Detergent	عضو کو پاک وصاف کرنے والی دوا
جُدری	Small pox	چیچک، جسم پر نکلنے والے چھوٹے یا بڑے دانے۔
جذام	Leprosy	کوڑھ، ایک متعدی مرض
جراثیم	Germ, Bacteria	جرثومہ کی جمع، خوردبینی اجرام
جرب	Scabies	خارش، تر کھجلی، ایک جلدی متعدی مرض
جرب الاجفان	Trachoma	آنکھ یا پلک کی خارش
جریان منی	Spermatorrhoea	منی کا بلا ارادہ خارج ہونا
جلد	Skin	کھال، جسم کی بیرونی سطح
جلق	Masturbation	مشت زنی، مٹھی لگا کر انزال کرنا
جنون	Insanity	پاگل پن، انسان کی عقل میں فتور آنے کا مرض۔
جنین	Foetus	وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں رہے۔

(ح)

حابس	Retentive/Styptic	رطوبات جسم کو نکلنے سے روکنے والی دوا
حابس بول	Anti diuretic	پیشاب کو روکنے والی دوا
حابس الدم	Haemostatic (Styptic)	جریان خون کو بند کرنے والی دوا
حالق (حلاق)	Depilation / (Hair remover)	بالوں کو صاف کرنے والی دوا
حاملہ	Pregnant	وہ عورت جسے حمل ہو
حب القرع	Tape worm / (Taenia Solium)	کدودانہ، پیٹ کے کیڑے جو کدو کے بیج کی طرح ہوتے ہیں۔
حرق	Burn	جلنا، وہ داغ جو آگ وغیرہ سے جلنے پر پڑ جاتا ہے

حرقت البول	Burning Micturation	پیشاب میں سوزش
حرقت المعده	Heart burn	معدہ کی سوزش یا جلن
حصات	Stone, Calculus	پتھری
حصات الکبد	Hepatolith	جگر کی پتھری
حصات الکلیه	Renal Stone / Nephrolith	گردہ کی پتھری
حصات المثانه	Cystolith	مثانہ کی پتھری
حُصبه	Measles	خسرہ، ایک متعدی مرض جس میں باجرے کے برابر جسم میں دانے نکلتے ہیں۔
حُقنه	Enema	مقعد میں پچکاری کرنے کی دوا
حکاك	Irritant	خراش پیدا کرنے والی دوا
حِکه	Prurigo	خشک خارش جس میں پھنسیاں نہیں ہوتیں۔
حِکته الفرج	Pruritus vulva	اندام نہانی کی خارش
حمل	Pregnancy	عورت کے شکم میں نطفہ قرار پانا۔
حمیٰ	Fever	بخار
حمیٰ اجامیه	Malarial Fever	ملیریا بخار
حمیٰ وبائیه	Epidemic Fever	وبائی بخار
حموضت معده	Hyperacidity	معدہ کی ترشی / معدہ کی تیزابیت
حُمیقا	Chicken pox	ایک متعدی مرض جس میں پشت اور پستان پر سرخ دانے نکلتے ہیں۔
حیض	Menstruation / (Menses)	ماہواری، وہ خون جو عورتوں کو بالغ ہونے کے بعد ہر مہینہ آتا ہے۔

(خ)

خاتم	Cicatrizant	زخم کو خشک یا کھرنڈ بنانے والی دوا
خارش	Itching	کھجلی
خَدَر	Numbness/Narcotism	عضو کا بے حس یا سن ہو جانا
خراج	Abscess	وہ ورم جس میں پیپ پڑنے لگے
خروج الرحم	Prolapsus uteri	رحم کا باہر آنا
خروج المقعد	Prolapsus Ani	کانچ کا باہر نکل آنا
خشونت	Roughness	کھردراپن

خشونت حلق	Sore throat	حلق کی خراش یا خشکی
خشونت جلد	Dryness of the skin	جلد کی خشکی
خصیه	Testicle	فوطہ، منی پیدا کرنے والے غدود
خصية الرحم	Ovary	عورت کا خصیہ جو رحم کے دونوں جانب لعاب دار جھلی میں ملفوف ہوتا ہے۔
خفقان	Palpitation	دل کا دھڑکنا
خلط	Humor	غذا کے پہلے استحالہ سے بننے والی رطوبت، (خون، صفرا، بلغم، سوداء)
خنازیر	Scrofula	کنٹھ مالا، گردن کے غدود لمفاویہ کا مرض
خناق، خناق وبائی	Diphtheria	حلق کے غشاء مخاطی کا شدید ورم

(د)

داء	Diseases	بیماری
داء الاسد	Leprosy	جذام، کوڑھ کی بیماری
داء الثعلب	Alopecia	بالخورہ، سر یا تمام بدن کے بال گرنے کا مرض
داء الحیه	Alopecia furfurecea	سر یا تمام بدن کے بال کے ساتھ کھال گرنے کا مرض
داء الحضر	Scurvy	دانتوں کی جڑ کی بیماری
داء الخنازیر	Scrofula	کنٹھ مالا
داء الفیل	Elephantiasis	فیلپا، ایک مرض جس میں پیر پھول کر ہاتھی کے پیر جیسا ہو جاتا ہے۔
داء الکلب	Hydrophobia	ایک شدید متعدی مرض جو باؤلے کتے کے کاٹنے سے ہو جاتا ہے۔
دابق (دبق)	Clammy (Emplastic)	چپکنے والی دوا
دافع	Repulsive	مادہ مرض یا کیفیت کو دور کرنے والی دوا
دافع حموضت	Antacid	ترشی کو دور کرنے والی دوا
دافع تشنج	Anti convulsive (anti spasmodic)	تشنج کو دور کرنے والی دوا
دافع تعفن	Anti septic	تعفن کو دور کرنے والی دوا
دافع حمٰی	Anti pyretic	بخار کو دور کرنے والی دوا
دافع تنفس	Anti Asthamatic	سانس کی تکلیف دور کرنے والی دوا
دُبیله	Abscess	پیپ دار بڑا پھوڑا جس میں درد نہ ہو

دق	Tuberculosis (Hectic fever)	دق کا بخار
دق ریوی	Pulmonary Tuberculosis	پھیپھڑے کا دق
دم ابیض	Leukaemia	خون کے سفید ذرات کا طبعی مقدار سے بڑھنے کا مرض
دمامیل	Furuncles, Boils	پھوڑا، پھنسی، بال توڑ
دَمع (دَمعه)	Epiphora	امراض چشم جس میں آنکھ سے بلا ارادہ آنسو جاری رہتا ہے۔
دُوار	Vertigo	دوران سر، سر چکرانا
دُوالی	Varicose	پنڈلی کی وریدوں کے پھولنے کا مرض
دیدان (دیدان امعاء)	Intestinal Worms	آنتوں کے کیڑے

(ذ)

ذات الجنب	Pleurisy (Pleuritis)	پلیورا کا ورم/غشاء الریہ کا ورم
ذات الریه	Pneumonia	پھیپھڑے کا ورم جس میں تنگی تنفس کی شکایت ہو
ذات الصدر	Mediastinitis (Mediastinal pleurisy)	سینہ کا درد / حجاب منصف کا ورم
ذات العرض	Mesodmitis (Post Mesodmitis)	پشت کا درد / حجاب منصف اور سینہ کے درمیانی پردے کا ورم
ذُبحه	Croup	خناق کی ایک بڑی قسم، حلق کے عضلات کا ورم
ذرب	Sprue (Psilosis)	اسہال معدی کی قسم جس میں غذا بخوبی ہضم نہیں ہوتی
ذیا بیطس	Diabetes	استحالاتی مرض جس میں بکثرت پیشاب آتا ہے
ذیابیطس صادق (شکری)	Diabetes mellitus	پیشاب میں شکر آنے کا مرض
ذیابیطس کاذب (غیر شکری)	Diabetes Insipidus	شکر کے بغیر کثرت سے پیشاب آنے کا مرض۔

(ر)

رادع	Repellent (Derivative)	مادہ کو لوٹا دینے والی دوا
ربع	Quartan Fever	چوتھے روز آنے والا بخار
ربو	Asthma	سانس پھولنے کا مرض
ربو بلغمی	Bronchial Asthma	بلغمی مادہ کے سبب ہونے والا دمہ
ربو ریحی، ربو عصبی	Nervous Asthma	ریاح کے غلبہ سے ہونے والا دمہ

ربو نزلی	Catarrhal Asthma	نزلہ کے سبب پیدا ہونے والا دمہ
رِحم	Uterus	عورتوں میں تولید جنین کا آلہ (بچہ دان)
رَض	Contusion	عضو کا کچل جانا
رطوبت	Humidity (Secretion)	نمی، گیلا پن (سیال)
رُعاف	Epistaxis	نکسیر، ناک سے خون آنا
رعشہ	Tremor, Trembling	ایک عصبی مرض جس میں عضو بے اختیار کانپتا ہے
رقت	Fluidity	پتلا پن
رقت منی	Attenuated Semen	منی کا پتلا پن
رَمد	Conjunctivitis	آشوب چشم
رَمد فرنجی	Syphilitic Conjunctivitis	آشوب چشم آتشکی
رَمد تعقیبی	Gonorrhoeal Conjunctivitis	آشوب چشم سوزاکی
رَمد صدیدی	Purulent Conjunctivitis	پیپ دار آشوب چشم
رَمد نزلی	Catarrhal Conjunctivitis	آشوب چشم نزلی
روح	Pneuma (Spirit)	ایک لطیف بخاری جسم جو اخلاط محمودہ سے دل کے بائیں بطن میں پیدا ہوتا ہے۔
ریح	Wind (Flatus)	جسم کے کسی حصے بالخصوص پیٹ میں گھومنے والی ہوا
ریح البواسیر	Chronic Dyspepsia	غلیظ ریاح جو آنتوں میں قراقر یا قولنج پیدا کرتی ہے

(ز)

زحیر	Dysentery	پیچش، ایک مرض جس میں معاء مستقیم اپنی اذیت دور کرنے کیلئے مضطرب رہتی ہے۔
زحیر صفراوی	Acute Amoebic dysentery	صفراوی پیچش
زحیر ورمی	Bacillary dysentery	جراثیمی پیچش
زکام	Coryza (Cold in the head)	ناک کے غشاء مخاطی کا ورم

(س)

ساعیه (نمله)	Herpes	ایک جلدی صفراوی مرض جس میں جلد پر پھنسیاں ابھرتی ہیں۔
سُبات(قوما)	Coma (Lethargy)	ایک مرض جس میں گہری اور غفلت کی نیند آتی ہے
سَبَل	Pannus (Vascular Keratitis)	آنکھ کا مرض جس میں عروق غریبہ کا ایک سرخ باریک پردہ قرنیہ پر چھا جاتا ہے۔
سحج	Abrasion	جلد کا چھل جانا
سحق	Pulverisation	ادویہ کو پیس کر باریک کرنا
سُخد	Liqour Amnii	زرد پانی جو وقت ولادت بچہ کے ساتھ رحم سے نکلتا ہے۔
سَدر	Vertigo (giddiness)	سر کی بیماری جس میں آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے۔
سُدّہ	Scybola	وہ غلیظ اور لیس دار مادہ جو جسم میں کسی جگہ جمع ہو کر راستہ روک دے۔
سرخ باده	Erysipelas	ایک جلدی مرض جس میں خصوصاً چہرے کی جلد سرخ اور متورم ہو جاتی ہے۔
سرسام	Meningitis	ورم دماغ، (جوہر دماغ یا پردۂ دماغ کا ورم)
سرطان	Cancer, Carcinoma, Sarcoma	کیکڑا، ایک خبیث سوداوی ورم
سرعت	Acceleration	تیزی
سُرعت انزال	Premature ejaculation	ایک مرض جس میں دخول قضیب کے بعد منی جلد خارج ہو جاتی ہے۔
سرعت قلب	Tachycardia	قلب کی طبعی رفتار میں اضافہ ہونا۔
سعال	Tussis, (Cough)	کھانسی، آلات تنفس میں ورم کا ہونا۔
سعال بلغمی	Phlegmatic Cough	وہ کھانسی جس کا مادہ غلیظ بلغم ہو۔
سعال یابس	Dry Cough	سوکھی کھانسی
سعفه	Porrigo / Alopecia	گنج، ایک قسم کے قروح جو بالوں کے مسامات پر پیدا ہو جاتے ہیں۔
سعوط	Nasal Drops	ناک میں ٹپکانے والی سیال دوا
سفوف	Powder (Pulvis)	خشک پسی ہوئی دوا

سقطه	Contusion (Abrasion)	ٹھوکر کھانا، وہ چوٹ جو کسی چیز پر گرنے سے لگے
سکب/سکوب	Affusion/Decantation	دوا کے نیم گرم جوشاندہ کا کسی عضو پر ٹھہر ٹھہر کر دھارنا
سکته	Apoplexy	بطون دماغ اور مجاری روح میں سدہ پڑ جانا۔
سُکر	Narcotic	نشہ لانے والی اشیاء، متوالا پن۔
سکينة الرحم	Metrotome	رحم میں شگاف یا نشتر دینے کا آلہ
سکينة العظم	Osteotome	ہڈی کاٹنے کا آلہ
سل	Tuberculosis	لاغری، پھیپھڑے کا زخم معہ تپ دق
سلاق	Blepharitis (Tarsitis)	امراض چشم جس میں پپوٹوں کے کنارے متقرح ہوجاتے ہیں۔
سلس البول	Incontinence of urine	بغیر ارادہ کے پیشاب نکل جانے کا مرض
سلعه	Tumour	غلیظ بلغم سے پیدا ہونے والا ورم
سلعه حلميه	Papilloma	سر پستان کی طرح ایک قسم کی رسولی
سلعه خبيثه	Malignant Tumour	مہلک رسولی جو بڑی تیزی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پھیلتی ہے۔
سلعه دمويه	Hematoma	خونی رسولی، ایسی رسولی جس میں خون بھرا ہو
سلعه محموده	Benign tumour	بے ضرر رسولی، ایسی رسولی جو نہ تو گلتی ہے اور نہ ہی دوسرے مادہ میں تبدیل ہوتی ہے۔
سلق (حرق)	Scald	تیز گرم پانی یا پکتے ہوئے تیل سے جلنا
سمن مفرط	Obesity	نہایت موٹا ہونا
سنگر ہنی	Enteritis	آنتوں کی بیماری جس میں امعاء کی اندرونی غشاء مخاطی میں خراش آجاتا ہے۔
سوزاك	Gonorrhoea	مجری بول میں التہاب ہونے کا مرض۔
سُونوخس	Synochus	حمی دمویہ، خون میں جوش وغلیان پیدا ہونے کے سبب آنے والا بخار
سوء تنفس	Dyspnoea	سانس کی بے قاعدگی
سوء القنيه	Anaemia	خلیات حمراء میں غیر طبعی فقدان پیدا ہونے کا مرض
سوء هضم	Dyspepsia	غذا کا بخوبی ہضم نہ ہونا، بدہضمی
سهر	Insomnia	جاگنے کا مرض جس میں مریض کو نیند نہیں آتی۔

سیلان الاذن	Otorrhoea	کان بہنا
سیلان البول	Hydrorrhoea	پیشاب کا بکثرت آنا
سیلان الرحم	Leucorrhoea	رحم اور اندام نہانی سے سفید زردی مائل رطوبت کا خارج ہونا۔
سیلان منی	Spermatorrhoea	منی کا بلاارادہ خارج ہونا۔

(ش)

شافه / شیاف	Suppositary	دوا کی بتی جو فرج، مقعد یا احلیل میں رکھی جائے
شب چراغ	Carbuncle	جمرہ، وہ پھوڑا جس میں انگارے کی مانند جلن ہو
شحم	Fat	چربی، جس کی پیدائش خون کی مائیت اور دہنیت سے ہوتی ہے۔
شربت	Syrup	دواؤں کا جوشاندہ جس میں شکر کا قوام کیا جائے
شریٰ	Urticaria (Nettle rash)	پتی اچھلنا ، چھوٹے یا بڑے سرخ رنگ کے دودڑے جن میں خارش ہوتی ہے۔
شریان	Artery	پھڑکنے والی رگ جو قلب سے شروع ہو کر شاخ در شاخ تمام بدن میں پھیلتی ہے۔
شَعر	Hair	بال
شعیره (شعیرة الجفن)	Stye, Hordiolum	پلک کے کناروں کا ورم
شق الرحم	Hysterotomy	پیٹ پر سے رحم میں شگاف دے کر بچہ کو نکالنا۔
شق القطن	Laparotomy	کولھے میں شگاف دینا۔
شق الکلیه	Nephrotomy	گردہ میں شگاف دینا۔
شقاق المقعد	Fissure of the Anus	مقعد میں شگاف واقع ہونا۔
شقیقه	Migraine	آدھے سر کا درد
شـهیقه	Whooping Cough / (Pertussis)	کالی کھانسی

(ص)

صُداع	Headache	سر کا درد
صُداع شرکی	Reflex headache	دوسرے اعضاء کی شرکت سے ہونے والا سر درد
صدر	Thorax (Chest)	انسانی سینہ، (مخروطی شکل کا جوف جو اوپر تنگ اور نیچے چوڑا ہوتا ہے۔)

صرع	Epilepsy	مرگی، ایک نوبتی مرض جس میں حس وحرکت باطل ہوجاتی ہے۔
صرع اختناقی / رحمی	Hysteric Epilepsy	باؤگولہ کے سبب رحم کی شرکت سے ہونے والی مرگی
صرع مراقی	Epileptic Dementia	مالیخولیا کے ساتھ ہونے والی مرگی
صفاق	Peritonium	وہ باریک اور آبدار جھلی جو احشاء کے تمام اعضا کو ملفوف کرتی ہے۔
صفراء	Bile	اخلاط اربعہ کی ایک قسم جو سب سے زیادہ لطیف ہوتی ہے۔
صلابت	Solidity	سخت ہونا
صلابت عضلات	Muscular Rigidity	عضلات کا سخت ہونا
صلابت کبد	Induration of liver	جگر کا سخت ہوجانا
صلابت مفاصل	Induration of Joint	جوڑوں کا سخت ہوجانا

(ض)

ضربه	Bruise	چوٹ، کسی چیز کے مارنے سے لگنے والی چوٹ
ضعف	Debility (Weakness)	نقاہت، جسم کی کمزوری
ضعف اشتہا	Anorexia	بھوک کی کمی، بھوک نہ لگنا
ضعف اعصاب	Neurasthenia	پٹھوں کا کمزور ہونا
ضعف باہ	Anaphrodisia	قوت باہ کا کم ہونا
ضعف بدن	General Weakness	عام کمزوری
ضعف بصر/بصارت	Asthenopia	بینائی کا کمزور ہونا
ضعف دماغ	Cerebral Anaemia (Weakness of brain)	دماغ کی کمزوری، دماغ یا اس کے کسی حصے میں خون کم پہنچنے کا مرض
ضعف قلب	Weakness of Heart	دل کی کمزوری
ضعف کبد	Atony of Liver	جگر کی کمزوری
ضعف کلیه	Weakness of Kidney	گردہ کی کمزوری
ضعف مثانه	Atony of bladder	مثانہ کی کمزوری
ضعف معده	Weakness of stomach	معدہ کی کمزوری
ضعف ہضم	Indigestion	ہضم کا کمزور ہوجانا
ضماد	Paste	دواؤں کا گاڑھا لیپ
ضيق النفس	Asthma	دمہ، سانس پھولنے کا مرض

(ط)

طاعون	Plague	ایک وبائی مرض جس میں بغل، جنگاسہ یا کان کے پیچھے کے غدود میں ورم ہوجاتا ہے۔
طحال	Spleen	تلی، زبان کی شکل کا ایک عضو
طعام	Diet	غذا، خوراک
طلاء	Embrocation	وہ پتلی دوا جو کسی عضو پر لگائی جائے
طمث	Menstruation	خون حیض

(ظ)

ظُفر	Nail	ناخن
ظُفره	Pterygium	ناخونہ، آنکھ کا مرض، قرنیہ کا مثلث نما زائد گوشت

(ع)

عاصر (عاصره)	Sphincter	جسم کی رطوبات و فضلات کو نچوڑ کر خارج کرنے والی دوا
عرق النساء	Sciatica	لنگڑی کا درد جو سرین کے نیچے سے بیرونی ٹخنے تک محسوس ہوتا ہے۔
عروق دمويه	Blood Vessels	خون کی رگیں
عروق شعريه	Capillaries	وہ باریک رگیں جو اعضاء کو سیراب کرتی ہیں
عروق مائیہ/عروق لمفاویہ	Lymphatics	رطوبت لمفاویہ کو جذب کرکے خون میں پہنچانے والے عروق
عُسر	Difficulty	دقت، تنگی
عُسرالبول	Dysuria	پیشاب کا تکلیف سے آنا
عُسر تنفس	Dyspnoea	دشواری سے سانس آنا
عُسر طمث	Dysmenorrhoea	حیض کا تکلیف سے آنا
عُسر ولادت	Dystocia	دشواری سے بچہ پیدا ہونا
عصب	Nerve	عضو مفرد جو سفید، نرم اور ٹوٹنے میں سخت ہوتا ہے
عضلات	Muscles	عضلہ کی جمع، گوشت اور پٹھوں سے مرکب عضو
عطش مفرط	Polydipsia	شدت سے پیاس لگنا
عظم الخصيتين	Hydrocele	غلاف خصیہ کے جوف میں آب خون جمع ہوکر فوطے کا بڑھ جانا۔
عظم الطحال	Splenomegaly	ایک مرض جس میں تلی بڑھ جاتی ہے۔

عظم الکبد	Hepatomegaly	جگر کا بڑھ جانا
عفن، عفونت	Putrifaction	رطوبت دار مادہ کا حرارت غریبہ کے اثر سے کیفیت فاسدہ کی طرف مستحیل ہو جانا۔
عفونت الدم	Septicaemia	خون متعفن ہونے کا مرض
عقام، عقیم، عُقر	Sterile / Sterility	بانجھ ہونا / حمل نہ ٹھہرنا
عقرب گذیدگی	Scorpion bite	بچھو کا ڈسا ہوا
	(غ)	
غب، غب دائرہ	Tertian Fever	صفراوی بخار جو ایک دن ناغہ سے آتا ہے۔
غب لازمہ	Remittant Fever	ایک قسم کا صفراوی بخار جس میں تیسرے روز شدت پیدا ہوتی ہے۔
غثیان / غثی	Nausia	متلی، جی متلانا
غدد	Gland	گلٹی
غذا	Diet	وہ چیز جو جزو بدن ہو سکے
غسال	Irrigator	دھونے والی دوا
غشاء	Membrane	جھلی، عضو مفرد جو نہایت باریک مگر سخت، لمبا چوڑا اور سفید ہوتا ہے۔
غشاء بکارت	Hymen	پردۂ بکارت جو بحالت دوشیزگی عورتوں کی فرج میں ہوتا ہے۔
غشاء زلالی	Synovial Membrane	باریک اور نرم جھلی جو ہر متحرک جوڑ میں ہوتی ہے
غشی، غشیان	Syncope (Fainting)	بے ہوشی/ قلبی مرض جس میں قوت حس و حرکت ارادوی معطل ہو جاتی ہے۔
غلظت	Viscidity	گاڑھا ہونا، دبیز ہونا
غوتر / غوطر	Goitre	گھیگھا، ایک مرض جس میں گلا پھول جاتا ہے
	(ف)	
فاد زھر	Bezoar	زہر کو بے ضرر کرنے والی دوا
فالج	Hemiplegia	جسم کا نصف دایاں یا بایاں حصہ سر کے علاوہ مسترخی ہونا۔
فتق	Hernia	پردۂ صفاق میں تفرق اتصال واقع ہونے کا مرض
فتیلہ	Bougie	روئی کی بتی دوا میں لت کر کے زخم یا فرج جیسے سوراخ میں رکھنا۔

فرج	Vulva, orfice of the Vagina	اندام نہانی، عورت کی شرم گاہ
فرزجه	Pessary, Vaginal Suppository	مخصوص شافہ یا دوا کی بتی جو اندام نہانی میں رکھی جائے۔
فساد	Degeneration	خراب ہونا، کسی چیز میں تغیر آ کر اس کی حس و حرکت کا باطل ہو جانا۔
فساد الدم	Putrefaction of blood	جراثیمی اثر سے خون کا خراب ہونا
فصد	Phlebotomy Venesection	نشتر سے کوئی رگ چیرنا
فقر الدم	Anaemia	خون کی کمی یا خون کا پتلا ہو جانا
فلغمونی	Phlegmon	خونی ورم، جو ہر دماغ کا ورم
فواق	Hiccup	ہچکی، معدے کی حرکت جو کسی موذی کو دفع کرنے کیلئے ہوتی ہے۔

(ق)

قابض	Astringent	قبض پیدا کرنے والی دوا
قاتل جراثیم	Germicide / Germicidal	جراثیم یا خوردبینی کیڑوں کو ہلاک کرنے والی دوا
قاتل دیدان	Vermicide	پیٹ کے کیڑوں کو مارنے والی دوا
قاروره	Urine	پیشاب
قاشر	Sloughing agent	چھلکا اتارنے والی دوا
قاطع باه	anaphrodisiac	قوت جماع کو کم کرنے والی دوا
قبض	Constipation	اجابت کا نہ ہونا
قراقر	Borborygmus / Gurgling	انتڑیوں کی آواز جو ریاح سے پیدا ہوتی ہے، گڑگڑاہٹ۔
قرح / قرحه	Ulcer / Wound	وہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔
قرص	Tablet	دوا کی ٹکیہ
قرع	Percussion	تشخیص مرض کیلئے کسی عضو کو انگلی سے ٹھوکنا۔
قرع انبیق	Retort (alembic)	عرق کشید کرنے کا ایک آلہ
قروح امعاء	Intestinal ulcers	آنتوں کے پیپ دار زخم
قروح خبیثه	Malignant ulcers	متعفن اور خبیث قسم کا زخم

قروح لثه	Ulcers in the gum	مسوڑھوں کا زخم
قروح معده	Gastric ulcers	معدہ کے پیپ دار زخم
قروح مثانه	Vesicular ulcers	مثانہ کے پیپ دار زخم
قشر، قشور(جمع)	Scale / Cortex	پوست درخت، چھال یا چھلکا
قشر الراس، ابريه	Dandruff	روسی، سر کی بھوسی
قشعريره	Rigor, Chill	جھر جھری (ایک حالت جو بعض بخاروں کے چڑھنے سے محسوس ہوتی ہے۔)
قضيب	Penis	مردانہ آلہ تناسل
قطور	Drop	ناک یا کان وغیرہ میں تر دوا ڈالنا۔
قلاع، قلاع الفم، آکلۃ الفم	Stomatitis	منھ آنا، منھ اور زبان کے پوست میں پیدا ہونے والے زخم۔
قلب	Heart	دل
قلت البول	Oliguria	پیشاب کا کم آنا
قلت الدم	Oligaemia, Hypovol-aemia	جسم میں خون کی مقدار کا کم ہونا
قلويت	Alkalinity	کھاری پن ، شوریت
قوباء	Ring worm	جلد کی خشکی وخارش، جلدی بیماری
قوت باصره	Vision Power	دیکھنے کی قوت جو آنکھوں میں ہوتی ہے۔
قوت حافظه	Memory Power	یاد رکھنے کی قوت
قوت حيوانيه	Vital Power	تمام اعضاء میں زندگی قائم رکھنے والی طاقت
قوت دافعه	Impelling Power	جسم سے فضلات کو دفع کرنے والی قوت
قوت شهوانيه	Concupiscent Power	کسی مفید چیز کی طلب کیلئے اعضاء میں حرکت پیدا کرنے والی قوت
قولنج	Colic	آنتوں کا درد، قولون میں سدہ پڑنے سے پیدا ہونے والا مرض
قوما (سبات)	Coma	گہری نیند، ایک مرض جس میں مریض کو بیدار کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔
قے	Vomiting	الٹی کرنا، معدہ کی غذا یا رطوبت کا منھ سے خارج ہونا
قی الدم	Haematemesis	خون کی قے
قيح	Pus	پیپ یا مواد

قیله	Scrotal Hernia	فوطوں کی تھیلی میں ریح یا پانی کا اتر آنا
قیله دمویه	Haematocoele	فوطوں کی تھیلی میں خون کا بھر جانا
قیله مائیه(قلت الماء)	Hydrocele	فوطوں کی تھیلی میں پانی اتر آنا

(ک)

کابوس	Incubus, Nightmare	ایک مرض جس میں سوتا ہوا انسان بوجھ تلے دبا ہوا محسوس کرتا ہے۔
کاسر ریاح	Carminative	ریاح کو خارج کرنے والی دوا
کاوی	Caustic	داغ ڈالنے والی دوا
کبد	Liver	جگر
کثرت احتلام	Excessive Emission	احتلام کی زیادتی
کثرت البول	Polyuria	پیشاب کی کثرت
کثرت طمث	Menorrhagia	حیض کی کثرت
کرب	Distress	دم گھٹنے کی پریشانی (بے چینی)
کرم دندان	Dental Caries	دانت میں کیڑا لگنا
کزاز	Tetanus	عصبی مرض جس میں بدن اکڑ کر کمان کی طرح ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔
کسر	Fracture	وہ تفرق اتصال جو ہڈی کے عرض میں ہو
کلف	Freckles	جھائیں، سیاہ داغ
کُلیه	Kidney	گردہ

(گ)

گل چشم	Opacity of Cornea	بیاض العین، جالا، آنکھ کا مرض
گلو	Pharynx	حلق، گلا

(ل)

لاذع	Irritant	خراش یا ہیجان پیدا کرنے والی دوا
لبن	Milk	دودھ
لثه	Gum	مسوڑہ
لثه دامیه	Bleeding Gum	مسوڑھوں کا مرض جس میں مسوڑھوں سے خون بہتا ہے۔
لخلخه	Inhalation	خوشبودار رقیق دوا جو چوڑے منہ کی شیشی میں رکھ کر سونگھی جائے۔

لزوجت Viscidity چسپیدگی

لقوہ Facial Paralysis ایک مرض جو چہرے کے عضلات میں واقع ہوکر منہ کو ٹیڑھا کردیتا ہے۔

(م)

مادہ Matter جوہر اصلی/خلط ردی جو اپنی اصلی طبیعت سے بدل گئی ہو۔

مالیخولیا Melancholia جنون سوداوی، فکر وخیال فاسد ہونے کا مرض

مانع عرق Anadiaphoretic پسینہ کم کرنے والی دوا

مانع عفونت Antiseptic حرارت غریزی کو تقویت دے کر تعفن دور کرنے والی دوا

ماء الدم Plasma آب خون

مبثر Ulcerative, Pustulant بثور یا دانے پیدا کرنے والی دوا

مبرد Frigorific, Refrigerant ٹھنڈک پہنچانے والی دوا

مبہی Aphrodisiac شہوت یا قوت جماع کو بڑھانے والی دوا

متقرح Ulcerative پیپ دار ورم یا زخم

مجفف Desiccative/Desiccant رطوبت یا زخم کو خشک کرنے والی دوا

مجلی Detergent لیس دار رطوبت یا میل صاف کرنے والی دوا

مجمد Coagulant جمانے والی دوا

محرق Eschartic / Burnt رطوبات کو بخار بنا کر اڑا دینے والی یا جلا کر کوئلہ کی ہوئی دوا

محرك Stimulus حرکت دینے والی دوا

محرک اعصاب Nervine Stimulant حرکی وحسی اعصاب میں حرکت دینے والی دوا

محسن Cosmetic حسن کو بڑھانے والی دوا

محکک Prurigo (Irritant) خارش یا کھجلی پیدا کرنے والی دوا

محلل Resolvent, Discutient تحلیل کرنے والی دوا

محمر Rubefacient خون لطیف کو اپنی جانب کھینچ کر عضو کو سرخ کرنے والی دوا

مخدر Anaesthetic سُن یا بے حس کرنے والی دوا

مخرج Expelsive خارج کرنے والی دوا

مخرج جنین Abortifacient جنین ومشیمہ کو خارج کرنے والی دوا

مخرج دیدان Vermifuge پیٹ کے کیڑوں کو خارج کرنے والی دوا

مخرش Pruritic (Irritant) خراش پیدا کرنے والی دوا

مخشن Roughening خشونت یا کھردراپن پیدا کرنے والی دوا

مدر بول Diuretic پیشاب جاری کرنے والی دوا

مدر حیض، مدر طمث	Emmenagogue	حیض کو جاری کرنے والی دوا
مدر لبن، مدر شیر	Galactagogue	دودھ کو جاری کرنے والی دوا
مدمل	Cecatrizant	زخم خشک کرنے والی دوا
مرخی	Emollient (relaxant)	جلد کو نرم کرنے والی دوا/ مسامات کو فراخ کرنے والی دوا
مرض	Disease	بیماری
مرطب	Humectant	رطوبت یا تری پیدا کرنے والی دوا
مرقق	Diluent/Ettenuent	رقیق یا پتلا کرنے والی دوا
مُروّق	Filtered	سبز دوا کو کچل کر اس کے عرق کو آگ پر رکھ کر پھاڑ کر پانی حاصل کرنا
مرہم	Ointment	زخم پر استعمال کی جانے والی مرکب دوا
مزاج	Temperament	عناصر اربعہ کے باہم ملنے سے پیدا ہونے والی کیفیت
مزلق	Lubricant	چکناہٹ پیدا کرنے والی دوا
مسخن	Calorific	گرمی پیدا کرنے والی دوا
مسدد	Obstruent	سدہ پیدا کرنے والی دوا
مسقط، مسقط جنین	Ecbolic, Abortifacient	حمل گرانے والی دوا
مسکر	Intoxicating/Narcotic	نشہ لانے والی دوا
مسکن، مسکنات	Sedative	تسکین دینے والی دوا
مسکن الم	Analgesic	درد کو تسکین دینے والی دوا
مسمن، مسمن بدن	Fattening	موٹا یا فربہ کرنے والی دوا
مسود شعر	Hair blackener	بالوں کو سیاہ کرنے والی دوا
مُسہل	Purgative	دست آور دوا، بدنی مواد کو بذریعہ دست خارج کرنے والی دوا
مسہل بلغم	Phlegmagogue	بلغمی مواد کو براہ دست خارج کرنے والی دوا
مشتہی	Appetizer	بھوک بڑھانے والی دوا
مشیمہ	Placenta	آنول، مادر رحم میں جنین پر لپٹی ہوئی باریک جھلی
مصدع	Cephalagic	درد سر پیدا کرنے والی دوا
مصفی	Purifier	صاف کرنے والی دوا
مصفی خون	Blood purifier	خون کو صاف کرنے والی دوا
مصلح	Corrigent	اصلاح کرنے والی دوا
مضعف	Depressent	کمزور یا سست کرنے والی دوا
مضعف باہ	Anaphrodisiac	قوت باہ کو کمزور کرنے والی دوا
مضیق	Myotic	انقباض پیدا کرنے والی دوا
مطبوخ	Decoction	جوش دی ہوئی دوا کا پانی، جوشاندہ

مطیب دہن	Fragrant	منہ کو صاف کرنے والی دوا
معتدل	Moderate (temparate)	وہ مزاج جس میں عناصر بالکل برابر ہوں
معدل	Moderater	مزاج کو اعتدال پر لانے والی دوا
معجون	Electuary, Confecsion	شہد یا کسی شیریں اشیاء کے قوام میں تیار کی ہوئی مرکب دوا
معرق	Diaphoretic	پسینہ لانے والی دوا
معطر	Aromatic	خوشبودار کرنے والی دوا
معطس	Ptarmic, Sneezer, Errhine	چھینک لانے والی دوا
معطش	Dipsepic	پیاس لگانے والی دوا
معفن	Septic	تعفن پیدا کرنے والی دوا
مغذی	Nutrient	بدن کا تغذیہ کرنے والی دوا
مُغری	Glutinous, Agglutinant	لیس دار یا چکنے والی دوا
مغلظ منی	Semenviscositive, Semen Inspissant	مادہ منویہ کو غلیظ یا گاڑھا کرنے والی دوا
مفتت حصاۃ	Lithotriptic	پتھری کو توڑ کر ریزہ ریزہ کرنے والی دوا
مفتح، مفتح سدد	Deobstruent	سدہ کو کھولنے والی دوا
مفرح	Refrigerant, Exhilarant	فرحت و سرور اور خوشی پیدا کرنے والی دوا
مفرز	Secretory	تراوش کرنے والا، رطوبت افراز کرنے والے غدود
مفرط	Excessive	زیادہ، کثیر
مقرح	Ulcerative, Vesicant	زخم ڈالنے والی دوا
مقوی	Tonic	قوت دینے والی دوا
مقوی اعصاب	Nervine Tonic	اعصاب کو طاقت دینے والی دوا
مقوی اعضاء رئیسہ	Vital Organs Tonic	اعضاء رئیسہ کو قوت دینے والی دوا
مقوی باہ	Aphrodisiac	قوت باہ میں اضافہ کرنے والی دوا
مقوی بصر	Vision Improving, Ocular Tonic	بینائی کو طاقت دینے والی دوا
مقوی جگر	Liver Tonic	جگر کو طاقت دینے والی دوا
مقوی خون	Haematic	خون کو طاقت دینے والی دوا
مقوی دماغ	Cerebral Tonic	دماغ کو طاقت دینے والی دوا
مقوی قلب	Cardiac Tonic	قلب کو طاقت دینے والی دوا
مقوی معدہ	Stomachic Tonic	معدہ کو طاقت دینے والی دوا
مقی	Emetic	قے لانے والی دوا

مقیح	Diapoytic	پیپ پیدا کرنے والی دوا
مکلس	Calcinated	جلا کر مثل چونا کیا ہوا
مُلذز	Delicious	لذت دینے والی دوا
ملطف	Demulcent	غلیظ مواد کو رقیق کرنے والی دوا
ملین	Aperient, mild laxative	نرم کرنے والی دوا
ملین امعاء	Laxative	امعاء کو نرم اور اجابت دور کرنے والی دوا
ممسک	Avoricious	امساک پیدا کرنے یا منی کو ٹھہرانے والی دوا
مُملس	Lubricant	چکناہٹ پیدا کرنے والی دوا
منبت لحم	Cicatrizant / Fles h grower	زخم بھرنے یا گوشت پیدا کرنے والی دوا
مُنتِن	Fetid	بدبودار
مندمل	Healed	زخم بھرنے والی دوا، وہ زخم جو بھر گیا ہو
منضج	Concoctive	مادہ پختہ کر کے قابل اخراج بنانے والی دوا
منضج اورام	Diapytic	ورم کو پکانے والی دوا
منفث، منفث بلغم	Expectorant	دافع بلغم، غلیظ بلغم کو رقیق کرنے والی دوا
منفخ	Flatulent	اُپھارہ، نفخ پیدا کرنے والی دوا
منفذ	Penitrating	نفوذ کرانے والی دوا
منفط	Epispastic	آبلہ ڈالنے والی دوا
منقبض	Contracted	سکڑا یا سمٹا ہوا
منقی	Detergent, Purifying	فاسد مادہ سے بدن کو پاک کرنے والی دوا
منوم	Hypnotic, Narcotic	نیند لانے والی دوا
مولد	Procreator, Generator	پیدا کرنے والی دوا
مولد منی	Spermatogenic, Semen procreator	منی پیدا کرنے والی دوا
مولد شیر	Milk Procreator	دودھ کی پیدائش میں اضافہ کرنے والی دوا
مہزل	Thinning / Meagretive	دُبلا کرنے والی دوا
مہیج	Stimulant	ہیجان یا جوش پیدا کرنے والی دوا
میخوش	Subacid	کھٹ مٹھا

(ن)

نتوء الرحم	Prolapsus Uteri	رحم کا اندام نہانی سے باہر نکل آنا
نزف الدم	Haemorrhage	بکثرت خون کا بہنا

نزلہ	Catarrh	دماغی فضلات کا حلق کی طرف اترنا
نزلہ بارد	Chronic Catarrh	بلغمی رطوبات کا حلق کی طرف آنا
نزلہ حار	Acute Catarrh	صفرا و بلغم کی آمیزش سے بننے والا نزلہ
نزلہ وبائیہ	Influenza	وبائی نزلہ
نزول الماء	cataract	موتیابند، آنکھ میں پانی اتر آنا
نسیان	Amnesia	بھولنے کا مرض
نطول	Douche	جوشاندہ یا گنگنا پانی عضو ماؤف پر دھارنا
نفث الدم	Haemoptysis	خون تھوکنا، منہ سے خون آنا
نفخ	Emphysema	عضو کے جوف میں ریاح کا جمع ہونا
نفخ الریہ	Pulmonary emphysema	پھیپھڑے میں ہوا بھرنا
نفخ شکم	Flatulence	پیٹ میں ریح کا جمع ہونا، پیٹ پھولنا
نفخۃ الرحم	Physometra	رحم میں ریاح کا جمع ہونا، رحم کا پھول جانا
نقرس	Gout	چھوٹے جوڑوں کا درد
نقوع	Infusion	خیساندہ، بھگوئی ہوئی دوا کا پانی
نمش	Naevus	لہسن، سیاہ یا سرخی مائل سیاہ گول داغ
نملہ / ساعیہ	Herpes	چھوٹی چھوٹی پھنسیاں جن میں سوزش وخارش ہوتی ہے

(و)

وجع	Ache, Pain	درد
وجع الاذن	Otalgia	کان کا درد
وجع الاعصاب	Neuralgia	عصبی درد
وجع الرحم	Uteralgia, Metralgia	رحم کا درد
وجع الفواد	Cardialgia	کلیجہ یا فم معدہ کا درد
وجع القلب	Angina Pectoris	دل کا درد
وجع الکبد	Hepatalgia	جگر کا درد
وجع الکلیہ	Renel colic	گردہ کا درد
وجع المفاصل	Rheumatism	جوڑوں کا درد
ورم، (التہاب)	Inflamation	سوجن، عضو میں غیر طبعی مادہ کی زیادتی
ورم الاجفان	Blepharitis	پپوٹوں کی سوجن
ورم الاذن	Otitis	کان کی سوجن

ورم اغشیۂ دماغ	Meningitis	پردۂ دماغ کی سوزش یا سوجن
ورم خصیہ	Orchitis	فوطوں کی سوجن
ورم رحم	Metritis	رحم کی سوجن، سوزش رحم
ورم زائدۂ اعور	Appendicitis	زائداعور کی سوزش
ورم کبد	Hepatitis	جگر کی سوجن
ورم کلیہ	Nephritis	گردہ کی سوجن
ورم لسان	Glossitis	زبان کی سوزش
ورم مثانہ	Cystitis	مثانہ کی سوجن
ورم مرارہ	Cholecystitis	مرارہ کی سوجن

(ہ)

ہاضم	Digestive	ہضم کرنے والی دوا
ہزار چشمہ	Carbuncle	ایک قسم کا پھوڑا جو اکثر پیٹھ پر نکلتا ہے
ہزال	Atrophy, Emaciation	لاغری، دُبلا پن
ہیضہ	Cholera	متعدی مرض جس میں قے اور دست بکثرت آتے ہیں

(ی)

یابس	Dry	خشک
یرقان	Jaundice, Icterus	صفراوی مرض جس میں جسم کی رنگت زرد یا سیاہ ہوجاتی ہے
یرقان سدی	Obstructive Jaundice	مرارہ کی نالی میں سدہ پیدا ہونے سے لاحق ہونے والا یرقان
یرقان مولودی	Icterus neonatorum	نوزائیدہ کو لاحق ہونے والا یرقان

فرہنگ ادویہ

A

نباتی / سائنٹیفک نام	طبی نام
Abrus Precatorius	گھونگچی
Abutilon Indicum	کنگھی
Acacia Arabica	ببول
Acacia Catechu	کتھا
Aconitum Falconeri	بیش
Aconitum Heterophy llum	اتیس
Acorus Calamus	وج ترکی
Adhatoda Vasica	اڑوسہ
Adiantum Capillus-veneris	پرسیاؤشاں
Aegle Marmelos	بیل/بیلگری
Albizia Lebbeck	سرس
Alhagi Pseudalhagi	ترنجبین کا درخت
Allium Ascalonicum	گندنا
Allium Sativum	لہسن/سیر
Aloe Vera	گھیکوار/صبر
Alpinia Galanga	خولنجان
Althae Officinalis	خطمی
Aluminium Silicate	بورۂ ارمنی
Aluminium Sulfate (alum)	شب یمانی
Amberboa Ramosa	شکاعی
Ambergris	عنبر

نباتی / سائنٹیفک نام	طبی نام
Ammi Majus	آطریلال
Ammonium Chloride	نوشادر
Amomum Subulatum	ہیل کلاں
Anacyclus Pyrethrum	عاقرقرحا
Anogeissus Latifolia	دھاوا/گل دھاوا
Apis Mellifera	شہد کی مکھی
Apium Graveolens	کرفس (اجمود)
Aquilaria Malaccensis	عودغرقی
Aristolochia Rotunda	زراوند
Armenian Bole	گلِ ارمنی
Arsenic Oxide	سم الفار (سنکھیا)
Arsenic Trisulphide	ہڑتال ورقی
Artemisia Absinthium	افسنتین
Artemisia Maritima	درمنہ ترکی
Asarum Europaeum	اسارون
Asparagus Officinalis	ہلیون
Asparagus Racemosus	ستاور
Atropa Belladonna	لفاح (یبروج)
Azadirachta Indica	نیم

B

Bambusa Arundinacea	بانس/طباشیر
Berberis Aristata	دارہلد (زرشک)

طبی نام	نباتی / سائنٹیفک نام
طوطیا سبز	Blue Vitriol
نکروندہ	Blumea Balsamifera
گیرومٹی	Bole Rubra
ریشم کا کیڑا (آبریشم)	Bombyx Mori
گاؤزبان	Borago Officinalis
کندر	Boswellia Serrata
خردل	Brassica Nigra
گندھک / کبریت	Brim Stone
جرجیر	Brucea Sativa
پلاس / ڈھاک / ٹیسو	Butea Monosperma

C

طبی نام	نباتی / سائنٹیفک نام
کرنجوہ	Caesalpinia Bonducella
مدار	Calotropis Gigantea
باؤ کھمبہ	Careya Arborea
حب القرطم	Carthamus Tinctorius
زیرہ سیاہ	Carum Carvi
چاکسو	Cassia Absus
خیارشنبر	Cassia Fistula
کسونڈی	Cassia Occidentalis
جندبیدستر	Castorium (resume)
سدابہار	Catharanthus Roseus
مالکنگنی	Celastrus Paniculatus

نباتی / سائنٹیفک نام	طبی نام
Centaurea Behen	بہمن سفید
Centratherum Anthelminticum	کالی زیری
Cervus Elaphus	بارہ سنگھا (قرن الایل)
Cheiranthus Cheiri	تودری سیاہ
Cichorium Intybus	کاسنی
Cinnabar	شنگرف
Cinnabis Sativa	قنب
Cinnamomum Camphora	کافور
Cinnamomum Cassia	تج
Cinnamomum Tamala	ساذج ہندی
Cinnamomum Zeylanicum	دارچینی
Citrullus Colocynthis	حنظل (اندرائن)
Citrullus Vulgaris	تربوز
Citrus Medica	ترنج
Cochlospermum Religiosum	کتیرا
Colchicum Autumnale	سورنجان تلخ
Colchicum Luteum	سورنجان شیریں
Commiphora Myrrha	مُرمکی
Commiphora Wightii	مُقل
Conicus Acarna	بادآورد
Convolvulus Scammonia	سقمونیا

نباتی / سائنٹیفک نام	طبی نام
Copper Disulphate	زنگار
Copper Sulfate	طوطیا سبز
Corallium Rubrum	مرجان/ بُسد
Cordia Dichotoma	سپستان
Coriandrum Sativum	کشنیز
Corylus Avellana	فندق
Crocus Sativus	زعفران
Croton Tiglium	حب السلاطین
Cucumis Melo	خربوزہ
Cucumis Sativus	خیار (کھیرا)
Cuminum Cyminum	زیرہ سفید
Curcuma Longa	چوب زرد
Curcuma Zedoaria	زرنباد
Cuscuta Epithymum	افتیمون
Cuscuta Reflexa	کشوث
Cuttle Fishbone	کف دریا
Cydonia Ablonga	بہیدانہ
Cymbopogon ~~Sehaenarthis~~ schoenanthus	اذخر
Cyperus Rotundus	سعدکوفی
Cypraea Moneta	خرمہرہ

D	
Dactylopius Coccus	بیر بہوٹی
Datura Stramonium	جوز ماثل
Daucus Corota	گاجر
Delphinium Denudatum	جدوار
Dolichos Biflorus	حب القلت
Doronicum Pardalianches	درونج عقربی
Dracaena Cinnabari	دم الاخوین
E	
Elettaria Cardamomum	ہیل خورد
Embelia Ribes	بڑنگ کابلی
Emblica Offcinalis	آملہ
Eugenia Acutangula	تگندا باری
Eugenia Jambolana	جامن
Euphorbia Resinifera	فرفیون
Euryale Ferox Salisb	تالمکھانہ
F	
Ferula Foetida	حلتیت (ہینگ)
Ferula Persica	سکبینج
Ferrous Oxide	خبث الحدید
Ficus Carica	انجیر
Flacourtia Cataphracta	زرنب

طبی نام	نباتی / سائنٹیفک نام
بادیان	Foeniculum Vulgare
شیرخشت / کیشرو	Fraxinus Ornus
شاہترہ	Fumaria Officinalis

G

طبی نام	نباتی / سائنٹیفک نام
جطیانہ	Gentiana Lutea
غافث	Gentiana Olivieri
سنگ دانہ مرغ	Gizzard Of The Cockhen
اصل السوس	Glycyrrhiza Glabra
پنبہ دانہ	Gosypium Herba Ceum
فالسہ	Grewia Asiatica
صمغ کتیرا	Gum Traga Canth

H

طبی نام	نباتی / سائنٹیفک نام
مروڑ پھلی	Helicteres Isora
خربق	Helleborus Niger
گڑہل	Hibiscusrosa Sinensis
شہد / عسل	Honey
جوا کھار	Hordeum - Vulgare
سریشم ماہی	Huso Huso
گئودنتی	Hydrated Calcium Sulphate
سنگ جراحت	Hydrated Magnesium Silicate
برہمی	Hydro Cotyle Asiatica

Hyoscyamus Niger	بزرالبنج
Hyssopus Officinalis	زوفا
I	
Iris Ensata	ایرسا
Iron Sulfate	ہیرا کسیس
J	
Juniperus Communis	ابہل
K	
Kerria Lacca	لاکھی کیڑا
L	
Lactuca Sativa	کاہو
Lamprachaenium Microcephalum	برہمڈنڈی
Lapis judaicus	حجرالیہود
Laricifomes Officinalis	غاریقون
Laurus Nobilis	حب الغار
Lavandula Stoechas	اسطوخودوس
Lawsonia Inermis	حنا (مہندی)
Lead Carbonate	سفیدہ کاشغری
Lead Oxide	مردار سنگ
Leonurus Cardiaca	برنجاسف
Linum Usitatissimum	کتاں (السی)

نباتی / سائنٹیفک نام	طبی نام
Lodoicea Maldivica	نارجیل دریائی
Luffa Acutangula	توری تلخ
M	
Mabuya Carinata	ریگماہی
Mallotus Philippensis	کمیلہ
Malva Sylvestris	خبازی
Mathiola Incana	تودری سفید
Matricaria Chamomilla	بابونہ
Melia Azedarach	بکائن
Melissa Officinalis	بادرنجبویہ
Mentha Pulegium	مشکطرامشیع
Mentha Spiceta	پودینہ
Mercuric Chloride	سیماب (پارہ)
Mercuric Sulfide	شنگرف
Mimosa Pudica	لاجونتی
Mineral Pitch	سلاجیت
Moringa Oleifera	سہجنہ
Morus Alba Indica	توت
Myrica Nagi	کائپھل
Myristica Fragrans	جاوتری / جائفل
Myrtus Communis	حب الآس
Mytilus Margaritiferus	مروارید

نباتی / سائنٹیفک نام	طبی نام
N	
Nardostachys Grandiflora	سنبل الطیب
Nardostachys Jatamansi	سنبل الطیب
Nicotiana Tabacum	تمباکو
Nigella Sativa	شونیز
Nymphaea Alba	نیلوفر
O	
Ocimum Basilicum	فرنجمشک
Ocimum Sanctum	ریحان
Olea Europaea	زیتون
Operculina Terpethum	تربد
Orchis Latifolia	ثعلب مصری
Origanum Vulgare	مرزنجوش
Otolith of Fish / Fish Stone	سنگ سرماہی
P	
Paeonia Officinalis	عودصلیب
Pandanus Tectorius	کیوڑہ
Papaver Somniferum	کوکنار / خشخاش
Pearl Oyster / Pinctada Margaritifera	صدف
Peganum Harmala	اسپند
Pheritima Species	خراطین

طبی نام	نباتی / سائنٹیفک نام
کنوچہ	Phyllanthus Maderaspantensis
بھوی آملہ	Phyllanthus Niruri
کاکنج	Physalis Alkekengi
اسپرم وھیل مچھلی	Physeter Macrocephalus
انیسون	Pimpinella Anisum
بہروزہ	Pinus Longifolia
کہربا شمعی	Pinus Succinefera
کباب چینی	Piper Cubeba
فلفل دراز/فلفلمو یہ	Piper Longum
فلفل سفید/فلفل سیاہ	Piper Nigrum
کاکڑا سینگی	Pistacia Integerrima
مصطگی	Pistacia Lentiscus
بارتنگ	Plantago Lanceolata
اسپغول	Plantoga Ovata Forsk
شیطرج ہندی	Plumbago Zeylanica
انجبار	Polygonum Bestorta
بسفائج	Polypodium Vulgare
خرفہ	Portulaca Oleracea
شورہ قلمی	Potassium Nitrate
بادام شیریں	Prunus Amygdalus
آلو بالو	Prunus Cerasus

طبی نام	نباتی/ سائنٹیفک نام
آلو بخارا	Prunus Domestica
بابچی	Psoralia Corylifolia
صندل سرخ	Pterocarpus Santalinus
مچکن/گل مچکن	Pterospermum Suberifolium
رُمان/گلنار	Punica Granatum
	Q
مازو	Quercus Infectoria
	R
ترب(مولی)	Raphanus Sativus
اسرول	Rauwolfia Serpentina
ریوند ہندی	Rheum Emodi
ریوند چینی	Rheum Officinale
عصارہ ریوند	Rhubarb
سماق	Rhus Coriaria
بیدانجیر	Ricinus communis
گل سیوتی	Rosa Alba
گلاب(گل سرخ)	Rosa X Damascena
سداب	Ruta Graveolens
	S
بیدسادہ	Salix Alba
بیدمشک	Salix Caprea

Saltpetre	شورہ قلمی
Salvia Aegyptiaca	بالنگو
Salvia Haematodes	بہمن سرخ
Santalum Album	صندل سفید
Sapindus trifoliatus	ریٹھا
Scylla Serrata	سرطان
Sealing Clay	گلِ مختوم
Semecarpus Anacardium	بلادر
Senna Angustifolia	سناء
Sepia Officinalis	سمندری جانور (کف دریا)
Shellac	لُک
Silicate Of Alumina & Iron Oxide	گیرو
Silicate Of Alumina Lime & Oxide Of Iron	گلِ ملتانی
Silicate Of Alumina With Magnesia	ابرک
Silicate Of Lime	حجرالیہود
Silicate Of Magnesia	زہر مہرہ
Sisymbrium Irio	خاکشی
Smilax Aristolochiaefolia	عشبہ
Smilax China	چوب چینی
Sodium Borate	تنکار (سہاگہ)
Sodium Chloride	نمک طعام

نباتی / سائنٹیفک نام	طبی نام
Sodium Chloride Impura	نمک لاہوری
Sodium Sulphate Mixed With Sodium Chloride	نمک سیاہ
Solanum nigrum	عنب الثعلب
Sphaeranthus Indicus	منڈی
Stag's Horn	قرن الایل
Strychnos Nux-vomica	اذاراقی
Styraxbenzoin	لوبان
Sulphur	کبریت/گندھک
Swertia Chirata	چرائتہ
Symplocos Racemosa	لودھ پٹھانی
Syzygium Aromaticum	قرنفل (لونگ)

T

نباتی / سائنٹیفک نام	طبی نام
Tamarindus Indica	تمر ہندی (املی)
Tamarix Articulata	مائیں خورد
Tamarix Gallica	مائیں کلاں
Tegal Fly's Cocoon	شکر تیغال
Tephrosia Purpurea	سرپھوکہ
Terminalia bellerica	بلیلہ
Terminalia Chebula	ہلیلہ
Tinospora Cordifolia	گلو/امر بیل
Trachyspermum Ammi	نانخواہ

طبی نام	نباتی / سائنٹیفک نام
سنگھاڑا	Trapa Bispinosa
بسکھپرا	Trianthemaportula Castrum
خارخسک	Tribulus Terrestris
حلبہ	Trigonella Foenum Graeceum
اکلیل الملک	Trigonella Uncata
	U
عنصل (پیاز)	Urginea Maritima
اشنہ	Usnea Longissima
	V
کہربا ہندی/رال سفید	Vateria Indica
باقلہ	Vicia Faba
بنفشہ	Viola Odorata
مویز/کشمکش	Vitis Vinifera
	W
اسگندھ	Withania Somnifera
اندرجو شیریں	Wrightia Tinctoria
	Z
کبابہ خنداں	Zanthoxylum Alatum
صعتر فارسی	Zataria Multiflora
زنجبیل	Zingiber Officinale
عناب	Ziziphus Jujuba

اپنی بات

خدا کا شکر ہے کہ افتخار المفردات حصہ اول کا دوسرا ایڈیشن آپکے ہاتھوں میں ہے۔ پہلے ایڈیشن کی توقع سے زیادہ علمی اور طبی حلقوں میں تحسین و پذیرائی کا میں حد درجہ شکر گزار ہوں۔ متعدد حلقوں سے کثرت سے مانگ کے باوجود بروقت دوسرے ایڈیشن کی طباعت نہیں ہو پائی کیونکہ اس میں ترمیم و اضافہ کا کام جاری تھا۔ موجودہ ایڈیشن پہلے سے زیادہ مفید، معلومات سے لبریز اور مستند صورت میں حاضر خدمت ہے۔

انسانی زندگی سے وابستہ میدان طب میں بالخصوص تحقیقات اور تجربات کے لئے اغلاط سے پاک معیاری لٹریچر کی اشد ضرورت ہوتی ہے اسی ضرورت اور اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے روز اول سے میری کوشش رہی ہے کہ کتاب کے مواد معتبر اور مستند ہوں۔ اسی کے پیش نظر پہلے ایڈیشن کے مواد کی دوبارہ تحقیق و تنقیح کے بعد بادی النظر میں پائے جانے والے نقائص کو دور کرنے کی اور مزید مفید نکات کے اضافے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس کتاب کی سب سے اہم اور امتیازی خوبی یہ ہے کہ جدید تحقیقات کے نتیجہ میں منکشف ہونے والی اہم اور مفید ترین معلومات متعلقہ دواء کے ذیل میں بڑے سلیقہ سے سموئی گئی ہیں۔ اس جدت سے طلباء میں یونانی دواؤں کے تئیں اعتماد کی فضا ہموار ہوگی۔ اساتذہ کرام کو جدید تحقیقات کے لئے لمبی چوڑی انگریزی کتابوں سے رجوع کرنے سے یک گونہ رُستگاری مل جائے گی اور معالج کو مرض کی مناسبت سے کارآمد اور مقصود موثر اجزاء کی جانکاری کے ساتھ یونانی دواؤں کو سائنٹیفک نقطۂ نظر سے دیکھنے اور پرکھنے کی سہولت فراہم ہوگی۔

ادویہ مفردہ کے موضوع پر اردو زبان میں اس طرز نگارش کیلئے اپنے کرم فرما اساتذہ، احباب اور متعلقین کے تعاون کا بہت بہت شکریہ۔ اللہ سبھوں کو اجر جزیل عطا فرمائے۔

امید ہے کہ یہ کتاب علمی اور طبی دنیا کی علمی تشنگی بجھانے میں کام آئے گی اور اس کتاب کو بھرپور پذیرائی اور قبول عام نصیب ہوگی۔

حکیم شکیب احمد

ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبۂ علم الادویہ

دی کلکتہ یونانی میڈیکل کالج اینڈ ہوسپٹل، کلکتہ

موبائل نمبر: 9830131157

جنوری ۲۰۱۸ء

مصادر اور مراجع

	کتب الادویہ		مصنفین
(۱)	الجامع المفردات الادویہ والاغذیہ	- - - -	ضیاء الدین عبداللہ المعروف بابن بیطار
(۲)	القرابادین	- - - - - - - - - -	حکیم کبیر الدین
(۳)	بستان المفردات	- - - - - - -	حکیم عبدالحکیم
(۴)	بیاض کبیر	- - - - - - - -	حکیم کبیر الدین
(۵)	تعلیم الادویہ	- - - - - - - -	حکیم جلیل احمد انصاری
(۶)	خزائن الادویہ	- - - - - - - -	علامہ حکیم نجم الغنی رامپوری
(۷)	قوانین ادویہ	- - - - - - - -	حکیم ایوب علی قاسمی
(۸)	کتاب المفردات	- - - - - - -	اقبال احمد قاسمی
(۹)	کنز الادویہ مفردہ	- - - - - - -	محمد رفیق الدین
(۱۰)	گوسوامی بیان الادویہ	- - - - - -	حکیم رام لبھایا
(۱۱)	مخزن الجواہر	- - - - - - - -	حکیم غلام جیلانی
(۱۲)	مخزن المفردات المعروف خواص الادویہ	- - -	حکیم کبیر الدین
(۱۳)	نیشنل فارمولر آف یونانی میڈیسن	- - - -	وزارت صحت، حکومت ہند
(۱۴)	یونانی ادویہ مفردہ	- - - - - - - -	حکیم صفی الدین علی
(۱۵)	Indian Materia Medica	- - -	K.M.Nadkarni
(۱۶)	Standardization of Single Drugs of Unani Medicine	- -	C.C.Rum (New Delhi)

افتخار المفردات

حصہ دوم

حکیم شکیب احمد
(بی۔یو۔ایم۔ایس (کامل طب وجراحت)
لکچرر شعبہ علم الادویہ۔ (دی کلکتہ یونانی میڈیکل کالج اینڈ ہوسپٹل)

فہرست

دیباچہ

الحمد لِلّٰہ ! افتخارالمفردات کا دوسرا حصہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ پہلا حصہ ہاتھوں ہاتھ لیا گیا، اس قدر افزائی کے لئے میں طبی دنیا کا شکرگزار ہوں، دوسرے حصہ کی اشاعت میں قدرے تاخیر ہوئی لیکن خوشی اس بات کی ہے کہ دیر آید درست آید کے مصداق دوسرا حصہ کئی امتیازی خوبیوں اور تحقیقاتِ جدیدہ کے نتیجہ میں منکشف ہونے والی اہم اور مفید ترین معلومات کے ساتھ منظر عام پر آیا ہے۔

طب یونانی کے دیگر موضوعات میں علم الادویہ ایسا موضوع ہے جس میں سب سے زیادہ اور نمایاں تصنیفی و تحقیقی کام ہونے کے باوجود افسوس کہ مفردات کی ماہیت و شناخت کے تعلق سے اب بھی بہت ساری پیچیدگیاں پائی جاتی ہیں۔ بہت سی دواؤں کے سلسلہ میں قدیم اور جدید مصادر میں نمایاں اختلاف پایا جاتا ہے۔

اس تالیف میں ان اختلافات کو دور کرنے کی کوشش کے ساتھ کتاب کو زیادہ معتبر، معیاری اور مستند بنانے کی سعی کی گئی ہے تاکہ یہ طبیہ کالج کے طلباء کی نصابی ضرورتوں کو مکمل طور پر پورا کرتے ہوئے اطباء اور محققین کے لئے ایک بہترین راہ نما ثابت ہو۔ نیز دور جدید کے تقاضے اور ضرورت کے عین مطابق ہو۔

آخر میں اہل علم و حکمت سے گذارش ہے کہ تمام تر توجہ اور بار بار پروف ریڈنگ کے باوجود اس کتاب میں غلطی کا امکان ہے۔ لہٰذا اگر کسی طرح کا کوئی نقص یا خامی نظر آئے تو خاکسار کو بغرض اصلاح مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس خامی کی تلافی کی جاسکے۔

آپ کے مفید مشورے کا منتظر

حکیم شکیب احمد

لکچرر شعبہ علم الادویہ - دی کلکتہ یونانی میڈیکل کالج اینڈ ہوسپٹل

31, A. P. C. Road, Kolkata - 700 009
Mobile : 9830131157 / 7278203575

[1]

Indian Cassia Lignea - ساذج ھندی (۱۴۷)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Magnoliids
Order	: Laurales
Family	: Lauraceae
Genus	: Cinnamomum
Species	: C. tamala
Binomial Name	: Cinnamomum tamala (Nees)
Synonym	: Cinnamomum cassia
Common Names	: Indian bay leaf
	: Tamala patra
	: Tejpatta

عربی نام - ساذج ہندی
ہندی - تیج پات
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - برگ
مدت حیات - دوسال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مفرح/محلل ریاح
مضر - ریہ ومثانہ کو
مصلح - مصطگی
بدل - بالچھڑ/تج
مقدار خوراک - ۲۔۳ گرام

خشک پتے

شناخت - یہ ایک پہاڑی درخت کے خشک پتے ہیں جو برگد کے پتوں کے مشابہ اور برچھی کی نوک کی طرح چکنے شاخوں پر لگے ہوتے ہیں۔ان کی لمبائی میں ۴ سے ۵ دھاریاں ہوتی ہیں۔ یہ سفیدی مائل سبز اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ان کا مزہ کسی قدر تیز اور چرپرا ہوتا ہے۔بعض اطباء نے اسے لونگ کا پتہ اور بعض نے اسے دارچینی کا پتہ بتایا ہے لیکن تحقیق یہ ہے کہ یہ ان دونوں سے بالکل علیحدہ پتہ ہے جس کا درخت ہمیشہ سرسبز رہتا ہے اور اس کی بلندی ۳۰ سے ۳۵ فٹ ہوتی ہے۔

حصول - گوا، ہمالہ، کشمیر، بنگلہ دیش، برما، فرانس، اٹلی، روس، کولمبیا، شمالی امریکہ۔

افعال - مفرح۔مقوی معدہ ودماغ۔محلل ریاح۔کاسر ریاح۔دافع تعفن۔مدر بول وحیض۔

مواقع استعمال - خفقان۔وجع الفواد۔ضعف قلب۔جنون۔احتباس حیض۔ضعف ہضم۔

ترکیب استعمال - (۱) بندحیض اور پیشاب کو جاری کرنے کیلئے شکم اور پیڑو پر بطور ضماد (۲) وجع الفواد۔ اپھارہ اور ضعف ہضم کو دور کرنے کیلئے بطور جوشاندہ (۳) سرد ورموں کو تحلیل کرنے کیلئے ورموں پر بطور لیپ (۴) منھ کی بدبو دور کرنے اور اسے خوشبودار بنانے کیلئے اس کے جوشاندہ سے بطور کلی (Mouthwash)۔

مرکبات - خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا۔دواء المسک، مفرح اعظم، خمیرہ آبریشم سادہ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents

From bark : α-pinene, Camphene, Myrcene, Limonene, Eugenol, P-cymene, methyl eugenol, Eugenol acetate, Methylether of eugenol, Cinnamic aldehyde.
Cinnamon contains an essential oil extracted from the leaves or bark which consist of protein, Fat, Fibre, Carbohydrates, Ash, Calcium, Phosphorous, Iron, Sodium, Potassium, Thiamine, Riboflavin, Niacin, Vitamin C & A.

[2]

Bioactivity : Antimicrobial, Antioxidant, Anti-inflammatory, Antifungal, Antibacterial, Antispasmodic.

Indication : Gastritis, Chronic fatigue, Rheumatism, Diarrhoea, Menstrual problems, Leucorrhoea, Influenza, Sore throat, Nausea & vomiting.

[3]

Common Sebesten سپستان (۱۴۸)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Unplaced
Family	:	Boraginaceae
Genus	:	Cordia
Species	:	C. dichotoma
Binomial Name	:	Cordia dichotoma (Forst.)
Common Name	:	Indian Cherry

عربی نام - دبق
فارسی - سپستان
ہندی - لسوڑا
بنگلہ - بہوبارا/ چالتا
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - برگ/ خشک پھل
مدت حیات - تین سال
مزاج - گرمی وسردی میں معتدل، تر I
نفع خاص - دافع سعال یابس
مضر - مرخی معدہ
مصلح - نبات سفید
بدل - خطمی/ خبازی
مقدار خوراک - ۹-۱۵ عدد

Nutritional value :-

Energy	:	394	K Cal
Protein	:	2%	
Carbohydrate	:	92%	
Fat	:	2%	
Calcium	:	55 mg /100 g	
Phosphorus	:	275 mg /100 g	
Iron	:	6 mg / 100 g	

شناخت - ایک درخت کا پھل ہے جو آملہ سے چھوٹا، کسی قدر مخروطی ہوتا ہے۔ یہ خام حالت میں سبز اور پختہ ہونے پر زرد رنگ کا ہوجاتا ہے۔ پکے ہوئے پھل کا مزہ قدرے شیریں اور لعابدار ہوتا ہے۔ پھل کے اندر گٹھلی ہوتی ہے جس کے مغز سے تیل نکلتا ہے خشک شدہ پھل سیاہی مائل جھری دار ہوتا ہے۔ جسے پانی میں بھگونے سے لعاب پیدا ہوتا ہے۔ یہی دواءً مستعمل ہے۔

وجہ تسمیہ - سپستان مخفف ہے سگ پستاں کا جسکے معنی ہیں کتّے کا پستان۔ چونکہ یہ پھل کتیا کے تھنوں سے مشابہ ہے اس لئے اس نام سے موسوم ہوا۔

اقسام - (۱) لٹھ گونڈ (Cordia dichotama) = یہ چھوٹا ہوتا ہے۔ (۲) رائے گونڈ (Cordia latifolia) یہ بڑا ہوتا ہے۔

حصول - بھارت، سری لنکا، برما، ویتنام، انڈونیشیا، چین، جاپان، پاکستان، آسٹریلیا

افعال - مسکن صفراء، منفث بلغم، ملین حلق وصدر، دافع لذع، حدت امعاء

مواقع استعمال - سعال یابس۔ نزلۂ حار، خشونت حلق، صفراوی وخونی بخار، زحیر

ترکیب استعمال - (۱) مذکورہ امراض میں بطور جوشاندہ یا خیساندہ (۲) آنتوں کی خراش یا زحیر میں پانی میں بھگو کر بطور لعاب (۳) زخموں پر اس کے پتوں کی راکھ کو مکھن میں ملا کر بطور مرہم۔

مرکبات - لعوق سپستاں، لعوق سپستاں خیار شمبری، شربت صدر، شربت اعجاز، شربت اسطوخودوس

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

From bark : Cordire, Catbartin, Tannin, Volatile oil.

From Seed : α- amyrins, Betulin, Octacosanol, Lupeol-3 - rhamnoside, β- sitosterol, β- sitosterol-3- glucoside, Hentricontanol, Hentricontane, Taxifolin-3, 5-dirhamnoside & hesperitin-7- rhamnoside.

[4]

Bioactivity : Antimicrobial, Antifungal, Antibacterial, Antioxidant, Antidiabetic, Anthelmintic, Immunomodulator, Diuretic & Hepatoprotective.
Indication : Ulcerative colitis, Colicpain, Gastric ulcer, Diabetes, Hyperlipidemia, cancer.

[5]

Asparagus ستاور (۱۴۹)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Monocot
Order	:	Asparagales
Family	:	Asparagaceae
Genus	:	Asparagus
Species	:	A.racemosus
Binomial Name	:	Aspragus racemosus (Willd)
Synonym	:	Asparagus rigidulus (Naki)

تازہ جڑ

عربی نام - شقاقل

فارسی - ستاور

ہندی - دودھالی/شتاور

بنگلہ - شت مولی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - جڑ

مدت حیات - دوسال

مزاج - سرد I تر II

نفع خاص - مغلظ ومولدمنی

مضر - نفاخ

مصلح - شکر/مصری

بدل - موصلی سفید

مقدار خوراک - ۷۔۹ گرام

شناخت - یہ ایک بیلدار نبات کی جڑ ہے۔ جو قرب وجوار کے درختوں پر چڑھی رہتی ہے۔ اس کا رنگ سفید زردی مائل ہوتا ہے۔ جس پر لمبائی میں لکیریں ہوتی ہیں ان کے مختلف مقامات پر گرہ نما ریشے ہوتے ہیں۔ جن سے دیگر بہت سی شاخیں نکلتی ہیں اس کا ذائقہ قدرے شیریں اور لعابدار ہوتا ہے۔ اسکے پتے سوئے کے پتوں کی طرح، پھول سفید یا گلابی مائل خوشبودار، چھوٹے چھوٹے خوشوں میں کھلتے ہیں اسکے پھل کالی مرچ کے دانے کی طرح چکنے ہوتے ہیں جو پکنے پر لال ہوجاتے ہیں۔

حصول - سری لنکا، جاوا، سماٹرا، آسٹریلیا، افریقہ، شمالی ہند، بنگال، راجستھان

افعال - مولدومغلظ منی۔ مولد شیر۔ مغری۔ مسکن

مواقع استعمال - جریان منی، سیلان الرحم، احتلام، ضعف باہ، خفقان حار، سوزش بول، وجع المفاصل، مالیخولیا۔

ترکیب استعمال - (۱) گیلی ستاور کے بیچ کا تنکا نکال کر دودھ و مصری کے ہمراہ بطور حریرہ۔ (۲) خشک کھانسی کو دور کرنے کیلئے برگ اڑوسہ و مصری کے ہمراہ بطور جوشاندہ۔ (۳) صفراوی امراض میں اس کے رس میں شہد و دودھ ملا کر پینا مفید ہے۔ (۴) پیشاب کی جلن کو دور کرنے کیلئے گوکھرو کے ہمراہ بطور شربت۔

مرکبات - معجون زنجبیل، حلوائے سپاری پاک۔ سفوف ثعلب۔

جدید تحقیقات - غذائی صلاحیت: اس میں توانائی کی مقدار کم ہوتی ہے، البتہ Folicacid، Potassium، Dietary Fibre اور Rutin زیادہ مقدار میں ہوتی ہے۔ اس میں روغن اور Cholesterol بالکل نہیں ہوتا ہے۔

Chemical Constituents :

Asparagamine A, (Ploycylic alkaloid) shatavaroside A & shatavaroside B (Steroidal saponins), Filiasparoside C, Shatavarin VI-X (5 saponin), asparanin A, Isoflavone, β-methoxy-5,6, 4-trihydroxyisoflavone, 7-D beta-D-glucopyranoside.

Bioactivity : Antioxidant, Immunostimulant, Antidyspepsia, Antitussive, Antibacterial, Antisecretory, Anti-ulcer, Aantidepressant, Anti-inflammatory, Anticancer, Antidiabetic, Hepato carcinogenesis and Antitumor.

Indication : Uterine tonic, Improve breast milk, Hyperacidity, Gastric ulcer, Dyspepsia, as a galactogogue and nervous disorders.

Common Rue/Garden Rue سُدَاب (۱۵۰)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Sapindales
Family	: Rutaceae
Genus	: Ruta
Species	: R. graveolens
Binomial Name	: Ruta graveolens (L.)
Common Names	: Common Rue
	: Garden Rue

عربی نام - سداب

فارسی - سداب

ہندی - سانول/سداب

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پتے/تخم

مدت حیات - تخم=ایک سال، پتے=دوسال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - محلل/مدر بول وحیض

مضر - مضعف بصارت

مصلح - انیسون

بدل - صعتر فارسی/نعناع

مقدارخوراک - ۳۔۵گرام

شناخت - ایک قسم کی گھاس ہے۔ جو گیہوں اور چنے کے کھیتوں میں خودرو پیدا ہو جاتی ہے۔ جس سے کھیت خراب ہو جاتا ہے اس کے پتے چھوٹے چھوٹے املی کے پتوں کی طرح لیکن بدبودار، اس کے تخم چھوٹے بکونے اور ۳۔۳ کی تعداد میں ایک غلاف میں ملفوف ہوتے ہیں۔

اقسام - (۱) جنگلی (۲) بستانی (۳) پہاڑی (سب سے بہتر بستانی ہوتی ہے)

حصول - پنجاب، یوپی، ایم پی، آندھراپردیش، کرناٹک، پاکستان، جنوبی یورپ، شمالی افریقہ

افعال - کاسر ریاح۔ مجفف، مدر، مفتح، مقطع، محلل، مسخن، قابض

مواقع استعمال - احتباس حیض وبول، عرق النساء، نقرس، استسقاءلحمی، تہیج، اختناق الرحم، ہڈیوں کے عوارضات

ترکیب استعمال - (۱) ایام کی درستگی یا حیض جاری کرنے کیلئے اسکے پتوں کو بطور سفوف یا جوشاندہ (۲) خصیوں کے ورم کو تحلیل کرنے یا تہیج کو دور کرنے کیلئے بطور لیپ (۳) عرق النساء اور نقرس کے مرض میں اسکے تخموں کو بطور سفوف (۴) ثقل سماعت میں اس کے تازہ پتوں کا رس کانوں میں بطور قطور (۵) ہڈیوں کے عوارضات میں بطور ضماد۔

مرکبات - جوارش کمونی، سفوف مسہل، ضماد اشق

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Coumarins, Furanocoumarins, Furanoquinoline alkaloids, Flavonoids rutin, Quercetin.

Bioactivity : Antispasmodic, Anti-inflammatory, Antimicrobial, Antitussive, Antirheumatic.

Indication : Headache, Vertigo, Dizziness, Cough, Fever, Colic, Flatulence, Chronic bronchitis. (Reduce cell death & useful in cancer therapy).

درخت

[9]

Rose / Red Periwinkle سدا بہار (۱۵۱)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliopsida
Order	:	Gentianales
Family	:	Apocynaceae
Genus	:	Catharanthus
Species	:	C. roseus
Binomial Name	:	Catharanthus roseus (G. don)
Synonym	:	Vinca rosea
Common Names	:	Cape Periwinkle
	:	Rose Periwinkle
	:	Madagascar periwinkle

عربی نام - حی العالم

فارسی - ہمیشہ بہار/زلف عروساں

ہندی/اردو - سدابہار

بنگلہ - نائن تارا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - برگ

مدت حیات - ایک سال

مزاج - گرم II خشک I

نفع خاص - دافع اورام حارہ

مضر - طحال کو

مصلح - گل ارمنی/پودینہ

بدل - عصارہ کاہو/مکو

مقدار خوراک - ۶-۹ گرام

شناخت - یہ بہت خوبصورت پھولدار نبات ہے۔ جسکے پھول چھوٹے چھوٹے سفید اور گلابی رنگ کے ہوتے ہیں، اسکی ڈنڈی سے ایک طرح کی چپکنے والی رطوبت نکلتی ہے۔ اسکے پتے سبز رنگ کے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ اس کے پھل سے خبازی کی طرح تخم برآمد ہوتے ہیں۔ اسکا ذائقہ قدرے تلخ ہوتا ہے۔

اقسام - چھوٹی = اسکی لمبائی ایک بالشت ہوتی ہے، افعال وخواص میں بڑی قسم سے بہتر اور قوی ہے۔
بڑی = اسکی لمبائی ریحان کی طرح ایک سے ڈیڑھ گز تک بلند ہوتی ہے۔

وجہ تسمیہ - چونکہ یہ ہمیشہ ہرا ابھرا رہتا ہے اسلئے اسکا نام سدابہار یا ہمیشہ بہار پڑا۔

حصول - بغداد، ایران، بھارت، مڈغاسکر (مڈغاسکر اسکا وطن ہے)

افعال - مفتح سدد، قابض، مجفف، محلل، مصفی خون، رادع مواد، مسکن التہاب، مقوی معدہ وبدن، دافع اورام حارہ۔

مواقع استعمال - نفث الدم، ضیق النفس، ذیابیطس، نقرس، وجع المفاصل، زحیر، جمرہ، حمرہ

ترکیب استعمال - (۱) جگر وطحال کے ورموں کو تحلیل کرنے کیلئے اسکے پتوں کا رس اکلا یا اسکے پتوں کا لیپ بطور ضماد
(۲) ضیق النفس یا کھانسی میں اسکے پتوں کا رس یا سفوف شہد کے ہمراہ بطور لعوق
(۳) رحم کی رطوبت یا خون کی آمد کو روکنے کیلئے اسکے پتوں کا عصارہ بطور فرزجہ۔

مرکبات - عرق سدابہار

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :-

Chemical Constituents :

Volatile oil contain aldehyde, Sesquiterpenes, Furfural, Sulphur-containing compound, Alcohol, Lochnerol alkaloid, Vinblastine, Vincarosin, Vincristine.

[10]

Bioactivity : Anticancer, Antioxidant, Antidiabetic, Antitumor.
Indication : Diabetes, Malaria, Hodgkin's lymphoma, Leukemia, Carcinoma, Asthma, Dysmenorrhoea, Tuberculosis, Rheumatism.

[11]

(۱۵۲) سَر پھوکہ Purple Tephrosia

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliopsida
Order	:	Fabales
Family	:	Fabaceae
Genus	:	Tephrosia
Species	:	T. purpurea
Binomial Name	:	Tephrosia purpurea (Pers)
Synonym	:	Cracca purpurea (L.)
Common Name	:	Wild indigo
Flowering & Fruiting	:	July-Dec

فارسی نام - برگ سونالو

ہندی - سرپھنکا/سرپھوکہ

بنگلہ - بن نیل گاچھ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - مسلم پودا

مدت حیات - دوسال

مزاج - گرم تر

نفع خاص - مصفی خون

مضر - مضعف معدہ

مصلح - زرورد

بدل - برہم ڈنڈی

مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

خشک پتے

شناخت - یہ ایک خودرو نبات ہے جو کھنڈرات اور بنجر زمینوں پر اگتا ہے۔ یہ کم و بیش ایک میٹر تک بلند ہوتا ہے۔ اسکے پتے چھوٹے چھوٹے ایک باریک شاخ پر ایک دوسرے کے متوازی لگے ہوتے ہیں۔ اسکا پھول سُرخ بہ مائل نیلا ہوتا ہے۔ اس پودے میں چھوٹی چھوٹی پھلیاں لگتی ہیں جس میں ۴۔۵ کی تعداد میں باریک تخم ہوتے ہیں جن کی شکل گردے کی طرح ہوتی ہے۔ اسکا ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔

حصول - بھارت، سری لنکا، افریقہ، مڈغاسکر، عمان، سعودی عرب، یمن

افعال - مصفی خون، مقوی جگر، مدر بول، دافع بواسیر دموی

مواقع استعمال - آتشک، جذام، جرب وحکہ، بثور، اورام، دیگر جلدی امراض

ترکیب استعمال - (۱) جلدی عوارضات میں بطور جوشاندہ یا خیشاندہ (۲) ذیابطیس شکری میں اسکے تخموں کو بطور سفوف (۳) آتشک میں سبز پتوں کا آب مروّق (۴) مرض سرطان میں ۹ گرام سرپھوکہ اور ایک گرام مرچ سیاہ کے ہمراہ بطور سفوف۔

مرکبات - عرق مرکب مصفی خون۔ نقوع شاہترہ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ - (Chemical Constituents)

جڑ میں :۔ Rotenon, Isotephrosin, Deguelin, Tephrosin

پتوں میں :۔ Caffeic acid, Osyritin, Glycoside

تخم میں:۔ Lupeol, B.sitosterol, Rutin

پھول میں:۔ Delphinidin Chloride, Cyanidin Chloride

دیگر اجزا میں:۔ Manganese, Albumin, Chlorophyll

[12]

Bioactivity : Anthelmintic, Alexiteric, Alterative, Antipyretic, Diuretic, Anti-nflammatory.

Indication : Diseases of liver, Spleen, Heart, Blood , Tumours, Ulcers, Leprosy, Asthma, Poisoning, Diarrhoea bronchitis, Inflammation, Boils & Pimples, Piles, Syphilis & Gonorrhoea.

Sirissa Tree / Lebbek Tree سِرَس (۱۵۳)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliatae
Order	:	Fabales
Family	:	Fabaceae
Genus	:	Albizia
Species	:	A- lebbeck
Binomial Name	:	Albizia lebbeck
Synonyms	:	Mimosa lebbeck
	:	Accacia lebbeck
Common Names	:	Siris
	:	Lebbeck
	:	Koko
Flowering Class	:	Dicot

عربی نام - سلطان الاشجار

فارسی - درخت زکریا

ہندی - سرسہ/سرس

بنگلہ - سریش گاچھ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - برگ، تخم، چھال، جڑ

مدت حیات - چارسال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مغلظ منی/محلل اورام

مضر - خشکی پیدا کرتا ہے

مصلح - گھی

بدل - سیشم

مقدار خوراک - تخم=۲گرام ، چھال=۳-۷گرام

شناخت - یہ ایک بلند درخت ہے جس کے پتے املی کے پتوں کی طرح لیکن ان سے کچھ بڑے ہوتے ہیں۔ اس کی پھلیاں لمبی لمبی اور چوڑی ہوتی ہیں۔ جن سے السی سے کچھ بڑے اور سخت تخم برآمد ہوتے ہیں یہ درخت عام طور پر سڑکوں کے کنارے دھوپ سے بچنے کیلئے لگائے جاتے ہیں۔

اقسام - Albizia Odoratissima(۳)(کالاسرس)Albizia Lebbek (۲)Mimosa Sirissa(۱)

(لال سرس) Albizia Julibrissin (۵) (بھوراسرس)Albizia Amara (۴)

حصول - مغربی بنگال، آسام، تامل ناڈو، یوپی، پنجاب، پاکستان، شمالی امریکہ، ایشیا

افعال - (۱) تخم = جالی۔ مقوی ومغلظ منی۔ مقوی بصر۔ محلل

(۲) چھال = جالی، محلل، مجفف، مصفی خون، مقوی بدن

مواقع استعمال - شبکوری، دھند، غبار، خارش چشم، نزلہ زکام، رقت منی، امراض فساد خون

ترکیب استعمال - (۱) نزلہ زکام میں اس کے تخموں کا باریک سفوف بطور ہلاس (۲) امراض فساد خون میں اس کی چھالوں کو بطور جوشاندہ (۳) پھوڑے، پھنسیوں اور مہاسوں پر اس کی چھالوں کو بطور ضماد (۴) دانتوں کے درد یا مسوڑھوں کو مضبوط بنانے کیلئے چھال کے جوشاندہ کو بطور غرغرہ (۵) شبکوری یا دھندو غبار میں سبز پتوں کے آب مروق کو بطور قطور (۶) خنازیری مادوں کو دور کرنے کیلئے اس کے تخموں کے سفوف کو شہد میں ملا کر بطور معجون۔

مرکبات - معجون سرس

جدید تحقیقات - غذائی صلاحیت = سبز پتوں میں پروٹین کی مقدار زیادہ ہوتی ہے جسے خصوصاً مویشی اپنی نشوونما کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

Chemical Constituents : Echinocystic acid, β-sitosterol, Glucose, Rhamnose, Lebbek kanin - A, Lebbekanin - D, Lebbekanin - E, Chlorophyll.
Bioactivity : Anti-inflammatory, Antiseptic, Antibacterial, Anti-allergic, Antidermatosis, Antidysenteric, Antiprotozoal & Spermicidal.
Indication : Bronchitis, Piles, Cough, Pulmonaryeosinophilia, Asthma, Rheumatism.

Crab سرطان (۱۵۴)

Kingdom	:	Animalia
Phylum	:	Arthropoda
Class	:	Malacostraca
Order	:	Decapoda
Family	:	Portunidae
Genus	:	Scylla
Species	:	S. serrata
Binomial Name	:	Scylla serrata
Common Names	:	Mud crab
	:	Mangrove crab

عربی نام - عقرب البحر/سرطان

فارسی - خرچنگ

ہندی - کیکڑا

بنگلہ - کانکرا

ماخذ - حیوانی

حصص مستعملہ - مادہ سرطان محرق

مدت حیات - محرق = تین سال

مزاج - سرد تر II/گرم تر I

نفع خاص - نافع سل ودق

مضر - مثانہ کو

مصلح - گل مختوم

بدل - سریشم ماہی

مقدار خوراک - ایک گرام

خشک سرطان

شناخت - یہ ایک دریائی جانور ہے جسکی آنکھیں شانوں پر اور منہ سینہ پر ہوتا ہے۔ اس کی شکل کم وبیش بچھوے کی طرح ہوتی ہے۔ اس کے پانچ جوڑے پیر، دو جبڑے، چنگل، ناخن، دانت اور سخت پست ہوتے ہیں۔ اس جانور میں سر اور دُم نہیں ہوتا۔

اقسام - (۱) نر (Male) (۲) مادہ (Female) معالجاتی اعتبار سے مادہ سرطان بہتر ہوتا ہے جسکی پہچان یہ ہے کہ پشت پر سوئی چبھونے سے ایک قسم کی لیسدار، سفید رطوبت تراوش ہوتی ہے

حصول - بھارت، ایشیا، افریقہ، آسٹریلیا

افعال - محلل اورام، حابس الدم، دافع سعال یابس، دافع حُمّی وسل ودق، تریاق سموم حیوانیہ

مواقع استعمال - سل ودق، گرم وخشک کھانسی، خشونت صدر، برص وبہق، خناق، ورم لہاۃ

ترکیب استعمال - (۱) سل ودق میں اس کی آلائش دور کر کے بطور شوربہ (۲) برص وبہق میں اسکو جلا کر اسکی راکھ کو بطور ضماد (۳) خناق اور لہاۃ کے درد میں اسے پیس کر پانی میں ملا کر بطور غرغرہ۔

مرکبات - قرص طباشیر کافوری، قرص سرطان کافوری، مفرح شیخ الرئیس

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ -

Chemical Constituents :
Protein, Glycogen, Fat, Vitamins, Calcium, Phosphorus.

Bioactivity : Antioxidant, Anticonvulsant, Antituberculosis, Antibacterial, Antifungal, Antiviral, Anticancer.

Indication : Pulmonary tuberculosis, Cough, Bronchitis.

Nutrient Value (Per 85g)

Nutrient		Value
Energy	:	98 KCal
Total Fat	:	1 g
Cholesterol	:	60 mg
Protein	:	20 g

Vitamin

Vitamin		Value
A	:	147 I.U
C	:	6.1 mg
Thiamin	:	0.1 mg
Riboflavin	:	0.2 mg
Niacin	:	2.5 mg
B_6	:	0.1 mg
Folate	:	35.7 mcg
B_{12}	:	8.8 mcg
Pantothenic acid	:	0.3 mg

Micro elements :

Element		Value
Calcium	:	28.1 mg
Iron	:	2.4 mg
Magnesium	:	53.5 mg
Phosphorus	:	109 mg
Potassium	:	170 mg
Sodium	:	587 mg
Zinc	:	3.1 mg
Copper	:	0.5 mg
Water	:	63.8 g
Ash	:	2.2 g

Gelatinum / Isinglass سریشم ماھی (۱۵۵)

Kingdom	:	Animalia
Phylum	:	Chordata
Class	:	Actinopterygii
Order	:	Acipen seriformes
Family	:	Acipen seridae
Genus	:	Acipen ser / Huso
Species	:	Transmontanus / H.huso
Binomial Name	:	Huso huso
Synonyms	:	Acipenser transmontanus
	:	Acipenser huso
Common Rudd	:	Scardinius erythrophthalmus

عربی نام - غری السمک
فارسی - سریشم ماہی
ماخذ - حیوانی
حصص مستعملہ - منجمد رطوبت
مدت حیات - تین سال
مزاج - گرم خشک I
نفع خاص - نافع سل ودق
مضر - معدہ کو
مصلح - نشاستہ
بدل - سرطان/سریش
مقدار خوراک - ۱۔۲ گرام

شناخت - یہ چربی کی طرح جمی ہوئی نیم شفاف، سفیدی مائل رطوبت ہے جو Rudd نامی مچھلی کے پیٹ سے نکلتی ہے لیکن آج کل Sturgeon نسل کی مچھلیوں خصوصاً Beluga Sturgeon کے گلپھڑے (Airbladder) کو باریک ریشوں میں کاٹ کر خشک کر کے سریشم ماہی کے نام سے بازاروں میں فروخت کرتے ہیں اسے پانی میں حل کرنے سے چپچپاہٹ اور لعاب پیدا ہوتا ہے۔ یہ رطوبت ریشم کے تار کی مانند بدمزہ اور بدبودار ہوتی ہے۔

حصول - یورپ، وسط ایشیا، کیلی فورنیا، کولمبیا، مراقو، نیوزی لینڈ، اسپین، کناڈا، Basin of North Baltic, Black Caspin

افعال - مغری، مجفف، نفث الدم، جالی، حابس

مواقع استعمال - جریان الدم، زخم، سل ودق، شقاق رخسار، برص، فتق

ترکیب استعمال - (۱) زخموں اور خون کے رسنے کے مقام پر بطور ذرور (۲) سل ودق اور نفث الدم میں بطور سفوف یا لعوق (۳) جرب، داد، فتق یا برص میں بطور ضماد (۴) شقاقِ رخسار اور تحسین لون و بشرہ میں بطور لیپ

مرکبات - سفوف نفث الدم، تکمید برائے مجلوق، حب غری السمک

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Protein, Peptides, Fat, Nitrogen, Iron, Phosphorus, Zinc, Selenium, Vitamins, Non-essential amino acid (Glycine & Proline), Glutamic acid, Alanine, Arginine aspartic acid, Lysine.

Bioactivity : Haemostatic, Antimicrobial, Antibacterial.

Indication : Chronic atrophic gastritis, as blood substitute in haemorrhage & shock, Bleeding wound.

Nutrient Value per 100g : Energy = 25 Kcal, Protein = 84.2 %, Adipose = 0.2%, Moisture = 13.0 % at 25°C, Ash = 2.5%

Nut Grass سعد کوفی (۱۵۶)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Magnoliophyta
Class	:	Liliopsida
Order	:	Poales
Family	:	Cyperaceae
Genus	:	Cyperus
Species	:	C-rotundus
Binomial Name	:	Cyperus rotundus
Common Names	:	Cocograss
	:	Java grass
	:	Common nutsedge
Indian Name	:	Musta

عربی نام - سعد کوفی

فارسی - مشک زیر زمین

ہندی - ناگر موتھا

بنگلہ - بوالا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - جڑ (Rhizomes)

مدت حیات - چار سال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مدر بول وحیض

مضر - امراض حلق میں

مصلح - شہد خالص

بدل - بالچھڑ

مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

شناخت - یہ ایک نبات کی ریشہ دار جڑ ہے جو باہر سے سیاہ اور اندر سے سفید ہوتی ہے، اس کا مزہ تلخ، قدرے چرپرا اور اس کی بو خوشگوار ہوتی ہے۔ یہ عموماً نمناک زمینوں، ندی نالوں کے کنارے اور اکثر مکئی اور جوار کے کھیتوں میں خودرو پیدا ہوتی ہے۔

اقسام - (۱) خورد (۲) کلاں = اسی قسم کو ناگرموتھا کہتے ہیں۔

حصول - بنگال، یوپی، پنجاب، ایران، کوفہ، شیراز، مصر (کوفہ کی سعد بہتر ہوتی ہے)

افعال - مقوی اعصاب ودل ودماغ ومعدہ، مطیب دہن، کاسر ریاح، مدر بول وحیض، مفتت حصاۃ گردہ ومثانہ

مواقع استعمال - ضعف دماغ واعصاب، نفخ شکم، دردسر، احتباس بول وحیض، تقطیر البول

ترکیب استعمال - (۱) ضعف دماغ واعصاب میں بطور سفوف (۲) تقطیر البول اور احتباس حیض میں بطور جوشاندہ یا شربت، (۳) پرانے بخاروں اور دردسر میں بطور جوشاندہ (۴) بچھو کے ڈسے ہوئے مقام پر بطور لیپ

مرکبات - جوارش جالینوس، حلوائے چوب چینی، حلوائے سپاری پاک، اطریفل دیدان

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Fat, Sugar, Gum, Carbohydrate, Essential oil, Strach, Albuminous matter, Steroid,Terpenoid, Phenolics, Tannin, Resin, Sodium, Calcium, Potassium.

Bioactivity : Anti-inflammatory, Stomachic, Emmenagogue, Emollient, Analgesic.

Indication : Digestive disorder, Menstrual irregularity, Nausea, Liver detoxification Healing, Fever, Pain

Nutrient Value Per 100g : Energy : 364.9 K.Cal,
Moisture : 9.00 ± , Crude Protein : 1.75±, Fats : 9-50±,
Ash : 7.87±, Crude fiber : 17.48±, Carbohydrates : 6306±,
Total nitrogen : 20.53±, Reducing Sugar D-Glucose : 14.04 mg
Vit. A, B_1, D_2 & E High level of calcium Potassium,
Magnesium, Sodium , Copper & Iron are present.

Lead Carbonate سُفیدہ کاشغری (۱۵۷)

عربی نام	-	إسفیداج
فارسی	-	سُفیداب
ہندی/ بنگلہ	-	سفیدہ
ماخذ	-	معدنی
حصص مستعملہ	-	مسلم سفیدہ
مدت حیات	-	تین۔چھ سال
مزاج	-	سرد خشک III / II
نفع خاص	-	منبت لحم/قروح چشم
مضر	-	مضعف دماغ
مصلح	-	انیسون/شہد
بدل	-	سفیدہ جست
مقدار خوراک	-	داخلاً ممنوع

Molecular formula : $(PbCO_3)_2$
Molarmass : 267.21 g / mol
Melting Point : 315 °C
Insoluble : In alcohol & ammonia
Soluble : In acid & alkali

شناخت - یہ سفید رنگ کا نرم و وزنی سفوف ہے جو سیسہ، رانگا اور جستہ کو جلا کر تیار کیا جاتا ہے قدرتی طور پر یہ ٹھوس حالت میں یا قلمی شکل میں دستیاب ہوتا ہے۔

حصول - کاشغر، روم، بھارت

افعال - قابض، مجفف، مسکن، مبرد، مغری، منبت لحم، حابس الدم

مواقع استعمال - قروح، بواسیری مسے، جرب وحکہ، آشوب چشم، بثور قرنیہ، داء الثعلب، داء الحیہ، گنج سر، سوزاک

ترکیب استعمال - (۱) امراض چشم میں بطور شیافات (۲) قرحوں یا زخموں میں بطور مرہم (۳) قروح امعاء میں بطور حقنہ (۴) حرقت البول، سوزاک اور قروح مثانہ میں بطور پچکاری (۵) داء الثعلب، داء الحیہ میں روغن گل کے ہمراہ بطور طلاء۔

مرکبات - شیاف ابیض، شیاف اخضر، مرہم کافوری، ضماد بواسیر۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Lead, Corbonic acid, Stannum , Zinc.

Bioactivity : Haemostatic, Astringent, Anti-inflammatory.

Indication : Vometing of blood, Gastric ulcer, Chronic gastric catarrh, Gastralgia, Pyrosis (Heart burn), Gastro-intestinal disorders, Diarrhoea.

سفیدہ کاشغری
معدن

[23]

Scammony سقمونیا (۱۵۸)

Kingdom	:	Plantae
Division	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliopsida
Order	:	Solanales
Family	:	Convolvulaceae
Genus	:	Convolvulus
Species	:	C-scammonia
Binomial Name	:	Convolvulus scammonia (L.)

عربی نام - سقمونیا
فارسی - محمودہ
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - منجمد رطوبت
مدت حیات - چھ سال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - مسہل صفراء و بلغم
مضر - قے
مصلح - گلاب
بدل - ایلوا
مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام

شناخت - سقمونیا نامی ایک بیلدار نبات کی جڑ کی منجمد رطوبت ہے جو اس جڑ میں شگاف دینے سے حاصل ہوتی ہے۔اس کا رنگ باہر سے خاکستری ہوتی ہے۔توڑنے پر یہ بہ آسانی ٹوٹ جاتی ہے اور ٹوٹی ہوئی سطح چمکدار، نیم شفاف اور مسام دار نظر آتی ہے۔اس کی بو تیز اور نا گوار ہوتی ہے۔اسکا ذائقہ خراب ہوتا ہے۔

حصول - شام، گجرات، کشمیر، دکن

افعال - بیرونی = جالی، محلل اندرونی = مسہل قوی، مخرش امعاء، قاتل و مخرج کرم شکم، مسقط جنین، مقوی معدہ و جگر

مواقع استعمال - داد، برص، نمش، وجع المفاصل، عرق النساء، دیدان امعاء

ترکیب استعمال - (۱) پیٹ کے کیڑے کو خارج کرنے کیلئے مدبر سقمونیا کو تازہ دودھ کے ہمراہ بطور سفوف (۲) داد، برص اور دیگر جلدی امراض میں بطور ضماد (۳) بچھو کے زہر کو دور کرنے کیلئے اس کا کھانا اور لیپ لگانا مفید ہے

تنبیہ - سقمونیا مدبر کر کے استعمال کرنا چاہئے۔اس کی زیادہ مقدار انسان کو ہلاک کر سکتا ہے۔سرد مزاج والوں کو ایلوا اور گرم مزاج والوں کو گل سرخ کے ہمراہ استعمال کرنا چاہئے۔یہ دست آور دوا کو قوی الاثر کرتا ہے۔نیز پیٹ کے جنین کو مار کر حمل گرا دیتا ہے۔

مرکبات - اطریفل زمانی۔اطریفل ملین۔قرص ملین۔جوارش سفرجلی مسہل

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :

Glucoside, Scammonin or Jalapin ($C_{34}H_{114}0_6$), Gum, Fibre, Starch.

Bioactivity : Purgative, Antirheumatic, Anthelmintic, Antifungal, Antibacterial.

Indication : Rheumatism, Constipation.

بیلدار نبات

[25]

Sagapenum سَکبِینج (۱۵۹)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Apiales
Family	:	Apiaceae / Umbelliferae
Genus	:	Ferula
Species	:	F. Persica
Binomial Name	:	Ferula persica (willd)

عربی نام - سکبینج
فارسی - سک
اردو - کندل
ہندی - کاندل
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - گوند
مدت حیات - ۲۰ سال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - مدر بول وحیض
مضر - مخرش امعاء/مسہل
مصلح - روغن بادام شیریں
بدل - بہروزہ
مقدار خوراک - ۱۔۲ گرام
شناخت - یہ ایک درخت کا گوند ہے۔ جو باہر سے سرخ وزرد اور اندر سے سفید ہوتا ہے۔ اسکی بو تیز اور ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔ یہ پانی میں جلد حل ہو جاتا ہے
حصول - تہران، خراسان، اصفہان، آرمینیا، آذربائیجان
افعال - بیرونی = محلل، مسکن، جالی، جاذب، محرک، مفتح
اندرونی = دافع اسہال، قاتل ومخرج دیدان، مدر بول وحیض، مفتح حصاۃ گردہ ومثانہ
مواقع استعمال - قولنج، عرق النساء، نقرس، فالج، صرع، اختناق الرحم، استسقاء، دیدان امعاء، وجع المفاصل، دردسر، احتباس بول وحیض، سنگ گردہ ومثانہ
ترکیب استعمال - (۱) خنازیری گلٹیوں، شعیرہ (پلکوں کا ورم) اور اورام صلبیہ میں سرکہ کے ہمراہ بطور ضماد (۲) استسقاء، دیدان امعاء اور گردہ ومثانہ کے پتھری کو دور کرنے کیلئے بطور سفوف (۳) ادرار بول وحیض کیلئے بطور جوشاندہ
مرکبات - ضماد کبریت۔ حب مقل
جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Volatile oil, Bassorin, Gum, Resin, Terpentine, Phenol, Urgenia, Sulphur.

Bioactivity : Antimicrobial, Antifungal, Antirheumatic, Anthelmintic, Antiphlegmatic, Antispasmodic.

Indication : Nervous disorder, Phlegmatic disorder, Hard Swelling, Rheumatism, Headache, Skin disorder, Stone in gall bladder, Kidneys & Urinary bladder.

درخت

[27]

(۱۶۰) سَلاجیت Mineral Pitch

لاطینی نام	-	Asphaltum
عربی نام	-	حجرالموسیٰ
فارسی	-	فقرالیہود
ہندی	-	رال یہودی
بنگلہ	-	شلاجیت
ماخذ	-	معدنی
حصص مستعملہ	-	منجمد رطوبت
مدت حیات	-	۲۰ سال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	مقوی باہ
مضر	-	محرورین کو
مصلح	-	دودھ/گھی
بدل	-	مومیائی
مقدار خوراک	-	۵۰۰ ملی گرام

شناخت - ایک قسم کی نیم سیال رطوبت ہے جو گرمی کے موسم میں دھوپ میں تپ کر بعض پہاڑوں کے شگاف سے لاکھ کی مانند نکلتی ہے۔ جسے لنگور بہت شوق سے کھاتے ہیں۔ اسکا رنگ سیاہ اور ذائقہ قدرے کڑوا اور مٹھاس لئے ہوئے ہوتا ہے۔ اسکی بوگائے کے پیشاب کی طرح ہوتی ہے۔ یہ چکنا، نرم اور وزنی ہوتا ہے۔

اقسام - گولڈ سَیلا جیت = یہ سونے کی کان سے نکلتا ہے۔ اسکا رنگ سرخ ہوتا ہے۔
سلور سیلاجیت = یہ چاندی کی کان سے برآمد ہوتا ہے اور سفید رنگ کا ہوتا ہے
کوپر سیلاجیت = یہ تانبے کی کان سے نکلتا ہے اور نیلے رنگ کا ہوتا ہے
آئرن سیلاجیت = یہ لوہے کی کان سے نکلتا ہے۔ اسکا رنگ سیاہی مائل بھورا ہوتا ہے۔
اور سب سے عمدہ و اعلیٰ ہوتا ہے۔

حصول - کشمیر، کوہ وندھیاچل، بدری ناتھ، افغانستان، بھوٹان، نیپال، چین، تبت اور پاکستان

افعال - مقوی بدن، مقوی باہ، مولد و مغلظ منی، مقوی معدہ و گردہ و مثانہ، مولد حرارت غریزی، مفتت سنگ گردہ و مثانہ، دافع بلغم، قاتل کرم شکم

مواقع استعمال - جریان، ذیابیطس شکری و غیر شکری، سوزاک، احتباس بول، سل، دمہ، یرقان، صرع، جنون، جذام، سلسل البول

ترکیب استعمال - (۱) مقوی بدن و اعضاء رئیسہ کیلئے شہد یا دودھ میں ملا کر استعمال کرتے ہیں (۲) پیشاب کی سوزش یا سلسل البول میں کلتھی کے جوشاندہ میں ملا کر استعمال کرتے ہیں (۳) امراض دماغیہ میں اسگندھ کے ہمراہ بطور سفوف

مرکبات - حب مومیائی، چندر پربھاوٹی

Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Fulvic acid, Uronic acid, Hippuric acid, Amino acid, Magnesia Lime, Alumina, Iron, Silica, Potash, Vitamins, Glucosides, Sulphuric acid, Phosphoric acid, Benzoic acid, Chloride, Nitrogen, Benzopyronens, Phenols.

Bioactivity : Antiseptic, Antioxidant, Anti-inflammatory, Antistress, Antiulcer, Antiaging (both mental & Physical).

Indication : Obesity, Epilepsy, Kidney disorder, Menstrual problems, Asthma Haemorrhoids, Jaundice, Sexual transmitted disease.

White Arsenic سَم الفار (۱۶۱)

IUPAC Name	: Arsenic (III) oxide
Symbol	: As
Atomic Number	: 33
Molecular Formula	: As_2O_3
Molar Mass	: 197.841g/mol.
Melting Point	: 312.2 °C
Boiling Point	: 465 °C
Atomic Mass	: 74.92
Solubility in Water	: 20 g/L (25 °C)
Common Names	: Arsenicum album
	: Arseneous oxide
	: Arsenious acid
	: White oxide of arsenic
	: Acidum arseniosum

عربی نام - سم الفار

فارسی - مرگ موش

ہندی - سنکھیا

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - مدبر سنکھیا

مدت حیات - ۷۰ سال

مزاج - گرم خشک IV

نفع خاص - مقوی باہ/دافع وجع المفاصل

مضر - زہر قاتل

مصلح - دودھ

بدل - زرنیخ سرخ

مقدار خوراک - ۱/۱۲–۱/۶۰/ اگرین

شناخت - یہ ایک معدنی دوا ہے جو خالص حالت میں سفید، خاکستری، چمکدار اور وزنی ہوتی ہے، توڑنے پر آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے۔ لیکن خالص حالت میں بہت کم ملتی ہے بلکہ لوہا، گندھک، سرمہ سیاہ وغیرہ کے ہمراہ روپا مکھی اور سونا مکھی کے کانوں سے نکلتی ہے اور Arsenate of Iron, Arsenate of Nickel یا Arsenate of Cobalt کہلاتی ہے۔

حصول - چین، برما، Chile, Peru, Morocco

افعال - دافع حمی، مقوی بدن و باہ و اعصاب، دافع امراض بلغمیہ، اکال، محلل، قاتل جراثیم، مصفی خون، محرک، مقوی معدہ

مواقع استعمال - لقوہ، فالج، درد کمر، عرق النساء، کھانسی، دمہ، جذام، آتشک، برص، جرب وحکہ، استسقاء، قلت الدم

ترکیب استعمال - (۱) استسقاء میں گلاب کے ساتھ بطور لیپ (۲) آتشک، جذام اور گٹھیا میں بطور کشتہ (۳) لاغری اور قلت الدم میں بطور طلاء

مرکبات - جوہر سکپور، جوہر سین، کشتہ سم الفار، حب احمر، طلاء سرخ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :-

Chemical Constituents :
Arsenic, Oxygen

Bioactivity : Antipyretic, Antiseptic, Antispasmodic, Antiperiodics, Antileukemic.

Indication : Leukemia, Auto immune diseases.

معدن

Sumach/Sumac سُمّاق (۱۶۲)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperm
Class	:	Eudicots
Order	:	Sapindales
Family	:	Anacardiaceae
Genus	:	Rhus
Species	:	R. coriaria
Binomial name	:	Rhus coriaria (Linn)

خشک پھل

عربی نام - سماق/تمتمہ
فارسی - سماک
ہندی - تترک
بنگلہ - سومک
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پوست سماق
مدت حیات - ایک سال
مزاج - سردخشک II
نفع خاص - مقوی معدہ
مضر - جگر باردکو
مصلح - انیسون
بدل - زرشک
مقدارخوراک - ۳-۵گرام

شناخت - یہ ایک درخت کا پھل ہے جو خوشوں میں لگتا ہے اور مسور کے دانوں کی طرح چپٹا اور مکو کے پھل کے برابر ہوتا ہے اسکے اوپر ایک پوست ہوتا ہے جو گردسماق یا پوست سماق کہلاتا ہے۔ یہی دواءً مستعمل ہے اس نبات کے پتے لمبے، دندانے دار، مائل بہ سرخی ہوتے ہیں جن پر رُواں ہوتا ہے۔

حصول - اسپین، اٹلی، ایران، افغانستان، جنوبی یورپ، شمالی امریکہ۔

افعال - حابس، مسکن صفرا، قابض، رادع، مقوی معدہ، مشتہی۔

مواقع استعمال - متلی، قے، دست، قلاع، سلاق، رمد، بواسیر، اسہال صفراوی۔

ترکیب استعمال - (۱) قے و متلی کو روکنے کیلئے اس کے پوست کو زیرہ سیاہ کے ہمراہ بطور سفوف (۲) بھوک بڑھانے کیلئے زیرہ سفید کے ہمراہ بطور چورن (۳) دانتوں کے درد کو دور کرنے اور مسوڑھوں کو مضبوط بنانے کیلئے بطور منجن (۴) امراض چشم میں اسکے خیشاندہ کو بطور قطور (۵) صفراوی دستوں کو بند کرنے کیلئے تازہ پھلوں کا رس بطور شربت (۶) قلاع الفم میں عرق گلاب کے ساتھ بطور کلی یا غرغرہ۔

مرکبات - سنون زرد، سنون سپاری پاک، سفوف نعناع، سفوف صندل ذیابیطس والا۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents

Tannines (Gallotinnine), Organic acid (Malic, Citric, Tartaric, Succinic & ascorbic acid) volatile oil (β-caryophyllene, α- pinene, α-terpineol, carvacrol & diterpene hydrocarbon cenbrene).

Bioactivity : Antmicrobial, Antioxidant, Antifungal, Antidiabetic, Antiseptic.

Indication : Diarrhoea, Dysentery, Asthma, Urinary tract, Infection sore throat, Chronic gum problem & cold

درخت
پھل

Senna سناء (۱۶۳)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Fabales
Family	:	Fabaceae
Sub Family	:	Caesalpiniaceae
Genus	:	Senna
Species	:	S. Angustifolia
Binomial Name	:	Senna angustifolia vahl.
Synonyms	:	Alexandrian senna
	:	Cassia acutifolia
	:	Cassia angustifolia
	:	Senna acutifolia
Common Names	:	Senna
	:	Indian Senna

عربی/فارسی نام - سناء مکی
ہندی - سناء ہندی
بنگلہ - سونا مکھی/سوناپاتا
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - برگ
مدت حیات - سات سال
مزاج - گرم خشک I
نفع خاص - مسہل اخلاط ثلاثہ
مضر - مروڑ پیدا کرتی ہے
مصلح - گل سرخ
بدل - تربد
مقدار خوراک - ۶_۹ گرام

شناخت - یہ ایک عربی پودے کا پتہ ہے جو مہندی کے پتے کی طرح لیکن اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے۔اس کے پھول نیلگوں اور پھلی چپٹی، گول اور کچھ مڑی سی ہوتی ہے جسکے اندر چپٹے لبوترے کسی قدر خمیدہ بہ کثرت تخم ہوتے ہیں اس کا پودا کم وبیش ایک میٹر تک بلند ہوتا ہے۔یہ عرب میں خودرو پیدا ہوتا ہے لیکن بھارت میں اس کی کاشت کی جاتی ہے۔

اقسام - سناء مکی (Cassia Acutifolia) اسکے پتے چھوٹے اور دواءً عمدہ ہوتے ہیں۔
سناء ہندی۔(Cassia Angustifolia)اسکے پتے بڑے ہوتے ہیں یہ قسم اچھی نہیں ہوتی

حصول - مکہ، مصر، شام، سوڈان، افریقہ، بھارت، پاکستان

افعال - قاتل دیدان، مسہل اخلاط ثلاثہ، ملین، مفتح سدد، مقی، مصفی خون، جالی

مواقع استعمال - ملیریا، گٹھیا، عرق النساء، نقرس، درد کمر، وجع الورک، ضیق النفس، قولنج، دیدان شکم

ترکیب استعمال - (۱) دیدان شکم کو دور کرنے کیلئے بطور جوشاندہ (۲) جوڑوں کے درد اور قبض کو دور کرنے کیلئے بطور سفوف (۳) جرب وحکہ میں اسکے جوشاندہ میں سرکہ ملا کر بطور طلاء

مرکبات - اطریفل سنائی، اطریفل غددی، اطریفل اسطوخودوس، جوارش عود ملین

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :-

Chemical Constituents :

Glucoside, Kampferin, Anthra quinone, Essential oil, Chrysophenic acid, Iso-rhamnetin, Ca-oxalate, Catbartin (cathartic acid), Senna-Picrin, Senna -crol.

Bioactivity : Purgative, Antipyretic, Cathartic, Laxative, Vermifuse, Diuretic.
Indication : Constipation, Irritable bowel syndrome, Haemorrhoids, Weight-loss.
Nutrient value : Senna's main use is not usually for nutrional purposes but as a medicinal herbal laxative. Indian Senna Contains. Potassium = 5mg, Sodium = 25mg.
Side effect & safety : Senna should not be used for more than seven consecutive days & not be used to get daily bowel movement because of it may cause ulcerative colitis, severe haemorrhoids, blood vessel diseases, severe anaemia & abdominal hernia.

Musk root / Spikenard سُنبُلُ الطیب (۱۶۴)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Dipsacales
Family	:	Valerianaceae
Genus	:	Nardostachys
Species	:	N. grandiflora
Binomial Name	:	Nardostachys grandiflora (DC.)
Synonym	:	Nardostachys jatamansi (DC.)
Common Names	:	Musk root
	:	Indian spikenard
	:	Indian nard

عربی نام - سُنبُل الھند
فارسی - سُنبُل الطیب
ہندی - جٹاماشی / بالچھڑ
بنگلہ - جٹامانسی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - جڑ، تنہ
مدت حیات - ۲۔۳ سال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مقوی دماغ و معدہ و جگر
مضر - گردہ کو
مصلح - روغنِ گل
بدل - سعد کوفی
مقدار خوراک - ۳۔۵ گرام

شناخت - یہ ایک نبات کی جڑ ہے جو بال کی طرح باریک ریشوں میں لپٹی رہتی ہے۔ اس کا رنگ زردی مائل سیاہ ہوتا ہے۔ اسکی بو مخصوص اور خوشگوار ہوتی ہے۔

اقسام - (۱) سنبل الطیب یا سنبل الھند (۲) سنبل رومی (۳) سنبل کوہی/جبلی

حصول - بنگال، کشمیر، نیپال، بھوٹان، کوہ ہمالہ، یورپ سکم، بخارا، چین

افعال - مدر حیض، مسخن، مقوی باہ، مطیب دہن، محسن اعضاء، مقوی معدہ و جگر

مواقع استعمال - صرع، اختناق الرحم، احتباس بول وحیض، اختلاج قلب، دوار، سردرد

ترکیب استعمال - (۱) صرع اور اختناق الرحم جیسے امراض میں بطور خیشاندہ (۲) ادرار بول وحیض کیلئے بطور جوشاندہ یا آبزن یا پیڑ و پر ضماد (۳) درد شکم کو دور کرنے کیلئے نیم گرم پانی کے ہمراہ بطور سفوف (۴) امراض قلب میں بطور شربت

مرکبات - برشعشا، جوارش جالینوس، جوارش کمونی کبیر، دواء الکرکم کبیر، دواء المسک

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :۔

Chemical Constituents :

Volatile essential oil (oleum jatamanse), Resin, Sugar, Starch, Gum, velerianic-acid.

Bioactivity : Antibacterial, Antifungal, Anti-inflammatory, Aanti-ischemic, Antioxidant, Anticonvulsant & Neuroprotective activities.

Indication : Burning sensation, Respiratory tract infection, Urinary problem, Stress, Insomnia, Nervine disorders, Irregular heart palpitation, & use as a remedy for high blood pressure.

درخت

[37]

Talc / Soap Stone سنگ جراحت (۱۶۵)

Chemical Name	:	Hydrated Magnesium Silicate
Chemical Formula	:	$Mg_3 Si_4O_{10}(OH)_2$ / $H_2 Mg_3(SiO_3)_4$
Category	:	Silicate mineral
Color	:	White, Gray, White to pearl green
Hardness	:	1 (Mohs Scale)
SP. gravity	:	2.58 - 2.83
Common Names	:	Steatite
	:	Soap rock
	:	Talc

عربی نام - حجرالاعرابی/حجرالزخم

فارسی/ہندی - سنگ جراحت

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - مسلم سنگ

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - سرد خشک III/II

نفع خاص - حابس الدم

مضر - مثانہ کو

مصلح - مصطگی/مصری

بدل - گِل ملتانی

مقدار خوراک - ایک گرام

شناخت - ایک قسم کا پتھر ہے جو نرم، سفید اور نہایت چکنا ہوتا ہے اس کا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے، یہ پانی میں حل نہیں ہوتا۔

وجہ تسمیہ - یونان میں صوبہ تھسلی کے ایک مقام کا نام مگ نسیا تھا جہاں یہ مرکبات کی شکل میں طبعی طور پر پایا گیا اس مناسبت سے اسکو میگنیشیا کہا جاتا ہے اسکے علاوہ دھوبی اس کو کپڑا دھونے کیلئے استعمال کرتے ہیں اور چھونے پر یہ صابن کی طرح چکنا معلوم ہوتا ہے اس لئے اسکو Soap Stone کہا جاتا ہے۔

حصول - مغربی یورپ، اٹلی، بھارت، پاکستان، مصر، آسٹریلیا، نیپال، ترکی، فرانس، کیلی فورنیا، کناڈا، برازیل، فن لینڈ۔

افعال - مجفف، حابس خون، قابض

مواقع استعمال - زحیر، سیلان الرحم، جریان منی، کثرت طمث، امراض چشم، قروح گردہ ومثانہ

ترکیب استعمال - (۱) زحیر اور سیلان الرحم میں دودھ کے ہمراہ بطور سفوف (۲) امراض چشم میں بطور سرمہ (۳) چہروں پر نکھار پیدا کرنے کیلئے بطور غازہ (۴) مسوڑھوں سے خون کی آمد روکنے اور اسے مضبوط بنانے کیلئے بطور منجن۔

مرکبات - سفوف حابس، حب رسوت، سفوف استحاضہ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents:

Silica=67%, Magnesia=33%, Cao = Minor quantity, Al_2O_3 = Minor quantity It is a meta morphic mineral resulting from the metamorphism of magnesium minerals such as serpentine, Pyroxene, Amphibole, Olivine, in the presence of CO_2 & water & Known as Talc carbonation & Produce talc carbonates (Serpentine + corbondioxide → talc + magnesite + water). Talc can also be formed via a reaction

- Dolomite + silica + water → talc + Calcite + CO_2 .

$3CaMg(Co_3)_2 + 4SiO_2 + H_2O \rightarrow Mg_3 Si_4O_{10}(OH)_2 + 3CaCO_3 + 3CO_2$

Bioactivity : Astringent, Haemostatics.

Indication : Rashes, Recurrent pleural effusion, Food additive (to preserve flavor), Glidant (Tablet making), Cancers of lungs & ovaries.

[39]

Gizzard of the Cockhen سنگ دانہ مرغ (۱۶۶)

Name of the animal	:	Gallus gallus domesticus
Kingdom	:	Animalia
Phylum	:	Chordata
Class	:	Aves
Order	:	Galliformes
Family	:	Phasianidae
Genus	:	Gallus
Species	:	Gallus gallus
Trinomial Name	:	Gallus gallus domesticus (L.)
Common Names	:	Chicken Gizzard

عربی نام - قانصہ
فارسی - سنگ دانہ مرغ
ہندی - پتھری
ماخذ - حیوانی
حصص مستعملہ - پوست
مدت حیات - چھ ماہ
مزاج - گرم خشک I
نفع خاص - مقوی معدہ وجگر
مضر - دیر ہضم
مصلح - نمک
بدل - کوئی بھی پرندہ
مقدار خوراک - ایک گرام

Nutrient Value Per 100 gr.		
Energy	:	94 Cal
Fat	:	2 g
Cholesterol	:	240 mg
Sodium	:	69 mg
Potassium	:	237 mg

سنگ سنگدان

شناخت - یہ نہایت سخت، گول اور چپٹا عضو ہے جو صرف پرندوں میں پایا جاتا ہے اور ان میں معدہ سے پہلے واقع ہوتا ہے پرندے جو دانہ نگلتے ہیں پہلے اسی میں جا کر زم ہوتا ہے پھر معدہ جو "پوٹا" کہلاتا ہے میں پہونچتا ہے اسکی وضع گھڑی کی طرح اور رنگ اوپر سے کلیجی کی طرح ہوتا ہے اسکو چیر کر اس کے اندر کا اوپری پردہ جدا کر لیا جاتا ہے جو زرد رنگ کا ہوتا ہے اور پوست سنگ دانہ مرغ کہلاتا ہے زیادہ تر مرغ کا سنگ دانہ ہی دواءً استعمال ہوتا ہے۔

وجہ تسمیہ - چونکہ اسمیں پرندوں کے کھائے ہوئے کنکر پتھر جمع ہو کر ہضم ہو جاتے ہیں اس لئے اس کو سنگدان کہتے ہیں۔

حصول = بھارت، پاکستان، بنگلہ دیش، چین، جاپان، شام، مصر، افریقہ، یورپ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، جرمنی، اٹلی وغیرہ۔

افعال - مقوی معدہ وجگر۔ قابض۔ کثیر الغذاء۔ جالی

مواقع استعمال - سنگرہنی (ذرب) ذلق الامعاء، اسہال، ضعف معدہ، موتیابند۔

ترکیب استعمال - (۱) مروڑ اور دستوں میں لونگ اور سنگدان ہموزن بطور سفوف (۲) موتیابند اور قرنیہ کے مرض میں بطور سرمہ

مرکبات - معجون سنگدانہ مرغ۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Saturated fat & sodium (low quantity), Protein, Vitamin B_{12}, Iron, Phosphorus, Zinc & Selenium.

Pharmaceutical Action :

1) Strongly reduce food stagnation, Improves spleen transportation
2) Secures the kidney essence
3) Dissolves Stones.

Precaution: This is very high in Cholesterol.

سنگدان
مرغ

Otolith of Fish / Fish Stone سنگ سرماهی (١٦٧)

Name of the fish	:	Barilius tileo
Kingdom	:	Animalia
Phylum	:	Chordata
Class	:	Actinopterygii
Order	:	Cypriniformes
Family	:	Cyprinidae
Genus	:	Barilius
Species	:	B. tileo
Binomial Name	:	Barilius tileo
Synonyms	:	Barilius menonisen
	:	Osparius tileo
	:	Cyprinus tileo (Ham.)
Common Names	:	Tileo baril
	:	Patharchata

عربی نام - حجرالسمک/حجرالحوت

فارسی - سنگ سرماہی

بنگلہ - تیلی کوکشا

ماخذ - حیوانی

حصص مستعملہ - مسلم پتھر

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - گرم خشک I

نفع خاص - مفتت حصاۃ

مضر - محرورین کو

مصلح - تازہ دودھ

بدل - حجرالیہود

مقدار خوراک - ایک گرام

شناخت - پتھر سے مشابہ، مچھلی کے سر میں پایا جانے والا سفید رنگ کا براق پتھر ہے جسکی شکل بیضوی اور سطح چپٹی ہوتی ہے۔ یہ لائم اسٹون کی ایک قسم ہے جسے Silicate of Lime کہتے ہیں عموماً یہ پتھر چاٹا (Barilius Tileo) نامی مچھلی کے سر میں پایا جاتا ہے اسکے علاوہ سنول نامی مچھلی کے سر سے بھی حاصل کیا جاتا ہے۔

وجہ تسمیہ - چونکہ یہ پتھر مچھلی کے سر سے حاصل ہوتا ہے اس لئے اسکو سنگ سرماہی کہتے ہیں۔

حصول - بھارت، بنگلہ دیش، نیپال، برما اور ایشیا کے دیگر ممالک۔

افعال - مفتت سنگ گردہ و مثانہ۔ مخرج حصاۃ، مدربول

مواقع استعمال - حصاۃ الکلیہ۔ حصاۃ المثانہ، احتباس بول

ترکیب استعمال - (۱) گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرنے کیلئے بطور سفوف یا دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور معجون۔
(۲) بچوں کی پسلی کے عارضہ میں یا انکی تشنگی مٹانے کیلئے اسے باریک کر کے بطور سفوف۔

مرکبات - معجون سنگ سرماہی۔ دوائے ضیق النفس

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :

Calcium carbonate, Silicate of lime, Gelatinous matrix & other elements deposited in the trace amount are alkaline earthmetal strontium (Sr.), Barium (Ba) & Magnesium (Mg).

Bioactivity : Antibacterial, Haemostatic, Antipyretic, Hepatoprotective.

Indication : Urinary problems, Kidney & bladder stone, Malaria, Jaundice, Fever, Liver complaints & haemorrhaging, Especially from nose.

Barilius tileo

Indian water chestnut سنگھاڑا (۱٦۸)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Acorales
Family	:	Trapaceae / Onagraceae
Genus	:	Trapa
Species	:	Bispinosa
Binomial Name	:	Trapa bispinosa (Roxb.)
Synonym	:	Trapa natans (L.)
Common Names	:	Water Chestnut
	:	Caltrops
	:	Singhara nuts

تازہ پھل

خشک مغز

ہندی نام - جل پھل
بنگلہ - پانی پھل
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھل
مدت حیات - تین سال
مزاج - تازہ=سردتر I، خشک=سردخشک II
نفع خاص - مولدمنی
مضر - نفاخ
مصلح - نمک/فلفل سیاہ
بدل - آخروٹ
مقدارخوراک - ۳۔۵گرام

شناخت - یہ پانی میں پیدا ہونے والا ایک ہندستانی بیل کا خاردار پھل ہے۔جس کے سر پر دو کانٹے ہوتے ہیں۔اس کی شکل تکونی ہوتی ہے۔کچی حالت میں سبز یا سرخ اور پختہ ہونے پر سیاہی مائل ہوجاتا ہے۔چھلکا اتارنے پر اندر سے سفید مغز نکلتا ہے جو سورنجان شیریں کی طرح ہوتا ہے۔اسکا ذائقہ شاداب قدر شیریں ہوتا ہے۔

حصول - بھارت،چین،سری لنکا،بنگلہ دیش،گیلان

افعال - مسکن حرارت،مولدومغلظ منی،مولدریاح،قابض،حابس

مواقع استعمال - خشونت،خشکی حلق،ضعف باہ،جریان منی،سیلان الرحم،کثرت طمث

ترکیب استعمال - (۱) ضعف باہ،جریان منی اور سیلان الرحم میں دودھ ومصری کے ہمراہ بطور سفوف (۲) کثرت طمث میں خشک سنگھاڑا دو حصہ،کرکس ایک حصہ اور شکر تین حصہ ملا کر بطور سفوف (۳) اعضاء کی سوزش،خشونت حلق اور پیاس بجھانے کیلئے تازے سنگھاڑے کا مغز۔

مرکبات - معجون آردخرمہ،حلوائے سپاری پاک،حب جریان بہ نسخۂ خاص۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :-

Chemical Constituents :

Iron, Manganese, Calcium, Potassium, Vitamin A, B_6, D.

Fruit contain : Protein, Fat, Starch, Sugar & Manganese. Stem & Roots have high concentration of Mn, Fe, Cu & Cr.

Bioactivity : Antipyretic, Appetiser, Aphrodisiac, Astringent, Constipative, Cooling, Diuretic, Haemostatic, Nutritive, Anti-inflammatory.

Indication : General debility, Oligospermia, Leucorrhoea, Diarrhoea, Dysentery, Intermittent fevers, Haemorrhages, Haemoptysis, Erectile dysfunction, Polyuria, Urinary disorder, Dysuria.

پودا

(۱۶۹) سورِنجان تلخ Colchicum

Kingdom	:	Plantae,
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Monocots
Order	:	Liliales
Family	:	Colchicaceae
Genus	:	Colchicum
Species	:	C. autumnale
Binomial Name	:	Colchicum autumnale
Common Names	:	Autumn crocus
	:	Meadow saffron

عربی/ فارسی نام - سورنجان مُرّ و

اردو - سورنجان تلخ

ہندی - ہرن توتیا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - جڑ کا مغز

مدت حیات - چار سال

مزاج - گرم خشک III

نفع خاص - دافع وجع المفاصل

مضر - جگر و معدہ کو

مصلح - زنجبیل / فلفل سیاہ

بدل - اسگند/سورنجان شیریں

مقدار خوراک - ۱۲۵۔۳۷۵ ملی گرام

شناخت - پتلے ریشے کے گچھوں پر مشتمل ایک چھوٹے سے پیڑ کی جڑ ہے جسکے اوپر ایک گرہ ہوتی ہے اس گرہ سے لمبے لمبے پتے نکلتے ہیں جو پھول نکلنے سے قبل گر جاتے ہیں۔ یہ گرہ ایک جانب چپٹی اور دوسری جانب گول ہوتی ہے جس پر دو چھلکے ہوتے ہیں۔ اوپر کا چھلکا پتلا اور بھورا اور اندر کا چھلکا زردسرخی مائل ہوتا ہے ۔اس کے اندر سفید مغز ہوتا ہے۔ جس کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔ اسکے اندر سمیت پائی جاتی ہے جس کی وجہ سے یونانی اطباء اسکا داخلی استعمال کم کرتے ہیں البتہ انگریزی دوا خانوں میں اسکا استعمال زیادہ ہوتا ہے۔

وجہ تسمیہ - اٹلی کے ایک مقام کالی چک میں یہ بوٹی بہ کثرت پائی جاتی ہے جس کی مناسبت سے اسے کالی چیکم (Colchicum) کہتے ہیں۔

حصول - کشمیر، اٹلی، آئرلینڈ، یورپ، روس، مصر، انگلینڈ

افعال - مسکن درد، محلل اورام، مجفف، مفتح سدد دماغی، کاسر ریاح۔

مواقع استعمال - نقرس۔ وجع المفاصل۔ بواسیر۔ گٹھیا وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) ورموں کو تحلیل کرنے کیلئے انڈے کی سفیدی اور زعفران کے ساتھ بطور ضماد (۲) جوڑوں کے درد میں روغن گل کے ساتھ بطور مالش (۳) بواسیر کی تکلیف دور کرنے کیلئے اس کے باریک سفوف کو گھی میں ملا کر روئی میں لت کر کے مقعد میں رکھنا مفید ہے۔

احتیاط - یہ ایک سمی دوا ہے جسے بڑی احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے طویل مدت تک جوڑوں پر اس کی مالش، جوڑوں میں صلابت پیدا کر دیتی ہے لہٰذا مسلسل اس کا استعمال ممنوع ہے۔

مرکبات - روغن گل آکھ، روغن مجرب، سورنجانی (یہ ایک مرکب دوا ہے جو کھلائی جاتی ہے)

Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :۔

Strach, Fixed oil, Resin, Gum, Organic acid, Colchicine (Poisonous alkaloid).

Bioactivity : Stimulant (in small amount), Cathartic, Emitic, Diuretic, Anti-inflammatory.

Indication : Cholera, Colic, Typhus, Skin ailments & Cancer, Gout, Familial mediterranean fever, Arthritis, Palpitation.

Adverse effects : It is not currently used to treat cancer due to its toxicity & high rate of side effect, vometing, burning sensation of throat & stomach, hypotension, kidney failure, respiratory failure, sudden cordiac arrest.

[47]

Colchicum (Sweet) سورنجان شیریں (۱۷۰)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliopsida
Order	:	Liliales
Family	:	Liliaceae (Colchicaceae)
Genus	:	Colchicum
Species	:	luteum
Binomial Name	:	Colchicum luteum (Baker)
Synonym	:	Colchicum speciosum
Common Names	:	Colchicum
	:	Suranjan shirin

خشک مغز

عربی نام - قلب الارض/خمل

فارسی - قلجن

اردو - سورنجان شیریں

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - جڑ کا مغز

مدت حیات - تین سال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - دافع وجع المفاصل

مضر - معدہ و جگر کو

مصلح - کتیرا/شکر

بدل - سورنجان تلخ

مقدار خوراک - ۲-۳ گرام

ترکیب استعمال - (۱) صداع حار میں اسکے سبز پتوں کو صندل کے ہمراہ بطور ضماد (۲) آشوب چشم میں سرکہ وگلاب کے ہمراہ آنکھوں کے اردگرد بطور لیپ (۳) احتباس بول میں اسکے آب مرُوق میں سکنجبین ملا کر بطور شربت (۴) ادرار حیض کیلئے بیخ کاسنی کو بطور جوشاندہ (۵) یرقان سدی اور امراض جگروطحال میں اسکے تخم کو بطور جوشاندہ۔

مرکبات - عرق کاسنی،عرق ماء اللحم مکو کاسنی والا،شربت کثوث،شربت دینار،معجون دبید الورد

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Chicoric acid (Dicaffeol tartaric acid), Flavonoids, Catechol, Tannins, Glycosides, Carbohydrates, Unsaturated sterols, Triterpenoids, Sesquiterpene lactones & tartaric acid.

Bioactivity : Antioxidant, Antibacterial, Antimalarial, Antihepatotoxic, Antimicrobial, Antiradical.

Indication : Gastritis, Hepatitis, Gall bladder problem, Mild enterocolitis, Intestinal worms, Haemorrhoids, Enlarged liver.

Nutritional Value : Per 100g	
Energy	: 6.7 cal
Water	: 26.7 g
Protein	: 0.5g
Carbohydrates	: 1.4 g
Fat	: 0.1 g
Ash	: 0.4 g

Vitamins :	
Vit. A	: 1658 IU
Vit. C	: 7 mg
Vit. D	: 7.0 mg
Vit. E(α-Tocopherol)	: 0.7 mg
Vit. K	: 86.3 mcg
Niacin	: 0.1 mg
Folate	: 31.9 mcg
Pantothenic acid	: 0.3mg
Choline	: 3.7 mg

Micro elements :	
Calcium	: 29 mg
Iron	: 0.3 mg
Magnesium	: 8.7 mg
Phosphorus	: 13.6 mg
Potassium	: 12.2 mg
Sodium	: 13 mg
Zinc	: 0.1 mg
Copper	: 0.1 mg
Manganese	: 0.1 mg
Selenium	: 0.1 mcg

Camphor کافور (۲۱۷)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Magnoliids
Order	: Laurales
Family	: Lauraceae
Genus	: Cinnamomum
Species	: C. camphora
Binomial Names	: Cinnamomum camphora nees.
	: Camphora officinarum
Common Names	: Laurel camphor
	: Camphora

عربی نام - کافور
فارسی - کپور/کاپور
ہندی - کپور
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - قلمیں (Crystals)
مدت حیات - فراری صفت کی وجہ سے جلداڑ جاتا ہے
مزاج - سردخشک III / مرکب القوی (گرم قوت بھی موجود ہے)
نفع خاص - دافع تعفن/تریاق سموم
مضر - مضعف باہ/مولد سنگ مثانہ
مصلح - مشک/عنبر
بدل - طباشیر/صندل
مقدارخوراک - ۱۰ رتی گرام تک

شناخت - یہ ایک درخت کا لطیف گوند ہے جو اس درخت میں شگاف دینے سے بہ شکل رطوبت خارج ہوکر منجمد ہوجاتا ہے۔ اسکے علاوہ اس درخت کی لکڑی کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے پانی میں جوش دینے یا اسے پانی کے بخارات کے ساتھ تصعید کرنے سے کافور حاصل ہوجاتا ہے، اسکی ڈلیوں کی رنگت سفید، شفاف اور بو تیز ہوتی ہے۔ ذائقہ کسی قدر تلخ و تیز اور آخر میں ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے۔ ہوا میں رکھنے سے بہت جلد اڑ جاتا ہے۔ مصنوعی طور پر اسے روغن تارپین اور نمک سے تیار کیا جاتا ہے۔ معمولی حرارت پر یہ اڑ جاتا ہے اور جلانے پر تمام جل جاتا ہے۔

حصول - کیلی فورنیا، فلوریڈا، میسی سپی، تائیوان، جاپان، کوریا (Formosa) چین، بھارت (فارموسیٰ میں اس درخت کے جنگلات بہ کثرت پائے جاتے ہیں)

افعال - بیرونی = دافع تعفن، ابتداءً محرک و محمر بعد میں مبرد، مخدر، مسکن الم
اندرونی = مفرح و مقوی قلب، دافع حمی، دافع تعفن، مقوی معدہ، کاسر ریاح

مواقع استعمال - وجع المفاصل، ذات الریہ، ذات الجنب، وجع الاسنان، نکسیر، رمد، قلاع الفم

ترکیب استعمال - (۱) دمہ، کھانسی و تنفسی نالی سے میوکس کے اخراج کیلئے بطور جوشاندہ (۲) جلدی امراض میں بطور ضماد اور ذات الجنب یا ذات الریہ میں اسکے روغن کو بطور مالش (۳) نفخ شکم وہیضہ میں اسکے روغن کو منقیٰ میں رکھ کر کھلاتے ہیں۔

مرکبات - عرق عجیب، حب کافور مرواریدی، قرص طباشیر کافوری، قرص سرطان کافوری

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

α-pinene, Camphene, β-pinene, Sabinene, Phellandrene, Limonene, 1,8-cineole, γ-terpinene, P-cymene, Terpinolene, Furfural, Camphor, Linalool, Bornylacetate, Terpinene-4-01, Caryophyllene, Borneol, Piperilone, Qeraniol, Safrole, Cinnamaldehyde, Methyl Cinnamate, & Eugenol.

Bioactivity : Analgesic, Antidepressant, Anti-inflammetory, Antiseptic, Carminative, Laxative, Hypertensive, Diuretic, Rubefacient.
Indication : Acne, Inflammation, Arthritis, Muscular aches, Pains, Strains, Rheumatism, Bronchitis, Cough, Cold, Fever, Flu, Infectious diseases.

Pistacia Galls کاکڑا سینگی (۲۱۸)

Kingdom : Plantae
Phylum : Angiosperms
Class : Eudicots
Order : Sapindales
Family : Anacardiaceae
Genus : Pistacia
Species : P. integerrima
Binomial Name : Pistacia integerrima (stewart)
Synonym : Pistacia chinensis
Common Names : Kakra
: Kakring

ہندی نام - کاکڑ سنگھی
بنگلہ - کاکڑا شرنگی
گجراتی - کاکڑا شنگی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھل
مدت حیات - تین سال
مزاج - گرم I خشک II
نفع خاص - دمہ/کھانسی
مضر - امراض جگر و گردہ
مصلح - صمغ عربی/کتیرا
بدل - اصل السوس
مقدار خوراک - ۳۔۵ گرام

شناخت - یہ ایک نبات کا پھل ہے جو بکری کے سینگ کی مانند جوفدار اور سخت ہوتا ہے۔ بعض کتابوں میں اسے اس درخت کی شاخوں اور پھولوں کی پنکھڑیوں پر پیدا ہونے والے زوائد بتائے گئے ہیں جو Aphis نامی حشرات (Insects) کے عمل سے سینگ کی طرح ابھر جاتے ہیں۔ اسکا رنگ سرخ اور مزہ تلخ و کسیلا ہوتا ہے۔

حصول - ایشیا اس کا وطن ہے، بھارت میں سکم و جموں کشمیر، بھوٹان
افعال - مخرج بلغم، مجفف رطوبات، مقوی معدہ، دافع تخمہ
مواقع استعمال - دمہ، کھانسی، حمیات بلغمیہ، بچوں کی کالی کھانسی، امراض جلدیہ
ترکیب استعمال - (۱) امراض جلدیہ یا ورموں کو تحلیل کرنے کیلئے بطور طلاء یا ضماد (۲) تنفسی نالی سے میوکس کو دور کرنے یا دمہ اور کھانسی کو رفع کرنے کیلئے بطور سفوف (۳) نکسیر یا مسوڑھوں سے جریان خون کو بند کرنے کیلئے اسکے جوشاندہ کو بطور غرغرہ۔
مرکبات - حب ضیق النفس، سفوف کاکڑا سینگی، تریاق سعال
جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :
Hydrocarbons, Tannins, Volatile oil,. Resin, Gum.

Bioactivity : Analgesic, Anti-inflammatory, Antioxidant, Hepatoprotective, Anticancer, Antifungal.

Indication : Cough, Asthma, Fever, Vomiting, Diarrhoea, Gonorrhoea, Leucorrhoea, Inflammation, Loss of appetite.

درخت

Winter Cherry کاکنج (۲۱۹)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Solanales
Family	:	Solanaceae
Genus	:	Physalis
Species	:	P. alkekengia
Binomial Name	:	Physalis alkekengia (Linn)
Common Names	:	Bladder Cherry
	:	Chinese Lantern
	:	Cape Gooseberry

عربی نام - حب کاکنج
فارسی - عروس در پردہ
ہندی - راجپوتک
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھل
مدت حیات - دوسال
مزاج - سرد خشک II
نفع خاص - مدر بول/مفتت حصاۃ
مضر - اعضاء کو سست کرتی ہے
مصلح - گلقند/صمغ عربی
بدل - مکو

مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

شناخت - یہ ایک قسم کی بوٹی ہے، جو مکو کی بوٹی کی طرح ہوتی ہے اسکا پھول سفید مائل بہ سرخی اور پھل باریک جھلی نما غلاف میں ملفوف ہوتا ہے، جو مکو کے پھل سے بڑا ہوتا ہے۔ اسکا رنگ خام حالت میں سبز اور پختہ ہونے پر سرخ ہوجاتا ہے اسکے اندر باریک تخم بھرے ہوتے ہیں۔

اقسام - کاکنج بستانی = یہ دواءً مستعمل ہے۔
کاکنج کوہی = یہ نہایت مخدر ہے اور کاکنج منوم یا عنب الثعلب منوم کے نام سے مشہور ہے۔

حصول - چین، جاپان، مشرقی یورپ، بھارت (یوپی، پنجاب)

افعال - مخدر، مدر بول، مدر صفراء، مصلح جگر، مخرج دیدان۔

مواقع استعمال - سنگ گردہ و مثانہ، قروح گردہ و مثانہ، یرقان صفراوی، دیدان امعاء

ترکیب استعمال - (۱) جگر کے ورم میں اسکے تازہ پتوں کو بطور ضماد (۲) امراض گردہ و مثانہ میں اسکے خشک پھلوں کو بطور سفوف۔

مرکبات - قرص کاکنج، معجون حجر الیہود، معجون عقرب

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :
Alkekengilin A, Alkekengilin B, Physalin D, Physalin P, 4,7 didehydroneophysalin B.

Bioactivity : Antiseptic, Antimicrobial, Antibacterial, Antifungal, Analgesic, Anticough, Antineoplastic, Diuratic, Sedative, Liver corrective, Anti-inflammatory.

Indication : Urinary Problem, Kidney & Bladder Stones, Gout, Arthritis, Fever, Diarrhoea.

پھل
پودا

Purple Fleabane کالی زیری (۲۲۰)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Asterales
Family	:	Asteraceae / Compositae
Genus	:	Centratherum
Species	:	C. anthelminticum
Binomial Name	:	Centratherum anthelminticum (L)
Synonyms	:	Vernonia anthelmintica (L.) willd
	:	Conyza anthelmintica Roxb.
Common Names	:	Ipecac
	:	Kalijiri
	:	Bitter black cumin

عربی نام - کمون بری
فارسی - زیرہ دشتی
ہندی - بن جیرہ
بنگلہ - سومراج/کالی زیری
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - تخم
مدت حیات - تین سال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - محلل اورام
مضر - احشاء کو
مصلح - روغن کدو/روغن گل
بدل - تخم سداب/زیرہ کرمانی
مقدار خوراک - ا۔۲ گرام

تخم

شناخت - یہ ایک نبات کے کالے تخم ہیں جو سونف کے برابر لمبے اور تخم کاسنی کے برابر موٹے ہوتے ہیں انکی بو تیز اور ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔ اسکے پتے لمبے بھالے کی طرح نوکدار ہوتے ہیں۔ اسکا پودا ہمیشہ ہرا ابھرا رہتا ہے۔

حصول - افغانستان، پاکستان، بھارت، سری لنکا (یہ خودرو پیدا ہوتے ہیں اور انکی کاشت بھی ہوتی ہے)

افعال - محلل اورام، مسکن اوجاع، کاسر ریاح، دافع حُمّی، قاتل کرم شکم

مواقع استعمال - پھوڑا، پھنسی، امراض جلدیہ، بخار، درد، دیدان کرم شکم، وجع المفاصل

ترکیب استعمال - (۱) پھوڑا، پھنسی اور ورموں پر بطور ضماد (۲) حمی مزمنہ میں برگ نیم کے ہمراہ بطور جوشاندہ (۳) پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک کرنے کیلئے باؤبڑنگ کے ہمراہ بطور سفوف (۴) وجع المفاصل میں بطور سفوف یا اسکے تیل کو بطور مالش۔

مرکبات - سفوف دیدان، عرق مصفی خون، سفوف قاقلہ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Flavonoids, Butin, Sterols - 4α- methyl vernosterol, (24,a/s) - stigmas - 5, 22 - dien - 3β - ol, & (24 a/s) - stigmasta -7, 22 - dien 3β ol, Brassicasterol, Stigmasterol & alkaloid - Vernonine, Stearic, Palmitic, Myristic, Oleic, Monohydroxy - oliec acids, linoleic, Vernolic acid & resin.

Bioactivity : Analgesic, Antipyretic, Anti-inflammatory, Antioxidant, Antiviral, Antihyperglycemic, Antimicrobial, Anthelmintic, Antifilarial.

Indication : Tapeworm infestation, Ulcers, Skin disease, Leucoderma, Fevers, Topical infections, Asthma, Hiccup , Inflammatory swelling, Dysuria, Snakebite.

پودا

Lettuce کاھو (۲۲۱)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Asterales
Family	:	Asteraceae
Genus	:	Lactuca
Species	:	L. sativa
Binomial Name	:	Lactuca sativa (Linn.)
Synonym	:	Lactuca scariola (Var)
Common Names	:	Lettuce
	:	Cos
	:	Romaine

عربی نام - خس
فارسی - کاھو
ہندی - سلاد پتہ
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - تخم، پتے، دودھ
مدت حیات - تخم = دو سال
مزاج - برگ = سرد تر II، تخم = سرد خشک II
نفع خاص - دافع حدت صفراء
مضر - مورث نسیان
مصلح - مصطگی/شہد
بدل - برگ خرفہ/تخم خشخاش
مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

شناخت - تقریباً نصف میٹر بلند ایک نبات ہے جسکے پتے کاسنی کے پتوں کی طرح، پیچھے سے چوڑے اور آگے سے نوکدار ہوتے ہیں جسے ساگ کی طرح پکا کر استعمال کرتے ہیں، اسکے پھل کو افیون کے پھل کی طرح چھید کر دودھ حاصل کرتے ہیں جسے افیون کاہو Lactu Carium یا Lettuce Opium کہتے ہیں، اس پھل میں سفید رنگ کے چپکیلے چھوٹے چھوٹے لبوترے تخم ہوتے ہیں جسکا مزہ پھیکا ہوتا ہے۔

اقسام - (۱) بستانی (۲) صحرائی/جنگلی

حصول - بھارت، چین، یونائیٹڈ اسٹیٹ، اٹلی، اسپین، جاپان، ایران، فرانس، آسٹریلیا، مصر، ترکی

افعال - برگ = مسکن جوش خون وصفراء، مصفی خون، دافع عطش، منوم، مدر بول، مقوی معدہ حار، مشتہی، مدر شیر، تریاق سموم وبائیہ
تخم = مسکن، منوم، مقوی شعر، دافع احتلام

مواقع استعمال - امراض صفراویہ و جلدیہ، یرقان، خارش، جنون، مالیخولیا، سوزاک، گرم کھانسی

ترکیب استعمال - (۱) امراض صفراویہ جیسے یرقان وغیرہ میں اسکے سبز پتوں کو بطور سلاد یا ترکاری (۲) جنون، مالیخولیا اور گرم بخاروں میں اسکے تخم کو بطور سفوف (۳) نیند لانے اور بالوں کو قوت دینے کیلئے اسکے روغن کو ناک میں بطور قطور اور بالوں کی جڑوں میں بطور مالش۔

مرکبات - قرص مثلث، قرص طباشیر کافوری، روغن لبوب سبعہ، روغن کاہو

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :

Phenolics, Sesquiterpene, Lactones, Flavonol, Flavone, Glycosides.

Bioactivity : Antioxidant, Anticarcinogenic & Antispasmodic, Anxiolytic, Carminative, Hypnotic, Narcotic.

Indication : Insomnia, Anxiety, Neurosis, Drycough, Whooping cough, Rheumatic Pain, Dysmenorrhoea.

Nutritional Value : Per 100g		**Vitamins :**		**Micro elements :**	
Energy	: 15 K Cal	Folates	: 38 mcg	Calcium	: 36 mg
Carbohydrates	: 2.79 g	Niacin	: 0.375 mg	Copper	: 0.029 mg
Protein	: 1.36 g	Pantothenic acid	: 0.134 mg	Iron	: 0.86 mg
Fat	: 0.15 g	Pyridoxine	: 0.09 mg	Magnesium	: 13 mg
Dieteryfiber	: 1.3 g	Riboflavin	: 0.08 mg	Manganese	: 0.250 mg
Electrolytes :		Thiamin	: 0.07 mg	Phosphorus	: 29 mg
Sodium	: 28 mg	Vit. A	: 7405 IU	Zinc	: 0.18 mg
Potassium	: 194 mg	Vit. C	: 18 mg		
		Vit. E	: 0.29 mg		
		Vit. K	: 173.6 mcg		

Box Myrtle کائپھل (۲۲۲)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Violes / Fagales
Family	:	Myricaceae / Moringaceae
Genus	:	Myrica
Species	:	M. nagi
Binomial Name	:	Myrica nagi (Thumb.)
Synonyms	:	Myrica esculenta
	:	Myrica integrifolia
Common Names	:	Bayberry
	:	Kafal

عربی نام - عودالبرق
فارسی - دارشیشعان
ہندی - کائپھل
بنگلہ - کٹ پھل
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - چھال
مدت حیات - چھ سال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مقوی اعصاب/مانع نزلہ
مضر - جگروطحال کو
مصلح - مصطگی/صمغ عربی
بدل - اسارون
مقدارخوراک - ۳۔۵گرام

شناخت - ایک درخت کی چھال ہے۔ جو دبیز اور سرخی مائل ہوتی ہے۔ اس کا مزہ تلخ وتیز ہوتا ہے اسکا درخت ۳۔۱۵ میٹر تک بلند ہوتا ہے اسکے پتے ٹہنیوں کے سروں پر سہنجنہ کے پتوں کی طرح ایک دوسرے کے مقابل لگتے ہیں، اسکے پھول چھوٹے چھوٹے اور پھل گول، سرخ رنگ کے ہوتے ہیں جسے جاپانی اور چینی افراد شوق سے کھاتے ہیں۔

حصول - پنجاب، یوپی، گڑھوال سلہٹ، ناگالینڈ، چین جاپان، نیپال

افعال - قابض محلل، کاسر ریاح، مجفف، مقوی اعصاب، دافع تعفن، معطس، حابس الدم

مواقع استعمال - فالج، لقوہ، رعشہ، قلاع الفم، نزلہ، زکام، سرورد بارد، کھانسی، دمہ، دردمعدہ

ترکیب استعمال - (۱) امراض بلغمیہ وعصبانیہ مثلاً فالج، لقوہ وغیرہ میں اسکے روغن کو بطور مالش (۲) قلاع الفم، وجع الاسنان اور خشونت حلق میں اسکے جوشاندہ کو بطور غرغرہ (۳) کھانسی، دمہ، برونکائٹس وغیرہ میں ادرک اور تیز پات کے ہمراہ بطور جوشاندہ (۴) زخم، وجع المفاصل اور Lymphadenopathy میں بطور ضماد

مرکبات - سفوف استحاضہ، روغن سرخ۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Myrisetin, Myricitrin, Glycosides, Tannins,. Saponins, Volatile oil.
Bioactivity : Anti-inflammatory, Antiseptic, Stimulant, Astringent.
Indication : Rhinitis, Headache, Worm Infestation, Wounds, Toothache, Loss of appetite, Indigestion, Nervine debility, Inconsciousness, Piles, Cough, Cold, Asthma, Skin diseases, Joint pain.

درخت

(۲۲۳) کباب چینی Cubeb

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Magnoliids
Order	:	Piperales
Family	:	Piperaceae
Genus	:	Piper
Species	:	P. Cubeba
Binomial Name	:	Piper Cubeba Linn
Common Names	:	Tailed Pepper
	:	Java Pepper

عربی نام - کبابہ صینی
فارسی - کباب چینی/کبابہ
ہندی - کنکول/سیتل چینی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھل
مدت حیات - چھ سال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - منقی مجاری بول
مضر - امراض مثانہ
مصلح - صندل سفید/گلاب
بدل - دارچینی/الائچی
مقدار خوراک - ا۔۳ گرام

شناخت - یہ ایک بیلدار نبات کا پھل ہے جو گول مرچ کے برابر گول اور شکن دار یا جھری دار ہوتا ہے۔ لیکن اسمیں تنکے کی مانند ایک ڈنڈی لگی ہوتی ہے اس کا رنگ سیاہ، قدرے بھورا اور اندر سے سفید ہوتا ہے اس کی بو تیز اور خوشگوار اور مزہ قدرے تلخ و تند یا چرپرا ہوتا ہے اس پھل کو پکنے سے قبل حاصل کر کے احتیاط سے خشک کر لیتے ہیں کیونکہ غیر پکے (Unripe) پھل میں جوہر مؤثرہ (Active Constituent) بھرپور ہوتے ہیں۔

حصول - جاوا، ساٹرا، چین، مشرقی مجمع الجزائر

افعال - مطلف، مفتح، مطیب دہن، مقوی دندان ولثہ، مقوی معدہ، محلل، مدر بول وحیض، منفط مُحر، کاسر ریاح

مواقع استعمال - سوزاک، احتباس بول وحیض، قروح مجاری بول، سدہ جگر وطحال، کھانسی، حصاۃ الکلیہ ومثانہ۔

ترکیب استعمال - (۱) بند پیشاب وحیض کو جاری کرنے کیلئے بطور خیشاندہ یا شیرہ (۲) دانت اور مسوڑھوں کو مضبوط کرنے کیلئے بطور منجن (۳) جگر وطحال کے سدوں کو کھولنے کیلئے بطور جوشاندہ یا سفوف (۴) کھانسی کو دور کرنے کیلئے شہد کے ہمراہ اسکے سفوف کو بطور لعوق (۵) عضو مخصوص میں نعوذ یا ایستادگی پیدا کرنے کیلئے شہد کے ہمراہ اسکے باریک سفوف کو بطور طلاء۔

مرکبات - جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں، حب حلتیت، ذرور کتھ، روغن کلاں، سفوف دارچینی

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :
Cubebic acid, Cubebin, Fixed oil, Gum, Resin, Volatile oil, Sesquiterpenes, Terpenes.

Bioactivity : Stomachic, Carminative, Expectorant, Anti-inflammatory, Antiseptic.

Indication : Sexual transmitted diseases, Asthma, Urinary problems, Infertility, Infections, Fever, Bronchitis, Oral & Dental problems, Piles, Abscess.

Pregnancy : Do not use cubeb during Pregnancy.
Adverse effects : Cubebic acid irritates the ureter, bladder & urethra. Avoid to use cubeb in stomach & duodenal ulcer, Ulcerative colitis & diverticulitis.

Toothache Seed کبابہ خنداں (۲۲۴)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Sapindales
Family	: Rutaceae
Genus	: Zanthoxylum
Species	: Z. alatum
Binomial Name	: Zanthoxylum alatum roxb.
Synonym	: Fagara ailanthoides
Common Names	: Tejpal
	: Tumburu

عربی نام - فاغیرہ
فارسی - کبابہ خنداں
بنگلہ - تمبل
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھل/تخم
مدت حیات - تین سال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مقوی معدہ وجگر
مضر - مصدع
مصلح - کافور/نیلوفر
بدل - کباب چینی
مقدار خوراک - ۲۔۳ گرام

شناخت - یہ ایک سدابہار پہاڑی درخت کا پھل ہے، جو آدھا پھٹا ہوا ہوتا ہے۔ جسکے جوف میں ایک چھوٹا سا گول سیاہ رنگ کا چمکدار تخم ہوتا ہے۔ پہلے یہ پھل سبز بعد میں سرخی مائل بھورا اور خوشبودار ہو جاتا ہے، اسکا ذائقہ چرپرا ہوتا ہے اسکے چبانے سے منہ میں جھنجھناہٹ ہوتی ہے۔

حصول - نیپال، بھوٹان، پنجاب، گڑھوال، جموں کشمیر، مشرقی ایشیا، چین

افعال - مقوی دل ودماغ، مقوی معدہ وجگر بارد، کاسر ریاح، قابض، مطیب دہن

مواقع استعمال - دردشکم، دردسر، سوءِ ہضم، اپھارہ ضعف معدہ وجگر، دست، امراض دل ودماغ

ترکیب استعمال - (۱) امراض باردہ اور تقویت دل ودماغ کے لئے بطور سفوف (۲) امراض معدہ جیسے سوءِ ہضم اور اپھارہ وغیرہ میں بطور مصالحہ (۳) ہیضہ اور دستوں کو بند کرنے کیلئے بطور جوشاندہ۔

مرکبات - ذرور قلاع، جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Berberine, Volatile oil, Resin xanthoxylin, Hydro Carbone, 1-α Phellandrene.

Bioactivity : Antifungal, Antioxidant, Antimicrobial, Antiseptic, Anthelmintic, Astringent, Deodorant.

Indication : Fevers, Dyspepsia, Cholera, Thoothache, Asthma, Bronchitis, Vericose veins, Rheumatism.

درخت

Sulphur / Brim Stone کبریت (۲۲۵)

Symbol	:	S
Atomic Number	:	16
Atomic Weight	:	32.065 g.mol
Electron Pershell	:	2,8,6
Density	:	2.067g/cm³ at 20 °C
Melting Point	:	115.21 °C
Boiling Point	:	444.60 °C
Element Classification	:	Non-metal
Phase at room temp.	:	Solid
Chief Source	:	Hydrogen Sulphide

عربی نام - کبریت

فارسی - گوگرد

ہندی/اردو - گندھک

بنگلہ - گندروگ

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - گندھک مصفّی

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - گرم خشک III

نفع خاص - محلل اورام

مضر - دماغ/معدہ کو

مصلح - کتیرا/دودھ

بدل - ایک قسم دوسرے کا

مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام

شناخت - یہ زرد رنگ کی خوبصورت ڈلیوں کی شکل کی ایک معدنی عنصر ہے جو کبھی طبعی حالت میں اور کبھی مخلوط دھاتو کی شکل میں حاصل ہوتی ہے۔ مخلوط دھاتوں کی شکل میں یہ سلفائیڈ کہلاتی ہے، جیسے لیڈ کے ساتھ لیڈ سلفائیڈ اور کاپر کے ساتھ کاپر سلفائیڈ وغیرہ۔ اس سے ایک خاص قسم کی تیز بو آتی ہے، اسے ترسیب کے عمل سے گزارنے کے بعد گندھک آملہ سار کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

حصول - U.S.A کے Texas، کناڈا، انڈونیشیا، جاپان، Chile، پولینڈ، روس، یوکرین، ایران

افعال - مجفف، جالی، ملین، مصفی خون، منفث بلغم، محلل، مسکن، قاتل جراثیم، حابس خون

مواقع استعمال - چنبل، نارفارسی، بثور لبنیہ، جرب وحکہ، شقاق المقعد، دمہ، کھانسی، سل دق، وغیرہ

ترکیب استعمال - (۱) سل دق اور نفث الدم میں شربت اعجاز یا شربت خشخاش کے ہمراہ بطور سفوف (۲) جلدی امراض جیسے قوبایا جرب وحکہ میں بطور مرہم اور اندرونی طور پر بطور سفوف (۳) عقرب گزیدہ کے تسکین درد کیلئے بطور طلاء

مرکبات - مرہم اشق، ضماد جرب، ضماد اشق، معجون بواسیر

جدید تحقیقات - جدید تحقیق سے یہ پتہ چلا ہے کہ سلفر انسانی خلیات کیلئے ایک اہم عنصر ہے کیونکہ یہ امینو السڈ جیسے Cysteine، Methionine کا ایک جز ہے جو روزانہ انسانی ضروریات کا ایک حصہ ہے اسکے علاوہ یہ وٹامن Biotin اور Thiamine اور بے شمار انزائم اور Antioxidant Molecules جیسے Glutathione اور Thioredoxine میں بھی موجود ہے اور یہ بھی انسانی خلیات کی بقا کیلئے بے حد ضروری ہیں۔

Bioactivity : Antioxidant, Anticancer, Anti-inflammatory, Antifungal, Antibacterial.
Indication : Scabies, Candidiasis, Ringworm, Psoriasis, Eczema, Acne, Indigestion, Vomiting, Diarrhoea, Analfissures, Painfull haemorrhoid, Itching surrounding the anus, Cough, Çold, Flu, Fevers.

[159]

Linseed کتاں (۲۲۶)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Malpighiales
Family	:	Linaceae
Genus	:	Linum
Species	:	L. usitatissimum
Binomial Name	:	Linum usitatissimum (Linn)
Common Names	:	Flax seed
	:	Common flax
	:	Flax

عربی نام - بزرالکتاں
فارسی - بزرک/تخم کتاں
ہندی - السی/تیسی
بنگلہ - تیسی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - تخم/روغن
مدت حیات - تین سال
مزاج - گرم خشک II/I
نفع خاص - مخرج بلغم
مضر - مضعف ہضم
مصلح - کشنیز / سکنجبین
بدل - میتھی
مقدار خوراک - ۵ـ۱۲ گرام

شناخت - نصف میٹر تک بلند ایک نبات کے تخم ہیں جو چنے کے برابر غلاف نما گھنڈی دار پھل سے نکلتے ہیں یہ چکنے، چمکدار، لعابی، سرخ سیاہی مائل، چپٹے اور بیضوی شکل کے ہوتے ہیں، اس نبات کی شاخیں اور پتے باریک ہوتے ہیں۔

حصول - بنگال، بہار، یوپی، مصر، روس، ہالینڈ، انگلستان، پاکستان، کناڈا، چین، یورپ

افعال - محلل بلین، منضج، جالی، نفاخ، مسکن اوجاع، مخرج بلغم، مقئی

مواقع استعمال - پھوڑے، پھنسی، اورام، جھائیں، بثور، سرفہ بلغمی، دمہ، سوزاک، وجع المفاصل

ترکیب استعمال - (۱) جھائیں اور بثور لبنیہ وغیرہ میں سرکہ کے ہمراہ بطور طلاء (۲) اورام ظاہرہ یا باطنہ جیسے ذات الجنب یا ذات الریہ میں بطور ضماد (۳) جراحات یا زخموں کو خشک کرنے کیلئے اسکو جلا کر اور باریک پیس کر بطور ذرور (۴) دمہ، کھانسی یا بلغم کو خارج کرنے کیلئے اسکے سفوف کو شہد میں ملا کر بطور لعوق

مرکبات - لعوق کتاں، حب سعال، شربت زوفہ معتدل، لعوق معتدل، شربت صدر، قیروطی بزرالکتاں۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

α – Linolenic acid, Resins, Linoleic acid, Oleic acid, Stearic acid, Palmitic acid, Protein, Glucoside, Phosphate, Sugar, Wax.

Bioactivity : Anticarcinoma, Antitumor, Antidiabetic, Antimicrobial, Antibacterial, Anti-inflammatory.

Indication : Habitual Constipation, Irritable colon, Gastritis, Enteritis, Boils, Carbuncles, Breast Cancer, Diabetes, Respiratory tract diseases, Eyes infections, Cold, Flu, Fever, Rheumatism, Gout.

Nutritional Value : Per 100g		Vitamins :		Micro Elements :	
Energy	: 534 K Cal	Thiamine (B_1)	: 1.644 mg	Calcium	: 255 mg
Carbohydrates	: 28.88 g	Riboflavin (B_2)	: 0.161 mg	Iron	: 5.73 mg
Sugar	: 1.55 g	Niacin (B_3)	: 3.08 mg	Magnesium	: 392 mg
Dietary fibre	: 27.3 g	Pantothenic acid (B_5)	: 0.985 mg	Phosphorus	: 642 mg
Fat	: 42.16 g	B_6	: 0.473 mg	Potassium	: 813 mg
Protein	: 18.29 g	C	: 0.6 mg	Zinc	: 4.34 mg

Dodder Seed کشوث (۲۲۷)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Solanales
Family	:	Convolvulaceae
Genus	:	Cuscuta
Species	:	C. reflexa
Binomial Names	:	Cuscuta reflexa (Roxb.)
Other species	:	Cuscuta approximata
	:	Cuscuta europea
Common Name	:	Giant dodder

عربی نام - کشوث/تخم افتیمون ہندی
فارسی - تخم درخت پیچان
ہندی - امرلتا/امربیل
بنگلہ - اکاش بیل/سونالتا
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - تخم
مدت حیات - تین سال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - اورام معدہ وجگر/حمیات مزمنہ
مضر - قلب اور پھیپھڑے کو
مصلح - کتیرا/کاسنی
بدل - افسنتین
مقدار خوراک - ۳۔۵ گرام

شناخت - یہ افتیمون نامی نبات کے تخم ہیں جو مولی کے تخم کے مشابہ، سرخی مائل بہ زردی ہوتے ہیں۔ اسکی بوٹی آس پاس کے درختوں پر زرد دھاگوں کی شکل میں طفیلی پودوں کی طرح پھیل جاتی ہے، اس بوٹی میں کلوروفیل نہ ہونے کی وجہ سے پتے نہیں ہوتے، جسکی وجہ سے یہ میزبان سے اپنی خوراک حاصل کرتے ہیں اس بوٹی میں اولاً جڑ ہوتی ہے لیکن بعد میں یہ خشک ہوجاتی ہے۔

حصول - ہندوستان، پاکستان، افغانستان، انگلستان، ترکستان، ایران، چین

افعال - کاسر ریاح، مفتح، مدر بول وحیض، ملطف، دافع حمی مزمنہ، مقوی معدہ وجگر واحشاء، ملین، محلل اورام

مواقع استعمال - بخار، قبض، یرقان، احتباس بول وحیض، ضعف معدہ وجگر

ترکیب استعمال - (۱) معدہ وجگر کے ورموں کو تحلیل کرنے اور پرانے بخاروں کو دور کرنے کیلئے بطور جوشاندہ (۲) قبض کو دور کرنے اور سدوں کو کھولنے کیلئے بطور سفوف (۳) بند پیشاب یا حیض کو جاری کرنے کیلئے دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور شربت

مرکبات - اطریفل افتیمون، معجون چوب چینی، عرق مصفی خون، شربت دینار

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Kaempferol, Quercetin, Astragalin, Anthraquinone, Coumarin, Flavones, Glycoside, Sterols, Terpene, Tannic acid.

Micro Elements : Calcium, Magnesium, Iron, Manganese, Copper.

Bioactivity : Antibacterial, Antioxidant, Antitumour, Anticancer, Hepatoprotective.

Indication : Nocturnal emission, Leucorrhoea, Kidney & Prostate disoder, Jaundice, Breast cancer, Skin cancer, Muscular pain, Cough.

پودا

Fever Nut کرنجوہ (۲۲۸)

عربی نام	-	اکتم کت
فارسی	-	خانہ ابلیس/خرما ابوجہل
ہندی	-	کٹی کرنجا
بنگلہ	-	ناٹا کرنجوہ
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	مغز، برگ، جڑ، چھال
مدت حیات	-	۴ سال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	دافع حمی
مضر	-	متلی پیدا کرتا ہے
مصلح	-	کالی مرچ
بدل	-	مغز کا برگ
مقدار خوراک	-	۵۰۰ ملی گرام

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Fabales
Family	:	Fabaceae
Genus	:	Caesalpinia
Species	:	C. bonducella
Binomial Name	:	Caesalpinia bonducella (Flem/Linn)
Synonyms	:	Caesalpinia bonduc (L.)
	:	Caesalpinia crista
Common Names	:	Bonduc nut
	:	Bonduc fruit
	:	Physic nut

شناخت - یہ ایک بیلدار بوٹی ہے جس کے ہر جز پر بہ کثرت کانٹے ہوتے ہیں جسکی وجہ سے اسکے کسی بھی جز کو پکڑنا دشوار ہوتا ہے اسکے پتے چھوٹے چھوٹے املی کے پتوں کی طرح باریک باریک سینکوں پر ایک دوسرے کے بالمقابل لگے ہوتے ہیں اس میں بڑی بڑی خاردار پھلیاں لگتی ہیں جسکے اندر سے سپاری کے برابر یا اس سے چھوٹے تخم نکلتے ہیں۔ جسکی رنگت فاختئی یا نیلگونی ہوتی ہے۔ اسکا چھلکا بہت سخت ہوتا ہے، چھلکا توڑنے پر تخم کے اندر سے سفید مغز نکلتا ہے، جسکا ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔

حصول - جنوبی ہند، سری لنکا، برما، انڈومان نکوبار،

افعال - دافع بخار نوبتی، مصفی خون، ملین طبع، کاسر ریاح، دافع تشنج، دافع تعفن، مجفف، جاذب رطوبات

مواقع استعمال - دمہ، کھانسی، نوبتی بخار، امراض جلد، قولنج ریحی، قیلہ مائیہ

ترکیب استعمال - (۱) نوبتی بخاروں میں دورہ سے دو گھنٹہ قبل اور دورہ کے ایک گھنٹہ بعد پانی کے ہمراہ بطور سفوف (۲) استقاء یا قیلہ مائیہ میں آرنڈ کے پتوں پر چھڑک کر باندھنا یا پیسکر مقام ماؤف پر ضماد کرنا مفید ہے (۳) دمہ یا کھانسی میں کرنجوہ کو بھون کر اور چھلکا اتار کر مغز کا سفوف بنا کر استعمال کرنا مفید ہے (۴) قبض یا بواسیر میں مغز کرنجوہ یا برگ کرنجوہ کو پیس چھانکر پلانا مفید ہے۔

مرکبات - حب مبارک، حب ربع، جوارش گجگہ، حب کرنجوہ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Cassane diterpenes, Fatty acid, Hydrocarbones, Phyto Sterols, Isoflavones (Bonducellin), Amino acids (Aspartic acid, Arginine & Citrullin), Phenolics (Brazilin & Bonducin).

Bioactivity : Antidiabetic, Antipyretic, Analgesic, Antioxidant, Anticonvulsant, Antiperiodic, Anthelmintic, Antiviral, Antiestrogenic, Antimalarial, Antifilarial, Antidiarrhoeal, Anti-inflammatory.

Indication : Fever, Intestinal worms, Tumours, Amenorrhoea, Cough, Filaria, Malaria, Small Pox, Liver disorder, Hydrocele, Skin diseases, Leprosy, Urinarydisorder, Leucorrhoea, Piles, Wounds, Orchitis, Diabetes, Constipation.

(۲۲۹) کسونڈی Negro Coffee

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Fabales
Family	:	Fabaceae
Sub Family	:	Caesalpinioideae
Genus	:	Cassia
Species	:	Occidentalis
Binomial Name	:	Cassia occidentalis
Synonyms	:	Senna occidentalis
	:	Cassia caroliniana
Common Names	:	Coffee senna
	:	Rubbish cassia
	:	Stinking weed

تخم

ہندی نام - کسونڈی

پنجابی - تلوار پھلی

بنگلہ - کاشوندہ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تخم، پتے، جڑ

مدت حیات - دوسال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - دافع ثمی / دافع استسقاء

مضر - مصدع

مصلح - کالی مرچ / شہد

بدل - پنواڑ / ایک قسم دوسرے کی

مقدار خوراک - ۷۔۱۲ گرام

شناخت - یہ ایک ہندوستانی بوٹی ہے جو تقریباً ۳ فٹ تک بلند ہوتی ہے اس کی بہت سی شاخیں ہوتی ہیں جو جڑ سے نکل کر پھیل جاتی ہیں۔ اسکے پتے سناء کے پتوں کی طرح لیکن ان سے بڑے اور بدبودار ہوتے ہیں، اسکے پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں اس میں پھلیاں لگتی ہیں، جن کے جوف میں میتھی کی مانند تخم بھرے ہوتے ہیں۔

اقسام - (۱) زرد پھول والی کسونڈی (۲) کالی کسونڈی اسکے پھول سیاہی مائل ہوتے ہیں

حصول - بھارت، پاکستان، افغانستان، برما، نیپال

افعال - تریاق سموم معدنی وحیوانی، جالی، کاسر ریاح، مسخن، محلل، دافع ثمی

مواقع استعمال - دمہ، کھانسی، سوء القنیہ، کرم شکم، وجع المفاصل، استسقاء، عقرب ومارگزیدہ، ذیابیطس۔

ترکیب استعمال - (۱) دمہ، کھانسی، سوء القنیہ، استسقاء یا وجع المفاصل میں کالی مرچ کے ہمراہ بطور شیرہ، نقوع یا آب برگ سبز مروّق (۲) سانپ یا بچھو کے ڈسنے پر اس کی جڑ کی چھال کو کالی مرچ کے ہمراہ بطور شیرہ (۳) داد، دینائی یا کھجلی میں اسکے پتوں یا تخموں کو گندھک یا لیموں کے رس میں پیسکر بطور ضماد (۴) مرض ذیابیطس میں جامن کی گٹھلی کے ہمراہ اس کی جڑ کو بطور جوشاندہ۔

مرکبات - دوائے برائے استسقاء، سفوف کسونڈی، آب برگ کسونڈی سبز مروّق۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :۔

Chemical Constituents :
Tannic acid, Mucilage, Amodiene, Toxalbumin, Crisarobin, Sugar, Gum, Starch, Sodium Chloride, Magnesium, Iron, Fatty acid, Cryophanic acid.

Bioactivity : Antibacterial, Antiviral, Anti-inflammatory, Antimalarial, Analgesic Laxative, Purgative, Hepato protective.

Indication & Uses :

1. Paste : Skin disorder (Psoriasis, Rashes)
2. Powder : Constipation, Indigestion
3. Juice : Juice of Leaves - Respiratory disorder
4. Decoction : Whole Plants - Diabetes, Urinary disorder.

Raisin کشمش (۲۳۰)

Kingdom	:	Plantae
Division	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliopsida
Order	:	Vitales
Family	:	Vitaceae
Genus	:	Vitis
Species	:	V. vinifera
Binomial Name	:	Vitis vinifera (Linn.)
Common Names	:	Green raisin
	:	Dry grape

عربی نام - زبیب/قشمش
فارسی - کشمش
ہندی - امرت پھلا
یونانی - قلندس
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - خشک پھل
مدت حیات - چار سال
مزاج - گرم تر 1/گرم خشک I
نفع خاص - مقوی قلب ودماغ وجگر
مضر - گردہ/محرورین کو
مصلح - عناب/سکنجبین
بدل - مویز منقیٰ
مقدار خوراک - ۱۰۔۲۰ گرام

شناخت - یہ چھوٹے انگور کی خشک شدہ شکل ہے جو بغیر دانہ کے ہوتی ہے۔ یہ خام حالت میں سبز اور کھٹی اور پکنے پر شیریں ہوجاتی ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں لیکن سب سے عمدہ کشمش سبز ہوتی ہے۔

حصول - اٹلی، چین، یونائیٹڈ اسٹیٹ، فرانس، اسپین، ترکی، ایران، ارجنٹینا، بھارت

افعال - مفرح ومقوی قلب، محلل، جالی، ملین، مسمی، منقی صدر

مواقع استعمال - قبض، خفقان، بحت الصوت، کھانسی، ضعف جگر، اورام صلبیہ

ترکیب استعمال - (۱) عام کمزوری کو دور کرنے کیلئے بطور غذا (۲) خفقان، وحشت اور گھبراہٹ کو دور کرنے کیلئے عرق بید مشک کے ہمراہ بطور میوہ (۳) اورام صلبیہ، داد یا گنج میں دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور ضماد

مرکبات - اطریفل کشمش، حلوائے سپاری پاک، جوارش تمر ہندی، اطریفل مقل

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :۔

Chemical Constituents :

Oxalic acid, Malic acid, Tartaric acid, Racemic acid, Glucose.

Bioactivity : Antioxidant, Antibacterial, Antimicrobial, Anti-inflammatory, Analgesic, Laxative, Stomachic, Demulcent.

Indication : Bleeding disorder, Gout, Pleurisy, Tuberculosis, Cough, Asthma, Dysuria, Burning micturation, Cholera, Dropsy, Cancer, Small Pox, Diarrhoea, Kedney & Liver disorder.

Nutritional Value : Per 100 g :

Energy	:	69 K Cal
Carbohydrates	:	18.1g
Protein	:	0.72 g

Vitamins :

Thiamine (B_1)	:	0.069 mg
Riboflavin (B_2)	:	0.07 mg
Niacin (B_3)	:	0.188 mg
Pantothenic acid (B_5)	:	0.05 mg
B_6	:	0.086 mg
Folate (B_9)	:	2 mcg
Vit. C	:	10.8 mg
Vit. K	:	2 mcg

Micro Elements :

Calcium	:	10 mg
Iron	:	0.36 mg
Magnesium	:	7 mg
Manganese	:	0.071 mg
Phosphorus	:	20 mg
Potassium	:	191 mg
Sodium	:	3.02 mg
Zinc	:	0.07 mg

Coriander کشنیز (۲۳۱)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperm
Class	:	Eudicots
Order	:	Apiales
Family	:	Apiaceae
Genus	:	Coriandrum
Species	:	C. sativum
Binomial Name	:	Coriandrum sativum (L.)
Other Species	:	Coriandrum tordylium
Common Name	:	Cilantro

عربی نام - ثمرۃ الکزبرہ/کزبرہ
فارسی - کشنیز
ہندی - دھنیا
بنگلہ - دھنیے
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - برگ، پھل
مدت حیات - خشک پھل = تین سال
مزاج - سرد خشک II
نفع خاص - مقوی معدہ حار
مضر - مورث نسیان
مصلح - بریان کرنا
بدل - خشخاش
مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

شناخت - یہ ایک خوشبودار پودا ہے جو کثرت سے غذائی استعمال میں آتا ہے۔ اسکے پتے دندانے دار سبز رنگ کے ہوتے ہیں۔ اسکے پھل کو خشک کر کے مصالحہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

حصول - ہندوستان، پاکستان، سری لنکا، نیپال، ایران، جنوبی یورپ، شمالی افریقہ
افعال - مقوی معدہ، مفرح دل و دماغ، کاسر ریاح، قابض، بیرونی طور پر مسکن
مواقع استعمال - نفخ شکم، ضعف معدہ، ضعف دماغ، دست
ترکیب استعمال - (۱) امراض معدہ میں بطور سفوف (۲) دل و دماغ کو فرحت اور تقویت دینے کیلئے دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور خمیرہ (۳) دستوں کو روکنے کیلئے خشک پھل کو بھونکر بطور سفوف
مرکبات - اطریفل کشنیزی، اطریفل سنائی، جوارش شاہی، خمیرہ گاؤزبان سادہ/ جواہر والی، دواء المسک معتدل جواہر والی
جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Borneol, Linalool, (Coriandrol), Cineole, Cymene, Terpinol, Dipentene, Phellandrene, Pinene & Terpinolene.

Bioactivity : Analgesic, Aphrodisiac, Antispasmodic, Carminative, Deodorant, Digestive, Fungicidal, Stomachic, Lipolytic, Stimulant.

Indication : Mental fatigue, Migraine, Tension, Nervous weakness, Rheumatism, Arthritis Pain, Muscle spasm, Cold & Flu.

Nutritional value per 100 g:		Vitamins		Micro elements :	
Energy	: 23 K cal	A :	: 67.48 I.U.	Calcium	: 67 mg
Carbohydrate	: 3.67 g	B_6	: 0.149 mg	Copper	: 0.22 mg
Protein	: 2.13 g	Niacin	: 1.114 mg	Iron	: 1.77 mg
Fat	: 0.52 g	Riboflavin	: 0.162 mg	Manganese	: 0.426 mg
Water	: 92.21 g	Thiamin	: 0.067 mg	Magnesium	: 26 mg
		Vit.C	: 27 mg	Phosphorus	: 48 mg
		Vit. E	: 2.5 mg	Potassium	: 521 mg
		Vit. K	: 310 mg	Selenium	: 0.9 mg
				Sodium	: 46 mg
				Zinc	: 0.5 mg

Cuttle Fish Bone کف دریا (۲۳۲)

Kingdom : Animalia
Phylum : Mollusca
Class : Cephalopoda
Order : Sepiida
Family : Sepiidae
Genus : Sepia
Species : S. officinalis
Binomial Name : Sepia officinalis (Linn.)
Synonym : Sepia rugosa
Common Name : Cuttle bone

کف دریا

عربی نام - زبدۃ البحر
فارسی - کف دریا
ہندی - سمندر جھاگ/سمندر پھین
ماخذ - حیوانی
حصص مستعملہ - پشت کی ہڈی
مدت حیات - تین سال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - مجلی بصر/مدر حیض
مضر - امراض راس/داخلا دوائے سمی
مصلح - روغن کدو
بدل - حجر قیشور
مقدار خوراک - قدرے ضرورت

شناخت - ایک سمندری جانور (Sepia Officinalis) کی پشت کی ہڈی ہے جو کچھ عرصہ کے بعد ایک مخصوص شکل اختیار کر لیتی ہے یہ سفید رنگ کی وزن میں ہلکی اور ساخت کے اعتبار سے اسفنجی ہوتی ہے جو عموماً سمندر کے کنارے ملتی ہے۔

وجہ تسمیہ - سمندر کے جھاگوں سے مماثلت کی وجہ سے اسکو سمندر جھاگ یا سمندر پھین کہا جاتا ہے۔
حصول - خلیج فارس، جنوبی افریقہ کے ساحلی علاقے، Baltic Sea، North Sea، Mediterraneana Sea
افعال - جالی، مدر حیض، حابس الدم
مواقع استعمال - دھند، جالا، پھولا، امراض جلدیہ، برص و بہق، کلف، چھائیں، احتباس حیض
ترکیب استعمال - (۱) امراض چشم میں تنہا یا دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور سرمہ (۲) امراض اسنان یا دانتوں کی سفیدی کیلئے بطور منجن (۳) امراض جلدیہ میں بطور ابٹن (۴) بند حیض کو جاری کرنے کیلئے پرانے گڑ کے ہمراہ بطور فرزجہ
مرکبات - کحل الجواہر، کحل روشنائی
جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :
Calcium (Calcium Carbonate), Magnesium (Magnesium Carbonate) Potassium, Zinc, Iron, Cobalt, Copper, Manganese, Nitrogen, Phosphate.

Bioactivity : Antibleeding, Antiulcer, Aphrodisiac.

Indication : Haemorrhage of the Lung & Stomach, Leucorrhoea, Nocturnal emission, Menorrhagia, Metrorrhagia, Bleeding trauma, Diarrhoea, Kidney deficiency, Premature ejaculation & Intestinal disorder.

کف دریا
پشت کی ہڈی
سمندری جانور

Dog Bush ککرونده (۲۳۳)

Kingdom	: Plantae	عربی نام	- کمافیطوس
Phylum	: Angiosperms	ہندی	- ککرونده
Class	: Eudicots	دکنی	- جنگلی کاسنی
Order	: Asterales	بنگلہ	- ککرسوکا
Family	: Asteraceae	ماخذ	- نباتی
Genus	: Blumea	حصص مستعملہ	- پتے/جڑ
Species	: B. balsamifera	مدت حیات	- ایک سال (جڑ)
Binomial Name	: Blumea balsamifera (Dc.)	مزاج	- گرم خشک II
Synonyms	: Conyza balsamifera (L.)	نفع خاص	- محلل اورام/دافع بواسیر
	: Conyza appendiculata (Blume.)	مضر	- حلق وپھیپھڑے کو
Common Names	: Alibum	مصلح	- مرچ سیاہ
	: Alimon	بدل	- ایک قسم دوسرے کا
	: Lakad-bulan	مقدار خوراک	- آب مروق۔۵۰ ملی لیٹر
	: Ngai camphor		

شناخت - یہ ایک بدبودار بوٹی ہے، جسکے پتے کاسنی کے پتوں کی طرح لیکن ان سے دبیز روئیں دار اور سفید ہوتے ہیں۔ انکے پھول زرد رنگ کے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں اسکا مزہ تلخ ہوتا ہے

اقسام - (۱) ککرونده ہندی = اسکے پتے کاسنی کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں۔
(۲) ککرونده رومی = اسکے پتے کاہو کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں۔

حصول - پنجاب، دہلی، فلپائن، بھارت (نمناک زمینوں میں خودرو بھی پیدا ہوتی ہے)

افعال - محلل اورام، قاتل کرم شکم، ملین طبع، دافع بواسیر خونی وبادی، دافع زہر سگ دیوانہ، حابس الدم

مواقع استعمال - بواسیر دموی وبادی، قے الدم، نزف الدم، جریان الدم، کثرت طمث، سگ گزیدہ، امراض چشم

ترکیب استعمال - (۱) بخار اور حصاۃ الکلیہ میں اس کی جڑ اور پتوں کو بطور جوشاندہ (۲) نزلہ، زکام، انفلوئنزا اور کھانسی میں اسکی پتیوں کو بطور چائے (۳) ورموں زخموں اور آبلوں پر اسکے پتوں کو کاٹ کر گھی میں چرب کر کے بطور ضماد (۴) استسقاء، بواسیر بادی و دموی اور کرم شکم میں اسکے سبز پتوں کو بطور آب مروق (۵) قے الدم، نزف الدم، جریان الدم اور کثرت حیض میں اسکے سبز پتوں کے رس میں شہد ملا کر بطور شربت۔

مرکبات - دوائے رسولی، حب رسوت، کشتہ ابرک سفید۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :۔

Chemical Constituents :
Volatile Oil, Camphor, Limonene, Borneol, Saponin, Sesquiterpene, Tannine, Palmitin, Myristic acid.

Bioactivity : Antimicrobial, Antidiarrhoeal, Antispasmodic, Expectorant, Astringent, Anthelmintic, Antigastralgic, Carminative, Emmenagogue, Anticancer.

Indication : Common cold, Kidney stone, (Urolithiasis), Urinary tract infection, Hyper tension, Menorrhagia, Dysmenorrhoea, Leucorrhoea, Uterine bleeding.

[175]

Monkey Face Tree کمیلہ (۲۳۴)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Malpighiales
Family	:	Euphorbiaceae
Genus	:	Mallotus
Species	:	M. philippensis
Binomial Name	:	Mallotus philippensis (Lam.)
Synonyms	:	Croton philippensis (Lam.)
	:	Echinus philippensis (Lam.)
Common Names	:	Red Kamala
	:	Kamala

عربی نام - قنبیل

فارسی - کمبیلا

ہندی - کمیلہ/کاملا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تخم/ہرجز

مدت حیات - دوسال (تخم)

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مخرج کرم امعاء

مضر - امعاء کو

مصلح - مصطگی/کتیرا

بدل - بائے بڑنگ

مقدار خوراک - ا۔۳ گرام

شناخت - کمیلہ سرخ رنگ کا سفوف ہے جو سیاہ مرچ کے برابر ایک کوہستانی درخت کے پھل سے جھاڑ کر علیحدہ کیا جاتا ہے اسکا درخت ہمیشہ ہرا ابھرا رہتا ہے اسکی لکڑی لال، چکنی اور مضبوط ہوتی ہے اس کے پتے گولر کے پتوں کی طرح لیکن ان سے چھوٹے اور پھول ننھے ننھے مکو کے پھولوں کی طرح سفیدی مائل زرد ہوتے ہیں۔

حصول - بھارت، پاکستان، برما، چین، سری لنکا، آسٹریلیا، ویتنام، سنگاپور، افریقہ

افعال - قاتل و مخرج کرم شکم، مسہل رطوبات لزجہ واخلاط فاسدہ، مجفف، ملحم قروح وجراحات

مواقع استعمال - دیدان امعاء، جرب وحکہ، داد، گنج، قروح رطبہ، زخم

ترکیب استعمال - (۱) دیدان امعاء کو خارج کرنے کیلئے تنہا یا دیگر ادویہ کے ہمراہ دہی کے ساتھ بطور سفوف (۲) زخموں کو خشک کرنے اور مندمل کرنے کیلئے بطور ذرور (۳) امراض جلدیہ میں روغن کے ہمراہ بطور مرہم

مرکبات - اطریفل قنبیل، اطریفل دیدان، روغن کمیلہ، مرہم کمیلہ، سفوف حکہ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Phloroglucinol, Rottlerin, Isorottlerin, Gum, Tannic acid, Resin, Wax, Five Chalcone derivative (mallotophilippens A, B, C, D & E).

Bioactivity : Antioxidant, Antiallergic, Anthelmintic, Antibacterial, Antituberculosis, Antifilarial, Antifungal, Antimicrobial, Anti-inflammatory, Immuno-regulatory, Hypoglycemic.

Indication : Tapeworm infestation, Scabies, Ring worm, Herpes, Bronchitis, Splenomegaly, Cough, Constipation, Flatulence, Wounds, Ulcer, Renal & Vesicle calculi.

تازہ پھل
درخت

[177]

Olibanum کندر (۲۳۵)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperm
Class	: Eudicots
Order	: Sapindales
Family	: Burseraceae
Genus	: Boswellia
Species	: B. serrata
Binomial Name	: Boswellia serrata (Triana.)
Common Names	: Salai
	: Shallaki
	: Boswellia

عربی نام - لبان/کنج

فارسی - کندر

سنسکرت - کندرو

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - گوند

مدت حیات - چار سال

مزاج - گرم خشک I / II

نفع خاص - مقوی حافظہ وبصر

مضر - جذام پیدا کرتا ہے

مصلح - سکنجبین/لعابیات

بدل - مصطگی رومی

مقدار خوراک - ایک گرام

شناخت - ایک پہاڑی درخت کا گوند ہے جو اس درخت میں شگاف دینے سے تراوش پاکر منجمد ہو جاتا ہے۔ یہ باہر سے سفید اور اندر سے زرد یا Golden brown ہوتا ہے، اسکے پھول اور پتے نیم کے پھول اور پتوں کی طرح ہوتے ہیں، اسکا پھل جامن کے برابر ہوتا ہے جس میں تین خانے ہوتے ہیں، ہر خانہ میں قلب کی شکل کا دانہ ہوتا ہے۔

حصول - راجستھان، مدھ پردیش، آندھرا پردیش، یوپی، عرب، افریقہ، صومالیہ

افعال - جالی، مجفف، منضج محلل ریاح، حابس الدم، مقوی دماغ وحافظہ وبصر، مسکن درد، مقوی باہ، مولد منی، منقی دماغ۔

مواقع استعمال - سعال شعبی، اتساع شعبی، دمہ، نسیان، ضعف دل و دماغ، سلسل البول، درد شکم وامعاء

ترکیب استعمال - (۱) امراض ریہ، دمہ اور کھانسی میں تنہا یا دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور سفوف یا لعوق (۲) امراض چشم میں تنہا یا دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور سرمہ (۳) کان کی بیماریوں میں روغن میں حل کر کے بطور قطور (۴) منی کی تولید یا باہ کی تقویت کیلئے انڈے کے ساتھ بطور حریرہ (۵) پیشاب کی زیادتی یا تقطیر البول میں تنہا یا دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور معجون

مرکبات - معجون کندر، معجون نسیان، روغن کلاں، سفوف سپاری پاک، حب شبیار

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :
Boswellic acid, Essential Oil, Gum, Tannin, β-Sitosterol, Lignin, Terpenoids.

Bioactivity : Anti-inflammatory, Anticarcinogenic, Antineoplastic (Specially Brain tumors), Antiseptic, Analgesics, Expectorant, Diuretic.

Indication : Ulcerative Colitis, Osteoarthritis, Rheumatoid arthritis, Asthma, Bursitis, Bronchitis, Diarrhoea, Dysentery, Fever & Skin ailments.

درخت

Country Mallow کنگھی (۲۳۶)

عربی نام	-	مشط الغول
فارسی	-	درخت شانہ
ہندی	-	کنگھی
بنگلہ	-	پوٹری/بریلا
سنسکرت	-	اتی بیلا
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	پھل/ہر جز
مدت حیات	-	ایک سال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	حابس الدم
مضر	-	قبض پیدا کرتا ہے
مصلح	-	شہد/مرچ سیاہ
بدل	-	آملہ/آلو بالو
مقدار خوراک	-	۵۔۷ گرام

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Malvales
Family	:	Malvaceae
Genus	:	Abutilon
Species	:	A. indicum
Binomial Name	:	Abutilon indicum (Linn.) Sweet
Synonym	:	Sida indica (L.)
Common Names	:	Indian abutilon
	:	Indian mallow

شناخت - یہ ایک بوٹی ہے جس کے پتے شہتوت یا کپاس کے پتوں کی طرح لیکن ان سے زیادہ نوکدار اور کنگورے دار ہوتے ہیں اسکے پھول زرد رنگ کے اور پھل گھنڈی دار گول کنگھی کی طرح ہوتے ہیں۔ یہ کچی حالت میں سبز اور پختہ یا سوکھنے پر کالے رنگ کے ہوجاتے ہیں ان پھلوں کی قاشوں میں کالے رنگ کے چپٹے اور لیسدار تخم ہوتے ہیں جو بیج بند کی طرح معلوم ہوتے ہیں۔

حصول - بھارت، چین، تھائی لینڈ عموماً بنجر زمینوں یا ویرانوں میں خودرو پیدا ہوتا ہے۔

افعال - مدربول، مسکن اوجاع، محلل اورام، قابض، حابس الدم، دافع بواسیر دموی

مواقع استعمال - خونی بواسیر، کثرت حیض، نفث الدم، سوزاک، حرقت البول، خونی دست، اسہال، خناق

ترکیب استعمال - (۱) خونی بواسیر، کثرت حیض اور نفث الدم میں پھولوں اور پتوں کو گول مرچ کے ہمراہ بطور شیرہ
(۲) دانتوں کے درد یا مسوڑھوں کے ورم میں اسکے پتوں کے جوشاندہ کو بطور مضمضہ
(۳) خناق میں اسکے پتوں کو پیس کر اور نیم گرم کر کے گلے پر بطور ضماد

مرکبات - سفوف کنگھی، دوائے کنگھی برائے بواسیر، سفوف سلس البول۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemica Constituents :

Alantolactone, Isoalantolactone, Gallic acid, Sparagine, Tannin, Salts, Calcium, Magnesium sulphate.

Bioactivity : Anti-inflammatory, Anthelmintic, Analgesic, Antimicrobial, Antibacterial, Antifungal, Aphrodisiac, Demulcent, Diuretic, Expectorant, Astringent.
Indication : Mumps, Pulmunary tuberculosis, Bronchitis, High fever.

Canoe Seed کنوچہ (۲۳۷)

عربی نام	-	بزرالمرو/ریحان الشیوخ
فارسی	-	مرو
ہندی	-	کنوچہ
بنگلہ	-	شیٹ موگرا
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	تخم
مدت حیات	-	چارسال
مزاج	-	گرم خشک II
نفع خاص	-	مفتح سدد/مقوی معدہ
مضر	-	طحال کو
مصلح	-	روغن بادام/گلنار فارسی
بدل	-	تخم ریحان/تخم بارتنگ
مقدار خوراک	-	۵۔۷ گرام

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Malpighiales
Family	: Phyllanthaceae / Euphorbiaceae
Genus	: Phyllanthus
Species	: Maderaspatensis
Binomial Name	: Phyllanthus maderaspatensis (Linn.)
Synonym	: Phyllanthus maderaspatanus
Common Name	: Madras leaf flower

شناخت - ایک نبات کے چھوٹے چھوٹے تخم ہیں جن کا رنگ سفید سبزی مائل اور مزہ پھیکا ولعابدار ہوتا ہے اسکا پودا آرنڈ کے پودوں کی طرح لیکن اس سے کچھ موٹا ہوتا ہے۔ اسکے پتے، چھال، شاخیں اور تخم بھی لعابدار ہوتے ہیں۔

حصول - بھارت، افریقہ، یمن، کینیا، مڈغاسکر، چین، آسٹریلیا، سری لنکا، بنگلہ دیش، پاکستان، تنزانیہ

افعال - منضج اورام، مغری، مسکن، مقوی معدہ وامعاء، کاسر ریاح، ملین، دافع یرقان۔ تخم بریاں = قابض

مواقع استعمال - یرقان، وجع الاذن، درد شکم، اسہال، خونی دست، پھوڑے پھنسی وغیرہ

ترکیب استعمال - (۱) اسہال اور خونی دست میں بریان تخم کو پانی کے ہمراہ بطور لعاب (۲) پھوڑے پھنسی یا اورام صلبیہ میں اسکے پتوں کو بطور ضماد (۳) امراض معدہ وامعاء میں تخموں کو بطور لعاب

مرکبات - مرہم داخلیون، سفوف طین

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Flavonoid compounds, Tannin, Triterpenoids, Carbohydrates.

Bioactivity : Antibacterial, Antimicrobial, Antioxidant, Antiedematic, Diuretic, Antidysenteric.

Indication : Headache, Bronchitis, Earache, Cough, Ascites, Sorethroat, Ulcers, Stomachache.

پودا

Poppy Fruit کوکنار (۲۳۸)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Ranunculales
Family	: Papaveraceae
Genus	: Papaver
Species	: P. somniferum
Binomial Name	: Papaver somniferum (Linn.)
Common Names	: Opium poppy
	: Plant of Joy
	: Mawseed
	: Common Poppy

عربی نام - خشخاش
فارسی - کوکنار
ہندی - ڈوڈہ
بنگلہ - پُستہ
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پوست، تخم
مدت حیات - دوسال
مزاج - سرد II خشک I
نفع خاص - منوم، مسکن
مضر - دماغ کو
مصلح - بادیان
بدل - ایک جزو دوسرے کا
مقدار خوراک - ۱۔۳ گرام

پھل

تخم

شناخت - یہ ایک مشہور پھل ہے، جس کے پوست کو پوست خشخاش اور تخم کو تخم خشخاش کہتے ہیں، اس پھل میں شگاف دینے سے افیون نامی رطوبت خارج ہوتی ہے۔

اقسام - پھولوں کی رنگت کے اعتبار سے اس کی ۲ قسمیں ہیں (۱) سیاہ (۲) سفید

حصول - بھارت، پاکستان، افغانستان، تھائی لینڈ، ترکی، ہنگری، میکسیکو، چین، برما، نیپال، مصر، ایران، کولمبیا

افعال - مخدر، مسکن، منوم، قابض، حابس

مواقع استعمال - درد، سہر، بے خوابی، مالیخولیا، جنون، کھانسی، نزلہ، جریان الدم، نفث الدم، اسہال، پیچش

ترکیب استعمال - (۱) جملہ اعضائے جسم کے دردوں میں بطور ضماد یا اسکے جوشاندے سے بطور نطول یا سکوب (۲) حلق کے اورام حارہ میں اسکے جوشاندہ کو بطور غرغرہ (۳) سہر، بے خوابی، مالیخولیا یا جنون میں پیشانی پر بطور ضماد (۴) کھانسی، نزلہ یا آنتوں کے جریان خون میں بطور سفوف یا لعوق۔

مرکبات - لعوق خشخاش، شربت خشخاش، دیاقوزہ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Morphine, Narcotine, Codeine, Thebaine, Narceine, Papavarine, Codamine, Rhoeadine, Mucilage, Sugar, Wax, Caoutchoue, Linoleic acid, Oleic acid.

Bioactivity : Sedative, Euphoriant, Analgesic, Anodyne, Antitussive, Aphrodisiac, Astringent, Bactericidal, Carminative, Demulcent, Emollient, Expectorant.

Indication : Menstrual cramps, Nephritis, Angina, Diarrhoea, Insanity, TB, & Asthma, Bruises, Cancer, Catarrh, Cold, Colic, Conjunctivitis, Cough, Dysentery, Enteritis, Fever, Flux, Headache, Hemicrania, Hysteria, Leucorrhoea, Mania, Spermatorrhoea, Rheumatism.

Nutritional Value : Per 100g :-		Vitamins :		Micro Elements :	
Energy	: 525 K Cal	Folates	: 82 mcg	Calcium	: 14.38 mg
Carbohydrates	: 28.13 g	Niacin	: 0.896 mg	Copper	: 1.627 mg
Protein	: 17.99 g	Pantothenic acid	: 0.324 mg	Iron	: 9.76 mg
Fat	: 41.56 g	Pyridoxine	: 0.247 mg	Magnesium	: 347 mg
Dietary Fibre	: 19.5 g	Riboflavin	: 0.100 mg	Manganese	: 6.707 mg
Electolytes :	:	Thiamine	: 0.854 mg	Phosphorus	: 870 mg
Sodium	: 26 mg	Vit. C	: 1 mg	Selenium	: 13.5 mcg
Potassium	: 719 mg	Vit. E	: 1.77 mg	Zinc	: 7.9 mg

(۲۳۹) کہرُبائے شمعی Amber

عربی نام - مصباح الروم

فارسی - کہربا شمعی

ہندی - چندرس/کہربا

بنگلہ - کندرو/چندرس

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - گوند

مدت حیات - دوسال

مزاج - گرمی سردی میں معتدل خشک II

نفع خاص - حابس الدم

مضر - مصدع

مصلح - بنفشہ/کشنیز

بدل - طباشیر/سندرس

مقدار خوراک - ۱-۲ گرام

Pinus Succinifera	
Plantae	
Angiosperms	
Eudicots	
Pinales	
Pinaceae	
Pinus	
P. succinifera	
Pinus succinifera (L.)	

Vateria Indica

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperm
Class	:	Eudicots
Order	:	Malvales
Family	:	Dipterocarpaceae
Genus	:	Vateria
Species	:	V. indica
Binomial Name	:	Vateria indica (L.)
Synonym	:	Vateria malabarica (Blume)
Common Names	:	White damar
	:	Indian copal
	:	Piney varnish

گوند

شناخت - یہ ایک درخت کا گوند ہے جو سخت، چمکدار، شفاف، زردی مائل، بے مزہ اور بے بو ہوتا ہے۔ اس میں گھاس اور تنکے کو اپنی طرف جذب کرنے کی مقناطیسی صلاحیت ہوتی ہے اس کو پگھلانے پر دیر سے پگھلتا ہے اور ہاتھ سے ملنے پر لیموں کے رس کی طرح خوشبو دیتا ہے۔

اقسام - (۱) کہربا رومی/کہربا شمعی (۲) کہربا اندلسی (۳) کہربا ہندی (Vateria Indica)
کہربا شمعی یا رومی جس درخت سے حاصل ہوتا ہے اس کو علاقائی زبان میں "حور" کہتے ہیں۔ کہربا ہندی جس درخت سے حاصل ہوتا ہے اس کو ساج یا سال کہتے ہیں۔

وجہ تسمیہ - کہربا مخفف ہے کاہ اور ربا کا۔ کاہ کے معنی گھاس اور ربا کے معنی مقناطیسی صفت، چونکہ اسمیں گھاس اور تنکے کو اپنی طرف کھینچنے کی مقناطیسی صفت پائی جاتی ہے اس لئے اسکو کہربا کہتے ہیں۔

حصول - بھارت (مغربی گھاٹ) روس، بلغاریہ، قسطنطنیہ، مالابار

